فضائل امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

اور

مخالفین کا محاسبہ

تالیف

محمد صدیق ضیا نقشبندی قادری

قادری رضوی کتب خانہ لاہور

فضائل امیر معاویہ رضی اللہ عنہ

اور

مخالفین کا محاسبہ

تالیف

محمد صدیق ضیا نقشبندی قادری

قادری رضوی کتب خانہ لاہور

گنج بخش روڈ لاہور 042-7213575

marfat.com

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

نام کتاب ......-----...... فضائل امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور مخالفین کا محاسبہ

تالیف ......-----...... محمد صدیق ضیاء نقشبندی قادری

صفحات ......-----...... 400

اشاعت اوّل ......-----...... 2007ء

کمپوزنگ ......-----...... عزیز کمپوزنگ سنٹر لاہور 042-7236056

ناشر ......-----...... چوہدری عبدالمجید قادری

تحریک ......-----...... چوہدری محمد ممتاز احمد قادری

قیمت ......-----...... Rs 225 روپے

ملنے کا پتہ

قادری رضوی کتب خانہ گنج بخش روڈ لاہور

Hello.042-7213575—0333-4383766

marfat.com

ترتیب عنوانات

نمبرشار	عنوان	صفحہ
۱	انتساب	۸
۲	تمہید	۹
۳	ابتدائیہ	۱۱
۴	باب۱ قرآن وحدیث اور مقامات صحابہ رضی اللہ عنہم	۲۵
۵	فیصلہ قرآن وحدیث سے کیوں تاریخ سے کیوں نہیں؟	۲۷
۶	صحابی کی تعریف	۴۷
۷	صفات صحابہؓ اللہ کا قرآن بیان کرتا ہے	۴۸
۸	ایمان صحابہؓ ایمان کی کسوٹی ہے	۵۴
۹	صحابہ ہدایت کے تارے ہیں	۵۵
۱۰	صحابہ متقی اور عادل ہیں	۵۶
۱۱	کفر اور فسق کا شائبہ تک نہیں	۶۸
۱۲	صحابی کو آگ نہیں چھوسکتی	۷۴
۱۳	درجات میں فرق کے باوجود سب صحابہ جنتی ہیں	۷۵
۱۴	امت میں سب سے بہتر اور معزز تر ہیں	۷۷
۱۵	غیر صحابی صحابی کے برابر نہیں ہوسکتا	۸۱
۱۶	ذاتی بغض وحسد سے پاک اور ایک دوسرے پر مہربان ہیں	۸۲
۱۷	اختلافات صحابہ ہدایت سے خالی نہ تھے	۸۵
۱۸	دونوں گروہ مسلمان تھے لڑنے سے کافر نہ ہوگئے	۸۷
۱۹	سب صحابہ جنتی، جنت میں رنجشیں دور ہوجائیں گی	۹۴
۲۰	کسی مسلمان کو صحابی سے کینہ نہیں ہوسکتا	۹۷

marfat.com

۲۱	صحابی سے عداوت حضور ﷺ سے عداوت ہے	۹۸
۲۲	صحابہ سے جلنے والے کافر	۱۰۱
۲۳	عظمت صحابہ، برا بھلا کہنا منع	۱۰۵
۲۴	صحابہ کو برا کہنے والا لعنتی	۱۰۸
۲۵	کسی صحابی کے مخالف کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا منع	۱۱۰
۲۶	محبت صحابہ محبت رسول ﷺ کے سبب سے ہے	۱۱۲
۲۷	اللہ صحابہ سے راضی اور صحابہ اللہ سے راضی	۱۱۵
۲۸	باب ۲ امیر معاویہ ؓ کے خصوصی فضائل	۱۱۹
۲۹	نسبی فضیلت	۱۲۲
۳۰	قبول اسلام	۱۲۳
۳۱	بشارت یافتہ اور قابل حکمران تھے	۱۲۶
۳۲	شرف صحابیت	۱۳۶
۳۳	عالم قرآن اور ہادی ومہدی تھے	۱۳۷
۳۴	فقیہہ اور مجتہد تھے	۱۴۲
۳۵	کاتب وحی اور محرم راز تھے	۱۵۱
۳۶	سسرال کا مقام ومرتبہ (امیر معاویہ ؓ حضور ﷺ کے برادر نسبتی ہیں)	۱۵۹
۳۷	امت میں سب سے حلیم تر ہیں	۱۶۵
۳۸	خدا اور رسول ﷺ کے محبوب ہیں	۱۶۹
۳۹	دونوں کا دعویٰ ایک اور اختلاف قصاص عثمان ؓ پر تھا	۱۷۰
۴۰	حضرت علی ؓ اور امیر معاویہ ؓ کی صلح اور خارجی بگڑ گئے	۱۷۲
۴۱	روئداد مناظرہ	۱۷۴
۴۲	امام حسن ؓ نے صلح کے بعد بیعت کر لی اب ناراضگی کیوں؟	۱۷۶
۴۳	جناب حسنین کریمین نذرانے لیتے رہے	۱۸۸

marfat.com

۴۴	بروز قیامت نورانی چادر میں آئیں گے	۱۹۳
۴۵	فضیلت میں شک کرنے والے کو آگ کا طوق پہنایا جائے گا	۱۹۴
۴۶	معترض دوزخ کے کتوں میں سے ایک کتا ہے	۱۹۴
۴۷	لعنت کرنے والے کا دوزخی کتوں سے استقبال ہوگا	۱۹۴
۴۸	حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو برا کہنے والے کو امام بنانا حرام	۱۹۵
۴۹	حدیث کی روایت اور آپ کی عدالت وثقاہت	۱۹۵
۵۰	اتباع سنت اور اطاعت رسول ﷺ	۱۹۷
۵۱	اہلبیت اطہار سے عقیدت ومحبت	۲۰۰
۵۲	تبرکات رسول ﷺ سے عقیدت	۲۰۵
۵۳	آپ کی کرامات	۲۰۶
۵۴	باب ۳ معتقدات اہلسنت اور نظریات اکابر	۲۰۹
۵۵	باب ۴ اعتراضات ومطاعن کا تجزیہ اور جوابات	۲۳۱
۵۶	اعتراض ۱ صحابہ آپس میں مہربان تھے تو لڑائیاں کیوں ہوئیں۔ باہم لڑنے والوں میں ایک ضرور باطل پر ہوتا ہے تو پھر بتایئے امیر معاویہ کیوں باطل پر نہیں تھے؟	۲۳۳
۵۷	جواب	۲۳۳
۵۸	اعتراض ۲ آپ کہتے ہیں دونوں گروہ اسلام پر تھے اور ثواب پانے والے بھی آخر مقتولین کا گناہ کس پر ہے؟	۲۵۰
۵۹	جواب	۲۵۱
۶۰	اعتراض ۳ (طعن مودودی) حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے حوالے سے طعن	۲۶۹
۶۱	جواب	۲۷۰

marfat.com

۶۲	اعتراض ۴ (طعن مودودی) عدالت صحابہ میں مودودی کا عام محدثین اور علمائے امت سے اختلاف	۲۹۰
۶۳	جواب	۲۹۱
۶۴	اعتراض ۵ مولانا مودودی کے نزدیک اسلام میں ملوکیت جائز نہیں آپ حضرت امیر معاویہ کا بادشاہ ہونا بھی فضائل میں ذکر کرتے ہیں کیوں؟	۳۰۰
۶۵	جواب	۳۰۰
۶۶	اعتراض ۶ یزید کی نامزدگی کیوں؟ اس کے ظلم و ستم کا بار گناہ امیر معاویہ پر کیوں نہیں؟	۳۰۵
۶۷	جواب	۳۰۵
۶۸	اعتراض ۷ (طعن مودودی) حضرت امیر معاویہ ﷺ پر غیر آئینی طرز عمل کے ارتکاب کا طعن	۳۰۹
۶۹	جواب	۳۱۰
۷۰	اعتراض ۸ حضرت امیر معاویہ ﷺ پر زبردستی خلیفہ ہونے کا طعن	۳۱۴
۷۱	جواب	۳۱۵
۷۲	اعتراض ۹ (طعن مودودی) اظہار رائے کی آزادی پر پابندی کا طعن	۳۲۱
۷۳	جواب	۳۲۲
۷۴	اعتراض ۱۰ (طعن مودودی) مال غنیمت میں ناجائز تصرف کا طعن	۳۲۸
۷۵	جواب	۳۲۸
۷۶	اعتراض ۱۱ (طعن مودودی) قانون کی بالادستی توڑنے کا طعن	۳۳۴
۷۷	جواب	۳۳۵

marfat.com

۷۸	اعتراض ۱۲	(طعن مودودی) کافر اور مسلمان کی وراثت کا قانون بدلنے کا طعن	۳۳۸
۷۹	جواب	......	۳۳۸
۸۰	اعتراض ۱۳	(طعن مودودی) معاہد کی دیت کی تبدیلی کا طعن	۳۴۴
۸۱	جواب		۳۴۴
۸۲	اعتراض ۱۴	(طعن مودودی) حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ پر سب وشتم کرنے کا طعن	۳۵۳
۸۳	جواب		۳۵۴
۸۴	اعتراض ۱۵	(طعن مودودی) استلحاق زیاد کا طعن	۳۶۰
۸۵	جواب		۳۶۲
۸۶	اعتراض ۱۶	(طعن مودودی) حضرت حُجر بن عدی کے قتل کا طعن	۳۷۲
۸۷	جواب	......	۳۷۵
۸۸	کتابیات		۳۹۵

marfat.com

نذرانتساب

بندہ اپنی اس کاوش کو جوانانِ جنت کے سردار، نورِ سید الابرار، امام شریعت وطریقت، حسن سخاوت وشجاعت، قبلۂ اہل صفاء، راکبِ دوشِ مصطفیٰ، جگر پارۂ مرتضیٰ، نورِ دیدۂ سیدہ زہرا، حضرت امیر المومنین امام المسلمین سیدنا امام حسن مجتبیٰ ﷺ، جنہیں حضور نبی اکرم ﷺ نے سید اور دو مسلمان گروہوں میں صلح کروانے والا فرمایا، جنہوں نے اس پیشگوئی کو پورا فرمایا اور برضا ورغبت صلح کے بعد حضرت امیر معاویہ ﷺ کے حق میں خلافت سے دستبردار ہو کر ان کو امیر المومنین تسلیم فرمایا، جن کی حمایت واتباع میں وقت کے تمام صحابہ کرام اور تابعین عظام رضی اللہ عنہم نے سرِ تسلیم خم کیا اور جن کی برکت سے پوری امت اتفاق واتحاد کی دولت سے مالا مال ہو کر حضرت امیر معاویہ ﷺ کی امارت میں ایک پرچم تلے جمع ہو گئی، کی خدمت اقدس واطہر میں، عترتِ رسول ہی کے فردِ فرید فخرِ دودمانِ سادات، قاسم فیوض وبرکات، اعلیٰ حضرت پیر سید محمد ظفر اقبال شاہ صاحب دامت برکاتہم العالیہ زیب آستانہ عالیہ لاثانیہ حسینیہ عابدیہ علی پور سیداں شریف کے وسیلہ سے بطور نذرِ غلامانہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہے۔

مسلمانوں کے دو عظیم گروہوں میں صلح کے دن اپنی حمایت واتباع میں اپنے متبعین کی ثابت قدمی اور امت کا اتفاق واتحاد دیکھ کر بھی آپ کو خوشی ہوئی تھی۔ پختہ امید ہے کہ اس کمترین کی یہ کاوش بھی سندِ قبولیت سے سرفراز ہوگی۔

شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدارا

نیاز کیش

محمد صدیق ضیاء نقشبندی قادری

marfat.com

تہدیہ

حضور نبی اکرم رسول معظم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قرابت دار' برادر نسبتی' کاتب وحی' امین اسرار الٰہی' فقیہہ و مجتہد' عظیم صحابی اور بشارت یافتہ حکمران امیر المومنین حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جن کے فضائل پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے کی خدمت اقدس میں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

نیاز کیش
محمد صدیق ضیاء نقشبندی قادری

marfat.com

ابتدائیہ

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

ابتدائیہ

انداز بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شاید کہ تیرے دل میں اتر جائے مری بات

اللہ تبارک وتعالیٰ کا بڑا احسان ہوا کہ اس نے اپنے سب سے ممتاز ومکرم اور محبوب ومعظم رسول جناب احمد مجتبیٰ حضرت محمد مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کو ہمارا ہادی و رہبر نا کر مبعوث فرمایا۔ آپ کو تمام انبیاء و رسل علیہم السلام سے افضل کیا سب کا سرور اور سردار بنایا اور آپ کی نسبت سے آپ کی امت کو سابقہ تمام امتوں پر فضیلت و برتری عطا فرمادی۔ فرمایا:

كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ۔ (آل عمران۔۱۱۰)

ترجمہ: تم بہتر ہوان سب امتوں میں جو لوگوں میں ظاہر ہوئیں۔

(کنزالایمان)

اس آیہ مقدسہ کے مطابق حضور ﷺ کی ساری امت خیرالامم قرار پائی جبکہ آیہ کریمہ کے اولین اور براہ راست مخاطب اور مصداق جنھیں اللہ تعالیٰ سب سے بہتر اور معزز فرمارہا ہے حضور نبی اکرم ﷺ کا دیدار باکمال پانے والے آپ کے صحابہ کرام

marfat.com

رضی اللہ عنہم ہیں۔ انہیں حضور ﷺ کی مصاحبت ورفاقت کا اعزاز حاصل ہوا۔ حضور کے فیضانِ صحبت اور نگاہِ نبوت سے فیضیاب ہوئے۔ درس گاہِ نبوت سے براہِ راست تعلیم وتربیت پائی اور مقام ومرتبہ میں ساری امت پر سبقت لے گئے۔ حضور سرورِ عالم ﷺ نے فرمایا:

اَكْرِمُوْا اَصْحَابِیْ فَاِنَّهُمْ خِيَارُكُمْ (مشکوٰۃ باب مناقب الصحابہ)

ترجمہ: میرے صحابہ کی عزت کرو کیونکہ وہ تمہارے بہترین ہیں۔

اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بڑی کرامت اور بزرگی عطا فرمائی کہ انہیں ساری امت سے افضل اور برتر ٹھہرایا۔ ملت اسلامیہ کی عظمت اور اسلام کی شوکت انہیں سے بلند ہوئی۔ صحابہ وہ نفوس قدسیہ ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے خاص اپنے محبوب مکرم حضور نبی اکرم ﷺ کی صحبت ومعیت کیلئے پسند فرمایا اور ان کا معاون ومددگار بنایا۔ عظیم محدث امام احمد ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے خطیب سے حضرت انس ﷺ کی روایت کردہ حدیث نقل کی ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا:

اَنَّ اللّٰهَ اخْتَارَنِیْ وَاخْتَارَلِیْ اَصْحَابًا وَّاخْتَارَلِیْ مِنْهُمْ اَصْهَارًا وَّاَنْصَارًا۔ (الصواعق المحرقۃ صفحہ)

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لئے میرے اصحاب پسند فرمائے پھر ان میں سے میرے سسرال اور مددگار بنائے۔

حضور ﷺ نے صحابہ کرام کو شرف صحابیت سے کیا نوازا' انہیں اپنی پاکیزہ اور بابرکت صحبت میں رکھ کر ان کا ظاہری و باطنی تزکیہ فرمایا اور علم وعرفان سے آراستہ کر کے تبلیغ دین اور امت کی ہدایت وراہنمائی پر مامور فرمادیا۔ صحابہ کرام کو حضور ﷺ کی صحبت ومعیت کیلئے منتخب فرمانا کہ وہ ہادی برحق ﷺ سے براہِ راست تعلیم وتربیت اور فیض نبوت حاصل کریں یقیناً اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا احسان ہے۔ فرمایا:

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ

marfat.com

يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ۔ (آل عمران۔۱۶۴)

ترجمہ: بیشک اللہ کا بڑا احسان ہوا مسلمانوں پر کہ ان میں انہیں میں سے ایک رسول بھیجا جوان پر اس کی آیتیں پڑھتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب وحکمت سکھاتا ہے اور وہ ضرور اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔ (کنزالایمان)

اب خوش قسمت اور بلند بخت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے کمالِ کرم سے اپنے رسول مکرم نبی اکرم ﷺ کی مصاحبت ونصرت اور دین کی حفاظت واشاعت کیلئے پسند فرمایا' جنہوں نے جمالِ جہاں آرا کو اپنی آنکھوں سے بار بار دیکھا اور حسن عالمتاب اور چمکا دینے والا آفتاب جن کے دلوں کو براہ راست منور کرتا اور ایمانوں کو تازگی بخشتا رہا' امام الانبیاء علیہ وعلیہم التحیۃ والثناء نے جنتھیں براہِ راست تعلیم وتربیت سے کندن بنایا اور فیض نبوت ورسالت سے فیضیاب فرما کر اپنا علمی وعملی وارث اور خلوص ووفا کے پیکر بنایا، کی پاکبازی، وفا شعاری اور جانثاری ملاحظہ ہو کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی رضا جوئی میں ہجرتیں کیں گھربار چھوڑے اور شب وروز اپنے آقا ومولیٰ جناب رسول اللہ ﷺ کی معیت ومعاونت میں گزارے۔ غزوات میں حصہ لیا۔ خون جگر سے گلشن اسلام کی آبیاری کی۔ طرح طرح کی مصائب ومشکلات میں حفاظت دین کا فریضہ انجام دے کر چار دانگ عالم میں اسلام کا نور پھیلا دیا۔ حق وہدایت کی قندیلیں روشن ہوئیں اور دنیا کا گوشہ گوشہ اسلام کے نور سے منور ہو گیا۔ آج کوئی خطہ ایسا نہیں' جہاں اسلام نہ پہنچا ہو اور امت مسلمہ کا کوئی فرد وہاں موجود نہ ہو۔ امت مسلمہ کا ہر فرد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ان کی دینی خدمات پر ممنونِ احسان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو دین عطا فرمایا' حضور اکرم ﷺ سے بذریعہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عطا فرمایا۔ اس لئے حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کا

marfat.com

ممنونِ احسان اور شکر گزار ہونا بہت ضروری ہے۔ بلکہ رب تعالیٰ کی شکر گزاری کا یہ احسن طریقہ بھی ہے۔ (مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسِ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہِ۔ یعنی جو لوگوں کا شکر گزار نہیں وہ اللہ کا بھی شکر گزار نہیں)

حضور ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دین اسلام کے پہلے راوی اور مبلغ ہیں۔ جناب رسول اللہ ﷺ اور امت کے درمیان واسطہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اعزاز واکرام میں متعدد قرآنی آیات نازل فرمائیں حتیٰ کہ انہیں اپنی رضا و خوشنودی کا بے مثل و بے مثال پروانہ عطا فرمایا (رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ وَرَضُوْا عَنْہُ۔ توبہ۔۱۰۰) اور جناب رسول اللہ ﷺ نے ان کے بیشمار فضائل بیان فرمائے خصوصاً حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ، حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ وغیرہم کے فضائل کے ذکر کی تو انتہا کر دی۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے نہ صرف کثرت وشدت کے ساتھ اپنے پیارے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے فضائل ومناقب اور اوصاف وکمالات کو بیان فرمایا بلکہ اپنے امتیوں کو ان کی تعظیم و تکریم کرنے کا حکم بھی دیا۔ فرمایا:

اَکْرِمُوْا اَصْحَابِیْ فَاِنَّھُمْ خِیَارُکُمْ۔ (مشکوۃ باب مناقب الصحابہ)

ترجمہ: میرے صحابہ کی تکریم کرو کیونکہ وہ تمہارے بہترین ہیں۔

اب جس نے حضور کا کلمہ "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ" پڑھا ہے۔ جو مسلمان ہے اور جس کے دل میں ایمان ہے وہ تو ضرور اللہ کے رسول ﷺ کا حکم مانے گا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عزت و کرامت اور عقیدت ومحبت کو دل میں جگہ دے گا اور ان کی تعظیم وتکریم بجالائے گا۔ لیکن وہ شخص جو رسول اللہ ﷺ کا حکم سننے کے بعد بھی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعظیم وتکریم کا انکار کرے تو کیسا اس کا کلمہ اور کیسا اس کا ایمان اور اس کے باوجود وہ کلمہ گو اور مسلمان ہونے پر اصرار بھی کرتا ہو تو حیف ہے اس کی جہالت وسفاہت پر کہ اسے قرآن وحدیث کی مخالفت اور اپنے ایمان کی

marfat.com

بربادی کی بھی پرواہ نہیں۔ وہ صحابہ کرام کی تعظیم وتکریم کرنے سے اس قدر گریزاں ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ جن کا وہ اُمتی کہلاتا ہے، کی نافرمانی سے بھی نہیں ڈرتا۔ حالانکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعظیم وتکریم کے منکر کی اس روش سے اس کی نافرمانی اور بے ایمانی ہی ظاہر ہوتی ہے خود صحابہ کرام کی عزت وعظمت میں کچھ فرق نہیں آتا۔ کیونکہ جب اللہ اور اس کا رسول ﷺ صحابہ کرام کی خدمات کی توثیق اور ان کی تعریف فرما رہے ہیں تو کوئی اور نہ بھی کرے تو انہیں کیا فرق پڑتا ہے؟

پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعظیم وتکریم نہ کرنے والا بھی اللہ ورسول ﷺ کا نافرمان ہو بھہرتا ہے اور اس کا انجام بھی اچھا نہیں۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ۔ (النساء۔۱۴)

ترجمہ: اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے اور اس کی کل حدوں سے بڑھ جائے اللہ اسے آگ میں داخل کرے گا جس میں ہمیشہ رہے گا اور اس کیلئے خواری کا عذاب ہے۔ (کنزالایمان)

• لیکن اگر کوئی منکر تعظیم وتکریم کسی صحابی کی شان اقدس میں سب وشتم بھی روا رکھتا ہے اور زبانِ طعن بھی دراز کرتا ہے تو اس کی شقاوت اور بدبختی میں کسے شک ہوسکتا ہے۔ اس نے تو اللہ ورسول ﷺ کی کھلی مخالفت کی اور اپنی عاقبت برباد کرلی۔ یہ تو پہلے والے نافرمان سے بھی زیادہ بُرے انجام سے دوچار ہوگا۔ ایسا شخص یقیناً اللہ کی رحمت سے دور اور لعنت کا مستحق ہے۔ جناب رسول خدا ﷺ نے فرمایا:

اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَسُبُّوْنَ اَصْحَابِيْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰى شَرِّكُمْ۔ (مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ)

ترجمہ: جب تم انہیں دیکھو جو میرے صحابہ کو برا کہتے ہیں تو کہو تمہارے شر پر اللہ کی لعنت۔

marfat.com

مَنْ سَبَّ اَصْحَابِیْ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔
(مکتوبات امام ربانی دفتر اوّل مکتوب نمبر ۲۵۱ بحوالہ طبرانی)

ترجمہ: جس نے میرے اصحاب کو گالی دی اس پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور تمام آدمیوں کی لعنت ہے۔

اس میں شک نہیں کہ ایمان کی بنیاد محبت رسول (ﷺ) ہے اور جسے یہ محبت حاصل ہوگئی وہ پکا مومن ہے۔ لیکن یہ اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتی جب تک بندہ ہر اس چیز یا ہر اس شخص سے محبت نہ رکھے' جس سے حضور ﷺ نے محبت فرمائی یا جسے آپ ﷺ سے کوئی نسبت اور تعلق حاصل ہو۔ وہ اہلبیت اطہار ہوں یا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان سب سے محبت ہونا ضروری ہے۔ جناب امام الانبیاء حبیب کبریا ﷺ نے فرمایا:

مَنْ اَحَبَّ اللّٰهَ اَحَبَّ الْقُرْاٰنَ وَمَنْ اَحَبَّ الْقُرْاٰنَ اَحَبَّنِیْ وَمَنْ اَحَبَّنِیْ اَحَبَّ اَصْحَابِیْ۔ (شواہد الحق صفحہ ۴۸)

ترجمہ: جو اللہ سے محبت کرتا ہے وہ قرآن سے محبت کرتا ہوگا اور جو قرآن سے محبت کرتا ہوگا وہ مجھ سے محبت کرتا ہوگا اور جو مجھ سے محبت کرتا ہوگا وہ میرے صحابہ سے محبت کرتا ہوگا۔

گویا جس شخص کو صحابہ کرام سے محبت نہیں اس کے دل میں جناب رسول اللہ ﷺ کی بھی محبت نہیں اور جس کے دل میں محبت رسول (ﷺ) نہ ہو وہ ایمان ہی سے محروم ہوتا ہے۔ مشہور حدیث پاک ملاحظہ ہو۔ فرمایا:

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْهِ مِنْ وَّالِدِهٖ وَوَلَدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔ (بخاری کتاب الایمان)

ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اسے اس کے والدین اس کی اولاد اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

marfat.com

اب جو شخص شرف صحابیت کا احترام نہ کرے اور کسی صحابی سے محبت نہ رکھے وہ بھی محبت رسول (ﷺ) سے محروم ہو کر نور ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھا ہے تو جو شخص اللہ کے رسول ﷺ کے کسی صحابی سے محبت رکھنے کی بجائے اس سے دشمنی اور عداوت رکھے اور بغض وحسد کا مظاہرہ کرے۔ اس کا ایمان اور اسلام کون ثابت کرے گا؟ کیونکہ قرآن کریم تو ایسے بدنصیب لوگوں کو کافر کہتا ہے۔ فرمایا:

لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ۔ (فتح۔۲۹)

ترجمہ: تاکہ ان سے کافروں کے دل جلیں۔ (کنزالایمان)

یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو دیکھ دیکھ کر صرف کافر لوگ ہی جلتے ہیں اور صرف وہی بغض وحسد کا اظہار کرتے ہیں۔

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں صحابہ سے ناراض رہنے والوں کو کفار کہا ہے''۔ (مکتوبات دفتر دوم اُردو حصہ اوّل مکتوب نمبر ۳۶)

اب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ، جو حضور ﷺ کے عظیم صحابی اور کاتب وحی تھے، کے بغض میں مبتلا شخص دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت رکھنے کا دعویٰ کرے اور کہے کہ سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت مسلمان پر لازم نہیں۔ بعض کی محبت سب صحابہ کی محبت کے مترادف ہے۔ لہٰذا صرف امیر معاویہ (رضی اللہ عنہ) کی مخالفت سے سب صحابہ کی مخالفت لازم نہیں آتی۔ اس لئے مذکورہ بالا آیہ کریمہ میں جو خاصہ کفار بیان ہوا ہے صرف بغض معاویہ میں مبتلا شخص اس کی زد میں نہیں آتا تو یہ خود فریبی کے سوا کچھ نہیں اور اس شخص کے پاس اپنے اس دعویٰ کے ثبوت میں کوئی دلیل نہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ کسی ایک صحابی کی دشمنی سب کی دشمنی، ایک سے بغض سب سے بغض اور ایک کا انکار سب کا انکار ہے۔ گویا ایسا شخص قرآنی فتویٰ کفر سے ہرگز نہیں بچ سکتا۔ لہٰذا اس کے دل میں اگر خدا کا خوف کچھ بھی باقی ہے اور وہ روز قیامت پر

marfat.com

ایمان بھی رکھتا ہے تو اس کیلئے بغضِ معاویہ سے تائب ہو جانا بہت ضروری ہے۔امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی ؒ پہلے ایسے لوگوں کا نقطۂ نظر بیان کرتے ہیں اور پھر خود اس کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں:

''اگر صحابہ کرام پر نکتہ چینی کرنے والے لوگ یہ کہیں کہ ہم بھی صحابہ کرام کی متابعت (پیروی) کرتے ہیں اور یہ ضروری نہیں کہ تمام کی متابعت و پیروی کریں بلکہ سب کی متابعت ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ بہت سے مسائل میں صحابہ کرام کی آپس میں آراء مختلف اور متناقض ہیں اور الگ مشرب رکھتے ہیں۔

اس کا جواب ہم یہ دیتے ہیں کہ بعض کی متابعت اس وقت سود مند ہو سکتی ہے جبکہ اس کے ساتھ بعض دوسرے صحابہ کرام کا انکار نہ ہو۔ بعض کے انکار کی صورت میں بعض دوسروں کی متابعت کا وجود متصور نہیں ہو سکتا...... اصول میں تمام صحابہ کرام کی متابعت ضروری ہے اور ان کا آپس میں اصول کے اندر کوئی اختلاف نہ تھا۔ ان کا آپس کا اختلاف صرف فروع سے تعلق رکھتا تھا اور وہ شخص جو بعض صحابہ میں عیب نکالتا ہے سب کی متابعت سے محروم ہے''۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اوّل مکتوب نمبر ۸۰)

''نیز قرآن و حدیث کے احکام شرعیہ جو ہم تک پہنچے ہیں صحابہ کرام کی نقل و روایت اور واسطہ سے پہنچے ہیں جب صحابہ کرام مطعون ہوں گے تو ان کی نقل و روایت بھی مطعون تصور ہو گی اور احکام شرعیہ کی نقل و روایت چند صحابہ کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ تمام صحابہ عدالت، صدق اور تبلیغ دین میں برابر ہیں پس کسی ایک صحابی میں طعن و عیب دین میں طعن و عیب تسلیم کرنے کو مستلزم ہے''۔ (مکتوبات دفتر اوّل مکتوب نمبر ۸۰)

''اور ضابطے کی جو بات ذہن میں ہونی چاہیے یہ ہے کہ بعض

marfat.com

صحابہ کا انکار کل کا انکار ہے جناب خیر البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت کی فضیلت میں سب حضرات مشترک ہیں اور صحبت کی فضیلت دیگر سب فضائل وکمالات سے فائق اور بلند ہے۔ اسی بنا پر حضرت اویس قرنی ؓ جو خیر التابعین ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی کے ادنیٰ مرتبے تک بھی نہیں پہنچ سکے۔ لہٰذا صحبت کی فضیلت کا کوئی شے بھی مقابلہ نہیں کر سکتی کیونکہ ان کا ایمان صحبت اور نزول وحی کی برکت سے شہودی ہو چکا ہے اور ایمان کا یہ رتبہ صحابہ کرام (رضی اللہ عنہم) کے بعد کسی کو بھی نصیب نہیں اور اعمال ایمان پر متفرع ہوتے ہیں اعمال کا کمال ایمان کے کمال کے مطابق ہے''۔ (مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر ۵۹)

مفسر قرآن جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ قرآن کریم سے "كَذَّبَتْ عَادُ الْمُرْسَلِيْنَ، كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ اوران کے ساتھ چند دیگر آیات مقدسہ نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

''جیسے قوم عاد، قوم ثمود، قوم لوط اور قوم نوح نے صرف اپنے اپنے ایک رسول کی تکذیب کی اور رب تعالیٰ نے فرمایا کہ انہوں نے سارے رسولوں کا انکار کیا ہے اسی طرح ایک صحابی کا انکار یا اہلبیت اطہار میں سے ایک بزرگ سے سرتابی تمام صحابہ کرام اور سارے اہلبیت کا انکار ہے''۔ (امیر معاویہ ؓ پر ایک نظر صفحہ ۴۳)

لہٰذا حضور اکرم ﷺ کے ہر صحابی سے محبت وعقیدت رکھنا اور اس کی تعظیم و تکریم بجالانا لازم ہے ورنہ ایمان کی خیر نہیں۔ کسی ایک صحابی سے بدعقیدگی رکھنا بغض وحسد کا مظاہرہ کرنا اور خود ساختہ نظریات کی بنا پر شکوک وشبہات پھیلا کر مسلمانوں کو گمراہ کرنا اسلام کے کسی خیر خواہ کا نہیں بلکہ بدخواہ دشمن کا کام ہے۔ دشمنانِ دین کے ان گمراہانہ نظریات کا اصل سبب حکم خداوندی

marfat.com

"وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا"[1]
(آل عمران۔۱۰۳)

اور ارشادِ نبوی:

"اِتَّبِعُوْا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ فَاِنَّهٗ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِی النَّارِ"۔[2]
(مشکوٰۃ باب الاعتصام۔ ابن ماجہ)

سے بے پروائی اور سوادِ اعظم اہلسنت سے روگردانی ہے۔

افسوس بدعقیدگی کا یہ مرض آج کل پھر بڑھنے لگا ہے اور منکرین تعظیم صحابہ ہیں کہ قرآن وحدیث کے احکام کو دل سے نہیں مانتے۔ بس غلط سلط روایات اور من گھڑت نظریات ان کا کل اثاثہ ہیں۔ ان کے نزدیک اللہ کے رسول ﷺ سے تعلق و نسبت کی کوئی قدر و قیمت نہیں اور شرف صحابیت کی کچھ فضیلت نہیں۔ ہاں بغض صحابہ کے بیج بونے کیلئے حُبِّ اہلبیت کو آڑ بنا لیتے ہیں اور اپنی طرح دوسرے لوگوں کو بھی جناب رسول اللہ ﷺ کے مقبول صحابہ کرام سے دور کر دینا چاہتے ہیں۔

ایسے حالات میں اہلِ حق پر یہ امر واجب ہوجاتا ہے کہ مقاماتِ صحابہ کے تحفظ کیلئے میدانِ عمل میں نکلیں۔ منکرین شان صحابہ خصوصاً منکرین فضائل امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جن میں سے کئی ایک سنیت کے بھیس میں بھی دھوکا دیتے اور اہل حق کو ورغلاتے ہیں کے فریبوں کو ظاہر کریں اور لوگوں کو صراط مستقیم سے روشناس کرائیں اور یہ بات ہم اپنی طرف سے نہیں کرتے بلکہ اللہ کے پیارے محبوب دانائے کل غیوب ہم سب کے آقا و مولیٰ جناب رسول اللہ ﷺ نے اہل علم کو خود حکم فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہو حدیث پاک:

اِذَا ظَهَرَتِ الْفِتَنُ اَوْ قَالَ الْبِدَعُ وَسُبَّتْ اَصْحَابِیْ فَلْيُظْهِرِ الْعَالِمُ

---

[1] ترجمہ۔ اور اللہ کی رسی کو مضبوط تھام لو سب مل کر اور آپس میں پھٹ نہ جانا (کنز الایمان)

[2] ترجمہ: بڑے گروہ کی پیروی کرو کیونکہ جو (اس سے) الگ ہوا وہ الگ ہی دوزخ میں ڈالا جائے گا۔

marfat.com

عِلْمَهٗ فَمَنْ لَّمْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ عَدْلًا وَّلَا فَرْضًا۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب نمبر ۲۵۱۔ صواعق محرقہ اردو صفحہ ۴۳)

ترجمہ: جب فتنے اور بدعتیں ظاہر ہو جائیں اور میرے اصحاب کو گالیاں دی جائیں تو عالم کو چاہیے کہ اپنے علم کو ظاہر کرے پس جس نے ایسا نہ کیا اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کا کوئی فرض و نفل قبول نہ فرمائے گا"۔

اس حدیث پاک کے مطابق اہل علم کا یہ دینی اور اخلاقی فریضہ ہے کہ مقامات صحابہ کے تحفظ کیلئے اپنے علم کو ظاہر کریں۔ دشمنان صحابہ کی مذمت کریں اور سب وشتم کرنے والوں کا ناطقہ بند کریں۔ بالخصوص حضرت امیر معاویہ ﷺ جو رسول اللہ ﷺ کے ایک قرابت دار، برادر نسبتی، کاتب وحی، امین اسرار الٰہی، فقیہہ و مجتہد، عظیم صحابی، امام عالیمقام امام حسن علیہ السلام کے معتمد اور بشمول ان کے تمام صحابہ و تابعین ﷺ کے متفقہ امیر یعنی امیر المومنین ہوئے اور احادیث پاک میں جن کے بے شمار فضائل بھی بیان ہوئے کے مقامات و درجات کو قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان کرتے ہوئے ان کے مخالفین کے اعتراضات کا ازالہ کریں کہ یہ بات باعث رضائے مصطفیٰ ﷺ اور باعث رضائے خدا ہے۔

میرے ولی نعمت، مخدوم ملت، فخر دودمان سادات، قاسم فیوض و برکات، پیر طریقت، رہبر شریعت، نورنگاہ نقشبند، نقش لاثانی حضور قبلہ عالم پیر سید محمد ظفر اقبال شاہ صاحب دامت برکاتہم العالیہ (زیب سجادہ لاثانی وسرپرست اعلیٰ بزم لاثانی) نے کچھ اسی جذبہ سے حکم فرمایا کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ کی فضیلت میں وارد احادیث مبارکہ لکھ کر دو۔ بندہ نے تعمیل ارشاد کرتے ہوئے چند احادیث مبارکہ جمع کیں اور انہیں آیات قرآنیہ سے مزین کر کے ایک مضمون آپ کی خدمت میں پیش کر دیا' آپ نے شرف

marfat.com

قبولیت سے مشرف فرمایا۔اب مذکورہ حدیث پاک کے پیش نظر اسی کو قدرے تفصیل سے شائع کیا جارہا ہے۔

قابل غور یہ بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی بھی نزاع کے فیصلہ کیلئے کہ صحیح کیا ہے اور غلط کیا' قرآن وحدیث سے رجوع کرنے کا حکم دیا ہے فرمایا:

فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ۔(النساء۔۵۹)

ترجمہ: پھر اگر تم میں کسی بات کا جھگڑا اٹھے تو اسے اللہ اور رسول کے حضور رجوع کرو۔(کنزالایمان)

گویا یہ بات نہایت ہی اہم ہے کہ کوئی بھی متنازع نظریہ یا عقیدہ ہو اسے قرآن وحدیث کی روشنی میں دیکھا جائے گا اور ہم نے اسی کا التزام کیا ہے اور قرآن و حدیث ہی کو محور بنایا ہے۔پہلے قرآن وحدیث سے مقامات صحابہ اور پھر امیر معاویہ رضی اللہ عنہم جو صحابہ کرام میں نہایت ہی مظلوم شخصیت ہیں' کا مقام ومرتبہ اور فضائل ومناقب نقل کئے گئے ہیں۔بعدازاں اہلسنت کے معتقدات اور اکابر امت کے نظریات بیان کئے گئے ہیں اور سب سے آخر میں اپنے ایک عظیم محسن کے حکم کے مطابق بعض نام نہاد مصلحین ملت اور مخالفین وحدت امت کے اعتراضات خصوصاً مولانا مودودی صاحب کی طرف سے "خلافت وملوکیت" میں وارد کئے جانے والے مطاعن کے قرآن وحدیث کی روشنی میں جوابات دیئے گئے ہیں۔انشاءاللہ شاتمان صحابہ اور دشمنانِ امیر معاویہ کے فریب آشکارا ہوں گے صراط مستقیم واضح ہوگا اور اتحاد امت کے بہی خواہوں کے سینے ٹھنڈے ہوں گے۔اس میں شک نہیں کہ صراط مستقیم کی ہدایت اور توبہ کی توفیق اللہ ہی دینے والا ہے لہٰذا اسے منظور ہوا تو ہدایت ضرور مل جائے گی۔

وَمَنْ يَشَأْ يَجْعَلْهُ عَلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ۔(الانعام۔۳۹)

ترجمہ: اور جسے چاہے سیدھے راستہ ڈال دے۔(کنزالایمان)

نہ ہو نومید، نومیدی زوالِ علم و عرفاں ہے
امیدِ مردِ مومن ہے خدا کے راز دانوں میں

marfat.com

دعا ہے اللہ رب العزت تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خصوصاً حضرت امیر معاویہ ﷛ کے حضور اس سپاس عقیدت اور ان کے مقامات و درجات کے بیان میں اس ادنیٰ کوشش کو اپنی بارگاہ اقدس میں قبول و منظور فرمائے اور حضور نبی کریم رؤف و رحیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم اپنی شفاعت سے سرفراز فرمادیں۔

یا شفیع المذنبین یہ مار ڈالے گا حساب　　　مجھ سے مجرم کو تو عفو و درگزر درکار ہے

سگ بارگاہِ نقشِ لاثانی و نقشہ نقشِ لاثانی
محمد صدیق ضیائ نقشبندی قادری

marfat.com

باب نمبرا

قرآن و حدیث اور مقامات صحابہ رضی اللہ عنہم

marfat.com

قرآن وحدیث اور مقاماتِ صحابہ رضی اللہ عنہم

فیصلہ قرآن وحدیث سے کیوں تاریخ سے کیوں نہیں؟

انسانوں میں ذہنی اور فکری اختلاف کا ہونا ایک حقیقت ہے، ورنہ کفر واسلام اور نفاق وایمان کے جھگڑے نہ اٹھتے اور مختلف مذاہب اور فرقے نہ بنتے۔ اللہ تعالیٰ نے لوگوں کی فکری وحدت اور ہدایت وراہنمائی کیلئے اپنے رسول مکرم ﷺ کو بھی مبعوث فرمایا اور قرآن کریم بھی نازل کیا۔ جو ایمان لایا اور پھر پیروی کی اس نے ہدایت پائی اور کامیاب وکامران ہوا اور جس نے انکار کیا یا نافرمانی کی وہ ہدایت سے دور اور ناکام ونامراد ہی رہا۔

یہ تاریخ مرتب کرنے والے مورخین بھی انسان ہی ہیں۔ ان کا بھی ذہنی و فکری کمزوریوں سے محفوظ ہونا ضروری نہیں۔ پھر ان کا موقع بموقع موجود نہ ہونے کی صورت میں حقیقت حال سے بے خبر رہنا اور غیر مصدقہ معلومات کی بنا پر واقعات مرتب کر دینا یا ذاتی جذبات سے مغلوب ہو کر حقائق سے چشم پوشی کر جانا اور کسی شخصیت کے بارے میں "خلاف حقیقت ذاتی نظریات" کو تاریخ کا حصہ بنا دینا بھی بعید از قیاس نہیں۔ بانیٔ جماعت اسلامی "مولانا مودودی صاحب" جنہوں نے محض تاریخی روایات کا سہارا لے کر اپنی کتاب "خلافت وملوکیت" لکھی وہ بھی کہتے ہیں۔

"تاریخ کے معاملہ میں اگر کوئی شخص روایات کے ثبوت کیلئے
وہ شرائط لگائے جو احکام شرعی کے معاملہ میں محدثین نے لگائی ہیں، تو
اسلامی تاریخ کا ۹۰ فیصدی، بلکہ اس سے بھی زائد حصہ دریا برد کرنا

marfat.com

ہوگا"۔(خلافت وملوکیت صفحہ۷،احاشیہ)

لہٰذا مورخین کی ذاتی آراء اور درباریُرو کئے جانے کے لائق ایسے غیر حقیقی بیانات بدگمانی اور نزاع کا سبب تو ہیں کسی اسلامی عقیدے کی بنیاد نہیں' کیونکہ تخمین و ظن کے علاوہ ان کی کوئی حیثیت ہی نہیں۔ پس ان کی تقلید و پیروی سراسر گمراہی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا:

وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِی الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ۔ (انعام۔۱۱۶)

ترجمہ: اور (اے سننے والے) اگر تو اطاعت کرے اکثر لوگوں کی جو زمین میں ہیں تو وہ تجھے بہکا دیں گے اللہ کی راہ سے وہ نہیں پیروی کرتے سوائے گمان کے اور نہیں وہ مگر تخمینے لگاتے ہیں۔(ضیاء القرآن)

ہم مسلمان ہیں اور مسلمان اللہ ورسول ﷺ کو مانتا ہے لہٰذا قرآن وحدیث پر ایمان رکھتا ہے نہ کہ کسی مورخ اور اس کی لکھی ہوئی تاریخ پر کہ تعلیمات ربانی کا منبع اور ایمان کی بنیاد قرآن وحدیث ہیں کسی انسان کی مرتب کردہ کوئی تاریخ نہیں۔ لہٰذا جب ایمان کی بنیاد اور تعلیمات اسلام کا منبع اور ماخذ قرآن وحدیث ہیں تو پھر کوئی بھی معاملہ ہو یا کوئی بھی اختلافی مسئلہ ہو فیصلہ کن حیثیت قرآن وحدیث ہی کو حاصل رہے گی، شخصی نظریات پر مبنی کسی تاریخ کو نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے شخصی نظریات کی پیروی سے روک کر قرآن وحدیث ہی کی پیروی کا حکم دیا ہے۔ فرمایا:

اِتَّبِعُوْا مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ۔

(اعراف۔۳)

ترجمہ: پیروی کرو اس کی جو نازل کیا گیا ہے تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے اور نہ پیروی کرو اللہ کو چھوڑ کر دوسرے دوستوں کی۔

گویا قرآن وحدیث کو چھوڑ کر انسانی خیالات ونظریات اگرچہ "تاریخ"

marfat.com

کے نام سے ہوں' کی پیروی جائز نہیں اور قرآن وحدیث کے خلاف کسی تاریخ کا کوئی فیصلہ قبول کرنا درست نہیں۔ بلکہ کوئی بھی تنازع یا کوئی بھی دینی اختلاف ہو اللہ تعالیٰ نے قرآن وحدیث ہی سے رجوع کرنے کا حکم دیا ہے حتیٰ کہ اس رجوع کو ایمان کی شرط اور دلیل بھی ٹھہرایا ہے۔ سنیئے فرمایا:

فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا۔

(النسآء۔۵۹)

ترجمہ: پھر اگر تم میں کسی بات کا جھگڑا اٹھے تو اسے اللہ و رسول کے حضور رجوع کرو اگر اللہ اور قیامت پر ایمان رکھتے ہو یہ بہتر ہے اور اس کا انجام سب سے اچھا۔ (کنزالایمان)

لہٰذا کوئی بھی تنازع ہو یا کسی بھی مسئلے میں اختلاف اور جھگڑا ہو تو مسلمان کیلئے اسے قرآن وحدیث پر پیش کرنا لازم ہے تا کہ اس کے صحیح یا غلط ہونے کا فیصلہ ہو سکے۔ اگر قرآن وحدیث اس کی تصدیق کریں تو اسے درست تسلیم کرلیا جائے اور اگر تردید کریں تو اسے رد کردیا جائے۔ قرآن کریم نے نہ صرف اس طرز عمل کی تحسین فرمائی ہے بلکہ حسن خاتمہ کا مژدہ بھی سنایا ہے۔ (ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا یعنی یہ بہتر ہے اور اس کا انجام سب سے اچھا) اب اگر کوئی شخص حکم خداوندی کے مطابق اپنے نظریات، جو اس نے محض تاریخی روایات سے اخذ کر رکھے ہیں، کی اصلاح کیلئے قرآن وحدیث کی طرف خود رجوع نہیں کرتا' وہ بھی خدا و رسول ﷺ کا اطاعت گزار اور سچا مسلمان نہیں تو جس شخص کو خاص اس حکم خداوندی کی طرف متوجہ کیا جائے اگر وہ بھی رجوع نہ کرے یا قرآن وحدیث کے بجائے غلط سلط تاریخی روایات اور اپنی ذہنی اختراعات کو درست تسلیم کرانے پر اصرار کرے' تو کون اسے مسلمان کہے گا؟ قرآن کریم تو ایسے لوگوں کو منافق کہتا ہے فرمایا:

وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ

marfat.com

الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا۔ (النسآء۔۶۱)

ترجمہ: اور جب کہا جائے انہیں کہ آؤ اس کتاب کی طرف جو اتاری ہے اللہ نے اور رسول کی طرف تو تم دیکھو گے کہ منافق تم سے منہ موڑ لیتے ہیں روگردانی کرتے ہوئے۔

نیز ہم نے جن تاریخی روایات کو غلط سلط کہا ہے مودودی صاحب نے انہیں کو غیر محقق اور غیر معیاری قرار دیا ہے۔ لکھتے ہیں:

''اس میں شک نہیں کہ تاریخ کے معاملے میں چھان بین، اسناد اور تحقیق کا وہ اہتمام نہیں ہوا ہے جو احادیث کے معاملے میں پایا جاتا ہے''۔ (خلافت وملوکیت صفحہ۳۰۴)

مودودی صاحب دوسرے مقام پر کسی سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ:

''اگر آپ اس تاریخ کو باور کرتے ہیں تو پھر آپ کو محمد رسول اللہ ﷺ مبلغ قرآن، داعی اسلام مزکی نفوس کی شخصیت پر اور ان کی تعلیم و تربیت کے تمام اثرات پر خط تنسیخ کھینچ دینا پڑے گا اور یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ اس پاکیزہ ترین انسان کی ۲۳ سالہ تبلیغ ہدایت سے جو جماعت تیار ہوئی تھی اور اس کی قیادت میں جس جماعت نے بدر واحد اور احزاب وحنین کے معرکے سر کر کے اسلام کا جھنڈا دنیا میں بلند کیا تھا اس کے اخلاق، اس کے خیالات، اس کے مقاصد، اس کے ارادے، اس کی خواہشات اور اس کے طور طریقے دنیا پرستوں سے ذرہ بھی مختلف نہ تھے''۔ (رسائل ومسائل حصہ اول صفحہ۷۰)

لیکن مقام حیرت ہے کہ تاریخ پر اتنی تنقید کے باوجود مودودی صاحب حکم خداوندی: فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ۔ (النسآء۔۵۹) کی کوئی پرواہ نہیں کرتے اور کسی تاریخی واقعے کو قرآن وحدیث پر پیش کر کے اسے پرکھنا ضروری نہیں سمجھتے جبکہ خود ان کے مطابق پہلے کوئی چھان بین اور تحقیق ہی نہیں ہوئی۔ افسوس! مولانا نے مطلب

marfat.com

برابری کیلئے صرف حوالے دینا ضروری سمجھا حالانکہ جب تاریخ خود ان کے نزدیک محقق اور معیاری نہیں تو حوالے ہوں یا نہ ہوں کیا فرق پڑے گا۔ آخر ان کا مواد تو غیر محقق ہی رہے گا یعنی جب تاریخی واقعات و روایات کی صحت کا یقین ہی نہیں تو کوئی ان سے پوچھے کہ پھر ان حوالوں کو نقل کرنے سے مقصد کیا ہے؟ کہتے ہیں

''جو تاریخی مواد اس بحث میں پیش کیا گیا ہے، وہ تاریخ اسلام کی مستند ترین کتابوں سے ماخوذ ہے۔ جتنے واقعات میں نے نقل کئے ہیں ان کے پورے پورے حوالے درج کر دیئے ہیں اور کوئی ایک بات بھی بلا حوالہ بیان نہیں کی ہے۔ اصحابِ علم خود اصل کتابوں سے مقابلہ کر کے دیکھ سکتے ہیں''۔ (خلافت وملوکیت صفحہ ۲۹۹)

انشاء اللہ ہم یہ بھی جائزہ لیں گے کہ انہوں نے تاریخی حوالوں میں کس قدر حذف و اضافہ سے کام لیا ہے اور کتنی دیانتداری برتی ہے یہاں تو افسوس اس بات کا ہے کہ جس تاریخ کو خود غیر محقق بتاتے ہیں اور جس تاریخ کا ۹۰ فیصد سے زائد حصہ دریا برد کر دینے کے لائق سمجھتے ہیں اسی کو من وعن نقل کر دیتے ہیں۔ قرآن و حدیث کو چھوڑ کر اسی غیر محقق تاریخ کو اپنی تحقیق کا محور بنائے ہوئے ہیں اور قرآن و حدیث کی بجائے بندگانِ تخمین وظن کی پیروی میں مصروف ہیں۔ (استغفر اللہ)

اب فرمایئے ان کی کتاب ''خلافت وملوکیت'' جس کا بیشتر مواد ہی غیر محقق اور نا قابلِ اعتماد ہے' کی کیا حیثیت رہ گئی۔ انہوں نے دریا برد کئے جانے کے لائق تاریخ میں سے جو کچھ رطب و یابس ہاتھ لگا اپنے ذوق کی تسکین کیلئے حضور نبی اکرم ﷺ کے قدسی صفات صحابہ کرام بالخصوص سیدنا عثمان ذوالنورین اور سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہما پر طعن و تشنیع کیلئے بطور ہتھیار استعمال کیا۔ امت میں پھوٹ ڈالنے والے تفرقہ بازوں میں نام کمایا اور مسلمانوں سے الگ راستہ اختیار کر کے نئے فرقہ ''جماعتِ اسلامی'' کے بانی ٹھہرے۔

marfat.com

صحابہ کرام وہ ہستیاں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے "رضی اللّٰہ عنہم ورضوا عنہ" کا پروانہ خوشنودی عطا فرمایا۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے جن کی تعظیم و تکریم کا حکم فرمایا۔ جنہوں نے سارے کا سارا دین اللہ کے رسول ﷺ سے حاصل کر کے امت تک پہنچایا۔ جن کی ثقاہت وعدالت کو کسی محدث تک نے چیلنج نہیں کیا بلکہ ہمیشہ جرح وتنقید سے بالاتر جانا ہے۔ امام احمد ابن حجر مکی ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"صحابہ کرام کیلئے یہی فخر کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے بارے میں گواہی دی ہے کہ وہ بہترین لوگ ہیں' فرماتا ہے، كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ، تم بہترین لوگ ہو جو لوگوں کے فائدہ کیلئے پیدا کئے گئے ہو۔ اس خطاب کی ذیل میں آنے والے سب سے پہلے یہی لوگ ہیں' اسی طرح نبی کریم ﷺ نے بھی متفق علیہ حدیث میں ان کے بارے میں گواہی دی ہے کہ میری صدی بہترین صدی ہے اور اس مقام سے بڑھ کر کوئی مقام نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کی صحبت کی وجہ سے ان سے راضی ہوگیا۔ نیز اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، "محمد رسول الله والذين معه اشدآء على الكفار رحمآء بينهم" محمد رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام کفار پر سخت اور آپس میں ایک دوسرے پر رحم کرنے والے ہیں پھر فرمایا: "السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ"۔ مہاجرین وانصار میں سے سابقون الاولون اور وہ لوگ جنہوں نے احسان کے ساتھ ان کی پیروی کی ہے اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا ہے اور وہ اس سے راضی ہیں"۔ آپ ان آیات پر غور کریں تو آپ ان تمام قبیح باتوں سے نجات حاصل کریں گے جو رافضیوں نے گھڑ کر ان کے سر تھوپی ہیں حالانکہ وہ ان تمام باتوں سے بری ہیں۔

marfat.com

صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارے میں اپنے اعتقاد میں ادنیٰ نقص کا شائبہ رکھنے سے بھی اجتناب کریں اور اللہ سے پناہ چاہیں۔ جو باتیں ان لوگوں نے صحابہ کی طرف منسوب کی ہیں وہ خانہ ساز جھوٹ ہیں۔ ان باتوں کی کوئی ایسی سند موجود نہیں جس کے رجال معروف و مشہور ہوں وہ تو صرف ان لوگوں کا جھوٹ، حمق، جہل اور خدا تعالیٰ پر کِذب و افتراء ہے پس ہوا و ہوس اور عصبیت کے باعث صحیح بات کو چھوڑ کر غلط بات کو اختیار کرنے سے بچو"۔ (الصواعق المحرقۃ اردو صفحہ ۵۴۔۵۵)

امام یوسف بن اسماعیل نبھانی رحمۃ اللہ علیہ حضرت قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب الشفاء سے نقل کرتے ہیں:

"صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی عزت و توقیر اور ان کے ساتھ حسن سلوک دراصل نبی اکرم ﷺ کی عزت و توقیر اور آپ کے ساتھ حسن سلوک ہے۔ اس طرح صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حق شناسی، ان کی اقتدا و اتباع، ان کی مدح و توصیف، ان کیلئے دعائے مغفرت، ان کے باہمی اختلافات سے صرف نظر اور ان کے دشمنوں سے بغض و عداوت حقیقت میں حضور ﷺ کے حقوق کی ادائیگی ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ اہل تاریخ کی بے سروپا حکایات اور جاہل راویوں کی روایات سے اجتناب کیا جائے اور گمراہ رافضیوں اور گستاخ بدعتیوں سے کلیتاً قطع تعلقی اختیار کی جائے اور صحابہ کرام کی طرف منسوب واقعات و فتن کی عمدہ تاویلات اور مثبت پہلو تلاش کئے جائیں۔ کیونکہ شان صحابہ کا یہی تقاضا ہے"۔

(کمالات اصحاب رسول ﷺ اردو ترجمہ الاسالیب البدیعۃ فی فضل صحابہ واقناع الشیعہ صفحہ ۲۷)

حیرت ہے کہ مودودی صاحب "تفہیم القرآن" کے نام سے تفسیر قرآن لکھنے کے باوجود قرآنی تصریحات اور خداوندی احکامات پر ایمان نہیں رکھتے اور صحابہ

marfat.com

لرام پر اعتراضات کرتے جاتے ہیں حالانکہ جو شخص اللہ و رسول ﷺ کا فیصلہ نہ مانے وہ تو مومن ہی نہیں رہتا۔ ایمان والوں کا رہبر اور راہنما کیسے بن سکتا ہے۔ مومن ہونے کیلئے ضروری ہے کہ قرآن و حدیث کے ہر فیصلے کو دل سے تسلیم کرے۔ قرآن کریم میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:

۱) وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا۔ (الاحزاب۔۳۶)

ترجمہ: نہ کسی مومن مرد کو یہ حق پہنچتا ہے اور نہ کسی مومن عورت کو کہ جب فیصلہ فرمادے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول کسی معاملہ کا تو پھر انہیں کوئی اختیار ہو اپنے اس معاملہ میں اور جو نافرمانی کرتا ہے اللہ اور اس کے رسول کی تو وہ کھلی گمراہی میں مبتلا ہو گیا۔ (ضیاء القرآن)

۲) فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْۤ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۔

(النسآء۔۶۵)

ترجمہ: تو اے محبوب! تمہارے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک اپنے آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ بنائیں پھر جو کچھ تم حکم فرما دو اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور جی سے مان لیں۔

(کنزالایمان)

۳) اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْۤا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔

(النور۔۵۱)

ترجمہ: مسلمانوں کی بات تو یہی ہے جب اللہ اور رسول کی طرف بلائے

marfat.com

جائیں کہ رسول ان میں فیصلہ فرمائے تو عرض کریں ہم نے سنا اور حکم مانا اور یہی لوگ مراد کو پہنچے۔ (کنز الایمان)۔

اب اگر اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو ماننا اور احکام خداوندی کو تسلیم کرنا مولانا مودودی صاحب کے مقدر میں نہیں تھا تو ہم کیا کہہ سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے صحابہ کرام کے بے شمار فضائل بیان کئے ہیں۔ ان پر تنقید کرنے اور انہیں طعن وتشنیع کا نشانہ بنانے سے روکا ہے۔ تفصیل آئندہ صفحات میں دی گئی ہے۔ یہاں صرف چند احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں۔

امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے بحوالہ طبرانی۔ ابونعیم اور ابن عساکر یہ حدیث پاک نقل فرمائی۔ ملاحظہ ہو۔

۱) اِحْفِظُوْنِیْ فِیْ اَصْحَابِیْ وَاَصْھَارِیْ وَاَنْصَارِیْ فَمَنْ حَفِظَنِیْ فِیْھِمْ حَفِظَہُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَمَنْ لَّمْ یَحْفِظْنِیْ فِیْھِمْ تَخَلَّی اللّٰہُ مِنْہُ وَمَنْ تَخَلَّی اللّٰہُ مِنْہُ یُوْشِكُ اِنْ یَّاْخُذَہٗ۔

(الصواعق المحرقہ صفحہ ۴)

ترجمہ: میرے صحابہ، سسرال اور معاونین کے بارے میں مجھے حفاظت میں رکھو۔ سو جس نے ان کے بارے میں مجھے حفاظت میں رکھا اسے اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں حفاظت میں رکھے گا اور جس نے میری ان کے بارے میں حفاظت نہ کی وہ اللہ کی رحمت سے دور ہو گیا اور جو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہوا قریب ہے اللہ تعالیٰ اس سے مواخذہ کرے۔

مشکوٰۃ شریف میں بحوالہ ترمذی یہ روایت موجود ہے۔ فرمایا:

۲) اَللّٰہَ اللّٰہَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْھُمْ غَرَضًا۔

(مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ)

ترجمہ: میرے اصحاب کے حق میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو انہیں اپنے تیر کا

marfat.com

نشانہ نہ بناؤ۔

مشکوٰۃ شریف اور ترمذی شریف میں ایک روایت یوں ہے۔فرمایا:

۳)اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِيْنَ يَسُبُّوْنَ اَصْحَابِيْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰى شَرِّكُمْ۔ (مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ، ترمذی ابواب المناقب)

ترجمہ: جب تم انہیں دیکھو جو میرے صحابہ کو برا کہتے ہیں تو کہو تمہارے شر پر اللہ کی لعنت۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی ؒ نے مکتوبات شریف میں بحوالہ طبرانی اور ابن عدی دو احادیث یوں نقل فرمائیں۔

۴)اِذَا ذُكِرَ اَصْحَابِيْ فَاَمْسِكُوْا۔

ترجمہ: جب میرے صحابہ کا ذکر کیا جائے تو زبان کو روکو۔

۵)اِنَّ اَشْرَارَ اُمَّتِيْ اَجْرَءُهُمْ عَلٰى اَصْحَابِيْ۔

(مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر ۲۵۱)

ترجمہ: میری امت میں سے بدترین وہ لوگ ہیں جو میرے اصحاب پر دلیر ہیں۔

دیکھئے جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنے وفا شعار اور جانثار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں اپنی زبانوں کو روکنے کا حکم فرمایا اور صحابہ کرام کو برا بھلا کہنے والوں اور ان پر طعن و تشنیع کے تیر برسانے والوں کو بدترین امت اور لعنتی فرمایا۔ اس کے باوجود مولانا مودودی جو قرآن و حدیث کا بہت بڑا عالم اور مفکر اسلام کہلاتے رہے' کی ہمت و جرأت دیکھئے۔ کہتے ہیں:

''مجھے اس بات کی کبھی ضرورت محسوس نہیں ہوتی کہ جن کو میں بزرگ مانتا ہوں۔ ان کی کھلی کھلی غلطیوں کا انکار کروں۔ لیپ پوت کر کے ان کو چھپاؤں۔ یا غیر معقول تاویلیں کر کے ان کو صحیح ثابت

marfat.com

کروں"۔ (خلافت وملوکیت صفحہ ۳۰۷)

"بعض حضرات اس معاملہ میں یہ نرالا قاعدۂ کلیہ پیش کرتے ہیں کہ ہم صحابہ کرام ﷺ کے بارے میں صرف وہی روایات قبول کریں گے جو ان کی شان کے مطابق ہوں اور ہر اس بات کو رد کردیں گے جس سے ان پر حرف آتا ہو خواہ وہ کسی صحیح حدیث ہی میں وارد ہوئی ہو۔ لیکن میں نہیں جانتا کہ محدثین ومفسرین اور فقہاء میں سے کس نے یہ قاعدۂ کلیہ بیان کیا ہے اور کونسا محدث یا مفسر یا فقیہہ ہے جس نے کبھی اس کی پیروی کی ہے"۔ (خلافت وملوکیت صفحہ ۳۰۵)

یہاں سب سے پہلے تو ہم یہ پوچھیں گے کہ ایسی روایتیں جن سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت وشان پر حرف آتا ہو' ان سے جناب مودودی صاحب کو کیوں دلچسپی ہے؟ ان کے ذکر سے ان کے کس عقیدہ کی وضاحت اور کس ذوق کی تسکین ہوتی ہے؟ دیگر ایسی باتوں کا ذکر کرکے صحابہ کرام پر اعتراض قائم کرنے میں اہلسنت و جماعت اور مولانا مودودی میں شدید اختلاف ہے اور جس بات میں اختلاف ہوجائے اسے قرآن وحدیث پر پیش کر کے صحیح اور غلط کا فیصلہ کیا جانا ضروری ہے۔ ہم ایسے الزامات دینے اور طعن کرنے کی ممانعت قرآن وحدیث سے پہلے ہی بیان کر چکے ہیں۔ لیکن یہ جو مودودی صاحب نے کہا ہے کہ صحیح روایات میں موجود ایسی قابل اعتراض بات کو رد کرنا درست نہیں اور کسی محدث یا مفسر یا فقیہہ نے یہ قاعدۂ کلیہ پیش نہیں کیا۔ تو یہ مودودی صاحب نے غلط کہا۔ اس کی وجہ یا تو ان کی جہالت اور بے علمی ہے۔ کہتے ہیں "میں نہیں جانتا" یا انہوں نے کتمان حق کی خاطر جانتے بوجھتے جھوٹ بولا۔ آیئے ہم یہ قاعدۂ کلیہ محدثین میں سے عظیم محدث شارح مسلم حضرت امام یحیٰی بن شرف نووی رحمۃ اللہ علیہ کے الفاظ میں پیش کرتے ہیں کہ کسی صحیح روایت میں اگر کوئی قابل اعتراض بات وارد ہوجائے ٬ جس سے مقام صحابہ پر حرف آتا

marfat.com

اسے کیسے دور کریں گے۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

قال العلماء الاحادیث الواردۃ التی فی ظاھرھا دخل علی صحابی بجب تاویلھا قالوا ولا یقع فی روایات الثقات الاما بمکن تاویلہ۔ (شرح مسلم کتاب الفضائل باب فضائل علی ﷺ جلد ۲ صفحہ ۲۷۸)

ترجمہ: علماء کہتے ہیں کہ جن احادیث میں بظاہر کسی صحابی پر حرف آتا ہو اس کی تاویل واجب ہے اور علماء کہتے ہیں کہ صحیح روایات میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جس کی تاویل نہ ہو سکے۔

مودودی صاحب قرآن وحدیث کا عالم اور اسلام کا مفکر کہلانے کے باوجود کسی ایک محدث، مفسر یا فقیہہ کے نام سے بے علمی ظاہر کر رہے تھے اور تاویل سے انکار کر رہے تھے جبکہ امام المحدثین حضرت امام نووی نے "قال العلماء" کہہ کر بتا دیا کہ ایک نہیں ایسے کئی علماء ہیں جو تاویل کو واجب کہہ رہے ہیں۔

اب بطور وضاحت دیکھئے صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب حکم الفئی میں یہ حدیث موجود ہے کہ حضرت عباس ﷺ نے امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق ﷺ سے حضرت علی المرتضیٰ ﷺ کے متعلق کہا:

"اَقْضِ بَیْنِیْ وَبَیْنَ ھٰذَا الْکَاذِبِ الْاٰثِمِ الْغَادِرِ الْخَآئِنِ"۔

(صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۹۰)

ترجمہ: میرے اور اس جھوٹے، مجرم، دھوکے باز، خائن کے درمیان فیصلہ کر دیجئے۔

محدث جلیل حضرت امام نووی رحمۃ اللہ علیہ اس کی شرح میں فرماتے ہیں

ترجمہ: قاضی عیاض نے کہا مارزی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ حدیث کے یہ الفاظ کہنے ظاہری طور پر حضرت عباس ﷺ کے شایان شان نہیں اور حضرت علی ﷺ اس سے بہت بلند مرتبہ ہیں کہ ان میں ان

marfat.com

اوصاف میں سے بعض ہوں چہ جائیکہ یہ سب (اوصاف ان میں ہوں) اگر چہ ہم صرف نبی اکرم ﷺ وغیرہم انبیاء علیہم السلام کی عصمت کے قائل ہیں لیکن حضرات صحابہ کرام ﷺ کے ساتھ حسن ظن رکھنے اور ان سے تمام اوصاف رذیلہ کی نفی کرنے کا ہمیں حکم دیا گیا اور جب اس حدیث کی تاویل کے سارے راستے بند ہو جائیں گے تو ہم اس کے راویوں کو جھوٹا قرار دے دیں گے نیز فرمایا کہ اسی سبب سے بعض محدثین نے اپنے نسخہ سے یہ الفاظ نکال بھی دیئے۔

(صحیح مسلم مع شرح نووی جلد ۲ صفحہ ۹۰ کتاب الجہاد والسیر باب حکم الفئ)

سبحان اللہ! کیا شان ہے صحابہ کرام کی اور کیا مقام ہے صحابہ کرام کا کہ کوئی صحیح روایت بھی ان کی عظمت کو مجروح نہیں کر سکتی۔ ان کی عظمت قرآن بیان کرتا ہے۔ حدیث پاک بیان کرتی ہے۔ لہٰذا کوئی ایسی حدیث جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت وشان کے خلاف ہو اس کی تاویل کی جائے گی یا اسے رد کر دیا جائے گا۔ امام نووی اور حضرت قاضی عیاض کے علاوہ دیگر علماء کی تصریحات اس کی وضاحت کیلئے کافی ہیں۔

اور امام نووی کی شرح مسلم کے حوالہ سے مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ کے حاشیہ ۳ پر یوں مرقوم ہے۔ یہاں صرف ترجمہ پیش کیا جارہا ہے اصل عبارت معتقدات اہلسنت کے باب میں ملاحظہ فرمائیں۔ دیکھئے۔

"شرح مسلم میں (امام نووی نے) فرمایا خوب جان لو کہ صحابہ کرام کو برا بھلا کہنا حرام ہے اور بہت بڑی بے حیائی ہے اور ہمارا مذہب اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ (جو صحابہ کو برا بھلا کہے) اس کو کوڑے مارے جائیں اور بعض مالکیہ تو کہتے ہیں اسے قتل کیا جائے گا"۔ (مشکوٰۃ صفحہ ۵۵۴ باب مناقب الصحابۃ حاشیہ ۳، نووی شرح مسلم جلد ۲ صفحہ ۳۱۰ باب تحریم سب الصحابۃ رضی اللہ عنہم)

marfat.com

اور دیکھئے امام المحدثین حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ''عقائد کے بیان میں'' فرماتے ہیں۔ یہاں بھی صرف ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔ اصل عبارت معتقدات اہلسنت ہی میں دیکھیں۔ ملاحظہ ہو۔

''اور ہم صحابہ کرام کا جب بھی ذکر کریں خیر ہی کے ساتھ ہونا چاہیے وہ سب ہمارے دینی پیشوا اور مقتدا ہیں ان میں کسی کے ساتھ بدعقیدگی رکھنا اور ان کی کسی بات پر طعن کرنا یا انہیں برا بھلا کہنا سب حرام ہے۔ ہم پر واجب ہے کہ ہم ان کی تعظیم و تکریم بجالاتے رہیں''۔ (العقیدۃ الحسنہ)

مفسر قرآن مولانا محمد نبی بخش حلوائی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں۔

''شرح فقہ اکبر'' میں لکھا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کے ہر صحابی کا تذکرہ نہایت ادب و احترام سے کیا جائے خواہ انہیں ان حضرات کا کوئی کام پسند نہ بھی ہو۔ کیونکہ ان کے اختلافات اجتہادی تھے.........

کسی نے حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا کہ حضرات صحابہ کے جنگ و جدال کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: ''تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ یہ امت تھی جو پہلے گزر چکی۔ ان کے کام ان کیلئے تھے ہمیں ان کے متعلق نہیں پوچھا جائے گا.....

قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ نے تفسیر مظہری میں لکھا ہے کہ اصحاب رسول تمام کے تمام عادل اور منصف تھے۔ اگر کسی سے کوئی غلطی ہوئی بھی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف کر دیا تھا۔ وہ خاطی اور عاصی نہ رہے تھے۔ وہ تائب اور مغفور تھے۔ نصوص قرآنی اور متواتر احادیث ان کی عظمت کے گواہ ہیں''۔ (الناہیۃ عن طعن امیر المعاویہ صفحہ ۸۵،۶۸،۹۳)

معلوم ہوتا ہے مولانا مودودی نے محدثین و مفسرین اور فقہا کا نام تو محض

marfat.com

تفنن طبع کے طور پر لیا ہے ورنہ خود انہوں نے سب سے الگ راستہ اختیار کیا ہے اور اگر انہیں واقعی علماء و محدثین کا احترام ہوتا تو اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ نہ بناتے۔
ہم نے کئی محدثین کی آراء پیش کردی ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت و شان کے خلاف کوئی اعتراض کسی صحیح حدیث میں بھی وارد ہو تو محدثین کرام تاویل کر کے اسے دور کرنا واجب جانتے ہیں، اور ان سب سے الگ راستہ نکالنے والے مودودی صاحب ایسی کوئی ضرورت ہی محسوس نہیں کرتے پھر دیکھئے وہ فرماتے ہیں:

"مجھے اس بات کی کبھی ضرورت محسوس نہیں ہوتی کہ جن کو میں بزرگ جانتا ہوں ان کی کھلی کھلی غلطیوں کا انکار کروں۔ لیپ پوت کر کے ان کو چھپاؤں یا غیر معقول تاویلیں کر کے ان کو صحیح ثابت کروں"۔

(خلافت و ملوکیت صفحہ ۳۰۷)

افسوس مودودی صاحب کو قرآن و حدیث کا کوئی احترام نہیں کہ وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعظیم و تکریم بجالائیں وہ تو بزعم خود جو کچھ سمجھتے ہیں الزامات عائد کرتے چلے جاتے ہیں۔ تیسرے خلیفۂ راشد سیدنا عثمان ذوالنورین ﷛ کے بارے میں نہایت بے ادبی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

"حضرت عثمان ﷛ کی پالیسی کا یہ پہلو بلاشبہ غلط تھا، اور غلط کام بہر حال غلط ہے خواہ وہ کسی نے کیا ہو۔ اس کو خواہ مخواہ کی سخن سازیوں سے صحیح ثابت کرنے کی کوشش کرنا نہ عقل و انصاف کا تقاضا ہے اور نہ دین ہی کا یہ مطالبہ ہے کہ کسی صحابی کی غلطی کو غلطی نہ مانا جائے"۔ (خلافت و ملوکیت صفحہ ۱۱۶)

مودودی صاحب کی جسارت دیکھئے کہ تیسرے خلیفۂ راشد سیدنا عثمان ذوالنورین ﷛ جن کے بارے میں جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وہ فتنوں میں بھی ہدایت پر ہوں گے بلکہ یہ بھی فرمایا۔ "عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ"۔ یعنی تم پر میری اور میرے ہدایت یافتہ خلفاء راشدین کی

marfat.com

سنت کی پابندی ضروری ہے، کے متعلق زبان درازی کر رہے ہیں۔ وہ جنہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہادی ومہدی فرمایا' اُنہی پر طعن کر رہے ہیں اور حیرت تو اس بات پر ہے کہ مذکورہ بالا احادیث مبارکہ کا علم ہونے کے باوجود کہہ رہے ہیں یہ دین کا مطالبہ ہی نہیں کہ کسی صحابی کی غلطی کو غلطی نہ مانا جائے۔ معلوم نہیں مولانا مودودی دین کس کو کہتے ہیں؟ ارے نام نہاد مفکران اسلام! اللہ ورسول ﷺ کے ارشادات مبارکہ یعنی قرآن وحدیث ہی کا نام تو دین ہے مذکورہ احادیث مبارکہ پھر دیکھئے شاید تمہیں احساس ہو جائے کہ دین تمہیں اس جرأت اور دریدہ دہنی سے روکتا ہے یا نہیں۔ ہاں اگر آپ ارشاد خداوندی "صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ (البقرہ-۱۸) یعنی بہرے گونگے اندھے تو پھر وہ آنے والے نہیں"۔ کے مصداق ہو چکے ہیں تو آپ سے رجوع اور توبہ کی توقع نہیں۔ دین اسلام نے تو آپ کو اس بدزبانی سے روکا ہے۔ آپ نہ رکیں اور آخرت کا خوف نہ کھائیں تو آپ کی مرضی۔

اور جہاں تک معترضین کے اعتراضات کی بات ہے' اس کی حقیقت جاننے کیلئے دیکھئے حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ ایسے ہی مختلف اعتراضات کے جوابات دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"ان اعتراضوں میں سے (جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ پر کئے جاتے ہیں) ایک یہ ہے کہ آپ نے صحابہ کو حکومت سے معزول کر کے بنی اُمیہ کے نوجوانوں کو جن کو سبقت اسلام کا شرف حاصل نہ تھا' مامور کیا مثلاً آپ نے بصرہ سے ابو موسیٰ کو معزول کر کے عبداللہ بن ابی عامر کو مقرر کیا اور مصر سے عمرو بن عاص کو معزول کر کے عبداللہ بن ابی سرح کو عامل مقرر کیا۔

اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ عزل ونصب کو خدا نے خلیفہ کی رائے پر چھوڑ دیا ہے۔ خلیفہ کو چاہیے کہ مسلمانوں کی اصلاح اور اسلام کی

marfat.com

نصرت کی فکر کرے اور اسی غور وخوض سے جو رائے پیدا ہو اس پر عمل کرے اگر اس کی رائے درست ہوئی تو اس کو دگنا ثابت ہوگا اور اگر اس کی رائے نے خطا کی تو اس کو ایک ثواب ہوگا۔ یہ مضمون رسول خدا ﷺ سے حد تواتر کو پہنچ گیا ہے۔ اور آنحضرت ﷺ مصلحت کی وجہ سے کبھی ایک کو معزول کر کے دوسرے کو مقرر کر دیتے جیسا کہ فتح مکہ میں انصار کے نشان کو سعد بن عبادہ سے ایک بات پر جو ان کی زبان سے نکل گئی تھی لے کر ان کے بیٹے قیس بن سعد کو دے دیا۔ اور کبھی کسی مصلحت کی وجہ سے مفضول کو مقرر کرتے جیسا کہ اسامہ کو سردار لشکر کیا اور کبار مہاجرین کو ان کا ماتحت۔ یہ تقرر آپ نے آخر عمر میں کیا تھا۔ اسی طرح شیخین نے بھی اپنے زمانہ خلافت میں کیا اور حضرت عثمان کے بعد علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم اور دیگر خلفاء بھی ہمیشہ اس دستور پر عمل کرتے رہے۔ لہٰذا حضرت ذوالنورین سے بھی اس معاملہ میں باز پرس نہیں ہو سکتی۔ اگر آپ نے مصلحت اندیشی سے کسی نوجوان کو مامور اور سن رسیدہ صحابی کو معزول کر دیا ہو۔ خاص کر ان مثالوں میں جن کو معترضین پیش کرتے ہیں تو تامل (غور وفکر) کے بعد آپ کی اصابت رائے روز روشن کی طرح نمایاں ہو جاتی ہے کیونکہ ہر ایک عزل ونصب سے یا تو کسی لشکر کا اختلاف رفع کرنا منظور تھا یا کسی نئے اقلیم کا فتح کرنا۔ لیکن ہوائے نفسانی نے معترضین کی نگاہوں کو اندھا کر دیا ہے"۔ (ازالۃ الخفا اردو دوم صفحہ ۲۹۷)

"وہ رکیک قصص وحکایات جن کو اہل تاریخ بلا تحقیق نقل کرتے ہیں مثلاً بیت المال میں اسراف کرنا یا بحر کو ملک بنانا وغیرہ۔ چونکہ ان میں سے بعض بالکل دروغ (جھوٹ) اور بعض دروغ سے ملے ہوئے ہیں اس لئے ان کو نقل کر کے ہم اپنے اوقات عزیز ضائع کرنا نہیں چاہتے"۔

marfat.com

(ازالۃ الخفاء اردو دوم صفحہ ۴۸۱)

سیدنا عثمان ذوالنورین ﷺ سے بحیثیت انسان کوئی خطاً (اجتہادی یا غیر اجتہادی) سرزد ہو بھی گئی تو اللہ تعالیٰ اسے بخش چکا ہے۔ وہ خلیفۂ راشد ہیں۔ امت کیلئے ان کی سنت پر عمل کرنا لازم ہے۔ اور اس میں ہدایت کی خوشخبری بھی ہے اور وہ تو فتنوں کے درمیان بھی ہدایت پر ہی تھے۔ چند احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں۔ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں۔

''حضرت عثمان غنی ﷺ نے یوم الدار (محاصرہ کے دن) میں بیان کیا کہ رسول خدا ﷺ نے لوگوں کی طرف دیکھ کر کہا کون شخص ان لوگوں (جیش العسرۃ) کو سامان دیتا ہے' خدا اس کو بخش دے۔ میں نے سب کو سامان دیا یہاں تک کہ کسی کو رسی و مہار کی کمی نہ رہی لوگوں نے کہا ہاں۔ یہ حدیث احنف بن قیس اور ابو عبدالرحمٰن اور ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن وغیرھم سے مروی ہے۔ بعض طریق اس کے بخاری و ترمذی میں اور بعض نسائی وغیرہ میں مذکور ہیں۔ عبدالرحمٰن ابن خباب سے اس قصہ میں مروی ہے کہ انہوں نے کہا میں نے رسول خدا ﷺ کو دیکھا۔ آپ منبر سے اتر رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ عثمان جو کچھ اس کے بعد کریں ان پر کوئی حرج نہیں اور عبدالرحمٰن بن سمرہ سے اسی قصہ میں مروی ہے کہ رسول خدا ﷺ نے دو مرتبہ فرمایا کہ عثمان آج کے بعد جو کچھ کریں ان کو کچھ نقصان نہ پہنچائے گا۔ ترمذی نے اس کو نقل کیا''۔ (ازالۃ الخفاء اردو دوم صفحہ ۴۳۷)

''جابر بن عطیہ سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا رسول خدا ﷺ نے حضرت عثمان سے فرمایا اے عثمان!'' خدا نے تمہیں بخش دیا جو کچھ تم نے پہلے کیا اور جو بعد میں کرو گے اور جو تم نے چھپا کر کیا اور جو تم نے ظاہر میں کیا اور جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے'' اس کو بغوی نے اپنے معجم

marfat.com

میں بیان کیا ہے اور ابن غرفہ عبدی نے بھی اس کی تخریج کی ہے اور انہوں نے اتنا اور زیادہ نقل کیا ہے کہ وَمَا كَانَ وَمَا هُوَ كَائِنٌ یعنی جو کچھ ہو چکا ہے اور جو آئندہ ہونے والا ہے"۔ (ازالۃ الخفأ اردو دوم صفحہ ۴۳۹۔۴۴۰)

"مرّہ بن کعب نے خطبہ میں بیان کیا کہ اگر رسول خدا ﷺ سے میں نے نہ سنا ہوتا تو کھڑے ہو کر نہ بیان کرتا۔ آپ ﷺ نے فتنوں کا ذکر کیا اور بیان کیا کہ وہ بہت ہی نزدیک آنے والے ہیں۔ اتنے میں ایک آدمی چادر سے منہ لپیٹے ہوئے نکلا آپ ﷺ نے فرمایا "اس وقت یہ ہدایت پر ہوگا" میں اٹھ کر اس کے پاس گیا۔ وہ عثمان بن عفان تھے۔ میں رسول اللہ ﷺ کی طرف متوجہ ہوا اور پوچھا یہی؟ آپ نے فرمایا کہ ہاں۔ ترمذی نے اس حدیث کو ذکر کر کے کہا حدیث حسن صحیح"۔

(ازالۃ الخفأ اردو دوم صفحہ ۴۶۱۔ ترمذی ابواب المناقب)

"عبدالرحمٰن بن محمد نے اپنے والد سے طویل قصہ میں نقل کیا ہے کہ محمد بن حاطب نے کہا۔ میں کھڑا ہوا۔ کہا یا امیر المؤمنین (حضرت علیؑ) میں مدینہ جانے والا ہوں۔ لوگ مجھ سے عثمانؓ کی بابت دریافت کریں گے میں ان کے حق میں کیا کہوں۔ محمد بن حاطب کہتے ہیں کہ عمار بن یاسر اور محمد بن ابی بکر ناخوش ہوئے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے دونوں سے کہا۔ اے عمار! اے محمد! تم عثمان کے حق میں کہتے ہو کہ انہوں نے اپنوں کی پاسداری کی اور بری طرح حکومت کی اور تم نے ان سے بدلہ لیا ہے اور عنقریب حاکم عادل کے پاس جاؤ گے وہ تمہارا فیصلہ کرے گا۔ پھر کہا۔ اے محمد بن حاطب جب تم مدینہ جاؤ اور لوگ عثمان کی بابت تم سے دریافت کریں تو کہنا کہ خدا کی قسم وہ ان لوگوں میں سے تھے جن کی یہ صفت ہے کہ "الذین آمنوا ثم اتقوا و آمنوا ثم

marfat.com

اتقوا واحسنوا واللّٰہ یحب المحسنین ○ وعلی اللّٰہ فلیتوکل المؤمنون"۔ یعنی وہ لوگ جو ایمان لائے پھر پرہیزگاری کی پھر ایمان لائے پھر پرہیزگاری کی اور احسان کیا اور خدا احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور مومنوں کو خدا ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے"۔

(ازالۃ الخفا اردو دوم ص ۳۶۴)

لیکن نہ معلوم مودودی صاحب نے حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کو بھی پڑھا ہے یا نہیں۔ اور ان کی ان تصریحات کو بھی دیکھا ہے یا نہیں' یا پھر ان کے دل میں بھی بغض صحابہ کی بیماری سرایت کر چکی تھی' کہ نہ تو انہیں قرآن و حدیث کی صریح ہدایات قبول ہوئیں اور نہ ہی علمائے دین کی تصریحات پسند آئیں' اور شاید یہی وجہ تھی کہ انہوں نے بقول خود دریا برد کیے جانے کے لائق غلط سلط تاریخی روایات کو قرآن و حدیث پر ترجیح دی اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات کی کوئی پروانہ کی۔ حالانکہ مومن قرآن و حدیث کے برحق ہونے پر ایمان رکھتا ہے نہ کہ قرآن و حدیث کی مخالف کسی تاریخ پر۔ مومن ہر فیصلہ قرآن و حدیث سے حاصل کرتا ہے بلکہ خدا و رسول ﷺ پر ایمان لانے کا تقاضا بھی یہی ہے۔ اللہ و رسول ﷺ کے فیصلوں کو جس نے بھی ٹھکرایا وہ بے ایمان ہی مرے گا۔

پس کوئی بھی اختلاف ہو اور کوئی بھی نزاع ہو' اس کے صحیح یا غلط ہونے کا فیصلہ قرآن و حدیث سے ہوگا' اور ہر وہ روایت اور نظریہ جو قرآن و حدیث کے خلاف ثابت ہو جائے اسے رد کر دیا جائے گا۔ کیونکہ اگر قرآن و حدیث کے خلاف کسی تاریخی بیان پر اعتماد کر لیا گیا تو اس سے قرآن و حدیث کی تکذیب لازم آئے گی اور ایمان کا خاتمہ ہو جائے گا۔ گویا مومن کیلئے قرآن و حدیث کے فیصلوں کو تاریخی روایات پر ترجیح دینا لازم ہے۔ البتہ اگر تاریخ قرآن و حدیث کی تائید کرے تو پھر کوئی نزاع اور اختلاف ہی نہیں لہٰذا یہ قبول ہے اور قرآن و حدیث سے رجوع کرانے سے مقصود بھی

marfat.com

بھی ہے۔

مفسر قرآن حضرت علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اصول عقیدہ بھی یہی ہے کہ سب سے مقدم قرآن کریم ماننا چاہیے۔اس کے خلاف جس قدر باتیں ہوں ان کی طرف التفات یا عمل جائز نہیں۔ پھر حدیث نبوی پر عمل ضروری ہے' اگر اس کے خلاف کوئی تاریخ وسیر ہو تو متروک العمل قرار پاتی ہے۔اس کے بعد جو تاریخ اور قصائص ایسے ہیں جن کو قرآن و حدیث کے مقابلہ میں ماننے سے نقص اخبار قرآنی اور فرمان حبیب رحمانی لازم نہ آئے تو ان کو مانا جاتا ہے''۔

(اوراق غم ص ۲۹۲)

صحابی کی تعریف

امام المحدثین حضرت امام بخاری ﷫ رقم طراز ہیں:

''مَنْ صَحِبَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوْرَاٰہُ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ فَھُوَ مِنْ اَصْحَابِہٖ''۔

(صحیح بخاری ج ا ص ۵۱۵ باب فضائل اصحاب النبی ﷺ)

ترجمہ: جس مسلمان نے حضور نبی اکرم ﷺ کی صحبت اختیار کی یا آپ کو دیکھا تو وہ آپ کا صحابی ہے۔

اور حافظ الحدیث علامہ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ھُوَ مَنْ لَقِیَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ مُؤْمِنًا بِہٖ وَمَاتَ عَلَی الْاِسْلَامِ الخ'' (شرح نخبۃ الفکر مترجم ص ۱۷۰)

ترجمہ: (صحابی) وہ ہوتا ہے کہ جس نے حضور نبی اکرم ﷺ سے حالت ایمان میں ملاقات کی ہو اور اسلام پر ہی اس کی وفات ہوئی ہو۔

marfat.com

اور مفسر قرآن جناب مفتی احمد یار خان نعیمی بدایونی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''صحابی وہ خوش نصیب مومن ہیں جنہوں نے ایمان و ہوش کی حالت میں حضور سید عالم ﷺ کو ایک نظر دیکھا یا انہیں حضور کی صحبت نصیب ہوئی پھران کو ایمان پر خاتمہ بھی نصیب ہوا''۔ (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر ص ۱۰)

اسی طرح مفسر قرآن مولانا محمد نبی بخش حلوائی کہتے ہیں:

''صحابی وہ عظیم شخصیت ہے جس نے دولت ایمان حاصل کی اور حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر شرف زیارت حاصل کیا پھر آخر تک اس ایمان وایقان پر قائم رہا''۔ (الناہیۃ الحامیہ لمن ذم المعاویہ ص ۲۷)

الحمد للہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ''صحابی کی تعریف'' ہر لحاظ سے صادق آتی ہے اور یقیناً آپ جناب رسول اللہ ﷺ کے جلیل القدر صحابی ہیں' لہٰذا قرآن وحدیث نے صحابیت کے جس قدر فضائل بیان فرمائے ہیں' وہ سب کے سب آپ کو حاصل ہیں۔ قرآن وحدیث میں وارد ہونے والے کل فضائل کا مکمل احاطہ تو ممکن نہیں لہٰذا ہم ان میں سے بعض فضائل پر کچھ روشنی ڈالتے ہیں' ذوق وشوق سے ملاحظہ فرمایئے' انشاء اللہ ایمان تازہ ہو جائے گا۔

صفات صحابہ اللہ کا قرآن بیان کرتا ہے

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں اپنے حبیب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی صفات بیان فرماتا ہے۔ دیکھئے:

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚۖ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ

marfat.com

فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا۔ (الفتح۔۲۹)

ترجمہ: محمد اللہ کے رسول ہیں اوران کے ساتھ والے کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل تو انہیں دیکھے گا رکوع کرتے سجدے میں گرتے اللہ کا فضل ورضا چاہتے۔ان کی علامت ان کے چہروں میں ہے سجدوں کے نشان سے یہ ان کی صفت توریت میں ہے اور ان کی صفت انجیل میں جیسے ایک کھیتی اس نے اپنا پٹھا نکالا پھر اسے طاقت دی پھر دبیز ہوئی پھر اپنی ساق پر سیدھی کھڑی ہوئی کسانوں کو بھلی لگتی ہے تا کہ ان سے کافروں کے دل جلیں۔اللہ نے وعدہ کیا ان سے جو ان میں ایمان اور اچھے کاموں والے ہیں بخشش اور بڑے ثواب کا۔ (کنزالایمان)

محدث جلیل امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"یہ آیت جن عظیم مطالب پر مشتمل ہے ذرا ان پر غور کیجئے۔ "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ" یہ جملہ مشہود بہ کو واضح کرنے والا ہے جسے اللہ تعالیٰ کے اس قول میں بیان کیا گیا ہے۔هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا" اس قول میں رسول کریم ﷺ کی بہت تعریف کی گئی ہے پھر آپ کے اصحاب کی تعریف اس قول الٰہی میں ہے کہ: "وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ" جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اذلة على المؤمنين اعزه على الكافرين يجاهدون فى سبيل الله ولا يخافون لومة لائم ذالك فضل الله يوتيه من يشآء والله واسع عليم"۔

marfat.com

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان کی شدت اور سختی کفار کیلئے ہے اور ان کی نرمی، نیکی، مہربانی اور عاجزی مومنین کیلئے ہے' پھر ان کی تعریف میں فرمایا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل ورحمت اور اس کی رضامندی کے حصول کیلئے اخلاص اور بڑی امید کے ساتھ بکثرت اعمال بجالاتے ہیں اور ان کے اعمال صالحہ کے اخلاص کے آثار ان کے چہروں پر نمایاں ہیں یہاں تک کہ جس شخص نے ان کی طرف دیکھا ان کے حسن کی علامات ہدایت نے اسے حیران کردیا۔ حضرت امام مالک ؒ فرماتے ہیں:

مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ جب عیسائیوں نے شام کے فتح کرنے والے صحابہ کو دیکھا تو انہوں نے کہا خدا کی قسم! حواریوں کے متعلق جو باتیں ہمیں پہنچی ہیں یہ ان سے بہتر ہیں' اور ان کی یہ بات بالکل سچ ہے کیونکہ اس امت محمدیہ اور خصوصاً صحابہ کرام کا ذکر کتب میں بڑی عظمت کے ساتھ کیا گیا ہے۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں فرمایا: "ذالك مثلهم فى التورا ة ومثلهم فى الانجيل" یعنی ان کے اوصاف کا ذکر تورات میں ہے اور انجیل میں' ان کا ذکر اس طرح ہے کہ جیسے کھیتی اپنا گابھا نکالتی ہے پھر اسے مضبوط بناتی ہے پھر وہ موٹا ہو کر جوان ہو جاتا ہے اور بونے والے کو اپنی شدت وقوت اور حسن منظر سے تعجب میں ڈال دیتا ہے۔ اسی طرح رسول کریم ﷺ کے اصحاب ہیں انہوں نے رسول کریم ﷺ کو تقویت دی۔ تائید کی اور ان کی مدد کی اور جس طرح گابھا کھیتی کے ساتھ ہوتا ہے اسی طرح صحابہ کرام آپ کے ساتھ رہے تاکہ کفار ان کو دیکھ دیکھ کر غیظ وغضب میں آئیں۔

اس آیت سے امام مالک نے روافض کے کفر کا مفہوم اخذ کیا ہے جو آپ کی ایک روایت میں بیان ہوا ہے کیونکہ یہ لوگ صحابہ سے بغض

marfat.com

رکھتے ہیں (حضرت امام مالک) فرماتے ہیں کیونکہ صحابہ ان لوگوں کو غصہ دلاتے ہیں اور جسے صحابہ غصہ دلائیں وہ کافر ہے۔ یہ ایک اچھا ماخذ ہے جس کی شہادت آیت کے ظاہری الفاظ سے ملتی ہے۔ حضرت امام شافعی نے بھی روافض کے کفر میں آپ سے اتفاق کیا ہے۔ اسی طرح ائمہ کی ایک جماعت بھی اس معاملہ میں آپ سے متفق ہے"۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص ۶۹۵-۶۹۶)

امام یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ علیہ دیگر نو (۹) آیات مقدسہ کے ساتھ اس آیۃ کریمہ کو نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"واضح رہے کہ حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی، علی المرتضیٰ، طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہم یقیناً ان آیات مقدسہ کے مصادیق میں شامل ہیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بھی ان آیات کے عموم میں داخل ہیں کیونکہ یہ صرف مرد صحابہ کرام ہی سے مختص نہیں۔ اسی طرح حضرت امیر معاویہ اور حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما بھی بلا شبہ ان اکثر آیات کے مفہوم و مصداق میں شامل ہیں جو سابقین اولین کے ساتھ خاص نہیں۔ لیکن حیرانی ہے کہ جب بادشاہ اپنی رعیت کے سامنے کسی گروہ کی مدح بیان کرے اور کمالات ظاہر کرے تو وہ رعیت قبول کرنے کی بجائے اس گروہ سے بغض وعداوت رکھے اور ان کی مذمت میں زبان کھولے گیا' ایسے طعنہ جو لوگ اس طرز عمل سے بادشاہ کی خوشنودی کے سزاوار ہوں گے یا ناراضی کے؟ بلاشبہ یہ لوگ بادشاہ کے قہر وغضب اور ناراضی کے حق دار ہوں گے اور یہ ایسی بات ہے جس میں کسی عقلمند کو قطعاً شک نہیں ہوسکتا......................

پھر قیاس کیجئے ان لوگوں کی حماقت کا جو شہنشاہِ مطلق (اللہ

marfat.com

تعالیٰ) کی اس بات میں مخالفت کرتے ہیں کہ وہ اپنے پاکباز بندوں کی تعریف فرماتا ہے انہیں پروانۂ رضا عطا کرتا ہے کیا ممکن ہے کہ (معاذ اللہ) اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہونے اور ان کی تعریف کرنے میں غلطی پر ہو؟ (ہرگز نہیں) پھر فیصلہ کیجئے کہ ان سے محبت رکھنی چاہیے یا نفرت و عداوت، جبکہ مالک ارض وسما ان سے راضی ہونے اور ان کو سزا وار لطف و کرم ٹھہرانے کا صریح اعلان فرما چکا ہے اور کیا ان اہل بغض وعداوت کو حق حاصل ہے کہ ان پاکانِ امت کی قرآنی تعریف سننے کے بعد بھی ان کی شان میں زبان درازی سے کام لیں؟..........................

اللہ تعالیٰ کا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے راضی ہونا اور ان کی مدح وثناء کرنا ابدالآباد کیلئے کلام قدیم یعنی قرآن حکیم میں ثابت ہو چکا ہے اور اللہ کے کلام کو کوئی کلام منسوخ نہیں کرسکتا۔ اس اعلان رضا کے وقت اللہ تعالیٰ سے یہ بات مخفی نہ تھی کہ صحابہ کرام سے مستقبل میں کن اعمال وافعال کا صدور ہونے والا تھا۔ اس کے باوجود اس کا ان سے راضی ہونا اور ان کے حق میں توصیفی کلمات فرمانا اس بات کی دلیل ہے کہ بارگاہ الٰہی میں ان کا بڑا مقام ہے۔ اس لئے ہم پر لازم ہے کہ اس کی رضا اور مدح وثنا میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت کریں اور اعتقاد رکھیں کہ بالفرض ان سے کوئی عملی کوتاہی صادر ہوئی ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کی وسعتِ رحمت ومغفرت میں آچکی ہے وہ اس پر گرفت نہیں فرمائے گا۔ یا ایسی کوتاہی کی تاویل کر کے اس ظاہر سے پھیر کر اس کا کوئی عمدہ محمل تلاش کرنا چاہیے۔ یہی علمائے اہلسنت[1] کا ہمیشہ سے وتیرہ رہا ہے اور اس کی تائید نبی اکرم ﷺ کے اس ارشاد گرامی سے بھی ہوتی ہے۔ آپ ﷺ نے اہلِ

---

[1] جیسا کہ ہم پچھلے صفحات میں امام نووی اور دیگر علماء سے نقل کر چکے ہیں۔

marfat.com

بدر کے حق میں فرمایا:

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللّٰهَ وَاطَّلَعَ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ لَهُمْ افْعَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ۔

ترجمہ: تمہیں کیا پتہ کہ اللہ تعالیٰ نے اہل بدر پر خصوصی نگاہ کرم فرمائی اور ان سے ارشاد فرمایا اے اہلِ بدر! تم جو چاہو کرو میں تمہیں بخش چکا ہوں۔

یہ بات ثابت و محقق ہے کہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ بدری صحابہ ہیں اور یہ وہی لوگ ہیں جن سے اہل رفض کو عداوت ہے۔

ایسے ہی فضائل حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ (آپ بھی اہلِ بدر میں شامل ہیں) کے ہیں' مثلاً انہوں نے غزوۂ تبوک کے موقع پر جیشِ عسرت کی تیاری میں سات سو (۷۰۰) اونٹ مع سامان و پالان دیئے اور ایک ہزار دینار بارگاہِ رسالت میں پیش کئے تو نبی اکرم ﷺ نے خوشی سے ان دیناروں کو اچھال کر فرمایا:

"غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا عُثْمَانُ"۔

ترجمہ: عثمان! اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت فرما چکا ہے۔

پھر فرمایا:

آج کے بعد عثمان سے جو عمل بھی صادر ہوگا اس سے انہیں کوئی ضرر نہیں پہنچے گا، یعنی اللہ تعالیٰ اس پر گرفت نہیں فرمائے گا۔........

دوسری طرف اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم اور انعام و احسان کی بے کرانیوں کا تصور کیجئے جس کی حقیقت کا اظہار زبان و قلم سے ممکن نہیں۔ اس نے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم سے راضی ہونے کا ذکر بڑی صراحت سے فرمایا ہے اور ان کے حسن عمل کو سراہا ہے کہ انہوں نے دین

marfat.com

حق کی حمایت وخدمت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت ونصرت میں کوئی کوتاہی نہیں کی اور جانثاری اور سرفروشی کا حق ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کے اوصاف جمیلہ کا ذکر جن کی وجہ سے وہ لائق تحسین ہیں، ان الفاظ سے شروع فرمایا۔

"اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ"

یعنی وہ کافروں پر سخت اور آپس میں بڑے رحیم ہیں۔

(کمالات اصحاب رسول ﷺ ص ۱۰۵ تا ۱۰۹ اُردو ترجمہ الاسالیب البدیعہ فی فضل صحابہ و اقناع الشیعہ)

ایمانِ صحابہ ایمان کی کسوٹی ہے

اللہ رب العزت قرآن کریم میں ایمانِ صحابہ کو ایمان و ہدایت کی کسوٹی قرار دیتے ہوئے فرماتا ہے۔ اگر دیگر لوگ انہیں کی طرح ایمان لائیں تو وہ بھی ہدایت پا جائیں۔ فرمایا:

۱) فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا۔ (البقرہ۔۱۳۷)

ترجمہ: پھر اگر وہ بھی یوں ہی ایمان لاتے جیسا (اے صحابہ!) تم لائے جب تو وہ ہدایت پا گئے۔

اس آیہ مقدسہ کے تحت مفتی احمد یار خان نعیمی فرماتے ہیں:

"اس سے معلوم ہوا کہ مومن وہ ہے جس کا ایمان صحابہ کرام (کے ایمان) کی طرح ہو جوان کے خلاف ہو وہ کافر ہے وہ حضرات ایمان کی کسوٹی ہیں"۔ (نور العرفان)

۲) وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ؕ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ۔ (البقرہ۔۱۳)

ترجمہ: اور جب ان (منافقوں) سے کہا جائے ایمان لاؤ جیسے اور لوگ (یعنی صحابہ) ایمان لائے ہیں تو کہیں کیا ہم احمقوں کی طرح ایمان لے

marfat.com

آئیں۔ سنتا ہے وہ احمق ہیں مگر جانتے نہیں۔ (کنز الایمان)

مفسر قرآن مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہٗ اس آیہ کریمہ کے تحت فرماتے ہیں:

"معلوم ہوا کہ ایمان وہی (مقبول) ہے جو صحابہ کی طرح ہو۔ صحابہ ایمان کی کسوٹی ہیں جس کا ایمان ان (کے ایمان) کی طرح نہیں وہ بے ایمان ہے"۔ (نور العرفان)

صحابہ ﷺ ہدایت کے تارے ہیں

جناب رسول خدا حبیب کبریا علیہ التحیۃ والثناء نے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ہدایت کے تارے فرمایا۔ حدیث پاک ملاحظہ ہو:

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ سَأَلْتُ رَبِّیْ عَنِ اخْتِلَافِ اَصْحَابِیْ مِنْ بَعْدِیْ فَاَوْحٰی اِلَیَّ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ اَصْحَابَکَ عِنْدِیْ بِمَنْزِلَۃِ النُّجُوْمِ فِی السَّمَآءِ بَعْضُھَا اَقْوٰی مِنْ بَعْضٍ وَّلِکُلٍّ نُوْرٌ فَمَنْ اَخَذَ بِشَیْءٍ مِّمَّا ھُمْ عَلَیْہِ مِنِ اخْتِلَافِھِمْ فَھُوَ عِنْدِیْ عَلٰی ھُدًی قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَصْحَابِیْ کَالنُّجُوْمِ فَبِاَیِّھِمُ اقْتَدَیْتُمُ اھْتَدَیْتُمْ۔ (مشکوۃ باب مناقب الصحابۃ)

ترجمہ: روایت ہے حضرت عمر بن خطاب ﷺ سے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ میں نے اپنے رب سے اپنے صحابہ کے اختلاف کے متعلق سوال کیا جو میرے بعد ہوگا۔ تو مجھے وحی فرمائی کہ اے محمد (ﷺ) تمہارے صحابہ میرے نزدیک آسمان کے تاروں کی طرح ہیں کہ ان کے بعض، بعض سے قوی ہیں اور سب میں نور ہے تو جس نے ان کے اختلاف میں سے کچھ حصہ لیا جس پر وہ ہیں تو وہ میرے نزدیک

marfat.com

ہدایت پر ہے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے صحابہ تاروں کی طرح ہیں تم ان میں سے جس کی پیروی کرو گے ہدایت پاؤ گے''۔

صحابہ﷢ متقی اور عادل ہیں

تمام عبادات کا حاصل تقویٰ اور عدالت ہے۔ اسی سے بندہ کو اللہ تعالیٰ کے نزدیک عزت و کرامت اور ولایت حاصل ہوتی ہے اور تقویٰ کسی دعوے اور مظاہرے کا مرہون منت نہیں بلکہ تقویٰ شعار وہ ہوتا ہے جسے اللہ تعالیٰ متقی فرمائے جبکہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب مکرم ﷺ کے صحابہ کو متقی فرما رہا ہے۔

ا) وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا۔(الفتح۔۲۶)

ترجمہ: اور پرہیزگاری کا کلمہ ان (صحابہ) پر لازم فرمایا اور وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اس کے اہل تھے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔ (کنزالایمان)

مفسر قرآن جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اس آیہ مقدسہ کے تحت فرماتے ہیں۔

''یہ کلمہ تقویٰ یعنی ایمان واخلاص ان (صحابہ) سے جدا ہو سکتا ہی نہیں۔ اس (آیت) میں ان سب کے حسن خاتمہ کی یقینی خبر ہے کہ ان صحابہ کرام سے دنیا میں، وفات کے وقت، قبر میں اور حشر میں تقویٰ جدا نہ ہو سکے گا۔ ''اَحَقَّ'' اسم تفضیل ہے..... یعنی یہ صحابہ تمام نبیوں کے صحابہ سے یا تمام مسلمانوں سے یا تمام فرشتوں سے بڑھ کر کلمہ تقویٰ کے حقدار ہیں (اور اَهْلَهَا کے تحت فرماتے ہیں) کیونکہ رب تعالیٰ نے ان بزرگوں کو اپنے محبوب کی صحبت، قرآن کریم کی خدمت اور دین کی حفاظت کیلئے چنا ہے اگر ان میں کچھ بھی نقصان ہوتا تو اس پاکوں کے سردار محبوب (ﷺ) کی ہمراہی

marfat.com

کیلئے ان کا چناؤ نہ ہوتا۔ موتی ہر ڈبہ میں نہیں رکھا جاتا۔ اس کیلئے خاص قیمتی ڈبہ ہوتا ہے۔ خیال رہے کہ یہاں کلمہ تقویٰ سے مراد یا کلمہ طیبہ ہے یا وفاداری یا ہر قسم کی ظاہری و باطنی پرہیزگاری "وھو الظاھر" رب تعالیٰ جسکے ساتھ پرہیزگاری لازم کردے اسے جدا کرنے والا کون"۔ (نور العرفان)

"کوئی صحابی فاسق یا فاجر نہیں سارے صحابہ متقی پرہیزگار ہیں یعنی اولاً تو ان سے گناہ سرزد نہیں ہوتے اور اگر سرزد ہو جائیں تو رب تعالیٰ انہیں توبہ کی توفیق عطا فرماتا ہے اور وہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کرتے ہیں یا رسول اللہ! مجھے پاک فرمادیں۔ صحابیت اور فسق جمع نہیں ہو سکتے۔ جیسے اندھیرا اور اجالا جمع نہیں ہو سکتے۔ جس طرح سارے نبی گناہ سے معصوم ہیں ایسے ہی سارے صحابہ فسق سے مامون و محفوظ ہیں کیونکہ قرآن کریم نے ان سب کے عادل متقی پرہیزگار ہونے کی گواہی دی اور ان سے وعدہ فرمایا مغفرت و جنت کا"۔

آگے یہی آیت اور چند دیگر آیات نقل کرنے کے بعد فرمایا "یہ صفات فاسقوں کے نہیں ہو سکتے۔ بہر حال سارے نبی علیہم السلام معصوم اور سارے صحابہ فسق سے محفوظ ہیں۔

تاریخی واقعات ۹۵ فیصد[1] غلط اور بکواس ہیں۔ تاریخ اپنے مصنف کی آئینہ دار ہوتی ہے ان میں روافض اور خوارج کی آمیزشیں بہت زیادہ ہیں۔ جو تاریخی واقعہ کسی صحابی کا فسق ثابت کرے وہ مردود ہے کیونکہ قرآن انہیں عادل متقی فرما رہا ہے۔ قرآن سچا ہے اور تاریخ جھوٹی۔ مورخ یا محدث یا راوی کی غلطی مان لینا آسان ہے مگر صحابی کا

---

[1] اسی طرح مودودی صاحب اسلامی تاریخ کا ۹۰ فیصد بلکہ اس سے بھی زیادہ حصہ دریا برد کر دینے کے لائق قرار دیتے ہیں۔ (خلافت و ملوکیت ص ۱۰۷ حاشیہ)

marfat.com

فسق ماننا مشکل ہے کیونکہ اُسے فاسق ماننے سے قرآن کی تکذیب لازم آئے گی"۔ (امیر معاویہ ﷛ پر ایک نظر صفحہ ۱۳ تا ۱۵)

صاحب تفسیر ضیاء القرآن حضرت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ اس آیت کے تحت اپنی عالمانہ تحقیق کے بعد فرماتے ہیں۔

"صحابہ کرام پر یہ نوازشات کسی ایسی ہستی نے نہیں فرمائیں، جو ظاہر کو تو جانتی ہو باطن سے بے خبر ہو، زبان پر آنے والے کلمات کو تو سن لے لیکن نہاں خانہ دل میں جذبات و احساسات کی زبان سے نا آشنا ہو۔ حال میں وقوع پذیر ہونے والے واقعات اور رونما ہونے والے حادثات کو تو وہ جانتا ہو لیکن مستقبل میں کیا ہوگا۔ کوئی کل کیا کرے گا اس کا اُسے پتہ نہ ہو۔ یوں اپنی آگاہی کی خامی اور علم کی ناتمامی کے باعث اس نے صحابہ کرام کی وقتی قربانیوں اور ظاہری وفاداریوں اور زبانی دعوؤں سے متاثر ہو کر انہیں شاندار القابات اور ان بشارات سے نوازدیا ہو اور اس کے بعد ان لوگوں نے ایسی حرکتیں کی ہوں اور ایسے جرائم کا ارتکاب کیا ہو کہ ان القابات و بشارات کے مستحق نہ رہے ہوں اور انہیں ان سعادتوں سے بعد میں محروم کر دیا گیا ہو۔ اس قسم کی ابلیسی تلبیسات اور شیطانی وساوس کا بھی اس آخری جملہ (وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا) سے خاتمہ کر دیا۔ فرمایا اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جانتا ہے۔ کسی شخص کا باطن، کسی سے آئندہ زمانے میں کیسے افعال سرزد ہوں گے اور مرنے سے پہلے کیا کیا حرکتیں کرے گا مخفی نہیں اور سب کچھ جاننے والے نے اپنے حبیب لبیب ﷺ کے وفا شعار صحابہ کو ان انعامات، احسانات اور نوازشات سے سرفراز فرمایا ہے"۔ (ضیاء القرآن جلد ۴ ص ۵۶۳-۵۶۴)

دیوبندیوں کے حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کہتے ہیں۔

marfat.com

''حق تعالیٰ شانہ کا بہت ہی بڑا فضل واحسان امت محمدیہ کے حال پر ہے کہ ہمارے سلف پر صحابہ کی فضیلت کو پوری طرح منکشف کردیا کہ سب نے اس پر اجماع واتفاق کرلیا کہ "الصحابة كلهم عدول وافضل الخلق بعد الانبياء اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم" یعنی صحابہ سب کے سب معتبر اور ثقہ ہیں اوران میں کوئی شخص بھی غیر معتبر نہیں اور تمام مخلوق میں بعد انبیاء علیہم السلام کے سب سے زیادہ افضل صحابہ ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس مسئلہ کا انکشاف ہمارے حق میں بہت ہی بڑی رحمت ہے۔

اور وہ رحمت یہ ہے کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعی حق تعالیٰ شانہ کو اس دین کی حفاظت ہی منظور ہے۔ اگر حضرات صحابہ کے متعلق ہمارا یہ اعتقاد نہ ہوتا بلکہ خدانخواستہ ان کے غیر معتبر ہونے کا یا ان کی نسبت خیانت کرنے کا کچھ بھی شبہ ہوتا تو شریعت کا سارا نظام درہم برہم ہوجاتا۔ قرآن وحدیث کی بابت طرح طرح کے خیالات وشبہات پیدا ہوتے اور کسی طرح دل کو اطمینان نصیب نہ ہوتا اور صحابہ کی نسبت حضرات سلف صالحین کا یہ اجماع محض حسن اعتقاد ہی کی بنا پر نہیں بلکہ خود ان کے احوال واعمال سے ان کی دیانت اور راست بازی وپرہیزگاری ایسی کھلی ہوئی نظر آتی ہے کہ موافق تو موافق مخالف تک اس کا اقرار کئے ہوئے ہیں جس پر تاریخ شاہد ہے۔ جس کے بعد اس قول میں کچھ بھی شبہ کی گنجائش نہیں رہتی کہ "الصحابة كلهم عدول"

(مفاسد گناہ۔ مواعظ اشرفیہ ج ۱۸ص ۲۲۹)

اور سنیئے اللہ تعالیٰ دوسرے مقام پر فرماتا ہے:

۲) إِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

marfat.com

امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی، لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ۔ (الحجرات ۳)

ترجمہ: بیشک وہ جو اپنی آوازیں پست کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے پاس وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیز گاری کیلئے پرکھ لیا ہے ان کیلئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔ (کنزالایمان)

''معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کے دل رب نے تقویٰ کیلئے پرکھ لئے ہیں جو انہیں فاسق مانے وہ اس آیت کا منکر ہے''۔ (نورالعرفان)

گویا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم متقی ہیں انہیں فسق سے بری جاننا اور ان کی عدالت کا اعتقاد رکھنا یعنی تمام صحابہ کو عدول ماننا ضروری ہے۔ حضور نبی اکرم رسول معظم ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم وہ قدسی صفات لوگ ہیں جن کے ایمان واخلاص' صدق وصفاء دیانت وامانت اور تقویٰ وطہارت کی گواہی' قرآن وحدیث دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جن کی شان میں ''كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ، يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اُوْلٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ اور هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا'' ایسی آیات قرآنی نازل فرما کر ان کی سچائی اور خوبیاں بیان کرتا ہے۔ ان کی عدالت میں کون شک کرسکتا ہے۔ پس ''اَلصَّحَابَةُ كُلُّهُمْ عُدُوْلٌ'' کا اعتقاد قرآن وحدیث سے ماخوذ ہے اور الحمد للہ اہلسنت کا اس پر اتفاق ہے۔ حضرت علامہ قاضی محمد ثناء اللہ مجددی مظہری رحمۃ اللہ علیہ کی تفسیر مظہری سے منقول ہے۔

''اصحاب رسول تمام کے تمام عادل اور منصف تھے اگر کسی سے کوئی غلطی ہوئی بھی تھی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف کردیا تھا وہ خاطی اور عاصی نہ رہے تھے وہ تائب اور مغفور تھے۔ نصوص قرآنی اور متواتر احادیث ان کی عظمت کے گواہ ہیں''۔ (النار الحامیہ لمن ذم المعاویہ ﷺ ص ۹۳)

حضرت امام یوسف بن اسماعیل نبہانی علامہ سعد الدین تفتازانی سے نقل فرماتے ہیں۔

marfat.com

"اہل حق کا اتفاق ہے کہ ان تمام امور میں حضرت علی ﷺ حق پر تھے اور تحقیق یہ ہے کہ تمام صحابہ عادل ہیں اور تمام جنگیں اور اختلافات تاویل پرمبنی ہیں ان کے سبب کوئی عدالت سے خارج نہیں کیونکہ وہ مجتہد ہیں"۔

(برکات آل رسول ﷺ اردو ترجمہ الشرف المؤبد ص ۲۸۱۔۲۸۲)

حضرت امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے فرمایا:

"حضور ﷺ کے تمام صحابہ کرام کے متعلق ان کی گستاخی سے اپنی زبان ہمیشہ بند رکھنی چاہیے اس وجہ سے جو کہ ان کے درمیان کچھ اختلاف واقع ہوا ہے اور اس بات پر ایمان رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اجتہادی خطاؤں پر بھی انہیں ضرور ثواب عطا فرمائے گا۔ اس بات پر اہلسنت کا مکمل اتفاق ہے چاہے ان میں سے کوئی صحابی تنازعات میں شامل ہوا ہو یا نہ ہوا ہو کیونکہ وہ سب ہی عادل وثقہ تھے"۔ (کُلُّهُمْ عُدُوْلٌ) (مناقب سیدنا امیر معاویہ ﷺ ص ۲۷، بحوالہ شواھد الحق ص ۴۷۸)

محقق ابن ہمام حنفی اور علامہ ابو شریف شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی "مسایرہ" اور اس کی شرح "مسامرہ" سے منقول ہے فرمایا:

"اہلسنت وجماعت کا عقیدہ تمام صحابہ (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین) کے وجوب تزکیہ کا ہے کہ سب کی عدالت مان لی جائے اور ان میں طعن کرنے سے روکا جائے اور ان کی ایسی ثناء وصفت کی جائے جیسی کہ اللہ تعالیٰ نے کی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "جتنی امتیں لوگوں کیلئے بنائی گئی ہیں ان میں تم سب سے بہتر ہو"۔ اور فرماتا ہے: "ہم نے تم کو متوسط بنایا ہے تاکہ تم لوگوں پر گواہ ہو"۔ (فضائل حضرت امیر معاویہ ﷺ ص ۲۳)

حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی جناب شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

marfat.com

''قرآن وحدیث کے احکام شرعیہ جو ہم تک پہنچے ہیں صحابہ کرام کی نقل وروایت اور واسطہ سے پہنچے ہیں۔ جب صحابہ کرام مطعون ہوں گے تو ان کی نقل وروایت بھی مطعون متصور ہوگی اور احکام شرعیہ کی نقل وروایت چند صحابہ کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ تمام صحابہ کرام عدالت، صدق اور تبلیغ دین میں برابر ہیں۔ پس کسی ایک صحابی میں طعن و عیب دین میں طعن وعیب تسلیم کرنے کو مستلزم ہے۔ والعیاذ باللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ ......اصول میں تمام صحابہ کرام کی متابعت ضروری ہے اور ان کا آپس میں اصول کے اندر کوئی اختلاف نہ تھا۔ ان کا آپس کا اختلاف صرف فروع سے تعلق رکھتا تھا اور وہ شخص جو بعض صحابہ میں عیب نکالتا ہے سب کی متابعت سے محروم ہے بلاشبہ تمام صحابہ کرام اصول میں باہم بالکل متفق تھے ...شریعت حقہ کے مبلغ تمام صحابہ کرام ہیں جیسا کہ مذکور ہوا۔ کیونکہ تمام صحابہ عدول ہیں۔(اَلصَّحَابَۃُ کُلُّھُمْ عُدُوْلٌ) ہر ایک کی نقل وروایت کے ذریعے شریعت کا کچھ نہ کچھ حصہ ہم تک پہنچا ہے''۔(مکتوبات دفتر اوّل حصہ دوم مکتوب نمبر ۸۰)

شارح صحیح مسلم شیخ الاسلام امام یحییٰ بن شرف نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حضرت علی کی خلافت بالا جماع صحیح ہے اور اپنے وقت میں وہی خلیفہ تھے ان کے علاوہ کسی کی خلافت نہیں تھی۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ عادل فضلاء صحابہ نجباً میں سے ہیں۔ ان میں جو جنگیں ہوئیں ان میں ہر فریق کو کوئی شبہ لاحق تھا اور ہر فریق کا اعتقاد یہ تھا کہ وہ صحت اور ثواب پر ہے اور تمام صحابہ نیک اور عادل ہیں (کُلُّھُمْ عُدُوْلٌ'') جنگ اور دوسرے نزاعی معاملات میں ہر فریق کی ایک تاویل تھی اور اس میں اختلاف کی وجہ سے کوئی صحابی عدالت اور نیکی سے خارج نہیں ہوتا''۔

marfat.com

(نووی شرح مسلم ج ۲، ص ۲۷۲ باب فضائل الصحابۃ رضی اللہ عنہم)

محدث جلیل امام احمد ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"اہلسنت و جماعت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تمام مسلمانوں پر واجب ہے کہ وہ سب صحابہ کرام کو عادل قرار دے کر انہیں پاک قرار دیں اور ان پر طعنہ زنی نہ کریں اور ان کی ثناء کریں۔ اللہ تعالیٰ نے بھی اپنی کتاب کی آیات میں ان کی تعریف فرمائی ہے۔ جن میں سے ایک آیت یہ ہے: "کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" پس اللہ تعالیٰ نے دیگر امتوں پر ان کی بھلائی کو ثابت فرمایا ہے۔؛ اور کوئی چیز اس الٰہی شہادت کی ہم پلہ نہیں ہو سکتی کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی حقیقت اور ان کی خوبیوں کو سب سے بہتر جاننے والا ہے۔ بلکہ ان امور کا علم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں ہو سکتا پس جب خدا تعالیٰ نے گواہی دے دی کہ وہ خیر الامم ہیں تو ہر ایک پر واجب ہے کہ وہ یہی ایمان و اعتقاد رکھے۔ اگر کوئی شخص یہ ایمان و اعتقاد نہیں رکھتا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی خبروں کی تکذیب کرتا ہے۔ بلاشبہ وہ شخص جو اس چیز کی حقیقت میں جس کے بارے میں اللہ خبر دے چکا ہے شک کرتا ہے وہ مسلمانوں کے اجماع سے کافر ہے۔ اللہ تعالیٰ ایک اور آیت میں فرماتا ہے:

کَذٰلِکَ جَعَلْنٰکُمْ اُمَّۃً وَّسَطًا لِّتَکُوْنُوْا شُھَدَآءَ عَلَی النَّاسِ۔

ترجمہ: اسی طرح ہم نے تمہیں بہترین امت بنایا ہے تا کہ تم لوگوں پر گواہ ہو۔

حقیقتاً اس سے پہلی آیت اور اس میں صحابہ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی زبان سے بالمشافہ خطاب کیا گیا ہے۔ قدرت الٰہی پر غور کرو اللہ تعالیٰ نے ان کو عادل اور نیک بنایا ہے تا کہ یہ قیامت کے روز بقیہ امتوں پر گواہ ہوں...... قرآن کریم پر ایمان لانے سے یہ بات لازم آتی

ہے کہ جو کچھ اس میں بیان ہوا ہے اس پر ایمان لایا جائے اور آپ کو یہ علم ہو چکا ہے کہ قرآن کریم میں صحابہ کو خیر الامم، عادل اور نیک قرار دیا گیا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ ان کو رسوا نہیں کرے گا اور وہ ان سے راضی ہے۔ اب جو شخص ان کے متعلق ان باتوں کی تصدیق نہ کرے وہ قرآن کریم کے بیان کا مکذب (جھٹلانے والا) ہے اور جو قرآن پاک کے بیان کی ایسی تکذیب کرے جس کی کوئی تاویل نہ کر سکے وہ کافر، منکر، ملحد اور دین سے خارج ہے"۔............................

ابو زرعہ الرازی جو اپنے زمانے کے امام اور مسلم کے اجل شیوخ میں سے ہیں کہتے ہیں کہ جب تو کسی شخص کو اصحاب رسول ﷺ میں سے کسی کی تنقیص کرتے دیکھے تو سمجھ لے کہ وہ شخص زندیق ہے۔ اس لئے کہ حدیث رسول کریم ﷺ قرآن پاک اور جو کچھ اس میں بیان ہوا ہے سب برحق ہے اور یہ سب صحابہ کرام ہی کے ذریعہ ہم تک پہنچا ہے۔ پس جو شخص صحابہ پر جرح کرتا ہے وہ کتاب وسنت کو باطل قرار دیتا ہے اور ایسے شخص پر جرح کرنا اور اس پر ضلالت، زندیقیت اور کذب وفساد کا حکم لگانا زیادہ مناسب اور درست ہے"۔ (الصواعق المحرقہ اردو ص ۶۹۱، ۶۹۳، ۶۹۸)

یاد رہے کہ صحابہ کرام کا فسق و فجور سے بری اور عدالت سے موصوف ہونا عقائد کا مسئلہ ہے جو فروعی نہیں بلکہ اصولی ہے اور محدثین کا دستور ہے کہ وہ فاسق و فاجر کی روایت کو صحیح نہیں مانتے۔ اگر معاذ اللہ کسی صحابی مثلاً حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو فاسق قرار دیا جائے تو نہ صرف یہ کہ "اَلصَّحَابَةُ كُلُّهُمْ عُدُوْلٌ" کا عقیدہ سلامت نہیں رہے گا بلکہ ان کی روایت کردہ ۱۶۳ احادیث بھی مجروح ہو جائیں گی۔ اور صحیح یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ صفت عدالت سے متصف تھے۔ اُن پر اہلسنّت کے کسی فرد نے آج تک فسق کا الزام نہیں لگایا۔

marfat.com

حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"بروایت معتدہ بہ امر ثابت ہو گیا ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت معاویہ ؓ کو اپنا منشی اور کاتب وحی بنایا تھا اور آپ اسی کو کاتب بناتے تھے جو ذی عدالت اور امانت دار ہو"۔ (ازالۃ الخفا اردو اول ص ۳۴۴۔۳۴۵)

بلکہ آپ ہی پر کیا موقوف محدثین نے تمام صحابہ کو جرح سے بلند سمجھا ہے اور کسی بھی صحابی پر کبھی کوئی تنقید نہیں کی۔ اور جس صحابی سے جو روایت ملی اسے حق جان کر قبول کر لیا اور یہ گویا ان کی عدالت کو تسلیم کرنے کے مترادف ہے اور قرآن وحدیث کی تصریحات عدالت صحابہ پر ایسے گواہ ہیں کہ منکر کا اپنا ایمان ہی برباد ہو جاتا ہے۔

اب وہ لوگ جو قرآن وحدیث پر پختہ ایمان رکھتے ہیں اور خدا اور روز جزا کو دل سے مانتے ہیں ذرا انصاف سے فرمائیں کہ جن خوش نصیب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے تقویٰ کی گواہی خود خدا تعالیٰ قرآن کریم میں اسم تفضیل "احق" کے ساتھ دے ان کے اعلیٰ درجہ کے تقویٰ اور عدالت کا کوئی کیونکر انکار کر سکتا ہے؟ کوئی مسلمان تو ایسی جرأت ہرگز نہیں کر سکتا۔ اگر کوئی صحابہ کرام کے تقویٰ اور ان کی عدالت کا انکار کرے انہیں حجت شرعی کا مخالف گردانتے ہوئے غیر آئینی طرز عمل کا مرتکب قرار دے تو کیا یہ قرآن وحدیث کی مخالفت اور انکار نہیں؟ ایسے شخص کے اسلام وایمان کا کیا بنے گا۔ جیسا کہ بانی جماعت اسلامی مولانا مودودی نے ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ، حضرت زبیر، حضرت طلحہ اور حضرت امیر معاویہ ؓ کو غیر آئینی (غیر شرعی) طرز عمل کا مرتکب قرار دیا ہے استغفر اللہ۔ دیکھئے مودودی صاحب کہتے ہیں:

"حضرت عثمان کے خون کا مطالبہ، جسے لے کر دو طرف سے دو فریق اٹھ کھڑے ہوئے۔ ایک طرف حضرت عائشہ اور حضرت طلحہ وزبیر (ؓ) اور دوسری طرف معاویہ (ؓ)۔ ان دونوں فریقوں کے مرتبہ و مقام اور جلالت قدر کا احترام ملحوظ رکھتے ہوئے بھی یہ کہے بغیر چارہ نہیں

marfat.com

کہ دونوں کی پوزیشن آئینی حیثیت سے کسی طرح درست نہیں مانی جاسکتی''۔ (خلافت وملوکیت ص۱۲۴)

''اس سے بدر جہازیادہ غیر آئینی طرزِ عمل دوسرے فریق یعنی حضرت امیر معاویہ ﷺ کا تھا جو معاویہ بن ابی سفیان کی حیثیت سے نہیں بلکہ شام کے گورنر کی حیثیت سے خون عثمان کا بدلہ لینے کیلئے اٹھے''۔

(خلافت وملوکیت ص۱۲۵)

اب فرمایئے مولانا مودودی نے اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو غیر آئینی یعنی غیر شرعی طرزِ عمل کا مرتکب قرار دے کر کیا معاذ اللہ فاسق اور حد شریعت کو توڑنے والا نافرمان نہیں کہا؟ کیا وہ خود منکر قرآن یا مخالف قرآن نہیں ہو گئے؟ افسوس! ان کی ناروا جسارت نے انہیں کہاں پہنچا دیا ہے۔ مولانا مودودی نے اپنے لئے جو راستہ اختیار کیا وہ تو اس کا انجام بھگتنے کیلئے اگلے جہان سدھار گئے ہیں۔ لیکن جو لوگ آنکھیں موند کر مودودی نظریئے کا پرچار کر رہے ہیں امید ہے وہ اپنی عاقبت کو ضرور مدنظر رکھیں گے اور تائب ہو کر قرآن کریم کی تصریحات کے مطابق جملہ صحابہ کرام کو بالعموم اور مذکورہ بالا اکابر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بالخصوص نہایت عادل، بڑے متقی اور پابند آئین شریعت مان لیں گے۔

امام یوسف بن اسماعیل نبہانی فرماتے ہیں۔

''تحقیق یہ ہے کہ تمام صحابہ عادل ہیں اور تمام جنگیں اور اختلافات تاویل پر مبنی ہیں ان کے سبب کوئی عدالت سے خارج نہیں۔ کیونکہ وہ مجتہد ہیں''۔ (برکات آل رسول ﷺ اردو ترجمہ الشرف المؤبد ص۲۸۱،۲۸۲)

اور حدیث بخاری کے مطابق بھی حضرت امیر معاویہ ﷺ فقیہہ و مجتہد ہیں ملاحظہ ہو۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس ﷺ سے پوچھا گیا آپ کی امیر

marfat.com

المومنین معاویہ کے بارے میں کیا رائے ہے جبکہ وہ وتر کی ایک ہی رکعت پڑھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا بےشک وہ فقیہہ ہیں (اِنَّهٗ فَقِيهٌ)"

(صحیح بخاری ج۱ص۵۳۱ کتاب المناقب باب ذکر معاویہ ﷜)

اور مجتہد کے اجتہاد کا ہمیشہ حق کے مطابق ہونا ضروری نہیں۔ اس میں خطا بھی ہوسکتی ہے ہاں حدیث پاک کے مطابق مجتہد کی اجتہادی خطا پر بھی ثواب ہی مرتب ہوتا ہے۔ اور جب خطائے اجتہادی پر مجتہد کو ثواب ملتا ہے تو پھر یہ عدالت کے منافی نہیں ہوسکتی بلکہ عدالت اور اجتہاد دونوں صفات ایک ذات میں جمع ہوسکتی ہیں مثلاً سیدنا فاروق اعظم حضرت عمر﷜ اور سیدنا حیدر کرار حضرت علی﷜ عادل بھی تھے اور مجتہد بھی اسی طرح جناب حضرت امیر معاویہ﷜ عادل ہونے کے ساتھ ساتھ مجتہد بھی تھے۔ لہٰذا ان کی کسی اجتہادی خطا کو جو باعث ثواب ہی ہے، غیر آئینی اور غیر شرعی قرار نہیں دیا جاسکتا۔ پس یہ کہنا کہ ان کی پوزیشن آئینی حیثیت سے یعنی شرعی طور پر درست نہیں یا انہوں نے غیر آئینی اور غیر شرعی یعنی غلط اور گناہ کا کام کیا' ایک ناروا جسارت ہے۔ مولانا مودودی صاحب نے ایسا کہہ کر خود رسول ﷺ کی مخالفت کی ہے۔ حدیث پاک جس خطا کو باعث ثواب بتاتی ہے۔ مولانا مودودی صاحب اسی کو فسق و گناہ بتاتے ہیں۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کی مخالفت کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ جہنم میں جھونک دے گا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ ۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۭ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا۔

(النسآء۔۱۱۵)

ترجمہ مودودی صاحب: جو شخص رسول کی مخالفت پر کمر بستہ ہو اور اہل ایمان کی روش کے سوا کسی اور روش پر چلے درآں حالیکہ اس پر راہ ہدایت واضح ہو چکی تو ہم اس کو اسی طرف چلائیں گے جدھر وہ خود پھر گیا اور اسے جہنم میں

marfat.com

جھونکیں گے جو بدترین جائے قرار ہے۔(تفہیم القرآن از مولانا مودودی)

پس قرآن وحدیث کے مطابق صحابہ کرام کو عادل اور متقی مان لینا ضروری ہے ورنہ یہاں دنیا میں دین وایمان اور وہاں آخرت میں جسم وجان کی خیر نہیں۔ لیکن ہدایت کی توفیق تو اللہ ہی دینے والا ہے۔

کفر اور فسق کا شائبہ تک نہیں

اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کے دلوں میں ایمان کی محبت اور برائی سے نفرت ڈال دی ہے۔لہٰذا وہاں کفر وفسق کا شائبہ تک نہیں ہو سکتا۔ارشاد خداوندی ہے:

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۚ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۔(الحجرات ۷،۸)

ترجمہ: لیکن (اے صحابہ) اللہ نے تمہیں ایمان پیارا کردیا ہے اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ کردیا اور کفر اور حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگوار کردی ایسے ہی لوگ راہ پر ہیں۔ اللہ کا فضل اور احسان اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔(کنزالایمان)

قرآن کریم کے اعلان کو غور سے دیکھئے اور ارشاد خداوندی پر یقین کر لیجئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کفر،فسق اور گناہ سے قطعی طور پر محفوظ ہیں۔فسق اور گناہ سے محفوظ ہونے سے مراد یہ ہے کہ یا تو اللہ تعالیٰ کمال کرم سے ان کی خود حفاظت فرماتا ہے اور ان سے گناہ ہونے نہیں دیتا۔یا اگر ان سے گناہ سرزد ہو جائے تو اس پر قائم نہیں رہنے دیتا اور وہ فوراً تائب ہو جاتے ہیں اور جب وہ تائب ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کو نیکیوں میں بدل دیتا ہے۔گویا انہوں نے گناہ نہیں بلکہ نیکیاں ہی کی ہیں۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

marfat.com

مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ۔ (الفرقان۔۷۰)

ترجمہ: جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھا کام کرے تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ بھلائیوں سے بدل دے گا۔ (کنز الایمان)

اور جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ۔

(ابن ماجہ باب ذکر التوبہ، مشکوٰۃ باب الاستغفار)

ترجمہ: گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے گویا اس کے ذمہ کوئی گناہ نہیں۔

حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث نقل کر کے دو نہایت دلچسپ حکایات بیان فرمائی ہیں۔ ان کا ذکر فائدہ سے خالی نہیں ملاحظہ فرمائیں نور یقین حاصل ہوگا اور ایمان تازہ ہو جائے گا۔ فرماتے ہیں:

۱) ایک آدمی جب بھی گناہ کرتا تو ایک رجسٹر میں اس کا ایک گناہ لکھ دیا جاتا۔ ایک دن اس نے گناہ کیا تو رجسٹر کھولا گیا تا کہ اس میں یہ گناہ لکھیں مگر وہاں یہ عبارت تحریر تھی۔

فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ۔ (پس یہ وہ لوگ ہیں کہ جن کے گناہوں کو بدل کر نیکیاں بنا دیا گیا)

یعنی توبہ کی برکت سے شرک کی جگہ ایمان آ گیا، زنا کی جگہ معافی اور نافرمانی کی جگہ گناہ سے حفاظت اور اطاعت مل گئی۔

۲) حضرت عمر بن خطاب ؓ ایک بار مدینہ منورہ کی ایک گلی سے گزر رہے تھے کہ ایک نوجوان سامنے آ گیا۔ اس نے کپڑوں کے نیچے ایک بوتل چھپا رکھی تھی۔ حضرت عمر ؓ نے پوچھا اے نوجوان! یہ کپڑوں کے

marfat.com

نیچے کیا اٹھا رکھا ہے' اس بوتل میں شراب تھی نوجوان نے اسے شراب کہنے میں شرمندگی محسوس کی۔ اس نے دل میں دعا کی یا اللہ! مجھے حضرت عمر ﷜ کے سامنے شرمندہ اور رسوانہ کرنا۔[1] ان کے ہاں میری پردہ پوشی فرمانا' میں آئندہ کبھی بھی شراب نہیں پیئوں گا۔ اس کے بعد نوجوان نے عرض کیا۔

''اے امیر المؤمنین! میں سرکہ (کی بوتل) اٹھائے ہوئے ہوں۔ آپ نے فرمایا: مجھے دکھاؤ! جب دکھائی اور ان کے سامنے کیا اور حضرت عمر ﷜ نے اسے دیکھا تو وہ سرکہ ہی تھا''۔

اب دیکھئے مخلوق کے ڈر سے توبہ کی تو اللہ سبحانہ تعالیٰ نے شراب کو سرکہ بنا دیا۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی توبہ میں اخلاص دیکھا پس اگر ایک گنہگار آدمی جو برے اعمال کی وجہ سے ویران ہو چکا ہو خالص توبہ کرے اور اپنے کئے پر نادم ہو تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کی شراب کو نیکی کے سرکہ میں بدل دے گا''۔ (مکاشفۃ القلوب اردو ص ۷۴، ۷۵)

یعنی ادھر گناہ سے توبہ کی ادھر اللہ تعالیٰ نے قبول فرمائی' اپنا محبوب ولی بنایا اور اس کے ہاتھ پر کرامت بھی ظاہر فرما دی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ۔ (القرآن) یقیناً اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔

اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تو سارے ہی توبہ کرنے والے اور اللہ سے ڈرنے

---

[1] مخدوم الاولیاء سرتاج الاصفیاء حضرت سید علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش لاہوری ﷫ نقل فرماتے ہیں: ''حضور ﷺ نے فرمایا: ''اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ۔ گناہ پر نادم ہونا توبہ ہے''۔ اور یہ ایسی جامع تعریف ہے کہ اس میں توبہ کی تمام شرطیں آجاتی ہیں اس لئے کہ توبہ کی پہلی شرط یہ ہے کہ مخالف حکم، عمل پر افسوس کرے، دوسرے ترک کرتے ہوئے منفعل ہو۔ تیسرے عہد کرے کہ پھر ایسا نہ کرے گا اور یہ تینوں شرائط ندامت میں آجاتی ہیں''۔ (کشف المحجوب اردو ص ۴۸۵)

marfat.com

والے تھے۔ پس اللہ بھی انہیں محبوب رکھتا ہے۔ قرآن کریم میں ارشاد ہوا:

"اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ"۔ (التوبہ۔۱۱۲)

ترجمہ: توبہ کرنے والے (اللہ کی) عبادت کرنے والے، حمد وثناء کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے اور نگہبانی کرنے والے اللہ کی (مقررہ) حدود کی (اے میرے رسول!) خوشخبری سنادیجئے ان (کامل) مومنوں کو۔ (ضیاء القرآن)

دیگر مجتہد سے اجتہاد میں اگر خطا بھی ہو جائے تو حدیث پاک کے مطابق اسے ثواب ملتا ہے اور ثواب نیکی پر ملتا ہے گناہ پر نہیں اور یہاں مجتہد کی نیکی اس کا اجتہاد ہے چونکہ حق کو ضرور پالینا اس کے بس میں نہیں لہٰذا اللہ تعالیٰ اس کے اجتہاد کو قبول فرما کر اسے نیکی عطا فرماتا ہے پس اس صورت میں بھی مجتہد صحابہ کرام کا گناہ اور فسق سے محفوظ ہونا ظاہر و باہر ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى" اور اللہ نے سب سے بھلائی کا وعدہ فرمایا (النساء۔۹۵) جب سب سے بھلائی کا وعدہ ہو چکا تو سب صحابہ عادل ہوئے ان میں فاسق کوئی نہیں کیونکہ فاسق سے جنت کا وعدہ نہیں ہوتا۔ (نور العرفان یہی آیت)

پھر ہماری پیش کردہ آیہ کریمہ میں تو کسی تاویل اور توجیہہ کی ضرورت ہی نہیں جب اللہ تعالیٰ واضح طور پر فرما رہا ہے کہ اس نے صحابہ کرام کے دلوں میں ایمان بھر دیا ہے اور فسق و گناہ سے نفرت ڈال دی ہے تو پھر فرمان خداوندی سے انکار کیوں؟ اور صحابہ کرام پر اعتراض کیوں؟ مودودی صاحب آخران آیتوں پر کیوں نہیں ایمان رکھتے اور اللہ کے قرآن پاک پر کیوں نہیں اعتبار کرتے؟ وہ قرآن کریم کے برعکس

marfat.com

صحابہ کرام کے طرز عمل کو غیر آئینی اور غیر شرعی کیوں کہتے ہیں اور قرآن و حدیث کی تصریحات اور ان کی تشریحات کو خواہ مخواہ کی سخن سازیوں سے کیوں تعبیر کرتے ہیں؟ مودودی صاحب کی ہرزہ سرائی ملاحظہ ہو کہتے ہیں:

''حضرت عثمان ﷜ کی پالیسی کا یہ پہلو بلاشبہ غلط تھا اور غلط کام بہر حال غلط ہے خواہ وہ کسی نے کیا ہو۔ اس کو خواہ مخواہ کی سخن سازیوں سے صحیح ثابت کرنے کی کوشش کرنا نہ عقل و انصاف کا تقاضا ہے اور نہ دین ہی کا یہ مطالبہ ہے کہ کسی صحابی کی غلطی کو غلطی نہ مانا جائے''۔

(خلافت وملوکیت ص ۱۱۶)

اب ذرا غور فرمایئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ صحابہ کرام کو کفر، فسق اور نافرمانی سے نفرت ہے اور وہ ایسی غلطیوں سے محفوظ ہیں۔ جبکہ سیدنا عثمان غنی ﷜، سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے بعد صحابہ کرام میں افضل ترین ہستی ہیں گویا وہ بھی یقینی طور پر کفر، فسق اور نافرمانی سے متنفر و محفوظ ہیں اور ان کا فتنوں میں بھی ہدایت پر ہونا تو ہم حدیث سے ثابت بھی کر چکے ہیں۔ حضور سرور عالم نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ''اس وقت یہ ہدایت پر ہوگا (ترمذی ابواب المناقب) اب قرآن و حدیث تو خلیفۂ راشد حضرت عثمان غنی ﷜ کو کفر و فسق وغیرہ سے محفوظ اور ہدایت پر قائم فرماتے ہیں۔ جبکہ مودودی صاحب کہتے ہیں کہ حضرت عثمان ﷜ کی پالیسی کا یہ پہلو بلاشبہ غلط تھا۔ کہتے ہیں نہ عقل و انصاف کا تقاضا ہے اور نہ دین ہی کا یہ مطالبہ ہے کہ کسی صحابی کی غلطی کو غلطی نہ مانا جائے۔ استغفر اللہ۔

معلوم نہیں عقل و انصاف سے مودودی صاحب کیا مراد لیتے ہیں، اگر وہ قرآن و حدیث اور اہل فہم کی بجائے صرف اپنی سوچ فکر کو ''عقل و انصاف'' قرار دیتے ہیں تو اسے ہمارا سو دفعہ سلام ہے کیونکہ ہم قرآن و حدیث کی مخالفت کو عقل و

marfat.com

انصاف مانتے ہی نہیں[1] اور یہ جو انہوں نے کہا کہ: ''نہ دین ہی کا یہ مطالبہ ہے کہ کسی صحابی کی غلطی کو غلطی نہ مانا جائے''۔ تو پھر ہم پوچھیں گے کہ کیا انہوں نے مذکورہ آیاتِ مقدسہ نہیں دیکھیں؛ اور اگر نہیں دیکھیں تو پھر اپنی ''تفہیم القرآن'' کس سے لکھوائی ہے۔ اور اگر یہ آیات مقدسہ دیکھی ہیں تو پھر فرمائیں کیا یہ آیات مقدسہ ایسی جسارت سے روکتی ہیں یا نہیں اور اس رائے کو غلط قرار دیتی ہیں یا نہیں؟ یا پھر کوئی یہ ہی فرما دے کہ قرآن وحدیث کو چھوڑ کر مودودی صاحب نے کس چیز کا نام ''دین'' رکھا ہے؟

ارے ''عقل وانصاف'' کا ڈھنڈورا پیٹنے والو! اللہ سچا ہے اور اللہ کا قرآن بھی سچا ہے۔ لہٰذا ایسا تاریخی واقعہ جس سے کسی صحابی، مجتہد وفقیہہ صحابی یا خلیفہ راشد کا فسق ظاہر ہو وہ تاریخی واقعہ قابل مذمت اور مردود ہے۔ کیونکہ کسی صحابی میں فسق ماننے سے قرآن کریم کی تکذیب لازم آتی ہے؛ اور جو شخص قرآن کریم کی تکذیب کو جائز سمجھے وہ مومن نہیں رہتا۔ اللہ تعالیٰ نے آغاز ہی میں ''ذَالِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ''۔ (البقرہ) کہہ کر اس کے شک وشبہ سے بالا ہونے پر مہر لگائی ہے۔ پس مومن کیلئے قرآن کریم کو ''لَا رَيْبَ اور سچا ماننا'' ضروری ہے جبکہ قرآن کریم کو سچا ماننے کیلئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو فسق وگناہ سے محفوظ اور مومنین کاملین ماننا ضروری ہے۔

علاوہ ازیں نبی اکرم ﷺ ''مزکی'' بن کر تشریف لائے ہیں اور اپنے امتیوں کا تزکیہ نفس فرمانا آپ کے فرائض نبوت میں شامل ہے۔ ارشاد خداوندی ہے۔

---

[1] قرآن کریم میں ارشاد ہوا۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ (البقرۃ ۱۸) یعنی بہرے گونگے اندھے تو پھر وہ آنے والے نہیں (کنز الایمان) اس آیت کے تحت مفتی احمد یار خاں فرماتے ہیں ''معلوم ہوا کہ جس آنکھ سے اللہ کی آیات نہ دیکھی جائیں وہ اندھی ہے۔ جن کانوں سے رب کا کلام نہ سنا جائے وہ بہرے ہیں۔ جس زبان سے حمد الٰہی نعت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ادا نہ ہو وہ گونگی ہے کیونکہ ان اعضاء نے اپنا حق پیدائش ادا نہ کیا اسی لئے رب نے زندہ کافروں کو مردہ اور مقتول شہداء کو زندہ فرمایا۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ صحابہ کرام کے دشمنوں کا ہدایت پر آنا بہت مشکل ہے رب نے خبر دے دی کہ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ'' (تفسیر نور العرفان)

marfat.com

وَيُزَكِّيهِمْ۔(البقرہ۔۱۲۹،آل عمران۔۱۶۴، جمعہ۲)

ترجمہ: اور وہ انہیں (صحابہ کو) خوب پاک کرتا ہے۔

اور ہمارا اس بات پر پختہ ایمان ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے اپنے فرائض نبوت کو کما حقہ پورا فرما دیا ہے۔ قرآن کریم کی اس آیت مقدسہ کے مطابق آپ اپنے امتیوں کا تزکیہ فرماتے ہیں اور سب سے پہلے اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ظاہری و باطنی تزکیہ فرمایا۔ پس تسلیم کرنا ہوگا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نہایت پاکباز اور کامل ترین مومن تھے اور کسی میں کفر، فسق اور نافرمانی کا شائبہ تک نہ تھا۔ اور جو شخص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ان برائیوں سے ملوث سمجھے۔ وہ عالم دین، پیر، محقق اور مفسر تو کجا صحیح مومن کہلانے کا بھی حقدار نہیں وہ تو مخالف قرآن اور بے ایمان ہے اور اس کی ہمنوائی میں بھی نقصان ہے۔

صحابی کو آگ نہیں چھوسکتی

اللہ تعالیٰ نے سب صحابہ کرام کے ساتھ بھلائی کا وعدہ فرمالیا ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

۱) لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۚ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ۚ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ۚ (النسآء۔۹۵)

ترجمہ: برابر نہیں وہ مسلمان کہ بے عذر جہاد سے بیٹھ رہیں اور وہ کہ راہ خدا میں اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کرتے ہیں اللہ نے اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کرنے والوں کا درجہ بیٹھنے والوں سے بڑا کیا اور اللہ نے سب سے بھلائی کا وعدہ فرمایا۔ (کنزالایمان)

marfat.com

۲)اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰى اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ۔

(الانبیاء۔۱۰۱)

ترجمہ: بیشک وہ جن کیلئے ہماراوعدہ بھلائی کا ہو چکا وہ جہنم سے دور رکھے گئے ہیں۔ (کنزالایمان)

اور اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا میرے کسی صحابی بلکہ اس کی زیارت سے مشرف ہونے والے تابعی کو بھی آگ نہیں چھوسکتی ملاحظہ ہو، حدیث پاک۔

لَا تَمَسُّ النَّارُ مُسْلِمًا رَّاٰنِیْ اَوْ رَاٰی مَنْ رَاٰنِیْ۔

(ترمذی ابواب المناقب مشکوۃ باب مناقب الصحابۃ)

ترجمہ: اس مسلمان کو آگ نہیں چھوئے گی جس نے مجھے دیکھا یا میرے دیکھنے والے کو دیکھا۔

پس قرآن و حدیث سے واضح طور پر معلوم ہوا کہ کسی صحابی کو آگ نہیں چھوسکتی۔ ان کو یقینی طور پر جہنم سے دور رکھا جائے گا۔ البتہ اگر کوئی جاہل یا دشمن صحابہ یا منکر قرآن و حدیث اس کے خلاف عقیدہ رکھے تو اسے کون روک سکتا ہے؟ قرآن و حدیث کی مخالفت اور انکار کا وبال بہر حال اس پر ضرور پڑے گا۔

درجات میں فرق کے باوجود سب صحابہ جنتی ہیں

جن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے مالوں اور جانوں سے جہاد کیا وہ درجات و مقامات کے لحاظ سے ان صحابہ رضی اللہ عنہم سے یقیناً افضل ہیں جو جہاد میں شامل نہ ہو سکے لیکن اللہ تعالیٰ نے بھلائی اور جنت کا وعدہ تو تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمالیا دو آیات مقدسہ ابھی آپ نے دیکھیں۔ مزید ملاحظہ کیجئے۔ ارشاد ہوتا ہے:

۱)فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً، وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى۔(النساء۔۹۵)

ترجمہ: اللہ نے اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کرنیوالوں کا درجہ بیٹھنے

marfat.com

والوں سے بڑا کیا اور اللہ نے سب سے بھلائی کا وعدہ فرمایا۔ (کنزالایمان)

۲)لَایَسْتَوِیْ مِنْکُمْ مَّنْ اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَقٰتَلَ ؕ اُولٰٓئِکَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِیْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَقٰتَلُوْا ؕ وَکُلًّا وَّعَدَاللّٰهُ الْحُسْنٰی ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ۔ (الحدید۔۱۰)

ترجمہ: تم میں برابر نہیں وہ جنھوں نے فتح مکہ سے قبل خرچ کیا اور جہاد کیا وہ مرتبہ میں ان سے بڑے ہیں جنھوں نے بعد فتح کے خرچ اور جہاد کیا اور ان سب سے اللہ جنت کا وعدہ فرما چکا اور اللہ کو تمہارے کاموں کی خبر ہے۔ (کنزالایمان)

۳)اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ یُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِیْهَا نَعِیْمٌ مُّقِیْمٌ ۝ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗۤ اَجْرٌ عَظِیْمٌ ۝

(توبہ۔۲۰،۲۱،۲۲)

ترجمہ: وہ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے مال و جان سے اللہ کی راہ میں لڑے۔ اللہ کے یہاں ان کا درجہ بڑا ہے اور وہی مراد کو پہنچے ان کا رب انہیں خوشی سناتا ہے اپنی رحمت اور اپنی رضا اور ان باغوں کی جن میں انہیں دائمی نعمت ہے ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں گے۔ بیشک اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے۔ (کنزالایمان)

۴)وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِیْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّلَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ۝ (توبہ۔۱۰۰)

marfat.com

ترجمہ: اور سب میں اگلے پہلے مہاجر وانصار اور جو بھلائی کے ساتھ ان کے پیرو ہوئے اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی اور ان کیلئے تیار کر رکھے ہیں باغ جن کے نیچے نہریں بہیں ہمیشہ ہمیشہ ان میں رہیں یہی بڑی کامیابی ہے۔ (کنزالایمان)

مذکورہ بالا آیات مقدسہ سے خوب ظاہر ہو رہا ہے کہ اللہ رب العزت نے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے جنت کا وعدہ فرمالیا ہے۔ اور اس میں کسی کو شک نہیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہوتا ہے کبھی بدلتا نہیں۔ فرمایا:

اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔ (آل عمران۔۹)

ترجمہ: بے شک اللہ کا وعدہ نہیں بدلتا۔ (کنزالایمان)

لہٰذا جو شخص مسلمان ہے اور اس کا اللہ اور اللہ کے قرآن پر ایمان ہے بالخصوص وہ جو تفسیر قرآن پر طبع آزمائی بھی کرتا رہتا ہے۔ اسے اس بات پر بھی ایمان لانا پڑے گا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اس سچے وعدے کے مطابق سب کے سب صحابہ کرام جنتی ہیں۔ اگر کسی نامراد اور نام نہاد مسلمان کو صحابی کے جنتی ہونے میں شک ہو تو یہ اسے قرآن کریم کی آیت "وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى" میں شک ہے اور جس کو وعدۂ خداوندی میں شک ہے اس کے اپنے ایمان میں شک ہے۔

حیرت تو قرآنی علوم کے اس "ماہر" اور اسلام کے اس "سکالر" پر ہے کہ جب اللہ تعالیٰ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ان کے پیروؤں سے راضی ہو چکا تو یہ کیوں نہیں راضی ہوتا؟ اور جب اللہ تعالیٰ تمام صحابہ کرام سے جنت کا وعدہ فرما چکا تو یہ کیوں نہیں مانتا؟ معلوم نہیں یہ "علم وفضل" کے کس زعم میں اور "جبہ ودستار" کے کس غرور میں مبتلا ہے؟

امت میں سب سے بہتر اور معزز تر ہیں

اللہ تعالیٰ کے سب سے بڑے محبوب، طالب ومطلوب دانائے کل غیوب

marfat.com

حضور مخبر صادق نبی برحق جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اَكْرِمُوْا اَصْحَابِىْ فَاِنَّهُمْ خِيَارُكُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ (مشکوۃ باب مناقب الصحابہ)

ترجمہ: میرے صحابہ کی عزت کرو کیونکہ وہ تمہارے بہترین ہیں پھر وہ جوان سے قریب ہیں پھر وہ جوان سے قریب ہیں۔

خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِىْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ۔

(بخاری باب فضائل اصحاب النبی ﷺ ترمذی ابواب المناقب)

ترجمہ: میرے زمانے کے لوگ سب سے بہتر ہیں پھر جوان سے قریب ہیں پھر جوان سے قریب ہیں۔

ان احادیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ امت میں صحابیت سب سے بڑا درجہ ہے اور اسے تمام طبقات امت پر فضیلت و برتری حاصل ہے۔ اللہ تعالیٰ نے جناب رسول اکرم ﷺ کو دیگر تمام رسولوں پر بے حد و بے حساب رفعت عطا فرمائی اور "وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ یعنی کوئی وہ ہے جسے سب پر درجوں بلند کیا"۔ (البقرہ۔۲۵۳) کے مطابق تمام انبیاء و رسل علیہم السلام میں بے مثل و بے مثال بنایا اور آپ کی بے مثل نسبت و صحبت کے باعث صحابہ کرام کو باقی تمام امت میں بے مثل و بے مثال بنا دیا۔

حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ضابطے کی جو بات ذہن میں ہونی چاہیے یہ ہے کہ بعض صحابہ کرام (کی فضیلت) کا انکار کل کا انکار ہے کیونکہ جناب خیر البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت کی فضیلت میں یہ سب حضرات مشترک ہیں اور صحبت کی فضیلت سب فضائل و کمالات سے فائق اور بلند ہے۔ اسی بنا پر حضرت اویس قرنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو خیر التابعین ہیں۔ حضور علیہ

marfat.com

السلوٰۃ والسلام کے صحابی کے ادنیٰ مرتبہ تک بھی نہیں پہنچ سکے۔ لہٰذا صحبت کی فضیلت کا کوئی شے بھی مقابلہ نہیں کر سکتی۔ کیونکہ ان صحابہ کا ایمان صحبت اور نزول وحی کی برکت سے شہودی ہو چکا ہے اور ایمان کا یہ رتبہ صحابہ کرام کے بعد کسی کو بھی نصیب نہیں اور اعمال ایمان پر متفرع ہوتے ہیں۔ اعمال کا کمال ایمان کے کمال کے مطابق ہے"۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اوّل مکتوب نمبر ۵۹)

شیخ المحققین حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"آپ ﷺ کے صحابہ ساری امت سے افضل اور بہتر ہیں اللہ تعالیٰ نے انہیں آپ کی صحبت اور نصرت کیلئے پسند کیا اور امت محمدیہ اور دین اسلام کی عظمت ان صحابہ سے بلند ہوئی۔

صحابہ کرام حضور اکرم ﷺ کی صحبت و نصرت اور ان پاکیزہ خدمات کے اہل تھے جو ان کے سپرد کی گئی تھیں۔ صحابہ کرام کی شان اور برتری میں اس قدر احادیث آئی ہیں کہ ان کے مطالعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کا رتبہ ساری امت سے بلند تر اور ثواب سب سے زیادہ ہے۔

حضور نے فرمایا کہ اگر کوئی احد پہاڑ کے برابر سونا خدا کی راہ میں خرچ کرے تو صحابہ کے نصف پیمانہ دینے کے ثواب تک نہیں پہنچ سکتا۔ حدیث "خَیْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِیْ" بھی اس مطلب کی وضاحت کرتی ہے اس کے علاوہ بہت احادیث ہیں جن سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی برتری ظاہر ہوتی ہے۔ اس سے بڑھ کر اور کون سی دلیل کی ضرورت ہے کہ ان لوگوں نے حضور ﷺ کے جمال جہاں تاب کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ آپ کی پاکیزہ صحبت سے فیض یاب ہوئے۔ قرآن اور دین کو آپ کی زبان سے براہِ راست سُنا اور اللہ تعالیٰ کے اوامر و نواہی سے

marfat.com

واقف ہوتے رہے۔ اپنی جان و مال راہ مصطفیٰ (ﷺ) میں نثار کرتے رہے۔ صحابہ ایسے مومن تھے کہ انہوں نے حضور کو ایمان کی حالت میں دیکھا اور ایمانی حالت میں دنیا کو خیر باد کہا۔ حضور کو ایمان سے ایک نگاہ دیکھنا صحابی بنا دیتا ہے۔ (تکمیل الایمان اردو ص ۱۵۰۔۱۵۱)

دیوبندیوں کے حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی کہتے ہیں:

''صحابہ کا کمال یہ نہیں تھا کہ وہ امام ابو حنیفہ (ﷺ) کی طرح اصول و فروع کی تحقیق کرتے ان کا تو کمال ہی دوسرا تھا اس کے سامنے یہ سارے علوم و فنون ہیچ ہیں۔ ان کا کمال یہ تھا کہ انہوں نے اپنی آنکھوں سے حضور ﷺ (روحی فداہ) کے جمال جہاں آرا کی زیارت کی تھی۔ یہ وہ کمال ہے کہ اس میں ان کی کوئی برابری نہیں کر سکتا نہ عمر بن عبد العزیز جو کہ اپنے زمانے کے مجدد اور قطب وقت تھے اور بوجہ عدل کامل و اتباع سنت کے خامس الخلفاء الراشدین شمار کئے جاتے ہیں اور نہ اویس قرنی جو افضل التابعین ہیں جن کے بارے میں علماء امت کا خیال یہ ہے کہ گو وہ صحابی نہیں مگر ثواب میں صحابہ کے قریب قریب ہیں۔ مگر پھر بھی ان (یعنی صحابہ) جیسے نہیں کیونکہ حضرت اویس قرنی کے پاس وہ دو آنکھیں کہاں تھیں جنہوں نے حضور ﷺ کے چہرہ مبارک کی زیارت کی ہو اگر چہ ان کے فضائل بے شمار ہیں''۔ (مفاسد گناہ۔ سلسلہ مواعظ اشرفیہ ج ۱۸ ص ۲۳۸)

محدث لاہوری شارح بخاری صاحب فیوض الباری حضرت علامہ سید محمود احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حضور ﷺ کے صحابہ ساری امت سے افضل و بہتر ہیں۔ ملت اسلامیہ کی عظمت اور اسلام کی عظمت صحابہ ہی سے بلند ہوئی ہے۔ یہ وہ نفوس قدسیہ ہیں جنہوں نے اپنی آنکھوں سے حضور ﷺ کے جمال کو

marfat.com

دیکھا۔آپ کی پاکیزہ صحبت سے فیضیاب ہوئے۔قرآن اور دین کو حضور ﷺ کی زبان سے سنا اور اپنی جان و مال کو حضور پر نثار کر دیا۔صحابی کے رتبہ کو اب کوئی نہیں پاسکتا۔دنیا بھر کے اولیاء، اقطاب، ابدال، غوث و قطب صحابی رسول کے درجہ و مقام کو حاصل نہیں کر سکتے''۔

(شان صحابہ رضی اللہ عنہم ص ۲۵)

پھر جو بھی مومن ہے اور جو بھی اللہ کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتا ہے اسے حضور کی حدیث پاک پر ایمان لائے بغیر چارہ نہیں۔جبکہ اللہ کے رسول ﷺ نے ''خِیَارُکُمْ اور خَیْرُ النَّاسِ'' فرما کر اپنے صحابہ کرام ﷺ کو باقی تمام امت سے بہتر اور معزز تر قرار دے دیا ہے۔لہٰذا اہل ایمان کا یہ پختہ عقیدہ ہے کہ صحابہ کرام ﷺ تمام امت سے افضل اور بہتر ہیں۔

غیر صحابی، صحابی کے برابر نہیں ہوسکتا

احادیث مبارکہ کی روشنی میں ہم ابھی ابھی بیان کر چکے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم امت میں سب سے بہتر اور معزز تر ہیں۔اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ صحابہ کرام کے بعد آنے والے دیگر طبقات امت میں سے کوئی طبقہ اور دیگر افراد امت میں سے کوئی فرد ان کے ہم پلہ اور برابر نہیں ہوسکتا۔لیکن یہاں ہم ایک اور زاویہ سے اس پر روشنی ڈال رہے ہیں۔حضور سرور عالم جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

''لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَھَبًا مَا اَدْرَکَ مُدَّ اَحَدِھِمْ وَلَا نَصِیْفَہٗ''۔

(مسلم جلد ۲ ص ۳۱۰ باب تحریم سب الصحابہ رضی اللہ عنہم ترمذی ابواب المناقب ابن ماجہ فضل اہل بدر رضی اللہ عنہم)

ترجمہ: میرے صحابہ کو برا بھلا مت کہو اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی ایک احد کے برابر سونا اللہ تعالیٰ کی راہ میں

marfat.com

خرچ کرے تو وہ کسی صحابی کے ایک مُد یا نصف مُد کے برابر نہیں ہو سکتا۔
اللہ تعالیٰ کی راہ میں سونا خرچ کرنا ایک عمل ہے۔ اور کسی عمل کی قدر و قیمت کا انحصار عمل کرنے والے کے ایمان اور بارگاہ خداوندی میں اس کی مقبولیت پر ہے۔ اور حدیث پاک کے مطابق صحابی اور غیر صحابی اس میں برابر نہیں۔ کیوں؟ اس لئے کہ صحابی اور غیر صحابی ایمان (یعنی ایمان کے کمال) میں برابر نہیں اور اعمال کی قدر میں یہ فرق ایمان کے کمال میں فرق کے باعث ہے۔ حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی فرماتے ہیں:

''اعمال ایمان پر متفرع ہوتے ہیں (یعنی ایمان کی شاخیں بن کر نکلتے ہیں) اور اعمال کا کمال ایمان کے کمال کے مطابق ہے''۔

(مکتوبات دفتر اوّل مکتوب نمبر ۵۹)

تو جب حدیث پاک کے مطابق اعمال کی قدر و قیمت برابر نہیں یعنی انہیں بارگاہ خداوندی میں برابر درجۂ مقبولیت حاصل نہیں تو صحابی اور غیر صحابی ایمان کے کمال میں کیسے برابر ہو سکتے ہیں؟ صحابہ کرام کو جو اعمال کے لحاظ سے دیگر امت پر فضیلت و برتری حاصل ہے تو اس کی اہم وجہ یہی ہے کہ ان کو ایمان میں فضیلت و برتری حاصل ہے۔ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''صحابہ کا ایمان صحبت اور نزول وحی کی برکت سے شہودی ہو چکا ہے اور ایمان کا یہ رتبہ صحابہ کرام کے بعد کسی کو بھی نصیب نہیں''۔

(مکتوبات دفتر اوّل مکتوب نمبر ۵۹)

پس یہ تسلیم کرنا ہوگا کوئی بھی غیر صحابی کسی صحابی کے برابر نہیں ہو سکتا۔

ذاتی بغض و حسد سے پاک اور ایک دوسرے پر مہربان ہیں

بعض لوگ شیعوں اور رافضیوں سے متاثر ہو کر سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو متہم

marfat.com

کرتے ہیں کہ انہیں معاذ اللہ حضرت مولیٰ علی ﷺ سے بغض وکینہ تھا۔ بعض مفکران اسلام اور سنّی نما علماء بھی اسی رَو میں بہہ نکلے ہیں اور سادہ لوح سُنیوں کو بہکا کر اپنا ہمنوا بنا لینا چاہتے ہیں لیکن اگر وہ غور کریں اور قرآن کریم جس کے علوم کے ماہر اور سکالر ہونے کا انہیں دعویٰ بھی ہے، کی طرف خلوصِ نیت سے توجہ فرمائیں اور رحمت خداوندی بھی ان کے شاملِ حال ہو جائے تو انہیں معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے سینے نہ صرف آپس کے ذاتی کینے اور بغض وحسد سے پاک تھے بلکہ وہ ایک دوسرے پر بڑے مہربان اور رحم دل بھی تھے۔ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے:

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ (الفتح۔۲۹)

ترجمہ: محمد اللہ کے رسول ہیں اور ان کے ساتھ والے (صحابہ) کافروں پر سخت ہیں اور آپس میں نرم دل۔ (کنزالایمان)

قرآن کریم وہ بلند رتبہ کتاب ہے جس میں کوئی شک کی جگہ نہیں (ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ) پس جس نے بھی اس کے کسی مضمون اور بیان میں شک کیا وہ ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ تو جب قرآن کریم دوٹوک اعلان فرما رہا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام "رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ یعنی ایک دوسرے پر مہربان اور رحم دل ہیں" تو پھر یہ کیسے ممکن ہے کہ کسی طرف سے کوئی نفسانی مخاصمت ومخالفت اور ذاتی بغض وحسد ان کے دلوں میں داخل ہو جائے اور وہ ایک دوسرے کے ذاتی دشمن بن جائیں۔ وہ یقیناً آپس میں رحم دل اور بغض وحسد سے پاک تھے۔

اور یہ کہنا کہ ان کے درمیان جو جنگیں ہوئیں وہ دلی کدورت اور بغض وحسد کے بغیر کیونکر واقع ہوگئیں؟ اس کا تفصیلی جواب تو ہم آئندہ صفحات میں دیں گے یہاں صرف اتنی گذارش کرتے ہیں کہ ان کی جنگیں نفس کی خاطر یا دلی کدورت اور

marfat.com

بغض وحسد کے باعث نہیں تھیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی میں واقع ہوگئی تھیں۔اس بات کی شہادت قرآن کریم خود دیتا ہے۔فرمایا:

يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا۔(الفتح۔۲۹)

ترجمہ: طلب گار ہیں اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے۔

جنہیں اللہ تعالیٰ اپنی رضا کا طلبگار بتاتا ہے وہ یقیناً اس کی رضا کے طلبگار ہی تھے۔جبکہ نفسانی خواہش اور ذاتی بغض وحسد میں اللہ کی رضا نہیں ہوتی لہٰذا ان کی جنگیں ایسے بغض وحسد کی وجہ سے ہرگز نہیں تھیں بلکہ رضائے الٰہی کی طلب میں محض اجتہادی خطاؤں اور بعض غلط فہمیوں کی بنا پر ہوگئیں اور یہ شرعاً گناہ نہیں بلکہ اجتہادی خطا پر تو ایک درجہ ثواب ہی ملتا ہے اور یہی اہلسنت کا مذہب ہے۔ورنہ قرآن کریم کی مخالفت لازم آتی ہے اور ایمان برباد ہوجاتا ہے۔دوسرے یہ وسوسہ "رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ" پر عدم ایمان کی دلیل ہے۔اور قرآن کریم کے سامنے ایسے وسوسوں کی کوئی حیثیت ہی نہیں۔

حضرت علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"اے مخاطب تجھ پر لازم ہے کہ اپنے دل میں کسی صحابی کی طرف سے بغض نہ رکھ۔صحابہ رضی اللہ عنہم کی صفائی اور انصاف کی حالت میں غور کرو اور دیکھو کہ وہ باہم ایک دوسرے کی کیسی تعظیم کرتے تھے۔ایک مرتبہ حضرت سعد بن ابی وقاص اور خالد بن ولید رضی اللہ عنہما کے درمیان کچھ رنجش ہوگئی۔کسی شخص نے چاہا کہ حضرت خالد ﷺ کی کچھ برائی حضرت سعد ﷺ کے سامنے بیان کرے۔حضرت سعد ﷺ نے کہا چپ رہ۔جو شکر رنجی ہمارے آپس میں ہے اس کا اثر ہمارے دل تک نہیں پہنچا"۔(سیدنا امیر معاویہ ﷺ مترجم تطہیر الجنان ص ۹۹)

حضرت عمر ﷺ کی اس شہادت کو (کہ یہ عرب کا نوشہرواں ہے) جو نہایت

marfat.com

رضامندی اور خوشی کے ساتھ انہوں نے دی غور سے دیکھو اور نیز حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی شہادت کو باوجود یکہ وہ حضرت علی ﷺ کے گروہ سے تھے۔ اور ان کے ساتھ ہو کر معاویہ ﷺ سے لڑے تھے۔ پھر بھی حضرت ابن عباس ﷺ نے ان کی برائی نہ کی بلکہ ان کی بہت تعریف کی اور کہا کہ وہ فقیہہ ہیں مجتہد ہیں۔ اس سے تم کو یہ معلوم ہو جائے گا کہ صحابہ رضوان اللہ علیہم گو باہم لڑے اور جھگڑے مگر پھر بھی ان میں باہم محبت تھی"۔ (سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۵۵)

حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"صحابہ کرام علیہم الرضوان کے درمیان جو جھگڑے اور جنگیں ہوئیں ہیں مثلاً جنگ جمل و جنگ صفین تو ان کو اچھے معانی پر محمول کرنا چاہیے اور خواہشات اور تعصب سے دور رہنا چاہیے کہ ان بزرگواروں کے نفوس خیر البشر علیہ الصلوات والتسلیمات کی صحبت میں خواہشات اور تعصب سے پاک ہو چکے تھے۔ اور حرص اور کینہ سے بالکل صاف تھے وہ اگر صلح کرتے تھے تو حق کیلئے اور اگر جھگڑا کرتے تھے تو وہ بھی حق کیلئے۔ ہر گروہ اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کرتا تھا اور خواہشات اور تعصب کے شائبہ سے پاک ہو کر مخالف کی مدافعت کرتا تھا"۔

(مکتوبات امام ربانی حصہ ہشتم دفتر دوم مکتوب نمبر ۳۶)

اختلافات صحابہ ہدایت سے خالی نہ تھے

اس میں شک نہیں کہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اختلافات واقع ہوئے حتیٰ کہ جنگیں بھی ہوئیں لیکن ان کے اختلافات اصول نہ تھے فروعی تھے۔ اصول میں تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم متفق تھے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی

marfat.com

جناب شیخ احمد فاروقی سرہندی حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

''اصول میں تمام صحابہ کرام کی متابعت ضروری ہے اور ان کے آپس میں اصول کے اندر کوئی اختلاف نہ تھا۔ ان کا آپس کا اختلاف صرف فروع سے تعلق رکھتا تھا اور وہ شخص جو بعض صحابہ میں عیب نکالتا ہے سب کی متابعت سے محروم ہے بلاشبہ تمام صحابہ کرام اصول میں باہم بالکل متفق تھے''۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اوّل حصہ دوم مکتوب نمبر ۸۰)

اور فروعی اختلاف فقہی بصیرت کے باعث ہوتا ہے لہٰذا ہدایت سے خالی نہیں ہوتا بلکہ اسے حدیث پاک میں ''رحمت'' سے تعبیر فرمایا گیا ہے جیسا کہ ارشاد ہوا: ''اِخْتِلَافُ اُمَّتِیْ رَحْمَةٌ''۔ یعنی میری امت کا باہم اختلاف رحمت ہے۔ (شواہد الحق اردو ص ۱۶ بحوالہ جامع صغیر بروایت بیہقی)

اور دوسری حدیث پاک جو پہلے بھی پیش کی جا چکی ہے۔ اختلافات صحابہ کے ہدایت سے خالی نہ ہونے پر دال ہے۔ اس کا ترجمہ دوبارہ پیش کیا جاتا ہے۔ اس میں اختلاف کو نور فرمایا گیا اور متبعین کو ہدایت کا مژدہ سنایا گیا۔ ملاحظہ ہو:

''روایت ہے جناب عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ میں نے اپنے رب سے اپنے صحابہ کے اختلاف کے متعلق سوال کیا جو میرے بعد ہوگا تو مجھے وحی فرمائی کہ اے محمد! تمہارے صحابہ میرے نزدیک آسمان کے تاروں کی طرح ہیں کہ ان کے بعض بعض سے قوی ہیں اور سب میں نور ہے تو جس نے ان کے اختلاف میں سے کچھ حصہ لیا جس پر وہ ہیں تو وہ میرے نزدیک ہدایت پر ہے۔ فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میرے صحابہ تاروں کی طرح ہیں تو تم ان میں سے جس کی پیروی کرو گے ہدایت پاؤ گے (فَبِاَیِّهِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِهْتَدَیْتُمْ)'' (مشکوٰۃ باب مناقب الصحابہ)

marfat.com

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اختلافات جوفروعی تھے اصولی نہ تھے' سے ان کی اجتہادی بصیرت اور فقہی قابلیت جو انہیں اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی تھی' ظاہر ہوتی ہے اور مجتہدین اور فقہاء کے فیصلوں میں اختلاف واقع ہو جانا غیر معمولی بات نہیں اور ناپسندیدہ بھی نہیں۔ مذاہب اربعہ (حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی) کے اختلافات ایسی ہی نوعیت کے ہیں۔ان کے اختلافات فروعی ہیں۔یہ اصول میں متفق ہیں اور سب اہلسنت ہیں۔

دیگر جب اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اختلافات کے باوجود صحابہ کرام کو نشان ہدایت فرما رہے ہیں، اگر چہ ان کے بعض بعض سے اپنے اجتہادات میں قوی ہیں لیکن سب میں نور (نور ہدایت) ہے۔اور ان صحابہ میں سے کسی ایک کی پیروی کرنے والوں کو "فَبِاَيِّهِمْ اقْتَدَيْتُمْ اهْتَدَيْتُمْ" یعنی ہدایت یافتہ ہونے کی خوشخبری سنائی جا رہی ہے تو پھر ہر باشعور مسلمان کو بدل و جان یہ تسلیم کر لینا چاہیے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اختلافات محض فروعی تھے اصولی ہرگز نہ تھے۔ان کی کوئی اجتہادی خطا اور غلط فہمی ان کیلئے کچھ نقصان دہ نہیں۔ بلکہ حدیث پاک کے مذکورہ الفاظ کے مطابق باعث ہدایت و نجات ہی ہے۔ ظاہر ہے جب اقتدا کرنے والا ہدایت پاتے والا ہو جائے تو مقتدیٰ (جس کی اقتدا کی جائے) کا ہدایت یافتہ ہونا بدرجہ اولیٰ صحیح ہے۔

دونوں گروہ مسلمان تھے لڑنے سے کافر نہ ہو گئے

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں اختلافات بھی ہوئے اور جنگیں بھی لیکن ان کے اسلام، ایمان اور شرف صحابیت پر حرف نہ آیا۔ وہ تو اپنی اجتہادی بصیرت کے مطابق اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کیلئے آپس میں لڑے (يَبْتَغُوْنَ فَضْلاً مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا) بعض کی اجتہادی خطاؤں اور غلط فہمیوں سے لڑائیاں ہوئیں اور حضرت امیر معاویہ ؓ اس باب میں اکیلے بھی نہ تھے بلکہ بہت سے جید صحابہ کرام رضی اللہ عنہم

marfat.com

ان کے ہمراہ تھے۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ صحابہ کرام کے تین گروہ ہو گئے تھے ان میں سے بعض خلیفہ برحق حضرت مولیٰ علی ﷺ کے ساتھ اور بعض حضرت امیر معاویہ ﷺ کے ساتھ اور بعض جو کثیر تعداد میں تھے، غیر جانبدار رہے اور حق ان پر آخر وقت تک واضح نہ ہوا۔ شارح مسلم حضرت امام نووی فرماتے ہیں۔ ترجمہ:

''ان جھگڑوں میں حق مشتبہ تھا اس لئے صحابہ کی ایک جماعت اس کے بارے میں کوئی فیصلہ نہ کر سکی۔ حیران اور سرگرداں رہی۔ اور اسی لئے انہوں نے دونوں جماعتوں سے کٹ کر لڑائی کی بجائے گوشہ گیری اختیار کر لی۔ اگر ان پر حق واضح ہو جاتا تو اس کی راہ میں ان کے قدم پیچھے نہ رہتے''۔ (نووی شرح مسلم ج ۲ص ۳۹۰ کتاب الفتن)

البتہ یہ بات ضرور ہے کہ خلیفہ چہارم سیدنا مولا علی شیر خدا کرم اللہ وجہہ کے ساتھ لڑنے والوں سے خطا ہوئی اور حق حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی جانب رہا لیکن ان سے لڑنے والوں کی خطا بھی خطائے اجتہادی کی طرح تھی۔ اس لئے اس پر بھی مواخذہ نہیں بلکہ یہ باعث اجر و ثواب ہے اور یہی اہلسنت کا مذہب ہے۔

حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہٗ النورانی فرماتے ہیں:

''اور لڑائیاں جھگڑے جو ان (صحابہ) کے درمیان واقع ہوئے وہ نیک مرادوں اور بلیغ حکمتوں پر محمول ہیں۔ وہ جہالت یا خواہش نفسانی کے تحت نہیں تھے بلکہ اجتہاد اور علم کی بنا پر تھے۔ اگرچہ بعض کے اجتہاد میں غلطی واقع ہوگئی۔ ایسے خطا کار کیلئے بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں ثواب کا ایک درجہ ہے۔ یہی افراط و تفریط کے درمیان راہ ہے جس کو اہلسنت و جماعت نے اختیار کیا اور یہی محفوظ اور مضبوط تر راستہ ہے''۔

(مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر ۵۹)

ہم کہتے ہیں جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان کوئی ذاتی عناد یا

marfat.com

نفسانی معاملہ درپیش نہیں تھا تو ہر سنّی مسلمان کو بھی تعصب سے دور رہنا چاہیے اور کسی صحابی کے بارے میں بدگوئی اور بدگمانی سے اپنا نامۂ اعمال سیاہ نہیں کر لینا چاہیے۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کا ارشاد گرامی جسے حضرت انس ﷺ سے بحوالہ خطیب سیدنا مجدد الف ثانی نے مکتوبات شریف میں نقل فرمایا اور علامہ ابن حجر مکی نے "الصواعق المحرقہ" کی زینت بنایا' ملاحظہ ہو۔

"اِنَّ اللّٰهَ اخْتَارَنِيْ وَاخْتَارَلِيْ اَصْحَابًا وَّاخْتَارَلِيْ مِنْهُمْ اَصْهَارًا وَّاَنْصَارًا فَمَنْ حَفِظَنِيْ فِيْهِمْ حَفِظَهُ اللّٰهُ وَمَنْ اٰذَانِيْ فِيْهِمْ اٰذَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى"۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لئے اصحاب کو پسند فرمایا اور ان میں سے بعض کو میرے لئے رشتہ دار اور مددگار پسند کیا۔ پس جس شخص نے ان کے حق میں (طعن و تشنیع سے) مجھے محفوظ رکھا اس کو اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا اور جس نے ان کے حق میں (طعن و تشنیع سے) مجھے ایذا دی اس کو اللہ تعالیٰ نے ایذا دی'۔

(مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر ۲۵۱، الصواعق المحرقہ اردو ص ۳۵)

اب آیئے قرآن و حدیث سے مزید رجوع کرتے ہیں تاکہ معلوم ہو سکے کہ خدا اور رسول ﷺ دونوں گروہوں کے اسلام اور ایمان کے بارے میں کیا فیصلہ سناتے ہیں۔ اگر آپ قرآن کریم دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ اللہ تعالیٰ آپس میں لڑنے والے دونوں گروہوں کو مومن ہی فرما رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا

marfat.com

بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ○ (الحجرات ۔۹۔۱۰)

ترجمہ: اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو ان میں صلح کراؤ پھر اگر ایک دوسرے پر زیادتی کرے تو اس زیادتی والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف پلٹ آئے پھر اگر پلٹ آئے تو انصاف کے ساتھ ان میں اصلاح کر دو اور عدل کرو بیشک عدل والے اللہ کو پیارے ہیں۔ مسلمان مسلمان بھائی ہیں تو اپنے دو بھائیوں میں صلح کرو اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم پر رحمت ہو۔ (کنزالایمان)

اب ذرا قرآن کریم کے مقدس الفاظ کہ "وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا" اور "اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ" دوبارہ غور سے دیکھیں۔ اللہ تعالیٰ آپس میں لڑنے والے دونوں گروہوں کو "مومن" اور "بھائی بھائی" فرما رہا ہے۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ دونوں گروہ ہی مومن تھے۔ جن کے ایمان کی گواہی خود اللہ تعالیٰ دے کوئی مسلمان ان کے مومن ہونے میں شک نہیں کر سکتا اور جب قرآن کہہ رہا ہے کہ دونوں گروہ مومن ہیں تو پھر یقین کرنا پڑے گا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں واقع ہو جانے والی جنگیں حق و باطل یا کفر و اسلام کی جنگیں نہیں تھیں۔ بلکہ یہ جنگیں اجتہادی خطاؤں اور غلط فہمیوں کے باعث واقع ہو گئیں۔ دونوں جانب مسلمان ہی تھے ایک طرف مولائے کائنات امیر المؤمنین خلیفۃ المسلمین جناب حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ان کے ساتھی کئی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے تو دوسری جانب اکیلے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ہی نہ تھے بلکہ ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ، حضرت طلحہ، حضرت زبیر اور بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تھے یعنی عشرہ مبشرہ میں سے بھی بعض ہستیاں شامل تھیں جن کو اللہ کے پیارے رسول ﷺ جنت کی خوشخبریاں سنا چکے ہیں تو پھر ان کے مومن ہونے میں کون شک کر سکتا ہے؟ گویا دونوں جانب مومن لوگ ہی تھے۔

اب ایک مشہور روایت جو صحیح بخاری شریف میں مختلف مقامات پر اور بعض

marfat.com

کتب حدیث میں بھی موجود ہے، ملاحظہ ہو۔ جناب رسولِ اکرم ﷺ نے امام حسن جب وہ چھوٹے بچے تھے کو اپنے پہلو مبارک میں لے کر بر سرِ منبر فرمایا:

إِنَّ ابْنِيْ هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهُ اَنْ يُّصْلِحَ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

(بخاری باب علامات نبوت، باب مناقب الحسن والحسین رضی اللہ عنہما مشکوٰۃ باب اہلبیت النبی ﷺ)

ترجمہ: میرا یہ بیٹا سردار ہے اور شاید اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کرا دے گا۔

علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے حضرت معاویہ کے گروہ کا نام مسلمان رکھا ہے اور اسلام میں اسے حضرت امام حسن کے گروہ کے مساوی قرار دیا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ دونوں فریقوں میں حرمت اسلام باقی ہے اور ان جنگوں کی وجہ سے وہ اسلام سے خارج نہیں ہوئے بلکہ برابر سطح پر ہیں پس دونوں میں سے کسی ایک کو بھی فسق اور نقص لاحق نہیں ہو سکتا''۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص۲۳۷)

اسی حدیث کے تحت محقق العصر علامہ شفقات احمد نقشبندی کی تحقیق ملاحظہ ہو فرماتے ہیں۔

''دنیا کا ہر ذی علم شخص جانتا ہے اور دنیا کی ہر مکتب فکر کی تاریخ کی تمام کتب اس بات پر گواہ ہیں کہ امام حسن ﷺ جب ۴۰ھ میں خلیفۃ المسلمین بنے تو صرف ۶ ماہ حکومت کرنے کے بعد جب کوفیوں نے آپ کو جناب امیر معاویہ ﷺ کے خلاف جنگ پر آمادہ کیا تو آپ نے جناب امیر معاویہ سے صلح کر لی تھی اور ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی اور اپنی خلافت ان کو لکھ کر دے دی تھی اور آپ کی اقتدا میں سیدنا امام حسین ﷺ

marfat.com

نے بھی جناب امیر معاویہ سے بیعت کر لی تھی اور یہ دو بڑے گروہ یعنی ایک سیدنا امام حسن ؓ کے ساتھ والے اور دوسرے سیدنا امیر معاویہ ؓ کے ساتھ والے تھے۔

جناب رسول اللہ ﷺ ان دونوں گروہوں کو مسلمان فرما رہے ہیں اب جس شخص کا زبانِ محمد مصطفیٰ ﷺ پر یقین اور ایمان ہے وہ تو سیدنا امیر معاویہ کے ایمان میں شک نہیں کر سکتا اور جس کو آپ کے ایمان میں شک ہے پھر اس کو رسول خدا ﷺ کے فرمان پر ہی شک ہے اور یہ حدیث شریف بخاری و مسلم کی متفق علیہ حدیث ہے اور ان کے علاوہ بھی حدیث کی تقریباً تمام کتابوں میں حضور ﷺ کا یہ فرمان موجود ہے۔

اب دو ہی راستے ہیں یا تو جناب رسول اللہ ﷺ کے فرمان مقدس پر ایمان لاتے ہوئے سیدنا امیر معاویہ کو پکا اور سچا مسلمان مان لیں یا پھر آپ کی عزت و عظمت کا انکار کرنے سے پہلے جناب رسول اللہ ﷺ کی زبان وحی نشان کا انکار کریں۔

بعض بازیگر یہاں یہ دھوکا دینے کی ناکام کوشش کرتے ہیں کہ جی حضور ﷺ نے مسلمان فرمایا ہے اور مسلمان تو صرف اوپر اوپر سے ماننے والے کو کہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ دھوکا روح قرآنی سے لاعلمی کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ ورنہ قرآن کریم میں تو ارشاد خداوندی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کو یہ وصیت کی تھی۔ "فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ" (۲/۱۳۲) یعنی تم مسلمان ہی مرنا۔ اللہ تعالیٰ کا اس وصیت ابراہیمی کو بیان فرمانے میں منشا یہ ہے کہ سب لوگ اس حکم کو تسلیم کر لیں اور ہر ایک کو مسلمان ہی مرنا چاہیے۔ حضور نے فرمایا: "اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ" (۶/۱۶۳، ۳۹/۱۲) میں پہلا مسلمان ہوں بلکہ اللہ

marfat.com

تعالیٰ نے فیصلہ ہی فرما دیا: ھُوَ سَمّٰکُمُ الْمُسْلِمِیْنَ۔ (۲۲/۷۸) کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارا نام مسلمان رکھا ہے۔ اب بتاؤ۔ خدا چاہتا ہے کہ ہر انسان مسلمان پیدا ہوتا ہے اسے مسلمان بن کر ہی زندگی گزارنی چاہیے اور مسلمان کہلوانا چاہیے اور مسلمان ہی مرنا چاہیے تو کیا ''معاذ اللہ'' اللہ تعالیٰ اور اللہ کے پیغمبر ﷺ منافقت کا حکم فرما رہے ہیں اور منافقت کا اعلان فرما رہے ہیں۔ استغفر اللّٰہ العظیم و اتوب الیہ۔ قرآن پاک میں مومن اور مسلمان دونوں الفاظ مترادف معنوں میں استعمال ہوئے ہیں۔ نیز اگر اس لفظ سے جناب امیر معاویہ کے ایمان پر شک آتا ہے تو پھر اس شک سے جناب امام حسن رضی اللہ عنہ بھی نہیں بچ سکتے۔ کیونکہ ان کیلئے بھی یہی لفظ بولا گیا ہے۔ لہٰذا جو کچھ بھی کہنا ہے دونوں کو کہو۔ اگر وہ ایمان والے ہیں تو یہ بھی ایمان والے ہیں اور اگر یہ ایمان والے نہیں تو ان کے ایمان سے انکار کرنا پڑے گا۔

نیز جناب حسنین کریمین نے جو سیدنا امیر معاویہ سے بیعت کی ان کو اپنی خلافت لکھ کر دے دی تو کیا آپ نے قرآن کے خلاف تو نہیں کیا؟ اللہ کا قرآن فرماتا ہے: ''ایمان والے اللہ اور اس کے رسول (ﷺ) کے دشمنوں سے دوستی نہیں کرتے''۔ (۵۸/۲۲) نیز فرمایا: ''جس کا دل ہماری یاد سے غافل ہو گیا اس کی اطاعت قبول نہ کرو۔ (۱۸/۲۸) اور ''جس نے جس سے دوستی رکھی وہ اسی جیسا سمجھا جائے گا''۔ (۵/۵۱، ۶۰/۱، ۹/۲۳ وغیرہ) اسی طرح کی بہت سی آیات پیش کی جا سکتی ہیں''۔ (مناقب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۱۰۳ تا ۱۰۵)

پس یہ ایک حقیقت ہے کہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے اپنے لشکریوں کے ہمراہ جن سے صلح فرمائی تھی وہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ تھے۔ آپ نے صلح کے ساتھ ساتھ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی بیعت بھی کی اور انہیں خلافت بھی سپرد فرمائی۔ لہٰذا حدیث پاک

marfat.com

میں مذکورہ دو جماعتوں سے مراد یہی دو گروہ ہیں۔

اب قرآن وحدیث کا فیصلہ آپ ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ لہٰذا جو شخص خود کو مومن سمجھتا ہے اور اسے ایمان بھی عزیز ہے۔ وہ تو بلا چون و چرا قرآن وحدیث کے اس بیان ذیشان پر ایمان لے آئے گا اور جو شخص خود کو اہلبیت اطہار رضی اللہ عنہم کا غلام کہتا ہے وہ بھی جناب امام عالی مقام سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی صلح اور بیعت کی تصدیق وتائید اور اتباع کرتے ہوئے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کے گروہ کو مومن ومسلمان تسلیم کرے گا۔ یعنی جیسے سیدنا امام حسن علیہ السلام نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت سپرد کر دی تھی۔ ''یہ غلام آلِ رسول اور خادمِ اہلبیت'' بھی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی حقیت کو مان لے گا۔ ان کی امارت وحکومت کو حق بجانب تسلیم کرے گا اور تفرقہ بازی کے خاتمہ میں اپنا کردار ادا کرے گا۔ ہاں جسے ایمان ہی عزیز نہ ہو اور قرآن وحدیث کی بھی اسے کچھ پروا نہ ہو یا جسے امام عالی مقام امام حسن علیہ السلام کا فیصلہ ہی قبول نہ ہو اس تیرہ بخت اور نام نہاد مُحبِ اہل بیت کو انکار سے کون روک سکتا ہے؟

یہاں پر معاندین امیر معاویہ سنی نما عالموں اور پیروں کیلئے بھی سامانِ عبرت موجود ہے جو قرآن وحدیث سے روگردانی کرتے ہوئے باہم لڑنے والے دو گروہوں میں سے ایک کے ضرور باطل پر ہونے پر اصرار کرتے ہیں۔ فَاعْتَبِرُوْا يٰۤاُولِي الْاَبْصَارِo

سب صحابہ جنتی، جنت میں رنجشیں دور ہو جائیں گی

اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا:

ا) وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ۔

(الاعراف۔۴۳)

ترجمہ: اور ہم نے ان کے سینوں میں سے کینے (رنجشیں) کھینچ لئے ان کے نیچے نہریں بہیں گی۔ (کنز الایمان)

marfat.com

۲) وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ۔
(الحجر۔۴۷)

ترجمہ: اور ہم نے ان کے سینوں میں جو کچھ کینے تھے سب کھینچ لئے آپس میں بھائی ہیں تختوں پر روبرو بیٹھے۔ (کنزالایمان)

مفسر قرآن حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی پہلی آیت مبارکہ کے تحت نقل فرماتے ہیں:

صواعق محرقہ میں ہے کہ یہ آیت حضرت ابوبکر صدیق ﷛ کے حق میں نازل ہوئی کہ رب نے ان کے سینے میں کسی کی طرف سے کینہ نہ چھوڑا۔ علی المرتضیٰ ﷛ فرماتے ہیں کہ یہ آیت اہلِ بدر کے حق میں ہے۔ میں اور عثمان اور طلحہ اس میں شامل ہیں بہرحال اس میں رفض کی جڑ کٹ گئی"۔ (نور العرفان)

ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"دنیا میں بعض غلط فہمیوں کی وجہ سے بسا اوقات متقی اور پارسا لوگوں کے تعلقات بھی کشیدہ ہو جاتے ہیں اور ایک دوسرے کے متعلق کدورت اور ملال پیدا ہو جاتا ہے کیونکہ ان کی یہ مخالفت اور باہمی رنجش نیک نیتی پر مبنی ہوتی ہے (یعنی نفسانی خواہش اور ذاتی بغض وعناد پر مبنی نہیں ہوتی) اس لئے جب قیامت کے دن انہیں جنت میں داخل ہونے کا اذن ملے گا تو ان کے آئینہ قلب سے ان رنجشوں اور کدورتوں کا غبار صاف کر دیا جائے گا اور وہ سابقہ مخالفتوں کا کوئی اثر محسوس نہیں کریں گے۔ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ فرمایا کرتے کہ مجھے توقع ہے کہ میں، عثمان، طلحہ اور زبیر (﷛) انہیں لوگوں میں سے ہیں جن کے متعلق اس آیت میں ارشاد فرمایا گیا ہے۔ ویروی عن علی رضی اللّٰہ عنہ انہ

marfat.com

قال: ارجو ان اكون انا و عثمان و طلحة و الزبير من الذين قال اللّٰه تعالیٰ فیهم و نزعنا۔ الخ (ضیاء القرآن جلد دوم ص ۳۰۔۳۱)

دیوبندی مفسر قرآن علامہ شبیر احمد عثمانی لکھتے ہیں:

"نَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِنْ غِلٍّ" سے مراد یا تو یہ ہے کہ باہم جنتیوں میں نعمائے جنت کے متعلق کس طرح کا رشک و حسد نہ ہوگا ہر ایک اپنے کو اور دوسرے بھائی کو جس مقام میں ہے دیکھ کر خوش ہوگا۔ بخلاف دوزخیوں کے کہ وہ مصیبت کے وقت ایک دوسرے کو لعن طعن کریں گے اور یا یہ مراد ہے کہ صالحین کے درمیان جو دنیا میں کسی بات پر خفگی ہو جاتی ہے اور ایک دوسرے کی طرف سے انقباض (طبیعت کا تکدر) پیش آتا ہے وہ سب جنت میں داخل ہونے سے پیشتر دلوں سے نکال دیا جائے گا وہاں ایک دوسرے سے سلیم الصدر ہوں گے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا: "مجھے امید ہے کہ میں، عثمان، طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہم انہی لوگوں میں سے ہوں گے"۔ (تفسیر عثمانی)

حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علیہ الرحمۃ القوی نقل فرماتے ہیں:

"ابو بکر نے ابوالبختری سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا۔ لوگوں نے حضرت علی ﷺ سے اصحاب جمل کی بابت دریافت کیا کہ کیا وہ لوگ مشرک ہیں؟ آپ نے کہا شرک تو وہ چھوڑ چکے ہیں۔ لوگوں نے کہا: کیا وہ منافق ہیں؟ آپ نے کہا: منافق خدا کو بہت ہی کم یاد کرتے ہیں۔ لوگوں نے کہا پھر وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: وہ ہمارے بھائی ہیں۔ انہوں نے ہم پر بغاوت کی اور آپ نے کہا میں امید کرتا ہوں کہ میں اور وہ ان لوگوں کی طرح ہوں گے کہ جن کی شان میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ:

marfat.com

"ونزعنا مافی صدورهم من غل اخوانا علی سرر متقبلین"
اور ہم نے ان کے دلوں سے کینہ نکال لیا۔ بھائیوں کی طرح آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے ہیں"۔ یہ حدیث متعدد طرق سے مروی ہے"۔

(ازالۃ الخفاء اردو، م ص ۵۴۹)

شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"ابن عسا کر بسند ضعیف حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں حاضر تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی حاضر خدمت تھے۔ حضرت علی ؓ حاضر خدمت اقدس ہوئے۔ حضور علیہ السلام نے معاویہ سے دریافت کیا کہ کیا تمہیں علی سے محبت ہے؟ عرض کیا ہاں یارسول اللہ! پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ عنقریب تمہارے درمیان چپقلش ہوگی۔ حضرت معاویہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ اس کے بعد کیا ہوگا؟ فرمایا اللہ تعالیٰ کی رضامندی اور عفو۔ حضرت معاویہ نے عرض کیا کہ ہم قضائے الٰہی پر راضی ہیں اسی وقت یہ آیت نازل ہوئی۔ ولو شآء اللّٰہ ما اقتتلوا ولکن اللّٰہ یفعل مایرید"۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۵۵)

کسی مسلمان کو صحابی سے کینہ نہیں ہوسکتا

اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی ایک اہم خصلت اور پسندیدہ عادت یہ بتائی ہے کہ وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے کینہ نہ ہونے کی دعا کرتے رہتے ہیں۔ قرآن کریم میں فرمایا:

وَالَّذِيْنَ جَآءُ وْ مِنْ ۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا

marfat.com

الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔ (الحشر۔۱۰)

ترجمہ: اور وہ جو ان کے بعد آئے عرض کرتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں بخش دے اور ہمارے بھائیوں کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ۔ اے رب ہمارے بے شک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے۔ (کنز الایمان)

صاحب نور العرفان جناب مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہ فرماتے ہیں:

''اس آیت میں رب نے قیامت تک کے مسلمانوں کی پہچان یہ بتائی کہ وہ تمام صحابہ کے دعا گو ہیں اور ان کے سینے صحابہ کے کینوں سے صاف ہیں۔ یعنی مسلمانوں کی کل تین جماعتیں ہوئیں۔ صحابہ مہاجر، صحابہ انصار اور ان سب کے دعا گو خیر خواہ سچے غلام۔ اب بتاؤ کسی صحابی سے بغض رکھنے والا کس زمرہ میں ہے۔ صحابہ سے بغض رکھنے والا تو مسلمانوں کی تینوں جماعتوں سے خارج ہے''۔ (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر ص ۴۲)

صحابی سے عداوت حضور ﷺ سے عداوت ہے

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے شرف صحابیت کا احترام نہ کرنے والے پہلے غور سے سنیں اور پھر اپنے انجام پر توجہ دیں۔ اللہ کے پیارے رسول ﷺ نے فرمایا:

''اَللّٰهَ اللّٰهَ فِيْ اَصْحَابِيْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا مِّنْ بَعْدِيْ فَمَنْ اَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّيْ اَحَبَّهُمْ وَمَنْ اَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِيْ اَبْغَضَهُمْ وَمَنْ اٰذَاهُمْ فَقَدْ اٰذَانِيْ وَمَنْ اٰذَانِيْ فَقَدْ اٰذَى اللّٰهَ وَمَنْ اٰذَى اللّٰهَ فَيُوْشِكُ اَنْ يَّاْخُذَهٗ''۔ (ترمذی ابواب المناقب، مشکوٰۃ باب مناقب الصحابہ)

marfat.com

ترجمہ: ''میرے صحابہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو میرے بعد انہیں اپنی اغراض (اعتراضات) کا نشانہ نہ بناؤ۔ جس نے ان سے محبت رکھی اس نے میری خاطر ان سے محبت رکھی اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے میرے ساتھ بغض کی وجہ سے ایسا کیا۔ جس نے انہیں اذیت دی اس نے مجھے اذیت پہنچائی اور جس نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت دی (ناراض کیا) اور جس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت پہنچائی قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے پکڑے''۔

اس حدیثِ پاک کے تحت محدث جلیل امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''یہ حدیث پاک صحابہ رضی اللہ عنہم کے متعلق وصیّت کی حیثیت رکھتی ہے جس میں ان سے محبت کی تاکید و ترغیب دی گئی ہے اور ان سے بغض رکھنے سے ڈرایا گیا ہے اور اس میں یہ اشارہ بھی پایا جاتا ہے کہ ان سے محبت رکھنا ایمان اور ان سے بغض رکھنا کفر ہے۔ کیونکہ جب ان سے بغض رکھنا آنحضرت ﷺ سے بغض رکھنا ہے تو وہ اس حدیث کے مطابق بلانزاع کفر ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اسے اس کی جان سے بھی زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔ یہ حدیث صحابہ کے کمال قرب پر دلالت کرتی ہے کہ آپ نے انہیں اپنی جان کا قائم مقام قرار دیا ہے یہاں تک کہ ان کی ایذا سے آپ کو ایذا پہنچتی ہے اور ایسے ہی رسول کریم ﷺ کے محبوبوں سے محبت رکھنا یعنی آپ کی آل اور اصحاب سے محبت رکھنا رسول کریم ﷺ سے محبت رکھنے کی علامت ہے اور یہ بات ایسے ہی ہے جیسے کہ آنحضرت ﷺ سے محبت رکھنا اللہ تعالیٰ سے محبت رکھنے کی علامت ہے۔ نیز آپ کے

marfat.com

اصحاب اور آل سے بغض وعداوت رکھنا ان کو برا بھلا کہنا رسول کریم ﷺ سے بغض وعداوت رکھنے اور آپ کو برا بھلا کہنے کے مترادف ہے۔ (معاذ اللہ) جو کسی سے محبت رکھتا ہے وہ اس سے بھی محبت رکھتا ہے جس سے اس کا محبوب محبت رکھتا ہے اور جس سے وہ بغض رکھتا ہے اس سے وہ بھی بغض رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

لا تجد قوما یؤمنون باللّٰہ والیوم الاٰخر یوادون من حاد اللّٰہ ورسولہٗ۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان لانے والوں میں سے تو کسی کو اس طرح کا نہ پائے گا کہ وہ اس چیز سے محبت رکھتے ہوں جس سے اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول دشمنی رکھتے ہیں۔

پس حضور ﷺ کی آل، ازواج، اولاد اور اصحاب سے محبت رکھنا متعین واجبات میں سے ہے اور ان سے بغض رکھنا تباہ و برباد کرنے والی چیزوں میں سے ہے"۔ (الصواعق المحرقہ اردو ص ۷۱۲ تا ۷۱۴)

"اور محبت کی حقیقت یہ ہے کہ محبوب کی اطاعت کی جائے اور نفس کی محبوبات اور مرغوبات کے مقابلہ میں اس کی مرضی اور محبت کو ترجیح دی جائے اور اس کے اخلاق وآداب سے ادب سیکھا جائے"۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص ۵۴۴)

اور شارح مشکوٰۃ صاحب مرآۃ جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اسی حدیث کے تحت فرماتے ہیں:

"یعنی صحابہ کرام میں سے کسی کو ستانا درحقیقت مجھے (یعنی حضور نبی اکرم ﷺ کو) ستانا ہے۔ امام مالک فرماتے ہیں صحابہ کو برا کہنے والا قتل کا مستحق ہے کہ اس کا یہ عمل عداوت رسول کی دلیل ہے۔ (مرقاۃ) اور

marfat.com

عداوت رسول عداوت رب ہے ایسا مردود دوزخ ہی کا مستحق ہے''۔

(مراۃ شرح مشکوٰۃ جلد ہشتم ص ۳۴۳)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''صحابہ کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے شرف صحابیت یقینی ہے اوران کے خلاف جو کچھ لکھا گیا وہ ظنی ہے اور ظن یقین کے معارض نہیں ہوسکتا اور یقین کو ظن کی وجہ سے نہیں چھوڑا جاسکتا''۔

(تکمیل الایمان فارسی بحوالہ سیدنا امیر معاویہ ﷺ اہل حق کی نظر میں ص ۱۷)

محدث لاہوری علامہ سید محمود احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ بالا حدیث پاک نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''اس مضمون کی بکثرت احادیث ہیں جن سے اس امر کی وضاحت ہوتی ہے کہ صحابہ کرام انصار ومہاجرین سے محبت رکھنا اوران کی تعظیم وتوقیر کرنا ہر مسلمان کیلئے لازمی ہے۔ یہ وہ نفوس قدسیہ ہیں جنہوں نے بلاواسطہ حضور اکرم ﷺ سے فیض حاصل کیا اور آپ پر جان و مال قربان کیا۔ دین اسلام کو اپنے خون سے سینچا اور اسلام کیلئے بڑی بڑی تکلیفیں اٹھائیں یہ افراد ساری قوم مسلم کے محسن و مخدوم ہیں ان سے محبت یقیناً اسلام ہے اوران سے بغض وعداوت منافقت ہے''۔

(فیوض الباری جلد اول ص ۱۵۰)

اب کوئی نام نہاد مفکر اسلام ہو یا کوئی سکالر جو بھی کسی صحابی میں عیب نکالے گا مذکورہ وعید کا مستحق ہوجائے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے ضرور پکڑے گا۔ شاید کوئی عبرت حاصل کرے۔ اللہ تعالیٰ ہی ہدایت دینے والا ہے۔

صحابہ ﷺ سے جلنے والے کافر

حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرام وہ نفوس قدسیہ ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی صحبت ومعیت کیلئے پسند فرمایا اور آپ کا معاون

marfat.com

ومددگار بنایا بلکہ ابھی ابھی آپ ترمذی اور مشکوۃ کی روایت کردہ ایک نہایت ہی مفصل حدیث پاک ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ حضور ﷺ نے صحابہ سے محبت کو اپنی محبت، ان سے بغض کو اپنا بغض، ان کی اذیت کو اپنی اذیت بلکہ اللہ کو اذیت دینے کے مترادف فرمایا۔

گویا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے نزدیک صحابہ کرام کی بہت قدر و منزلت ہے اور انہیں بہت عزت و عظمت عطا فرمائی گئی ہے۔ یہاں تک کہ جو لوگ ان سے حسد کرتے ہیں ان سے بغض رکھتے ہیں اور ان کے مقامات و درجات دیکھ کر جلتے ہیں انہیں کافر قرار دیا گیا ہے۔ فرمایا:

لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ۔ (الفتح۔۲۹)

ترجمہ: ''تا کہ غیض میں جلتے رہیں انہیں دیکھ کر کفار۔ (ضیاء القرآن)

کسی بھی مسلمان کو دوسرے مسلمان سے حسد کرنا اور اللہ تعالیٰ نے اسے جو نعمت اور عزت عطا فرمائی ہے اس کا برا چاہنا اور اسے دیکھ کر جلنا جائز نہیں۔ حسد سے نیکیاں برباد ہو جاتی ہیں۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (ترجمہ)

''حسد سے بچو کیونکہ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ لکڑی کو یا گھاس کو''۔ (ریاض الصالحین مترجم دوم ص ۲۹۱)

صاحب تفسیر نعیمی جناب مفتی احمد یار خان بدایونی رحمۃ اللہ علیہ زیر آیت ''اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰى مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ۔ پس حسد کرتے ہیں اس پر جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دیا۔ النسآء۔۵۴'' فرماتے ہیں:

''حسد کے معنی ہیں جلنا اور کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔ بخیل نہیں چاہتا کہ میں کسی کو اپنی نعمت دوں اور حاسد نہیں چاہتا کہ خدا تعالیٰ کسی کو اپنی نعمت دے''۔ (تفسیر نعیمی پ ۵ ج ۵ ص ۱۲۷)

اب جب عام مسلمانوں سے جلنا اور اللہ تعالیٰ کی بخشی ہوئی عزت و عظمت اور نعمت و دولت پر حسد کرنا جائز نہیں تو افضل ترین طبقۂ امت یعنی حضور سرور عالم ﷺ

marfat.com

کے پیارے صحابہ کرام جنہیں خود اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم ﷺ کی صحبت و معاونت کیلئے پسند فرمایا ہے' سے حسد کرنا اور ان کی شان وشوکت اور عزت وعظمت دیکھ کر جلنا کیونکر روا ہوسکتا ہے۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو مسلمانوں سے حسد کرنے سے منع فرما دیا ہے۔ لہٰذا ایک مسلمان تو عام مسلمان سے بھی حسد نہیں کرتا۔ اب عام مسلمان تو کجا جو شخص خاص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے حسد کرے اسے مسلمان کہلانے کا کیا حق حاصل ہے۔ اور حسد بغیر عداوت کے نہیں ہوسکتا جبکہ صحابہ کرام سے عداوت حضور اکرم ﷺ سے عداوت ہے اور اس پر ایک مفصل حدیث پاک جو آپ پہلے ''صحابی سے عداوت حضور ﷺ سے عداوت ہے'' کے عنوان سے ملاحظہ فرما چکے ہیں۔ اس کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں:

''میرے صحابہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ میرے بعد انہیں (اپنے اعتراضات کا) نشانہ نہ بناؤ۔ جس نے ان سے محبت کی اس نے میری خاطر ان سے محبت کی اور جس نے ان سے بغض رکھا اس نے میرے ساتھ بغض کی وجہ سے ایسا کیا۔ جس نے انہیں اذیت پہنچائی اس نے مجھے اذیت پہنچائی اور جس نے مجھے اذیت پہنچائی اس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت دی اور جس نے اللہ تعالیٰ کو اذیت دی قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے پکڑ ے''۔ (ترمذی ابواب المناقب۔ مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ)

اب صحابہ کرام سے بغض و عداوت رکھنے والا اور ان سے حسد کی آگ میں جلنے والا کیونکر مسلمان ہوگا' جس کے حسد کی زد پہلے آقا و مولیٰ جناب محمد رسول اللہ ﷺ پر اور پھر اللہ تعالیٰ پر پڑتی ہو اور وہ اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بھی دوچار ہو۔ جبکہ اللہ تعالیٰ کی گرفت بڑی سخت ہے۔ (اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۔ القرآن) اور اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام سے حسد کرنے والوں کو کافر ہی فرمایا ہے۔ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۔ تاکہ غیض میں جلتے رہیں انہیں دیکھ کر کفار۔ اسی آیہ مقدسہ سے استدلال کرتے ہوئے

marfat.com

سیدنا امام مالک بن انس ﷺ نے فرمایا:

''جس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کرام کے ساتھ بغض وعداوت رکھی وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے''۔

(کتاب الشفاء اردو دوم ص ۱۰۶)

حضرت علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''اس آیت میں امام مالک ﷺ نے روافض کے کفر کا مفہوم اخذ کیا ہے جو آپ کی ایک روایت میں بیان ہوا ہے کیونکہ یہ لوگ صحابہ سے بغض رکھتے ہیں۔ فرماتے ہیں: کیونکہ صحابہ ان کو غصہ دلاتے ہیں اور جسے صحابہ غصہ دلائیں وہ کافر ہے۔ یہ ایک اچھا ماخذ ہے جس کی شہادت آیت کے ظاہری الفاظ سے ملتی ہے۔ حضرت امام شافعی ﷺ نے بھی روافض کے کفر میں آپ سے اتفاق کیا ہے۔ اسی طرح ائمہ کی ایک جماعت بھی اس معاملہ میں آپ سے متفق ہے''۔ (الصواعق المحرقہ اردو ص ۴۹۶)

اور امام ربانی قیوم زمانی سیدنا مجدد الف ثانی قدس سرہ النورانی فرماتے ہیں:

''تمام بدعتی فرقوں میں سے بدتر وہ فرقہ ہے جو رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بغض رکھتا ہے۔ اللہ نے اپنے قرآن میں ان لوگوں کو کافر کہا ہے۔ (فرمایا) لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ''۔

(مکتوبات حصہ اول مکتوب نمبر ۵۴)

صاحب تفسیر نور العرفان جناب مفتی احمد یار خان علیہ الرحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں:

''معلوم ہوا کہ صحابہ سے جلنے والے سب کافر ہیں۔ قرآن کریم نے کسی اسلامی فرقے پر صراحۃً کفر کا فتویٰ نہ دیا سوا دشمن صحابہ کے''۔

(تفسیر نور العرفان یہی آیت)

marfat.com

''اور صحابہ کے جس قدر فضائل و درجات اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بیان فرمائے ان سب میں امیر معاویہ داخل ہیں۔ رب نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کل صحابہ سے جنت کا وعدہ فرما چکا۔ ان کیلئے تقویٰ و طہارت لازم فرمادی وہ سب سچے ہیں اللہ ان سے راضی ہو چکا وہ اللہ سے راضی ہو چکے۔ وہ بڑے کامیاب ہیں۔ ان سے جلنے والے، عناد رکھنے والے کفار ہیں وغیرہ وغیرہ ان سب میں امیر معاویہ یقیناً داخل ہیں''۔ (امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۴۲۔۴۳)

عظمت صحابہ، بُرا بھلا کہنا منع

اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو بڑی عزت وعظمت عطا فرمائی اور انہیں اپنے محبوب ﷺ کا جانثار ساتھی بنایا۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے انہیں اپنی صحبت کیلئے پسند کیا، عزیز رکھا اور محبوب جانا اُن کی خوشی کو اپنی خوشی اور ان کی اذیت کو اپنی اذیت قرار دے کر اُن کا مقام ومرتبہ بڑھایا اور انہیں بُرا بھلا کہنے اور سب وشتم کرنے سے روک کر ان کی عزت افزائی فرمائی۔ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ا) ''لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَلَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا مَّا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِیْفَهٗ۔ (مشکوٰۃ ص ۵۵۳ باب مناقب الصحابة بحوالہ بخاری ومسلم)

ترجمہ: میرے صحابہ کو بُرا نہ کہو کیونکہ اگر تم میں سے کوئی ایک احد (پہاڑ) برابر سونا خیرات کرے تو اُن کے ایک مُد کو نہ پہنچے نہ آدھے کو۔

شارح مشکوٰۃ صاحب مراۃ جناب مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''چار مُد کا ایک صاع ہوتا ہے اور ایک صاع ساڑھے چار سیر کا تو مد ایک سیر آدھ پاؤ ہوا یعنی میرا صحابی قریباً سوا سیر (ایک کلوگرام سے

marfat.com

کچھ زائد) جو خیرات کرے اور ان کے علاوہ کوئی مسلمان خواہ غوث و قطب ہو یا عام مسلمان پہاڑ بھر سونا خیرات کرے تو اس کا سونا قرب الٰہی اور قبولیت میں صحابی کے سوا سیر کو نہیں پہنچ سکتا۔ یہ ہی حال روزہ، نماز اور ساری عبادات کا ہے، جب مسجد نبوی کی نماز (ثواب میں) دوسری جگہ کی نمازوں سے پچاس ہزار گنا ہے تو جنہوں نے حضور ﷺ کا قرب اور دیدار پایا۔ ان کا کیا پوچھنا اور ان کی عبادات کا کیا کہنا...... اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرات صحابہ کا ذکر ہمیشہ خیر سے ہی کرنا چاہیے کسی صحابی کو ہلکے لفظ سے یاد نہ کرو، یہ حضرات وہ ہیں جنہیں رب نے اپنے محبوب کی صحبت کیلئے چنا۔ مہربان باپ اپنے بیٹے کو بُروں کی صحبت میں نہیں رہنے دیتا تو مہربان رب نے اپنے نبی کو بروں کی صحبت میں رہنا کیسے پسند فرمایا''۔ (مراۃ شرح مشکوٰۃ ج ۸ ص ۳۳۵)

۲) ''لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَوَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ اَنْفَقَ مِثْلَ اُحُدٍ ذَھَبًا مَا اَدْرَکَ مُدَّ اَحَدِھِمْ وَلَا نَصِیْفَہٗ۔

(مسلم ج ۲ ص ۳۱۰ باب تحریم سب صحابہ رضی اللہ عنہم، ترمذی ابواب المناقب، ابن ماجہ باب فضل اہل بدر رضی اللہ عنہم)

ترجمہ: میرے صحابہ کو برا نہ کہو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے اگر تم میں سے کوئی احد پہاڑ جتنا سونا خرچ کرے تو وہ کسی صحابی کے ایک مد یا نصف مد کے برابر نہیں ہو سکتا۔

۳) ''اِحْفَظُوْنِیْ فِیْ اَصْحَابِیْ وَاَصْھَارِیْ وَاَنْصَارِیْ فَمَنْ حَفِظَنِیْ فِیْھِمْ حَفِظَہُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَمَنْ لَّمْ یَحْفَظْنِیْ فِیْھِمْ تَخَلَّی اللّٰہُ مِنْہُ وَمَنْ تَخَلَّی اللّٰہُ مِنْہُ یُوْشِکُ اَنْ یَّاْخُذَہٗ۔

(الصواعق المحرقہ ص ۴)

marfat.com

ترجمہ: میرے صحابہ، سسرال اور معاونین کے بارے میں مجھے حفاظت میں رکھو۔ سو جس نے ان کے بارے میں مجھے حفاظت میں رکھا اسے اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں حفاظت میں رکھے گا اور جس نے میری ان کے بارے میں حفاظت نہ کی وہ اللہ کی رحمت سے دور ہو گیا اور جو اللہ کی رحمت سے دور ہو گیا قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا مواخذہ کرے۔

۴) اِنَّ اَشْرَارَ اُمَّتِیْ اَجْرَءُ هُمْ عَلٰی اَصْحَابِیْ۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اوّل مکتوب نمبر ۲۵۱۔ صواعق محرقہ اردو ص ۷۰۴ بحوالہ ابن عدی)

ترجمہ: میری امت میں سے بدترین وہ لوگ ہیں جو میرے اصحاب پر دلیر ہیں۔

۵) جو شخص کسی نبی کو گالی دے اس کو قتل کر دو اور جو شخص میرے صحابہ میں سے کسی کو گالی دے اس کو قرار واقعی سزا دو۔ (کتاب الشفاء اردو دوم ص ۳۸۳)

اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَقَامُ اَحَدِهِمْ سَاعَةً خَيْرٌ مِّنْ عَمَلِ اَحَدِكُمْ عُمْرَهٗ۔

(ابن ماجہ باب فضل اہل بدر رضی اللہ عنہم)

ترجمہ: حضور ﷺ کے صحابہ کو برا بھلا نہ کہو کیونکہ ان کی بارگاہ رسول ﷺ میں ایک گھڑی کی حاضری تمہارے زندگی بھر کے عمل سے بہتر ہے۔

اب فرمائیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ محبوب رکھتے ہیں اور انہیں برا بھلا کہنے سے روکتے ہیں ان کے بارے میں ایک مسلمان کا رویہ کیسا ہونا چاہیے۔ آپ نے مندرجہ بالا احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں ذرا خدا اور رسول ﷺ کو یاد کر کے اور سینہ پر ہاتھ رکھ کر بتائیں کہ اگر کوئی نام نہاد مفکر اسلام اور مفسر قرآن جو قرآن و حدیث کا عالم ہونے کا دعویٰ بھی کرے اور بعض صحابہ

marfat.com

خصوصاً حضرت امیر معاویہ ؓ جو حضور ﷺ کے عظیم صحابی، کاتب وحی، محرم راز اور عزیز رشتہ دار بھی ہیں کو غیر آئینی کام کرنے یا باطل پر ہونے کا طعن بھی کرے تو کیا وہ جناب رسول اللہ ﷺ کا باغی اور نافرمان نہیں؟ اور کیا وہ بدترین امت نہیں؟ کوئی بتائے کہ اس زبان دراز اور ستم شعار نے صحابہ کرام کے بارے میں حضور رسول خدا ﷺ کے حقوق کی کیا حفاظت کی؟ اس نے کوئی حفاظت نہ کی بلکہ اس نے اذیت دی اور حدیث پاک کے مطابق رحمت خداوندی سے دور ہو کر مواخذہ خداوندی سے دوچار ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو ایسے لوگوں سے محفوظ فرمائے۔

صحابہ کو برا کہنے والا لعنتی

جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

۱) "لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِیْ فَمَنْ سَبَّهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا (اَیْ فَرْضًا وَّلَا نَفْلًا)۔ (تطہیر الجنان ص ۳)

ترجمہ: میرے صحابہ کو برا مت کہو کیونکہ جس شخص نے کسی صحابی کو برا کہا اس پر اللہ کی اور فرشتوں کی اور انسانوں کی سب کی لعنت۔ اللہ اس کی نہ فرض عبادت قبول کرے گا نہ نفل عبادت۔

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۱۰)

۲) مَنْ سَبَّ اَصْحَابِیْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ الناہیہ عن طعن امیر معاویہ ؓ ص ۱۵ مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب نمبر ۲۵۱ بحوالہ طبرانی)

ترجمہ: جس نے میرے اصحاب کو گالی دی اس پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور تمام آدمیوں کی لعنت ہے۔

marfat.com

۳) اِذَا رَاَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَسُبُّوْنَ اَصْحَابِیْ فَقُوْلُوْا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰی شَرِّکُمْ۔

(ترمذی ابواب المناقب، مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ، الصواعق المحرقہ اردو ص ۴۷ بحوالہ خطیب)

ترجمہ: جب تم انہیں دیکھو جو میرے صحابہ کو برا کہتے ہیں تو کہو تمہارے شر پر اللہ کی لعنت۔

۴) اِنَّ اللّٰهَ اخْتَارَنِیْ وَاخْتَارَلِیْ اَصْحَابًا فَجَعَلَ لِیْ مِنْهُمْ وُزَرَاءَ وَّاَنْصَارًا وَّاَصْهَارًا فَمَنْ سَبَّهُمْ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے مجھے چنا اور میرے لئے میرے رفقا کو چنا ان سے میرے وزیر، مشیر اور مددگار اور رشتہ دار بنائے اور جس نے ان کی بدگوئی کی اس پر اللہ تعالیٰ کی، فرشتوں کی اور سارے انسانوں کی لعنت۔ اللہ تعالیٰ اس کے کسی فرض و نفل کو قبول نہیں فرمائیں گے۔

(الطبرانی والحاکم بحوالہ سیدنا امیر معاویہ ﷺ اہل حق کی نظر میں ص ۵۲)

مندرجہ بالا احادیث مبارکہ سے معلوم ہوا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہنے والا شخص لعنتی ہوتا ہے لہٰذا جو شخص خدا و رسول ﷺ کا کلمہ پڑھتا ہے اور حضور ﷺ پر صدق دل سے ایمان رکھتا ہے وہ تو ضرور عبرت حاصل کرے گا اور صحابہ کرام کا ادب و احترام بجالائے گا۔ لیکن جو شخص سچے دل سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان ہی نہیں لایا اسے کیا، وہ نہ تو احادیث مبارکہ میں وارد کسی وعید کی پروا کرتا ہے اور نہ ہی صحابہ کرام پر سب و شتم سے باز آتا ہے۔ استغفر اللہ۔

ہم اللہ و رسول ﷺ کے ان منکرین، دشمنانِ صحابہ سے مخاطب بھی نہیں بلکہ اس وقت ہم صرف اہل ایمان سے مخاطب ہیں جو اللہ و رسول ﷺ پر صدق دل سے ایمان رکھتے ہیں اور احادیثِ مبارکہ کے مطابق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو برا بھلا کہنے والوں

marfat.com

کو لعنتی جانتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کے ایمان کی حفاظت فرمائے۔

یہ تو دشمنانِ صحابہ کی بات ہو رہی تھی۔ حدیث پاک میں انہیں تو لعنتی فرمایا ہی گیا ہے اب اس عالم دین کی بات سنئے اور اس کی بدنصیبی ملاحظہ کیجئے جو علم ہونے کے باوجود دشمنانِ صحابہ کے شر کو دور کرنے کیلئے اپنا علم ظاہر نہ کرے حدیث پاک کے مطابق ایسا عالم بھی لعنتی ہی ہے۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اِذَا ظَهَرَتِ الْفِتَنُ اَوْ قَالَ الْبِدَعُ وَسُبَّتْ اَصْحَابِیْ فَلْیُظْهِرُ الْعَالِمُ عِلْمَهٗ فَمَنْ لَّمْ یَفْعَلْ ذَالِكَ فَعَلَیْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ عَدْلًا وَّلَا فَرْضًا"۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر اوّل مکتوب نمبر ۲۵۱)

ترجمہ: جب فتنے اور بدعتیں ظاہر ہو جائیں اور میرے اصحاب کو گالیاں دی جائیں تو عالم کو چاہیے کہ اپنے علم کو ظاہر کرے پس جس نے ایسا نہ کیا اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے اللہ تعالیٰ اس کا کوئی فرض و نفل قبول نہ کرے گا۔

کسی صحابی کے مخالف کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا منع

اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کیلئے پوری نوع انسانیت میں سے صحابہ کرام کو منتخب فرمایا ہے: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِهِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی ۔(النمل۔۵۹)

ترجمہ: تم کہو سب خوبیاں اللہ کو اور سلام اس کے چنے ہوئے بندوں پر۔

(کنزالایمان)

اس آیت کی تفسیر میں رئیس المفسرین حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

"اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ اِصْطَفَاهُمُ اللّٰهُ لِنَبِیِّهٖ مُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰهُ

marfat.com

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ)"۔

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی محمد مصطفیٰ ﷺ کیلئے ان کے صحابہ کو چن لیا۔

(الریاض النضرۃ ج اص ۱۸)

پھر اللہ تعالیٰ صحابہ کرام سے راضی بھی ہو چکا ہے اور قرآن کریم میں "رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ" کا سرٹیفکیٹ دے کر ان کی شان اور بھی بڑھا چکا ہے۔ اس کے باوجود بعض لوگ اس قرآنی سرٹیفکیٹ کو تسلیم نہیں کرتے اور صحابہ سے راضی نہیں ہوتے۔ (استغفر اللہ) ایسے لوگ جو کسی صحابی کو برا بھلا کہیں یا اس کی تنقیص شان کریں وہ حضرات صحابہ ہی سے کیا اللہ و رسول ﷺ سے بھی راضی نہیں۔ در حقیقت اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے راضی نہیں جو اس کی رضا اور منشاء کو پسند نہیں کرتے۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو ایسے مخالفین صحابہ نہ صرف پسند نہیں بلکہ ان کے ساتھ میل جول رکھنا بھی پسند نہیں۔ حتیٰ کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے ایسے لوگوں کے ساتھ میل جول رکھنے اور اٹھنے بیٹھنے سے منع فرما دیا، ملاحظہ ہو:

"اَنَّ اللّٰهَ اخْتَارَنِیْ وَاخْتَارَلِیْ اَصْحَابًا وَّاَصْهَارًا وَّسَیَاْتِیْ قَوْمٌ یَسُبُّوْنَهُمْ وَیَنْتَقِصُوْنَهُمْ فَلَا تُجَالِسُوْهُمْ وَلَا تُشَارِبُوْهُمْ وَلَا تُوَاکِلُوْهُمْ وَلَا تُنَاکِحُوْهُمْ"۔ (الصواعق المحرقہ ص ۴ بحوالہ العقیلی)

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لئے میرے صحابہ اور سسرال پسند کیے عنقریب کچھ لوگ ہوں گے جو ان کو گالی دیتے ہوں گے (برا بھلا کہتے ہوں گے) ان کی تنقیص کریں گے تو تم ان کے ساتھ مت بیٹھنا اور نہ ہی ان کو پینے کو دینا اور نہ ان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا اور نہ ان سے نکاح کا معاملہ کرنا۔

حضور سیدنا غوث اعظم حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے ایک حدیث یوں نقل فرمائی ہے۔ (ترجمہ)

marfat.com

''حضرت انس ﷺ کی روایت میں آپ ﷺ کا ارشاد ہے:

''اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لئے میرے صحابہ کرام کو پسند فرمایا۔ پس ان کو میرا معاون اور رشتہ دار بنایا اور آخری زمانے میں کچھ لوگ ایسے آئیں گے جو ان کی توہین کریں گے۔ خبردار! ان کے ساتھ مت کھاؤ، خبردار! ان کے ساتھ مت پیو، خبردار! ان کے ساتھ نکاح نہ کرو۔ خبردار! ان کے ساتھ نماز نہ پڑھنا اور خبردار! ان کی نماز جنازہ بھی نہ پڑھنا''۔ (غنیۃ الطالبین اردو ص ۲۶۹)

اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے:

فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ۔ (الانعام۔ ۶۸)

ترجمہ: تو یاد آئے پر ظالموں کے پاس نہ بیٹھو۔ (کنز الایمان)

مفسر قرآن مفتی احمد یار خان اس کے تحت فرماتے ہیں:

''اس سے معلوم ہوا کہ بری صحبت سے بچنا نہایت ضروری ہے برا یار برے سانپ سے بدتر ہے کہ بُرا سانپ جان لیتا ہے اور برا یار ایمان برباد کرتا ہے'' (نور العرفان)

معلوم ہوا جو لوگ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بارے میں زبان درازی کرتے ہیں۔ انہیں برا بھلا کہتے ہیں۔ وہ یقیناً اپنی سیاہ بختی میں اضافہ کرتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور جناب رسول اللہ ﷺ کو نہ صرف ایسے زبان دراز لوگ پسند نہیں بلکہ ان لوگوں سے میل جول رکھنا بھی پسند نہیں۔

محبت صحابہ، محبت رسول ﷺ کے سبب سے ہے

ہمارے آقا و مولیٰ جناب رسول اللہ ﷺ نے اپنی محبت کو محبت صحابہ کا سبب قرار دیا ہے۔ فرمایا:

marfat.com

اَللّٰہَ اَللّٰہَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْھُمْ غَرَضًا مِّنْ بَعْدِیْ فَمَنْ اَحَبَّھُمْ فَبِحُبِّیْ اَحَبَّھُمْ۔ (ترمذی ابواب المناقب، مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ)

ترجمہ: میرے صحابہ کے بارے میں اللہ سے ڈرو میرے بعد انہیں نشانہ نہ بناؤ جس نے ان سے محبت کی اس نے میری خاطر ان سے محبت کی۔

(مدارج النبوت اردو اول ص ۵۳۰)

معلوم ہوا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کا اصل سبب جناب رسول اللہ ﷺ کی محبت ہے۔ ان کی نسبت رسول خدا ﷺ سے ہے وہ حضور اکرم ﷺ کے شرف صحبت سے مشرف ہونے والے ہیں۔ سب کے سب حضور ﷺ کے جانثار وفدائی ہیں ان سے محبت دراصل نسبت رسول (ﷺ) سے محبت ہے۔ پس جس کو نبی اکرم رسول معظم ﷺ سے محبت ہوگی وہ ضرور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی محبت رکھے گا۔ حضرت علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"جس مسلمان کا دل اللہ اور رسول ﷺ کی محبت سے پُر ہو، اس پر واجب ہے کہ اپنے نبی حضرت محمد ﷺ کے تمام اصحاب رضی اللہ عنہم سے محبت رکھے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان پر بڑی عنایتیں کی ہیں کہ کوئی دوسرا ان کا شریک نہیں ہے۔ سب سے بڑی نعمت تو ان کو یہ ملی کہ سرور عالم ﷺ کی نظر (کیمیا اثر) ان پر پڑی اور حضرت نے ان کی تربیت فرمائی کہ اب کوئی دوسرا ان کے کمال اور استعداد اور وسعت علوم اور مرتبہ وراثت نبی کو نہیں پہنچ سکتا اور یہ بھی واجب ہے کہ اپنے نبی ﷺ کے تمام صحابہ کو عادل سمجھے، جیسا کہ اس پر ائمہ سلف وخلف کا اتفاق ہے۔ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم سے بظاہر نظر جو کچھ نامناسب باتیں منقول ہیں اللہ نے ان کو معاف کردیا ہے کیونکہ اس نے فرمایا ہے۔ "رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ" یعنی اللہ ان سے راضی ہے اور وہ اللہ سے راضی ہیں اور

marfat.com

آنحضرت ﷺ نے ان کی بہت تعریف فرمائی اور ان کی بدگوئی سے منع فرمایا اور اس میں کسی صحابی کی تخصیص نہیں کی۔ حالانکہ اگر تخصیص مقصود ہوتی تو ضرور تخصیص کرنا چاہیے تھی پس معلوم ہوا کہ عموم مراد ہے ورنہ ایسا مجمل کلام ہرگز نہ ہوتا اور اس میں شک نہیں کہ حضرت معاویہ ﷺ باعتبار نسب اور قرابتِ رسول کے اور علم وحلم کے اکابر صحابہ رضی اللہ عنھم سے ہیں پس ضروری ہوا کہ ان اوصاف کے سبب سے جو ان کی ذات میں بالاجماع موجود ہیں ان سے محبت کی جائے''۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۱۳۔ مقدمہ)

افسوس! بعض لوگ مسلمان کہلاتے ہیں۔ سنی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔ جناب رسول اللہ ﷺ کا کلمہ پڑھتے ہیں۔ حضور ﷺ سے بڑی محبت ہونے کا دم بھرتے ہیں لیکن نسبتِ رسول کا احترام نہیں کرتے اور اپنے دعویٰ کے مطابق حضور سے محبت کی خاطر آپ کے صحابہ کرام سے محبت نہیں کر سکتے۔ اور محبت تو کجا بعض صحابہ خصوصاً سیدنا امیر معاویہ ﷺ سے نفرت کرتے ہیں۔ استغفر اللہ۔

اور یہ تو نحو (گرائمر) کا بھی مسئلہ ہے کہ جو نکرہ معرفہ کی طرف مضاف ہو وہ نکرہ بھی معرفہ ہو جاتا ہے یعنی جو عام چیز کسی خاص چیز کی طرف منسوب ہو جائے وہ عام چیز بھی خاص ہو جاتی ہے مثلاً کتا ایک عام چیز ہے اور ہر کوئی اسے بنظر حقارت ہی دیکھتا ہے لیکن جس کتے کو اصحاب کہف سے نسبت ہوگئی وہ معزز ہو گیا اور ہر کسی نے اسے عزت کی نظر سے دیکھا گویا اب یہ عام کتا نہیں جس سے نفرت کی جاتی ہے بلکہ خاص کتا ہو گیا جسے ہر کوئی عزت دیتا ہے۔ اور یہ تو اصحاب کہف کی نسبت ہے جس نے ان کے کتے کو دیگر کتوں سے ممتاز کر دیا۔ تو پھر ایمان سے کہیے خاصوں کے خاص جنابِ حبیب خدا، سرورِ دوسرا، شہر یارِ ارض وسما، امام الانبیاء حضور خیر الوریٰ علیہ التحیۃ والثناء کی نسبت کا کیا حال ہوگا۔ ارے جناب! جس چیز کو بھی حضور ﷺ سے نسبت

marfat.com

ہو جاتی ہے وہی اعلیٰ ہو جاتی ہے۔ مثلاً حضور ﷺ کی نسبت سے آپ کی امت سب امتوں سے اعلیٰ۔ حضور کا شہر تمام شہروں سے اعلیٰ، حضور کا دین سب دینوں سے اعلیٰ، حضور کی امت کے اولیاء دیگر امتوں کے اولیاء سے اعلیٰ اسی طرح حضور کے صحابہ تمام امت سے اعلیٰ بلکہ تمام انبیاء علیہم السلام کے صحابہ سے اعلیٰ۔ لہذا انہیں اعلیٰ سمجھنا اور ان سے محبت رکھنا گویا حضور ﷺ اور آپ کی نسبت کو اعلیٰ سمجھنا اور اس کا احترام کرنا ہے۔

پھر حیرت ہے کہ اللہ تعالیٰ تو اپنے مقبول بندوں ''اصحاب کہف'' کی نسبت سے ان کے کتے کی شان بڑھا رہا ہے لیکن یہ نام نہاد کلمہ گو مسلمان کہلا کر بھی بلکہ بعض تو مسلمانوں کے ''رہبر اور رہنما'' بن کر بھی جناب رسول ﷺ کے صحابہ تک کی عزت نہیں کرتے۔ ان لوگوں کو در حقیقت نسبت رسول کا کوئی احترام نہیں اور محبت رسول (ﷺ) کا کچھ بھی پاس نہیں۔ (استغفر اللہ)

بہر حال ہم اپنے پیارے سُنی بھائیوں سے گزارش کریں گے کہ وہ اپنے اسلام اور ایمان کی خاطر اللہ کے پیارے رسول ﷺ سے مضبوط رشتہ جوڑیں اور ان نام نہاد مفکرانِ اسلام سے دور رہیں۔ محبت رسول ﷺ کو ہر بات پر ترجیح دے کر آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے دلی طور پر محبت رکھیں کہ یہ باعث محبت رسول (ﷺ) ہے جو اصل ایمان ہے اور اسی میں ساری بھلائی ہے۔ حضور سرور عالم نبی اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔

''جب اللہ میرے کسی امتی کی بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کے دل میں میرے صحابہ کی محبت ڈال دیتا ہے''۔

(برکات آل رسول ص ۲۷۸ اردو ترجمہ الشرف المؤبد لآل محمد ﷺ)

اللہ صحابہ سے راضی اور صحابہ اللہ سے راضی

ہر مسلمان کی یہ تمنا ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہو جائے۔ وہ اسلام

marfat.com

قبول کرتا ہے تو اسی خواہش سے۔ ساری ساری رات عبادت میں گزارتا ہے تو اسی آرزو کے ساتھ اور جان کا نذرانہ ہاتھ میں لئے ہوئے میدان جہاد میں نکلتا ہے تو بھی اسی اشتیاق سے کہ رب ذوالجلال اس سے راضی ہو جائے' وہ اسی کوشش اور اسی تگ و دو میں رہتا ہے کہ اللہ اس سے راضی ہو جائے۔ اللہ کے راضی ہونے کا پتہ نہیں چلتا' پتہ تو جب چلے جب اسے کچھ بتا دیا جائے جبکہ اللہ تعالیٰ نے اسے کچھ بتایا ہی نہیں کہ وہ اس سے راضی ہو چکا ہے یا نہیں' اور اس کی عبادت و ریاضت دربارِ خداوندی میں مقبول ہو چکی ہے یا نہیں۔ لیکن نثار جائیں صحابہ کرام کی عظمت و عزت پر جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اپنی رضا کا اعلان فرما دیا ہے کہ اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی۔ سنئے آیاتِ مقدسہ اور کہئے سبحان اللہ! فرمایا:

۱) وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ۔ (التوبہ ۱۰۰)

ترجمہ: اور سب میں اگلے پہلے مہاجر و انصار اور جو بھلائی کے ساتھ ان کے پیرو ہوئے اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی۔ (کنزالایمان)

۲) رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔ (المجادلۃ ۲۲)

ترجمہ: اللہ ان سے راضی اور وہ اللہ سے راضی یہ اللہ کی جماعت ہے۔ سنتا ہے اللہ ہی کی جماعت کامیاب ہے۔ (کنزالایمان)

ان آیاتِ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوبِ کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے جانثار و وفا شعار صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی جو فضیلت اور عزت و کرامت بیان فرمائی ہے اور جس واضح انداز میں انہیں اپنی رضا کا پروانہ عطا فرمایا ہے' وہ اپنی مثال آپ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا کسی خوش نصیب سے راضی ہو جانا اس کو کوئی معمولی انعام و اکرام نہیں بلکہ انسانیت کی معراج ہے۔ بندے کی تمام ریاضتوں اور عبادتوں کا مقصود

marfat.com

رضائے خداوندی ہی ہے لہٰذا صحابہ کرام کی خوش بختی میں شک نہیں ہوسکتا۔

اور حضرت امیر معاویہ بھی صحابہ کی اسی صف میں شامل ہیں جنہیں اللہ نے اپنی رضا کا پروانہ عطا فرمایا ہے اور یہ بات محدثین نے تسلیم کی ہے اور ان کے نام کے ساتھ ؓ لکھتے ہیں۔ شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''صحابہ کرام اور محدثین عظام حضرت امیر معاویہ کی مدح کرتے ہیں حالانکہ وہ حضرت علی ؑ کے فضائل اور واقعات اختلافیہ کے تمام لوگوں سے زیادہ واقف ہیں اور ان کی تصدیق حجت ہے۔ امام قسطلانی شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ مناقب کا مجموعہ ہیں۔ اسی طرح شرح مسلم میں ہے کہ آپ کا شمار عدول فضلا اور صحابۂ اخیار میں ہوتا ہے..... محدثین کرام ان کے نام کے بعد ؓ لکھتے ہیں جیسا کہ دیگر صحابہ کے نام کے بعد لکھتے ہیں بلا تفریق۔

(معترضین حضرت امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۳۵)

اللہ تعالیٰ کے راضی ہو جانے کے بعد بھی صحابہ کرام خصوصاً خلیفۂ راشد سیدنا عثمان غنی اور امیر المومنین امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کی عزت وعظمت اور شرافت وکرامت پر طعن وتشنیع کرنے والا گویا اپنے ایمان کی کھیتی کو خود ہی برباد کرنے والا ہے۔

اور پھر جو یہ فرمایا کہ: "وَرَضُوْا عَنْهُ" یعنی وہ صحابہ اللہ سے راضی تو یہ گویا ان کی عزت افزائی کیلئے فرمایا۔ اب اللہ تعالیٰ تو صحابہ کرام کی عزت افزائی فرمائے اور کوئی دشمن صحابہ ان پر تنقید کرکے اور انہیں طعن وتشنیع کا نشانہ بنا کے ان کی عزت گھٹانے کی کوشش کرے کیا وہ صرف دشمن صحابہ ہی ہے یا دشمن خدا و رسول (ﷺ) بھی ہے۔ ایسے نام نہاد ''مفکر اسلام'' کی حرماں نصیبی میں کسے شک ہوسکتا ہے۔

اور اگر کسی مسلمان کا مقصد حیات رضائے خداوندی نہیں۔ اسے یوم آخرت اور حساب وکتاب کی بھی کوئی پروا نہیں۔ اس نے تصدیق قلبی کے بغیر محض زبان سے

marfat.com

کلمہ پڑھا ہے تو ہم اس نام نہاد مسلمان کی بات نہیں کرتے آخر اس کے پاس کون سا ایسا ایمان ہے جو برباد ہو جائے گا؟

اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو حقیقی دولت ایمان سے نوازے اور جب صحابہ کرام سے خود راضی ہو چکا ہے، ہمیں بھی ان سے راضی ہو جانے اور ان کا ادب واحترام کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

marfat.com

باب نمبر۲

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے خصوصی فضائل

marfat.com

حضرت امیر معاویہ ﷺ کے خصوصی فضائل

مفسر قرآن جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ رقم طراز ہیں:

''امیر معاویہ ﷺ کے فضائل دو طرح کے ہیں ایک عمومی دوسرے خصوصی۔ عمومی فضائل یہ ہیں کہ جلیل الشان عظیم المرتبت صحابی رسول ہیں۔ لہٰذا صحابہ کے جس قدر فضائل و درجات اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بیان فرمائے ان سب میں امیر معاویہ داخل ہیں۔ رب نے فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ کل صحابہ سے جنت کا وعدہ فرما چکا ہے۔ ان کیلئے تقویٰ اور طہارت لازم فرمادی۔ وہ سب سچے ہیں اللہ ان سے راضی ہو چکا وہ اللہ سے راضی ہو چکے وہ بڑے کامیاب ہیں ان سے جلنے والے عناد رکھنے والے کفار ہیں وغیرہ وغیرہ۔ ان سب میں امیر معاویہ یقیناً داخل ہیں۔

نیز امیر معاویہ نبی کریم ﷺ کے نسبی عزیز اور سسرالی قرابت دار ہیں۔ لہٰذا جو آیات حضور ﷺ کے اہل قرابت کے متعلق نازل ہوئیں ان سب میں بھی امیر معاویہ شامل ہیں اور حضور ﷺ نے جس قدر مراتب و درجات صحابہ کرام یا اپنے اہل قرابت کے بیان فرمائے ان سب میں بھی امیر معاویہ شامل ہیں۔ فرمایا: ''میرے صحابہ تارے ہیں تم جس کی پیروی کرو گے ہدایت پا جاؤ گے۔ میرے صحابہ کا سوا سیر جو خیرات کرنا تمہارے پہاڑ بھر سونا خیرات کرنے سے افضل ہے۔ میرے صحابہ سے جس نے بغض رکھا اس نے مجھ سے بغض رکھا اور جس نے ان سے محبت کی اس نے مجھ سے محبت کی وغیرہ وغیرہ ان سب میں بھی امیر معاویہ ﷺ شامل ہیں۔

marfat.com

اگر امیر معاویہ ﷺ کے اور کوئی خصوصی فضائل نہ بھی ہوتے تب بھی یہ فضائل بہت شاندار تھے جیسے جن انبیائے کرام (علیہم السلام) کے خصوصی فضائل قرآن وحدیث میں نہیں وارد ہوئے وہ بھی عظمت والے اور واجب الاحترام ہیں ان پر ہمارا ایمان ہے کہ خود نبوت عظیم الشان درجہ ہے ایسے ہی صحابہ رضی اللہ عنہم کے متعلق عقیدہ رکھنا چاہیے...... صحابیت اور قرابت رسول اللہ ﷺ کے علاوہ امیر معاویہ میں بے شمار خصوصی فضائل بھی ہیں''۔ (امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۳۲ تا ۳۴)

نسبی فضیلت

جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''آپ کا نام معاویہ کنیت ابوعبدالرحمٰن ہے۔ آپ والد کی طرف سے بھی پانچویں پشت میں اور والدہ کی طرف سے بھی پانچویں پشت میں حضور انور ﷺ سے مل جاتے ہیں۔ والد کی طرف سے سلسلہ نسب یہ ہے۔

''معاویہ ابن ابوسفیان ابن حرب ابن امیہ ابن عبدالشمس ابن عبد مناف۔

والدہ کی طرف سے سلسلۂ نسب یہ ہے۔ معاویہ ابن ہند بنت عتبہ ابن ربیعہ ابن عبدالشمس ابن عبد مناف۔

یہ عبد مناف نبی کریم ﷺ کے چوتھے دادا ہیں کیونکہ حضور محمد رسول اللہ ﷺ ابن عبداللہ ابن عبدالمطلب ابن ہاشم ابن عبد مناف ہیں۔

امیر معاویہ ﷺ عبد مناف میں حضور ﷺ سے مل جاتے ہیں لہٰذا امیر معاویہ نسبی لحاظ سے حضور ﷺ کے قریبی اہل قرابت میں سے ہیں''۔

(امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۳۷۔۳۸)

حضرت امام احمد ابن حجر مکی شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''امیر معاویہ ﷺ باعتبار نسب کے... آنحضرت ﷺ سے یہ

marfat.com

نسبت اوروں کے زیادہ قریب تھے کیونکہ وہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ عبد مناف میں جا کے مل جاتے ہیں۔

عبد مناف کے چار بیٹے تھے۔ ایک ہاشم جو آنحضرت ﷺ کے دادا تھے دوسرے مطلب جو شافعی کے دادا تھے تیسرے عبدالشمس جو حضرت عثمان اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما کے دادا تھے چوتھے نوفل۔ پہلے تین بیٹے حقیقی بھائی تھے"۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۲۳،۲۴)

مفسر قرآن مولانا محمد نبی بخش حلوائی رحمۃ اللہ علیہ رقم طراز ہیں:

"اگر ہم حضور نبی کریم ﷺ کے شجرہ نسب پر نظر ڈالیں تو معلوم ہوگا کہ حضرت معاویہ ﷺ حضرات حسنین رضی اللہ عنہما کے بھائی تھے...... حضرت معاویہ ﷺ حضرت حسن ﷺ سے بیس سال اور حضرت حسین ﷺ سے اکیس سال بڑے تھے۔ فتح مکہ کے بعد حضرت امیر معاویہ ﷺ کا سارا خاندان مشرف باسلام ہو چکا تھا۔ اب حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت امیر معاویہ ﷺ کو کھل کر اپنی آغوش رحمت میں لے لیا اور آپ کی خصوصی تربیت کی"۔ (الناہ الحامیہ لمن ذم المعاویہ ص ۱۱۰)

قبول اسلام

جناب حافظ ابن عساکر سے منقول ہے:

"قَالَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ لَمَّا كَانَ عَامُ الْحُدَيْبِيَةِ وَصَدَّتْ قُرَيْشٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَيْتِ وَ دَافَعُوْهُ بِالدَّاحِ وَكَتَبُوْا بَيْنَهُمْ وَالْقَضِيَّةَ وَقَعَ الْاِسْلَامَ فِيْ قَلْبِيْ"

ترجمہ: حضرت معاویہ بن ابوسفیان فرماتے ہیں جس سال صلح حدیبیہ ہوئی

marfat.com

جب قریش نے جناب رسول اللہ ﷺ کو خانہ کعبہ کا طواف کرنے سے اور عمرہ کرنے سے روک دیا تھا اور ان کے درمیان صلح نامہ لکھا گیا اس وقت ہی اسلام میرے دل میں گھر کر گیا تھا"۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہ ؓ ص ۹۴-۹۵ بحوالہ ابن عساکر نمبر ۳۴ ص ۳۰۳)

شیخ المحققین حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"اہل سیر بتاتے ہیں کہ امیر معاویہ ؓ کا اسلام لانا قبل از فتح مکہ اور قبل از تشریف آوری سید عالم برائے فتح مکہ ہے۔ وہ اس سے پہلے گئے اور حضور اکرم ﷺ کا طریقہ معلوم کیا۔ مروی ہے فرمایا کہ "میں عمرۃ القضاء کے دن اسلام لایا اور میں نے رسول اللہ ﷺ سے مسلمان ہونے کی حالت میں ملاقات کی"۔ (مدارج النبوت اردو دوم ص ۹۳۰)

علامہ ابن اثیر اور حافظ ابن کثیر نقل کرتے ہیں:

"سیدنا امیر معاویہ ؓ فرمایا کرتے تھے کہ وہ عمرۃ القضاء کے موقع پر اسلام لائے اور رسول اللہ ﷺ سے مسلمان ہو کر ملے لیکن اپنے باپ اور اپنی ماں سے اسلام مخفی رکھا"۔

(اسد الغابہ اردو ج ۴-۳۸۵ تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۵۲۷)

جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"صحیح یہ ہے کہ امیر معاویہ ؓ خاص صلح حدیبیہ کے دن ۷ھ میں اسلام لائے مگر مکہ والوں کے خوف سے اپنا اسلام چھپائے رکھا پھر فتح مکہ کے دن اپنا اسلام ظاہر فرمایا۔ جن لوگوں نے کہا ہے کہ وہ فتح مکہ کے دن ایمان لائے وہ ظہور ایمان کے لحاظ سے کہا۔ جیسے حضرت عباس ؓ در پردہ جنگ بدر کے دن ہی ایمان لا چکے تھے مگر احتیاطاً اپنا ایمان چھپائے رہے اور فتح مکہ میں ظاہر فرمایا تو لوگوں نے انہیں بھی فتح مکہ کے

marfat.com

مومنوں میں شمار کردیا۔ حالانکہ آپ قدیم الاسلام تھے بلکہ بدر میں بھی کفار مکہ کے ساتھ مجبوراً تشریف لائے تھے۔ اسی لئے نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ کوئی مسلمان عباس ؓ کو قتل نہ کرے وہ مجبوراً لائے گئے ہیں۔

امیر معاویہ کے حدیبیہ میں ایمان لانے کی دلیل وہ حدیث ہے جو امام احمد نے امام باقر بن امام زین العابدین بن امام حسین رضی اللہ عنہم سے روایت فرمائی کہ امام باقر سے عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ان سے امیر معاویہ ؓ نے فرمایا کہ میں نے حضور ﷺ کے احرام سے فارغ ہوتے وقت حضور کے سر شریف کے بال کاٹے مروہ پہاڑ کے پاس۔ نیز وہ حدیث بھی دلیل ہے جو بخاری شریف نے بروایت طاؤس عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت فرمائی کہ حضور ﷺ کی یہ حجامت کرنے والے امیر معاویہ ؓ ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ حجامت عمرہ قضا میں واقع ہوئی جو صلح حدیبیہ سے ایک سال بعد ۸ ھ میں ہوا کیونکہ حجۃ الوداع میں نبی ﷺ نے قران کیا تھا اور قارن مروہ پر حجامت نہیں کراتے بلکہ منیٰ میں دسویں ذی الحجہ کو کراتے ہیں۔ نیز حضور ﷺ نے حج وداع میں بال نہ کٹوائے تھے بلکہ سر منڈایا تھا۔ ابوطلحہ نے حجامت کی تھی تو لامحالہ امیر معاویہ ؓ کا یہ حضور کے سر شریف کے بال تراشنا عمرہ قضا میں فتح مکہ سے پہلے ہوا۔ معلوم ہوا کہ امیر معاویہ ؓ فتح مکہ سے پہلے ایمان لا چکے تھے۔

اور عذر و مجبوری اور ناواقفیت کی حالت میں ایمان ظاہر نہ کرنا جرم نہیں کیونکہ حضرت عباس ؓ نے قریباً چھ برس اپنا ایمان ظاہر نہ کیا، مجبوری کی وجہ سے نیز اس وقت ان کو یہ معلوم نہ تھا کہ اسلام کا اعلان ضروری ہے لہٰذا اس ایمان کے مخفی رکھنے میں نہ امیر معاویہ پر اعتراض

marfat.com

ہوسکتا ہے نہ حضرت عباس پر (رضی اللہ عنہم اجمعین) ہماری اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ امیر معاویہ ﷺ نہ فتح مکہ کے مومنین سے ہیں نہ مولفۃ القلوب میں سے''۔

(امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۳۸ تا ۴۰)

اور ایسا ہی حضرت امام احمد ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی بے نظیر کتاب تطہیر الجنان میں نقل فرمایا ملاحظہ ہو تطہیر الجنان سیدنا امیر معاویہ ﷺ ص ۱۷ تا ۱۹ اُردو ترجمہ

بشارت یافتہ اور قابل حکمران تھے

محدث جلیل امام احمد ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''ابو بکر بن ابی شیبہ نے اپنی سند سے حضرت معاویہ ﷺ سے روایت نقل کی ہے کہ وہ کہتے تھے مجھے اس وقت سے برابر خلافت ملنے کی امید رہی جب سے رسول خدا ﷺ نے مجھے فرمایا کہ ''اے معاویہ! جب تم بادشاہ ہونا تو نیکی کرنا'' اور ابو یعلیٰ نے اپنی سند سے جس میں سوید ہیں اور ان کے متعلق کچھ جرح بھی ہے مگر وہ جرح مُضر نہیں ہے۔ حضرت معاویہ ﷺ سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے تھے رسول خدا ﷺ نے (ایک مرتبہ) میری طرف دیکھا اور فرمایا: ''اے معاویہ! اگر تم کو حکومت ملے تو اللہ سے ڈرنا اور انصاف کرنا''۔ حضرت معاویہ ﷺ کہتے ہیں اس وقت سے مجھے یہ اُمید رہی کہ مجھے کہیں کی حکومت ملنے والی ہے یہاں تک کہ حضرت عمر ﷺ کی طرف سے مجھے شام کی حکومت ملی پھر حضرت امام حسن ﷺ کے خلافت ترک کر دینے کے بعد خلافت حاصل ہوگئی۔ اس حدیث کو امام احمد نے اپنی مرسل سند سے روایت کیا ہے مگر ابو یعلیٰ نے اس کو سند صحیح سے موصول کیا ہے اس کے الفاظ حضرت معاویہ ﷺ سے اس طرح مروی

marfat.com

ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے اصحاب رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ ''وضو کرو، پس جب وہ وضو کر چکے تو حضرت ﷺ نے میری طرف دیکھا اور فرمایا کہ اے معاویہ! اگر تم کو کہیں کی حکومت ملے تو اللہ سے ڈرنا اور انصاف کرنا'' اور ''طبرانی نے اوسط'' میں اس قدر مضمون زائد روایت کیا ہے کہ ''نیکوکاروں کی نیکی قبول کرنا اور بدکاروں سے درگزر کرنا۔

اور امام احمد نے ایک دوسری سند حسن سے روایت کیا ہے کہ جب حضرت ابو ہریرہ ﷺ بیمار ہوئے تو بجائے ان کے حضرت معاویہ ﷺ نے پانی کا برتن اٹھالیا اور رسول خدا ﷺ کو وضو کرانے لگے۔ حضرت ﷺ نے وضو کرنے میں ایک مرتبہ یا دو مرتبہ سر اٹھایا اور فرمایا کہ ''اے معاویہ! اگر تم کو کہیں کی حکومت ملے تو اللہ سے ڈرنا اور انصاف کرنا'' حضرت معاویہ ﷺ کہتے ہیں اس وقت سے مجھے برابر یہ خیال رہا کہ مجھے عنقریب خلافت ملنے والی ہے، یہاں تک کہ مل گئی''۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۴-۳۵)

''گویا آنحضرت ﷺ نے حضرت معاویہ ﷺ کو بتایا تھا کہ وہ بادشاہ بنے گا اور آپ نے اسے حسن سلوک کا حکم دیا تھا۔ حدیث میں آپ ان کی خلافت کے درست ہونے کے متعلق اشارہ پائیں گے اور حضرت امام حسن ﷺ کی دستبرداری کے بعد وہ اس کے حقدار تھے۔ کیونکہ آپ ﷺ کا انہیں احسان کا حکم دینا بادشاہ ہونے پر مترتب ہوتا ہے۔ جس سے ان کی خلافت کے درست ہونے کی وجہ سے نہ کہ غالب آنے کی وجہ سے ان کی حکومت و خلافت کی حقیت، صحت تصرف اور نفوذ افعال پر دلالت ہوتی ہے۔ کیونکہ خود بخود غلبہ حاصل کرنے والا فاسق اور عذاب پانے والا ہوتا ہے وہ خوشخبری کا استحقاق نہیں رکھتا اور نہ ہی اسے ان سے حسن

marfat.com

سلوک کا حکم دیا جا سکتا ہے جن پر وہ غلبہ حاصل کرتا ہے بلکہ وہ تو اپنے قبیح افعال اور برے احوال کی وجہ سے زجر وتوبیخ اور انتباہ کا مستحق ہوتا ہے۔

اگر حضرت معاویہ ؓ متغلب ہوتے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ضرور اس طرف اشارہ فرماتے یا انہیں صراحت سے بتاتے۔ جب آپ ﷺ نے صراحت کی بجائے اس طرف اشارہ تک بھی نہیں کیا تو یہ بات آپ کی حقیقت پر دلالت کرتی ہے جس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ آپ حضرت امام حسن ؓ کی دستبرداری کے بعد سچے اور برحق خلیفہ تھے"۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص ۲۲۴)

حضرت قاضی عیاض اندلسی شفا شریف میں نقل فرماتے ہیں:

"نبی کریم ﷺ نے حضرت معاویہ ؓ کو بادشاہی کی وعادی تھی تو انہیں خلافت حاصل ہوگئی"۔ (کتاب الشفاء اردو اول ص ۳۹۹)

حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"دیلمی نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ رسول خدا ﷺ سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے "یہ دن رات ختم نہ ہوں گے یہاں تک کہ معاویہ بادشاہ ہو جائیں گے" اور آجری نے کتاب الشریعۃ میں عبدالملک بن عمیر سے روایت کی ہے وہ کہتے تھے کہ حضرت معاویہ ؓ نے فرمایا میں اس وقت سے خلافت کی خواہش رکھتا ہوں جب سے میں نے رسول خدا ﷺ سے سنا کہ آپ نے مجھ سے فرمایا: "اے معاویہ! اگر تم بادشاہ ہو جاؤ تو لوگوں کے ساتھ نیکی کرنا"۔

(ازالۃ الخفاء اردو اول ص ۳۳۵ دوم ص ۵۴۶،۵۴۵)

"اور جب یزید بن ابی سفیان نے وفات پائی تو اپنے بھائی

marfat.com

معاویہ بن ابی سفیان کو اپنا جانشین کر گئے۔ حضرت عمر فاروق ؓ نے انہیں بھی وہی وصیت نامہ لکھ بھیجا جو ان کے بھائی یزید بن ابی سفیان کو لکھا تھا۔ اور وہی عہدہ و منصب اور اختیارات دیئے جو ان کے بھائی کو دیئے گئے تھے"۔

"پھر جب حضرت عمر فاروق ؓ شام کی طرف گئے اور آپ نے امیر معاویہ ؓ کو دیکھا تو فرمایا: یہ عرب کے کسریٰ ہیں کیونکہ یہ سواروں کی ایک بہت بڑی اردلی (جلوس) کے ساتھ آپ کے استقبال کو آئے تھے۔

جب ملاقات ہوئی آپ نے (استفسار) فرمایا۔ تم بڑی اردلی لے کر آئے ہو۔ عرض کیا: ہاں یا امیر المومنین! فرمایا: اس اردلی کے علاوہ میں نے سنا ہے کہ تمہارے دروازے پر حاجتمند لوگ کھڑے رہتے ہیں (یعنی اپنے دروازے پر سنتری رکھتے ہو) عرض کیا: ہاں یا امیر المومنین! فرمایا اس کی وجہ؟ عرض کیا ہم ایسی زمین میں ہیں جہاں ہمارے دشمن کے جاسوس بکثرت پھر رہے ہیں۔ اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ بادشاہ اسلام کی حشمت درعب کا اظہار کریں۔ اگر آپ حکم دیں تو اس طریق کو جاری رکھوں اور اگر آپ منع کریں تو ترک کر دوں۔ آپ نے فرمایا: اے معاویہ! ہم تجھ سے کسی امر کا سوال نہیں کرتے مگر یہ کہ تم ہمیں ایک قوی شخص کے پنجہ میں چھوڑ دیتے ہو۔ اگر یہ حق ہے تو یہ بھی نہ کہتے کہ ایک عقلمند کی رائے ہے اور اگر باطل ہے تو وہ ایک ادیب ولسان شخص کی چالبازی ہے۔ عرض کیا: اے امیر المومنین! آپ مجھے اس کے متعلق کچھ حکم فرمائیے۔ فرمایا: نہ میں حکم کرتا ہوں نہ ہی میں منع کرتا ہوں۔ حضرت عمرو بن العاص ؓ نے عرض کیا: اے امیر المومنین! آپ نے دیکھا جس

marfat.com

امر میں آپ انہیں گرفتار کرنا چاہتے تھے کس طرح نکل گئے۔ فرمایا: انہیں وجوہات کے سبب ہم نے انہیں کام میں ڈالا ہے (یعنی حکومت دی ہے)"۔ (ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۱۳۰۔ تاریخ ابن کثیر جلد ہشتم ص ۹۶۱، ۹۶۲)

ترمذی شریف کی ایک روایت ملاحظہ فرمائیں:

"حضرت ابوادریس خولانی سے روایت ہے جب حضرت عمر بن خطاب ﷜ نے عمیر بن سعد کو معزول کر کے حضرت معاویہ ﷜ کو والی بنایا تو لوگوں نے کہا: آپ نے عمیر کو معزول کر کے حضرت معاویہ ﷜ کو امیر مقرر فرمایا: اس پر عمیر نے کہا: حضرت معاویہ کا ذکر خیر ہی سے کیا کرو۔ کیونکہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو فرماتے سنا۔ "یا اللہ! ان کے ذریعہ لوگوں کو ہدایت دے"۔

(ترمذی ابواب المناقب، مناقب معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما)

حضرت علامہ شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"حضرت عمر فاروق بن خطاب ﷜ نے حضرت معاویہ کو شام کا گورنر بنایا حالانکہ آپ تو حکام و امراء کی صلاح وفساد میں بہت احتیاط فرماتے تھے۔ اور حضرت عثمان غنی ﷜ نے بھی حضرت معاویہ ﷜ کو معزول نہ کیا بلکہ ان کو گورنری پر بحال رکھا"۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۳۹)

"امام قسطلانی شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ ﷜ مناقب کا مجموعہ ہیں۔ اسی طرح شرح مسلم میں ہے کہ آپ کا شمار عدول فضلاء اور صحابہ اخیار میں ہے۔ امام یافعی فرماتے ہیں کہ: آپ نہایت بُردبار، سخی، سیاستدان، صاحبِ عقل، سیاست کا ملہ کے حق دار اور صاحب الرائے تھے گویا کہ حکومت کرنے کیلئے ہی پیدا ہوئے تھے"۔

marfat.com

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷛ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۳۵)

محقق ذیشان مفسر قرآن جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق

ملاحظہ ہو، لکھتے ہیں:

''آپ کے دمشق کا حاکم بننے کا واقعہ یوں ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق ﷛ نے ملک شام پر لشکر کشی کی تو شام کا حاکم امیر معاویہ ﷛ کے بھائی یزید بن ابوسفیان کو مقرر فرمایا۔ اتفاقاً امیر معاویہ ﷛ اپنے بھائی کے ساتھ شام گئے۔ جب یزید بن ابوسفیان کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے امیر معاویہ ﷛ کو اپنی جگہ حاکم مقرر کر دیا۔ یہ تقرر عہد فاروقی میں ہوا۔ حضرت عمر فاروق ﷛ نے اس تقرر کو جائز رکھا چنانچہ امیر معاویہ خلافت فاروقی میں اور پورے عہد عثمان ﷛ میں اس گورنری کے عہدے پر بیس سال تک فائز رہے۔[1] پھر عہد علی المرتضیٰ ﷛ میں علی المرتضیٰ سے خون عثمان کے بدلے کا مطالبہ کیا اور عرض کیا کہ سب سے پہلے ان کے خون کا بدلہ لیا جائے۔ آخر نوبت یہاں تک پہنچی کہ امیر معاویہ نے حضرت علی المرتضیٰ (﷛) سے بغاوت[2] کر دی۔ اور شام کے مستقل امیر

---

[1] مولانا مودودی نقل کرتے ہیں: ''حضرت معاویہ ﷛ سیدنا عمر فاروق ﷛ کے زمانے میں صرف دمشق کی ولایت پر تھے۔ حضرت عثمان نے ان کی گورنری میں دمشق، حمص، فلسطین، اُردن اور لبنان کا پورا علاقہ جمع کر دیا''۔ (خلافت و ملوکیت ص ۱۰۷، ۱۰۸)

[2] یہی مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:

''باغی مسلمانوں کی وہ جماعت ہے جو خلیفہ برحق کے مقابل آ جائے کسی غلط فہمی کی بنا پر نہ کہ نفسانی وجہ سے۔ اس کو فاسق و فاجر نہیں کہہ سکتے کہ قرآن نے انہیں مومن فرمایا۔ دیکھئے الحجرات۔ ۹''۔ (امیر معاویہ ﷛ پر ایک نظر ص ۲۰)

''ہاں اب اردو میں باغی کا لفظ بے ادبی کے معنی میں آتا ہے۔ لہٰذا حضرت امیر معاویہ یا ان کی جماعت یا کسی صحابی پر یہ لفظ نہ بولا جائے کیونکہ ہماری اصطلاح میں باغی غدار اور ملک و قوم کے دشمن کو کہا جاتا ہے۔ اصطلاح بدل جانے سے حکم بدل جاتا ہے''۔ (امیر معاویہ ﷛ پر ایک نظر ص ۲۱) (بقیہ اگلے صفحہ پر)

marfat.com

بن گئے۔ پھر امام حسن ؓ نے چھ ماہ خلافت فرما کر امیر معاویہ ؓ کے حق میں خلافت سے دستبرداری فرمائی اور امیر معاویہ ؓ تمام مملکت اسلامیہ کے امیر ہو گئے۔ غرضیکہ آپ عہد فاروقی و عثمانی میں بیس سال تک حاکم رہے اور بعد میں بیس (۲۰) سال تک امیر' کل چالیس سال حکومت کی......

امیر معاویہ ؓ نہایت دیانتدار، سخی، سیاستدان، قابل حکمران' وجیہہ صحابی تھے۔ آپ نے عہد فاروقی و عثمانی میں نہایت قابلیت سے حکمرانی کی۔ آپ کی حکومت میں نہایت آسانی سے مالیہ وصول ہو جاتا تھا جو مدینہ منورہ پہنچا دیا جاتا تھا۔ عمر فاروق و عثمان غنی رضی اللہ عنہما آپ سے نہایت خوش رہے۔ عمر فاروق (ؓ) نہایت محتاط اور حکام پر سخت گیر تھے اور ذرا سے قصور پر حکام کو معزول فرما دیتے تھے۔ معمولی سی گرفت پر خالد بن ولید ؓ جیسے جرنیل کو معزول فرما دیا۔ مگر اس کے باوجود امیر معاویہ ؓ کو برقرار رکھا جس سے معلوم ہوا کہ آپ سے اتنی دراز مدت میں کوئی لغزش سرزد نہ ہوئی''۔ (امیر معاویہ ؓ پر ایک نظر ص ۴۰ تا ۴۲)

مفسر قرآن مولانا محمد نبی بخش حلوائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

(سابقہ بقیہ ۲) تہذیب العقائد شرح عقائد نسفی کی تصریح ملاحظہ ہو:

''جب خلافت نبوی کا زمانہ گزر چکا اور حکومت و سلطنت کا دور شروع ہوا تو حضرت امام حسن ؓ نے معاویہ ؓ سے صلح کر لی اس لئے انہیں اہلسنت و جماعت نے اسلام کا پہلا سلطان مانا ہے۔ یہ صلح حضرت امام حسن ؓ کی مقبول تھی حضرت ؐ نے جو ان کی نسبت فرمایا تھا۔ لَعَلَّ اللّٰهُ اَنْ يُّصْلِحَ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ رواہ البخاری (اُمید ہے کہ اللہ صلح کرا دے گا ان کی وجہ سے مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں) محققین اہلسنت کے نزدیک یہاں صلح سے یہی صلح مراد ہے پس جن لوگوں کے نزدیک بغاوت کا اطلاق معاویہ ؓ پر تھا۔ اس صلح کے بعد وہ بھی نہ رہا''۔ (تہذیب العقائد شرح عقائد نسفی ص ۹۴-۹۵)

marfat.com

''تاریخ کی معتبر کتابوں میں لکھا ہے کہ حضرت امیر معاویہ ؓ کا دورِ امارت اسلام کا بہترین دور تھا۔ جب حضرت امیر معاویہ ؓ نے امارت سنبھالی تو حضرت امام حسن ؓ امیر المؤمنین تھے۔ تمام بنی ہاشم صحابہ کرام نے بلا اکراہ برضا و رغبت حضرت امام حسن ؓ کی بیعت کی۔ مگر جب حضرت حسن ؓ نے حضرت امیر معاویہ ؓ سے معاہدہ کیا تو ان تمام حضرات نے امام حسن ؓ کے فیصلے کی تائید کی اور حضرت امیر معاویہ ؓ کے حق میں اعتماد کا اظہار کیا۔ کعب احبار نے لکھا ہے کہ سارے مسلمان حکمرانوں کا تجزیہ کرتے ہیں تو ہمیں حضرت امیر معاویہ ؓ جیسا صاحب تدبیر و بصیرت کہیں نظر نہیں آتا۔ آپ بیس برس تک امیر رہے۔ سارے ملک میں امن و امان تھا''۔

(الناار الحامیہ لمن ذم المعاویہ ص ۱۰۵۔۱۰۶)

''حضرت امیر معاویہ ؓ کی خلافت کو ہم امارت اسلامیہ قرار دیتے ہیں اور یہ خلافتِ راشدہ سے متصل ایک صالح امارت ہے.....آپ نے اپنے دورِ امارت میں عدل و انصاف، نظم و نسق، فتوحات اور مہمات کا ایک سلسلہ شروع کیا جو سنہری حروف سے لکھا جانے والا ہے.... انہوں نے زر پرستی اور دنیا داری کیلئے اقتدار نہیں سنبھالا تھا بلکہ سلطنت عثمانیہ کی وسعت اور بنیادوں کو مضبوط کرنا تھا۔ انہوں نے مسلمانوں کو یکجا کیا اور سلطنت کے معاملات کو درست کیا۔ حضرت عثمان غنی ؓ کے زمانہ کی افراتفری کو ختم کیا۔ باغی اور سرکشوں کو تابع فرمان خلافت بنایا۔ وہ ہر حالت میں حضور ﷺ کے فرمان کے تابع رہے۔ اگرچہ وہ امیر تھے۔ ملوک میں سے تھے مگر خلافتِ راشدہ کے تابع رہے''۔

(الناار الحامیہ لمن ذم المعاویہ ص ۱۰۲ تا ۱۰۳)

marfat.com

قطب الاقطاب حضور غوث الثقلین سیدنا غوث اعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے وصال اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے خلافت سے دستبردار ہونے کے بعد حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما کیلئے خلافت صحیح ثابت ہے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے مصلحت عامہ کے تحت کہ مسلمانوں کو خون ریزی سے بچایا جائے خلافت حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے سپرد فرمائی۔ علاوہ ازیں نبی اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی بھی آپ کے پیش نظر تھا۔ آپ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: ''میرا یہ بیٹا سردار ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے دو بڑے گروہوں میں صلح کرادے گا'' لہٰذا حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے عقد کی بنا پر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی امارت واجب ہوگئی۔ اس سال کو ''عام الجماعۃ'' (جماعت کا سال) کہا جاتا ہے۔ کیونکہ مسلمانوں کی جماعت سے اختلاف ختم ہوا اور تمام نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی اتباع کی اور اس لئے بھی کہ وہاں خلافت کا کوئی تیسرا مدعی نہ تھا''۔

(غنیۃ الطالبین اردو ص ۲۶۶۔۲۶۷)

امام المحدثین حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی صحیح جو اہلسنت کے نزدیک قرآن کریم کے بعد روئے زمین پر سب سے زیادہ صحیح کتاب ہے' میں روایت کردہ ایک حدیث میں بھی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو ''امیر المؤمنین'' فرمایا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

قِیْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ هَلْ لَکَ فِیْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ مُعَاوِیَةَ فَاِنَّهٗ اَوْتَرَ اِلَّا بِوَاحِدَةٍ قَالَ اَصَابَ اِنَّهٗ فَقِیْهٌ۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۳۱ کتاب المناقب)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا آپ کی امیر المؤمنین معاویہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں کیا رائے ہے جبکہ وہ وتر کی ایک ہی رکعت

marfat.com

پڑھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: بے شک وہ فقیہہ ہیں۔
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو نہ صرف حضرات صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم نے بطور امیر المؤمنین تسلیم کیا۔ بلکہ محدثین امت، علمائے ملت حتیٰ کہ جمیع اہلسنّت نے آپ کو امیر المؤمنین تسلیم کیا ہے اور یہ آپ کی فضیلت و منقبت ہی نہیں کامیاب حکمرانی کی بہت بڑی سند بھی ہے۔
محدث جلیل امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کی توضیحات سے اس عنوان کا آغاز ہوا تھا اب انہیں کے بیانات پر اختتام بھی ہوتا ہے۔ آپ نقل فرماتے ہیں۔

''حضرت عمر ﷺ نے ان کی تعریف کی اور ان کو دمشق کا عامل بنایا تھا چنانچہ یہ حضرت عمر ﷺ کی خلافت بھر وہاں کے عامل رہے اسی طرح حضرت عثمان ﷺ کے عہد میں بھی یہ وہاں کے عامل رہے''۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۹)

''اور حضرت معاویہ ﷺ کیلئے یہی شرف کافی ہے کہ انہیں حضرت عمر اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہما نے عامل مقرر کیا ہے''۔

(الصواعق المحرقۃ اردو ص ۷۲۶)

''اور جن لوگوں نے حضرت معاویہ کو بادشاہ کہا ہے وہ انہیں ان اجتہادات کی وجہ سے کہتے ہیں جن کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ جو ان کی ولایت کو خلافت سے موسوم کرتے ہیں۔ وہ حضرت حسن کی دستبرداری اور ارباب حل وعقد کے اتفاق کی وجہ سے انہیں خلیفہ برحق اور ایسا مطاع کہتے ہیں جس کی اسی طرح اطاعت کی جاتی چاہیے جیسے کہ ان سے پہلے خلفائے راشدین کی کی جاتی تھی''۔ (الصواعق المحرقۃ اردو ص ۷۲۵، ۷۲۶)

''اور حضرت عثمان غنی ﷺ کی خلافت کے صحیح ہونے پر اور اسی طرح عمر بن عبدالعزیز کی خلافت کی صحت پر اور نیز بعد امام حسن ﷺ کے

marfat.com

ترکِ خلافت کے حضرت معاویہ کی صحتِ خلافت پر اجماع ہے"۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷛ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۵۴۔۵۵)

اور تواریخ اسلام اس امر پر گواہ ہیں کہ حضرت امیر معاویہ ﷛ کے زمانہ مبارک میں مسلمانوں کی طاقت میں خوب اضافہ ہوا۔ حضرت عثمان ذوالنورین ﷛ کے زمانہ سے خانہ جنگی کے باعث جہاد اور فتوحات کا رُکا ہوا سلسلہ بحری بیڑوں کی مدد سے پوری قوت کے ساتھ دوبارہ جاری کر دیا گیا۔ اور بڑا ہی وسیع علاقہ جو کئی ممالک پر مشتمل تھا، مسلمانوں کے زیر نگیں آ گیا۔ تمام اہل اسلام آپ کے جھنڈے تلے جمع ہوئے اور چاروں جانب اسلام کا پرچم لہرانے لگ گیا۔ الحمدللہ۔

شرف صحابیت

صحیح بخاری کی روایت ہے حضرت ابن ابی ملیکہ ﷛ فرماتے ہیں:

"اَوْتَرَ مُعَاوِيَةُ بَعْدَ الْعِشَاءِ بِرَكْعَةٍ وَعِنْدَهٗ مَوْلًى لِابْنِ عَبَّاسٍ فَاَتَى ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ دَعْهُ فَاِنَّهٗ قَدْ صَحِبَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ"۔ (صحیح بخاری ج ۱ ص ۵۳۱ کتاب المناقب باب ذکر معاویہ ﷛)

ترجمہ: حضرت معاویہ نے نماز عشاء کے بعد وتر کی ایک رکعت پڑھی۔ ان کے پاس حضرت ابن عباس کا آزاد کردہ غلام بھی تھا اس نے واپس آ کر حضرت ابن عباس کو بتایا تو آپ نے فرمایا: اُن سے کچھ نہ کہنا کیونکہ وہ رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: "ان سے کچھ نہ کہنا" کیونکہ وہ رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں اور کسی صحابی پر اعتراض روا نہیں۔ اس سے ایک تو آپ کی صحابیت ثابت ہو گئی دوسرے یہ کہ حضور نبی اکرم ﷺ کی صحبت کا شرف حاصل ہونا اتنی بڑی فضیلت ہے کہ کوئی اور فضیلت اس کے برابر نہیں ہو سکتی اور تیسرے یہ کہ حضرت

marfat.com

ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک سیدنا امیر معاویہ ﷺ پر اعتراض کرنا جائز نہیں اور چوتھے یہ کہ امام بخاری بلکہ دیگر محدثین وعلمائے امت کا بھی یہی مؤقف ہے علامہ احمد ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اسی حدیث کے بارے میں فرماتے ہیں۔

"حضرت ابن عباس نے جو یہ کہا کہ معاویہ نے رسول خدا ﷺ کی صحبت اٹھائی ہے اس سے مقصود عکرمہ کو تنبیہ کرنا تھا جو حضرت معاویہ ﷺ پر ایک رکعت پڑھنے کے باعث معترض تھے۔ مطلب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ تھا کہ معاویہ ﷺ نے نبی ﷺ کی صحبت اٹھائی ہے اور آپ ﷺ کی نظر کیمیا اثر کے فیض سے وہ علمائے فقہا میں سے ہیں پس وہ جو کچھ کرتے ہیں اس کے متعلق خدا کے حکم سے بہ نسبت معترضین کے زیادہ واقف ہیں"۔ (سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۴۸)

امام ربانی قیوم زمانی حضرت مجدد الف ثانی ﷺ فرماتے ہیں۔

"صحبت کی فضیلت سب فضائل وکمالات سے فائق اور بلند ہے اسی بنا پر حضرت اویس قرنی جو خیر التابعین ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی کے ادنیٰ مرتبہ تک بھی نہیں پہنچ سکے لہٰذا صحبت کی فضیلت کا کوئی شے بھی مقابلہ نہیں کر سکتی کیونکہ ان صحابہ کا ایمان صحبت اور نزول وحی کی برکت سے شہودی ہو چکا ہے اور ایمان کا یہ مرتبہ صحابہ کرام کے بعد کسی کو نصیب نہیں"۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب نمبر ۵۹)

عالمِ قرآن اور ہادی ومہدی تھے

جن لوگوں نے اللہ کے رسول ﷺ کا کلمہ پڑھا ہے جو دل سے حضور پر ایمان رکھتے ہیں اور حضور ﷺ کو اللہ کا محبوب اور آپ کی دعاؤں کو بارگاہِ خداوندی میں مقبول مانتے ہیں وہ غور سے ملاحظہ فرمائیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے حضرت

marfat.com

امیر معاویہ ﷛ کے حق میں ایک موقع پر یوں دعا فرمائی:

"اَللّٰھُمَّ عَلِّمْهُ الْکِتٰبَ وَالْحِسَابَ وَمَکِّنْ لَهٗ فِی الْبِلَادِ وَقِهٖ سُوْءَ الْعَذَابَ وَفِیْ رِوَایَةِ اَللّٰھُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِیَةَ الْکِتٰبَ وَالْحِسَابَ"۔

(تطہیر الجنان ص ۱۶)

ترجمہ: اے اللہ! معاویہ کو کتاب وحساب کی تعلیم عطا فرما اور اسے شہروں کی حکومت عطا کر اور بُرے عذاب سے بچا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اے اللہ! معاویہ کو کتاب وحساب کا علم عطا فرما۔

ایک مرتبہ حبیب خدا ﷺ نے ان الفاظ سے دعا فرمائی:

"اَللّٰھُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِیَةَ الْکِتٰبَ وَالْحِسَابَ وَقِهُ الْعَذَابَ"۔

(مسند احمد ج ۴ ص ۱۶۲' اشعۃ اللمعات ج ۴ ص ۷۳۵۔ مدارج النبوت اردو دوم ص ۹۳۲ الصواعق المحرقہ اردو ص ۷۲۲)

ترجمہ: اے اللہ! معاویہ کو کتاب وحساب کا علم عطا فرما اور اسے عذاب سے بچا۔

حضرت شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"اس حدیث کو امام احمد نے اپنی مسند میں حضرت عرباض بن ساریہ سے روایت کیا ہے۔ مسند احمد بہت بڑی اعتماد والی کتاب ہے حافظ ثقہ جلال الدین سیوطی فرماتے ہیں کہ مسند احمد کی جملہ مرویات "مقبول" ہیں اور جو "ضعیف" ہیں وہ بھی "حسن" کے قریب ہیں۔ نیز امام سیوطی فرماتے ہیں کہ امام احمد کا قول ہے اگر مسلمان کسی مسئلہ میں اختلاف کریں تو انہیں چاہیے کہ وہ میری مُسند کی طرف رجوع کریں اگر اس میں پائیں تو وہ "حسن" ہے ورنہ حجت نہیں اور بعض نے تو مُسند احمد کی تمام روایات کو صحیح پر اطلاق کیا ہے۔ نیز ابن جوزی نے جو مسند کی

marfat.com

بعض روایات کو وضعی کہا ہے وہ اس کی اپنی خطأ ہے کیونکہ تعصب اور افراط جوزی کی سرشت ہے۔ شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ مسند احمد میں کوئی موضوع حدیث نہیں ہے اور یہ کتاب سنن اربعہ سے احسن ہے''۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص۳۱)

اللہ کے پیارے محبوب طالب و مطلوب جناب رسول اللہ ﷺ نے ایک مرتبہ یوں دعا فرمائی:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ ھَادِیًا مَّھْدِیًّا وَّاھْدِبِہٖ۔

(مشکوۃ باب جامع المناقب، ترمذی ابواب المناقب مناقب معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما)

ترجمہ: الٰہی انہیں ہدایت دینے والا ہدایت یافتہ بنا اور ان سے ہدایت دے۔

شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

''ترمذی نے اس روایت کو حسن کہا ہے۔ امام ترمذی کی کتاب ''سنن ترمذی'' جلیل القدر کتاب ہے حتیٰ کہ شیخ الاسلام ہروی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک یہ کتاب صحیحین ''بخاری و مسلم'' سے زیادہ نفع مند ہے اس لئے کہ اس میں جس طرح مذاہب اور موجودہ استدلال کا ذکر ہے وہ صحیحین میں نہیں ہے۔ نیز حاکم اور خطیب نے ترمذی کی جملہ روایات کو مطلقاً صحیح کہا ہے۔ امام ترمذی خود کہتے ہیں۔ میں نے اس کتاب کو علمائے حجاز، عراق اور خراسان کی خدمت میں پیش کیا ہے اور جس شخص کے گھر میں یہ کتاب ہوگی گویا کہ وہاں خود نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کلام فرما رہے ہیں''۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص۳۲)

marfat.com

حضرت امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حضرت معاویہ ﷺ کے فضائل میں ایک بڑی روشن حدیث یہی ہے کہ جس کو ترمذی نے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث ''حسن'' ہے کہ رسول خدا ﷺ نے حضرت معاویہ ﷺ کیلئے دعا مانگی کہ: ''یا اللہ! ان کو ہدایت کرنے والا اور ہدایت یافتہ بنادے''۔ پس صادق و مصدوق کی اس دعا پر غور کرو اور اس بات کو بھی سمجھو کہ آنحضرت ﷺ کی وہ دعائیں جو آپ نے اپنی امت خصوصاً اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کیلئے مانگی ہیں ''مقبول'' ہیں تو تم کو یقین ہوجائے گا کہ یہ دعا بھی جو آپ نے حضرت معاویہ ﷺ کیلئے مانگی 'مقبول ہوئی اور اللہ نے ان کو ہدایت کرنے والا اور ہدایت یافتہ بنادیا اور جو شخص ان دونوں صفتوں کا جامع ہو اس کی نسبت کیونکر وہ باتیں خیال کی جاسکتی ہیں جو باطل پرست ''معاند'' بکتے ہیں معاذ اللہ، رسول خدا ﷺ ایسی جامع دعا جو تمام مراتب دنیا و آخرت کو شامل ہو اور تمام نقائص سے پاک کرنے والی ہو ایسے ہی شخص کیلئے کریں گے جس کو آپ نے سمجھ لیا ہوگا کہ وہ اس کا اہل اور مستحق ہے''۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۲۷۔۲۸)

اسی طرح دوسرے مقام پر فرماتے ہیں:

''اور حدیث پاک میں حضرت نبی کریم ﷺ نے جو دعا فرمائی ہے اس پر غور کیجئے کہ اے اللہ! معاویہ کو ہادی اور مہدی بنادے اور آپ یہ جانتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے۔ جس سے حضرت معاویہ کی فضیلت کے بارے میں حُجت پکڑی جاسکتی ہے۔ اور ان لڑائیوں کی وجہ سے آپ پر کوئی حرف نہیں آسکتا۔ کیونکہ وہ اجتہاد پر مبنی تھیں اور ان کو انہیں ایک بار اجر ملے گا۔ اس لئے کہ جب مجتہد غلطی کرے تو اس کی وجہ سے اسے کوئی

marfat.com

ملامت و مذمت لاحق نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ معذور ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کیلئے اجر رکھا گیا ہے"۔ (الصواعق المحرقۃ اردو ص ۷۳۳)

شارح مشکوٰۃ صاحب مراۃ حضرت مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"اس دعا میں امیر معاویہ کو گویا تین دعائیں دی گئیں۔ آپ لوگوں کو ہدایت دیں' خود بھی ہدایت پر رہیں' آپ مکمل و کامل ہدایت پر رہیں۔ ہدایت عامہ تو تمام صحابہ کرام کو حاصل ہے۔ یہاں ہدایت سے مراد کوئی خاص ہدایت ہے۔ حکومت، ملک رانی، فقہ وغیرہ کی ہدایت (مرقات)"

(مراۃ شرح مشکوٰۃ ج ۸ ص ۵۵۱)

ایک دفعہ ام المومنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کی درخواست پر حضور اکرم ﷺ نے حضرت امیر معاویہ کیلئے یہ دعا فرمائی۔ حافظ ابن کثیر کی البدایہ والنہایہ سے منقول ہے۔ ملاحظہ ہو:

اَللّٰهُمَّ اهْدِهٖ بِالْهُدٰى وَجَنِّبْهُ الرَّدّٰى وَاغْفِرْلَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى۔

ترجمہ: اے مولا کریم! معاویہ کو ہدایت پر قائم رکھنا اور اسے بری عادات سے محفوظ رکھنا اور اس کی دنیا و آخرت میں بخشش فرمانا۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہ ﷺ ص ۸۲-۸۳ بحوالہ البدایہ والنھایہ ج ۸ ص ۱۲۰)

اور اس میں شک نہیں کہ حضور اکرم ﷺ کی ہر دعا مقبول ہوتی تھی۔ لہٰذا یہ بھی یقیناً مقبول ہوئی۔ حضور سرورِ عالم ﷺ خود توثیق فرماتے ہیں۔ ابن عساکر سے منقول ہے۔ ملاحظہ ہو:

"اِنَّ اللّٰهَ ائْتَمَنَ عَلٰى وَحْيِهٖ جِبْرِيْلُ وَاَنَا مُعَاوِيَةَ ......

فَغُفِرَلِمُعَاوِيَةَ ذُنُوْبِهٖ وَ وَقَاهُ حِسَابَهٗ وَعَلَّمَهٗ كِتَابَهٗ وَجَعَلَهٗ هَادِيًا

marfat.com

وَّھُدٰی بِہٖ"۔

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنی وحی مجھ تک پہنچانے کیلئے جبریل کو امین بنایا اور میں نے اللہ کے کلام پر (اس کو لکھوا کر قیامت تک کے مسلمانوں تک پہنچانے کیلئے) معاویہ کو امین بنایا پس اللہ تعالیٰ نے وحی الٰہی کی امانت کا حق ادا کرنے پر معاویہ کے تمام گناہ بھی معاف فرما دیئے اور اس کی نیکیوں کا اسے پورا پورا ثواب دیا اور اس کو اپنی کتاب کا علم بھی عطا فرما دیا اور اس کو ہدایت پر بھی قائم رکھا (رکھے گا) اور یہ لوگوں کو بھی ہدایت کا درس دیں گے اور لوگ ان سے ہدایت حاصل بھی کریں گے"۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہ ص ۸۳ بحوالہ ابن عساکر نمبر ۲۵ ص ۶)

اب جن کے دلوں میں ایمان ہے اور جن کے دل نور ایمان سے جگمگار ہے ہیں وہ تو ان فضائل کو حق جان کر قبول فرمالیں گے لیکن جن کے دلوں میں کھوٹ ہے۔ ان کا حق کو قبول کر لینا بہت مشکل ہے۔ یہ لوگ بغض وحسد کی آگ میں جلتے ہی رہیں گے۔ (استغفر اللہ)

فقیہہ اور مجتہد تھے

صحیح بخاری ہی کی روایت ہے حضرت ابن ابی ملیکہ فرماتے ہیں:

قِیْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ هَلْ لَکَ فِیْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ مُعَاوِیَۃَ فَاِنَّہٗ اَوْتَرَ اِلَّا بِوَاحِدَۃٍ قَالَ اَصَابَ اِنَّہٗ فَقِیْہٌ۔

(بخاری جلد اول ص ۵۳۱ کتاب المناقب باب ذکر معاویہ)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا آپ کی امیر المومنین معاویہ کے بارے میں کیا رائے ہے جبکہ وہ وتر کی ایک ہی رکعت پڑھتے ہیں آپ نے فرمایا: بے شک وہ فقیہہ ہیں۔

حضرت علامہ مفتی شریف الحق امجدی مذکورہ حدیث اور اس کے ساتھ والی ای

marfat.com

طرح کی دوسری حدیث بخاری کے تحت نزہت القاری شرح بخاری میں فرماتے ہیں:

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے فرمانے کا مطلب یہ ہے کہ حضرت معاویہ صحابی اور مجتہد ہیں انہوں نے اپنے اجتہاد سے یہی سمجھا کہ وتر کی ایک ہی رکعت ہے۔ اس لئے ان پر کوئی مواخذہ نہیں۔ انہوں نے جو کچھ کیا وہ کسی دلیل کی بنا پر کیا ہے جو ان کے پاس ہوگی مجتہد پر کسی کی تقلید واجب نہیں بلکہ اسے کسی کی تقلید کرنا حرام ہے۔ اسے اپنے اجتہاد ہی پر عمل کرنا واجب ہے۔ اس لئے ان پر ایک رکعت وتر پڑھنے پر طعن درست نہیں۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فروعی مسائل میں اگر دلیل کی بنا پر اختلاف رائے ہو جائے تو ایک دوسرے پر طعن جائز نہیں بلکہ یہ اعتقاد رکھنا واجب ہے کہ وہ مستحق ثواب ہے۔ جس کی تائید خود دوسری حدیث سے ہوتی ہے کہ خطأ کے باوجود ثواب کا مستحق ہے۔ ...

ان حدیثوں سے حضرت معاویہ ﷺ کی دو فضیلتیں ثابت ہوئیں ایک تو یہ کہ وہ صحابی تھے اور یہ اعلیٰ درجہ کی فضیلت ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ فقیہہ تھے یہ بھی اعلیٰ درجہ کی فضیلت ہے''۔

(نزہت القاری شرح صحیح بخاری ج ۳ ص ۶۳۳)

حضرت علامہ شیخ عبدالعزیز پرہاروی مذکورہ روایت بخاری نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا شمار فضلاء صحابہ میں ہوتا تھا۔ آپ کے علم کی وسعت کے پیش نظر آپ کو بحر العلوم، حبر الامت اور ترجمان القرآن کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا۔ حضور اکرم ﷺ نے ان کیلئے علم وحکمت اور تفسیر قرآن بالتاویل کی دعا فرمائی تھی جو کہ قبول

marfat.com

ہوئی۔ آپ کا شمار حضرت علی ﷺ کے خواص میں تھا۔ آپ دشمنانِ علی کے شدید نکیر تھے۔ حضرت علی ﷺ نے آپ کو خوارج حروریہ کے پاس مناظرے کیلئے بھیجا تھا۔ آپ نے مناظرہ کیا اور خارجیوں کو لاجواب کردیا (اب مقام غور ہے کہ) جب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جیسے ذی علم شخص حضرت امیر معاویہ ﷺ کے اجتہاد کی گواہی دیں اور اپنے غلام کو ان پر نکیر کرنے سے منع فرمائیں اور دلیل یہ دیں کہ وہ صحابی رسول ہیں تو اس سے حضرت معاویہ ﷺ کے تو فق وعلو کا پتا چل جاتا ہے۔ شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حبر امت حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی طرف سے حضرت امیر معاویہ ﷺ کے علم وفضل کیلئے یہی سب سے بڑی شہادت ہے"۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۳۲)

حضرت امام بیہقی رقم طراز ہیں کہ:

"سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی مجلس میں ایک دفعہ ایک وتر کی بحث چل پڑی۔ بحث میں سیدنا معاویہ ﷺ کا ذکر بھی آیا۔ جناب معاویہ ﷺ کا نام سن کر حضرت عبداللہ بن عباس ﷺ نے فرمایا: "لَيْسَ اَحَدٌ مِنَّا اَعْلَمُ مِنْ مُعَاوِيَةَ۔ یعنی ہم میں معاویہ ﷺ سے زیادہ کوئی عالم نہیں"۔ (سنن کبریٰ ج ۳ ص ۲۶)

حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہ فرماتے ہیں:

"عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما علوم کے دریا، حبر الامۃ، ترجمان القرآن اور حضرت علی ﷺ کے خاص اصحاب میں سے ہیں۔ انہیں کو حضرت علی ﷺ نے خوارج سے مناظرہ کیلئے بھیجا تھا۔ جب ایسے جلیل القدر صحابی رسول امیر معاویہ کو مجتہد اور فقیہہ فرما رہے ہیں تو اب

marfat.com

انکار کی کیا گنجائش ہے"۔ (امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۴۵)

صاحب بہارِ شریعت مولانا امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"امیر معاویہ ﷺ مجتہد تھے۔ ان کا مجتہد ہونا حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے حدیث بخاری میں بیان فرمایا ہے مجتہد سے صواب وخطا دونوں صادر ہوتے ہیں۔ خطا دو قسم ہے۔ خطائے عنادی یہ مجتہد کی شان نہیں اور خطائے اجتہادی یہ مجتہد سے ہو جاتی ہے اور اس میں اس پر عنداللہ اصلاً مواخذہ نہیں"۔

(بہار شریعت اوّل ص ۵۸۔۵۹)

اور حدیث وفقہ کے امام سیدنا امام مالک ﷺ نے ایک روایت اس طرح نقل فرمائی ہے۔

"عَنْ يَحْيٰى بْنُ سَعِيْد اَنَّهٗ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّب قَضٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّاب فِى الْاَضْرَاسِ بَعِيْرٍ بَعِيْرٍ وَقَضٰى مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِىْ سُفْيَانَ فِى الْاَضْرَاسِ بِخَمْسَةِ اَبْعِرَةٍ خَمْسَةِ اَبْعِرَةٍ قَالَ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّب فَالدِّيَةُ تَنْقُصُ فِىْ قَضَآءِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَتَزِيْدُ فِىْ قَضَاءِ مَعَاوِيَةَ فَلَوْ كُنْتُ اَنَا لَجَعَلْتُ فِى الْاَضْرَاسِ بَعِيْرَيْن بَعِيْرَيْنِ فَتِلْكَ الدِّيَةُ سَوَآء" وَكُلُّ مُجْتَهِد" مَاْجُوْر"

"یحییٰ بن سعید نے سعید بن مسیّب کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت عمر نے داڑھوں میں ایک ایک اونٹ کا فیصلہ کیا اور حضرت معاویہ بن ابوسفیان نے داڑھوں میں پانچ پانچ اونٹوں کا فیصلہ کیا۔

سعید بن میتب نے فرمایا کہ حضرت عمر ﷺ کے فیصلے میں دیت گھٹ گئی اور حضرت معاویہ ﷺ کے فیصلے میں بڑھ گئی اگر میں ہوتا تو داڑھوں میں

marfat.com

''وہ دو اونٹ دلاتا کہ دیت برابر ہو جاتی اور اجر ہر مجتہد کو ملتا ہے''۔

(موطا امام مالک کتاب العقول)

یعنی حضرت عمر فاروق' حضرت امیر معاویہ اور سعید بن میسب ﷺ سب ہی مجتہد ہیں اور حدیث پاک کے جملہ "وَكُلُّ مُجْتَهِدٌ مَاجُوْرٌ" اور اجر ہر مجتہد کو ملتا ہے'' سے مراد یہ ہے کہ یہ سب مجتہدین اجر کے مستحق ہیں۔

اب حضرت امام احمد بن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح ملاحظہ فرمایئے لکھتے ہیں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان (امیر معاویہ ﷺ) کی تعریف کی اور ابن عباس رضی اللہ عنہما اجل اہلبیت اور تابعین علی مرتضی (ﷺ) سے ہیں۔ صحیح بخاری میں عکرمہ سے مروی ہے۔ وہ کہتے تھے کہ میں نے حضرت ابن عباس سے کہا کہ معاویہ ایک ہی رکعت وتر پڑھتے ہیں۔ حضرت ابن عباس نے کہا وہ فقیہہ ہیں اور ایک روایت میں ہے یہ کہا کہ وہ نبی ﷺ کے صحابی ہیں۔ یہ حضرت معاویہ کی ایک بہت بڑی منقبت ہے کیونکہ فقیہہ ہونا ایک بہت بڑا مرتبہ ہے اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ نے حضرت ابن عباس کیلئے دعا مانگی تھی کہ یا اللہ ان کو دین میں فقیہہ بنا دے اور ان کو تاویل سکھا دے اور نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے جیسا کہ احادیث میں وارد ہوا ہے کہ اللہ جس کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے اس کو دین میں فقیہہ بنا دیتا ہے۔ دوسری فضیلت یہ ہے کہ یہ وصف جلیل حضرت معاویہ کے حق میں حبر الامۃ' ترجمان القرآن' ابن عم رسول خدا ﷺ اور ابن عم علی اور ناصر و مددگار علی یعنی عبداللہ بن عباس ﷺ سے صادر ہوا ہے۔ اور صحیح بخاری میں مروی ہے جو بعد کتاب خدا کے تمام کتابوں سے زیادہ صحیح ہے۔ پس جب اتنے بڑے درجے کے لوگ حضرت معاویہ ﷺ کو فقیہہ کہتے ہیں اور فقیہہ صرف صحابہ رضی اللہ عنہم اور سلف صالحین میں وہی

marfat.com

شخص ہے جو مجتہد مطلق ہو اور جس پر واجب ہو کہ اپنے ہی اجتہاد پر عمل کرے اور کسی کی تقلید اس کیلئے جائز نہ ہو۔ تو معلوم ہوگیا کہ حضرت معاویہ ؓ جو علی مرتضیٰ ؓ سے لڑے اس میں معذور تھے گو حق حضرت علی ؓ ہی کی طرف تھا۔

اور ابھی حضرت عمر ؓ کا وہ قول[1] بیان ہو چکا جس میں انہوں نے لوگوں کو حضرت معاویہ ؓ کے اتباع کی ترغیب دی ہے۔ اس سے بھی صاف ظاہر ہے کہ حضرت معاویہ ؓ مجتہد ہیں بلکہ اعظم مجتہدین سے ہیں اور حضرت علی ؓ کا بھی یہ قول[2] بیان ہو چکا کہ معاویہ کے مقتول جنت میں جائیں گے۔ اس سے بھی ظاہر ہے کہ معاویہ ؓ مجتہد ہیں اور جب یہ ثابت ہو چکا کہ حضرت عمر اور حضرت علی اور حضرت ابن عباس رضوان اللہ علیہم اجمعین تینوں اس بات پر متفق ہیں کہ حضرت معاویہ فقیہہ اور مجتہد ہیں تو طعن کرنے والوں کا طعن رفع ہو گیا اور وہ تمام نقائص جو ان کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں باطل ہو گئے۔

---

[1] علامہ ابن حجر مکی نے نقل فرمایا "حضرت عمر ؓ نے لوگوں کو ترغیب دی کہ جب فتنہ واقع ہو تو شام چلے جائیں اور حضرت معاویہ ؓ کے پاس رہیں۔ ابن ابی الدنیا نے اپنی سند سے روایت کی ہے حضرت عمر ؓ نے فرمایا اے لوگو! میرے بعد آپس میں اختلاف نہ کرنا اور اگر ایسا تم نے کیا تو سمجھ لو کہ معاویہ ؓ شام میں ہیں۔ اگر تم خود رائی کرو گے تو کیا حال ہوگا"۔ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۴۴)

[2] علامہ ابن حجر مکی فرماتے ہیں "حضرت علی مرتضیٰ ؓ نے ان کی تعریف کی فرمایا کہ میرے لشکر اور معاویہ ؓ کے لشکر کے مقتول دونوں جنتی ہیں۔ اس کو طبرانی نے بسند صحیح روایت کیا ہے اس کے سب راوی ثقہ ہیں صرف بعض میں اختلاف ہے۔ یہ قول حضرت علی ؓ کا ایسا صریح ہے کہ اس میں کسی قسم کی تاویل نہیں ہو سکتی۔ معلوم ہوا کہ حضرت معاویہ ؓ مجتہد تھے اور تمام شرائط اجتہاد کی ان میں جمع تھیں"۔ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۴۵)

marfat.com

حضرت ابن عباس نے جو یہ کہا کہ معاویہ نے رسول خدا ﷺ کی صحبت اٹھائی ہے اس سے مقصود عکرمہ کو تنبیہ کرنا تھا جو حضرت معاویہ پر ایک رکعت پڑھنے کے باعث معترض تھے۔ مطلب حضرت ابن عباس کا یہ تھا کہ حضرت معاویہ نے نبی ﷺ کی صحبت اٹھائی ہے اور آپ کی نظر (کیمیا اثر) کے فیض سے وہ علمائے فقہا میں سے ہیں پس وہ جو کچھ کرتے ہیں اس کے متعلق خدا کے حکم سے بہ نسبت معترضین کے زیادہ واقف ہیں۔

جب تم دونوں صفتوں کے بارے میں جو حضرت معاویہ ؓ کے متعلق "صحیح بخاری" میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہیں غور کرو گے تو تم کو معلوم ہو جائے گا کہ کسی شخص کو حضرت معاویہ ؓ پر ان کے اجتہادات کے متعلق اعتراض کرنے کا حق حاصل نہیں ہے۔ کیونکہ جو کام انہوں نے کئے ان کے نزدیک وہی حق تھے اور یہی حال تمام مجتہدین امت کا ہے اور مجتہد پر اس کے اجتہاد کے متعلق اعتراض نہیں کیا جا سکتا' سوا اس صورت کے کہ اس کا اجتہاد مخالف اجماع کے یا نص جلی کے ہو، جیسا کہ اصول میں ثابت ہو چکا ہے اور حضرت معاویہ ؓ نے کسی اجماع کی مخالفت نہیں کی اور اجماع ان کے بغیر منعقد کیونکر ہو سکتا تھا[1]۔ نیز جو ان کا اجتہاد تھا اس کی موافقت مجتہدین امت کی ایک

---

[1] حکیم الامت حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "امیر معاویہ ؓ کا مجتہد مخطی معذور ہونا اس وجہ سے ہے کہ وہ بھی شبہ سے متمسک تھے اگرچہ میزان شرع میں اس سے وزن دار حجت موجود تھی یہ شبہ وہی تھا جو اصحاب جمل کو پیش آیا لیکن اس میں اتنا اشکال اور بھی بڑھا ہوا تھا کہ امیر معاویہ ؓ اور اہل شام نے بیعت بھی نہ کی تھی اور جانتے تھے کہ خلافت کا پورا ہونا تسلط اور احکام نافذ ہونے سے ہے اور یہ بات ابھی متحقق نہیں ہوئی"۔ (ازالۃ الخفا اردو دوم ص ۵۵۱)

marfat.com

جماعت نے کی جو صحابہ اور تابعین رضی اللہ عنہم کی جماعت تھی۔ گویا حضرت معاویہ ﷺ نے کسی نص جلی کی مخالفت نہیں کی تھی ورنہ یہ جم غفیران کا متبع نہ ہوتا۔

حضرت معاویہ ﷺ کی عظمت فقاہت تم کو "ابن ماجہ" کی اس روایت سے بھی معلوم ہوگی کہ ایک مرتبہ وہ "مدینہ" میں نبی ﷺ کے منبر پر خطبہ پڑھنے کھڑے ہوئے اور کہا: اے اہل مدینہ! تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے رسول خدا ﷺ سے سنا ہے۔ آپ فرماتے تھے کہ قیامت تک میری امت کا ایک گروہ اہلِ باطل پر غالب رہے گا۔ وہ کچھ پروانہ کریں گے کہ کس نے ان کی مخالفت کی اور کس نے ان کی تائید کی۔ مطلب یہ تھا کہ تمہارے علماء کہاں ہیں۔ بلائیں میں ان سے اس حدیث کے معنی میں بحث کروں گا۔ ایسی بات اس زمانے میں جو اکابر مجتہدین امت یعنی صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے بھرا ہوا تھا وہی شخص کہہ سکتا تھا جو بڑا فقیہہ اور بڑا عالم ہو۔ خصوصاً مدینہ منورہ اس زمانے میں علمائے صحابہ و تابعین (رضی اللہ عنہم) کا مخزن تھا۔ پس مدینے میں ایسا کلمہ اسی کی زبان سے نکل سکتا ہے جو سب سے بڑا عالم ہو"۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۴۷-۴۹)

"اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے درمیان جولڑائیاں ہوئیں ان کا اثر صرف دنیا تک محدود رہا۔ آخرت کیلئے ان کا کوئی اثر نہیں رہا کیونکہ وہ مجتہد تھے۔ مستحق ثواب تھے، ہاں ثواب کی کمی بیشی کا البتہ ان میں فرق تھا۔ اس لئے کہ جو مجتہد اپنے اجتہاد میں حق پر ہوتا ہے مثل حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ان کی پیروی کرنے والوں کے اس کو دوگنا ثواب بلکہ دس گنا ثواب ملتا ہے اور جو مجتہد اپنے اجتہاد میں خطاً پر ہوتا ہے

marfat.com

مثل حضرت معاویہ وغیرہ رضی اللہ عنھم کے اس کو صرف ایک ہی ثواب ملتا ہے۔ یہ سب لوگ اللہ کی خوشنودی اور اس کی اطاعت میں اپنی اپنی سمجھ اور اجتہاد کے موافق کوشاں تھے۔ علوم ان کے بہت وسیع تھے۔ یہ علوم انہوں نے نبی ﷺ سے حاصل کئے تھے۔ اس بات کو اچھی طرح سمجھ لو اگر تم اپنے دین کو فتنوں، بدعتوں اور دشمنی و رنج سے بچانا چاہتے ہو۔ اللہ ہی راہ راست کی ہدایت کرنے والا ہے اور وہی ہمارے لئے کافی ہے وہ کیا اچھا کارساز ہے"۔ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۱۶)

شارح مسلم امام یحیٰی بن شرف نووی رحمۃ اللہ علیہ کی شرح مسلم ج ۲ ص ۲۷۲ سے منقول ہے:

"صحابہ کرام میں جو جنگیں ہوئیں ان میں ہر فریق کو کوئی شبہ لاحق تھا اور ہر فریق کا اعتقاد یہ تھا کہ وہ صحت اور ثواب پر ہے اور تمام صحابہ نیک اور عادل ہیں جنگ اور دوسرے نزاعی معاملات میں ہر فریق کی ایک تاویل تھی اور اس اختلاف کی وجہ سے کوئی صحابی عدالت اور نیکی سے خارج نہیں ہوتا کیونکہ وہ سب مجتہد تھے اور ان کا مسائل میں اجتہادی اختلاف تھا۔ جس طرح ان کے بعد کے مجتہدین کا قصاص اور دیت کے مسائل میں اجتہادی اختلاف ہے۔ اس سے کسی فریق کی تنقیص لازم نہیں آتی۔ ان جنگوں کا سبب یہ تھا کہ بعض معاملات ان پر مشتبہ ہوگئے تھے۔ اور شدت اشتباہ کی وجہ سے ان کا اجتہاد مختلف ہوگیا تھا اس لحاظ سے صحابہ کی تین قسمیں ہیں۔ (۱) بعض صحابہ پر اجتہاد سے یہ منکشف ہوا کہ وہ حق پر ہیں اور ان کا مخالف باغی ہے اس لئے ان پر اپنی جماعت کی نصرت اور اپنے مخالف سے جنگ کرنا واجب تھا۔ سو انہوں نے ایسا ہی کیا۔ (۲) بعض صحابہ پر اجتہاد سے اس کے برعکس ظاہر ہوا یعنی حق

marfat.com

دوسری جانب ہے اس لئے ان پر اس جماعت کی موافقت کرنا اور باغیوں سے قتال کرنا واجب تھا۔ (۳) اس طرح بعض صحابہ پر یہ معاملات مشتبہ ہوگئے اور وہ حیران رہے اور کسی جانب کو ترجیح نہ دے سکے اس لئے وہ دونوں فریقوں سے الگ رہے۔ اور ان کے حق میں الگ رہنا واجب تھا۔ کیونکہ اس وقت تک کسی مسلمان سے جنگ کرنا جائز نہیں ہے جب تک کہ کسی دلیل سے یہ ظاہر نہ ہو جائے کہ وہ قتل کئے جانے کا مستحق ہے۔ اگر کسی فریق کی ترجیح ان پر ظاہر ہو جاتی تو ان پر اس کی حمایت میں ان کے مخالفین سے قتال کرنا واجب تھا۔ سو تمام صحابہ رضی اللہ عنہم معذور ہیں۔ (فَکُلُّھُمْ مَعْذُوْرُوْنَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمْ) اسی وجہ سے اہل حق اور قابل ذکر لوگوں کا اس پر اجماع ہے کہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم عدالت میں کامل ہیں اور ان کی شہادت اور روایت کو قبول کرنا واجب ہے"۔

(علامہ غلام رسول سعیدی۔ شرح صحیح مسلم ج ۶ ص ۸۸۲)

کاتب وحی اور محرم راز

صحاح ستہ میں صحیح بخاری کے بعد صحیح مسلم کا نام آتا ہے۔ اس کی ایک روایت ملاحظہ ہو:

"عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ الْمُسْلِمُوْنَ لَا یَنْظُرُوْنَ اِلٰی اَبِیْ سُفْیَانَ وَلَا یُقَاعِدُوْنَہٗ فَقَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ ثَلَاثٌ" اَعْطِیْھِنَّ قَالَ نَعَمْ قَالَ عِنْدِیْ اَحْسَنُ الْعَرَبِ وَاَجْمَلُہٗ اُمُّ حَبِیْبَۃَ بِنْتِ اَبِیْ سُفْیَانَ اُزَوِّجُکَھَا قَالَ نَعَمْ قَالَ وَمُعَاوِیَۃُ تَجْعَلُہٗ کَاتِبًا بَیْنَ یَدَیْکَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَتُؤَمِّرُنِیْ حَتّٰی

marfat.com

أُقَاتِلَ الْكُفَّارَ كَمَا كُنْتُ أُقَاتِلَ الْمُسْلِمِينَ قَالَ نَعَمْ ...

(صحیح مسلم ج دوم ص ۳۰۳۔۳۰۴ باب فضائل ابی سفیان بن حرب)

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ مسلمان حضرت ابوسفیان ﷺ کی طرف توجہ نہیں کرتے تھے اور نہ ہی ان کے ساتھ نشست و برخاست رکھتے تھے۔ انہوں نے نبی کریم ﷺ سے عرض کیا یا نبی اللہ! مجھے تین چیزیں عطا فرما دیجیے آپ نے فرمایا اچھا: انہوں نے کہا: ام حبیبہ جو احسن العرب (عرب میں سب سے حسین وجمیل) ہیں میں آپ کا اس سے نکاح کرتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: اچھا: پھر انہوں نے کہا اور معاویہ کو آپ اپنا کاتب بنا لیجئے آپ نے فرمایا اچھا: پھر عرض کیا اور مجھے اجازت عطا فرمادیں تا کہ میں کفار سے جہاد کروں جیسا کہ میں (اسلام لانے سے پہلے) مسلمانوں سے لڑتا رہا آپ ﷺ نے فرمایا اچھا:

(مناقب سیدنا امیر معاویہ ﷺ)

حافظ ابن کثیر نے بھی اس بات کو نقل کیا ہے ملاحظہ ہو تاریخ ابن کثیر جلد ہشتم ص ۷۵۲،۹۵۱۔

حضرت امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حضرت معاویہ ﷺ رسولِ خدا ﷺ کے کاتب تھے جیسا کہ صحیح مسلم وغیرہ میں ثابت ہے اور ایک حدیث ''حسن'' میں وارد ہوا ہے کہ حضرت معاویہ ﷺ نبی اکرم ﷺ کے سامنے لکھا کرتے تھے۔ ابونعیم نے کہا کہ حضرت معاویہ رسولِ خدا ﷺ کے کاتبوں میں سے تھے اور عمدہ کتابت کرتے تھے۔ فصیح' بردبار اور باوقار تھے۔ اور مدائنی نے کہا ہے کہ زید بن ثابت ﷺ کاتب وحی تھے اور حضرت معاویہ ﷺ ان تحریرات کو لکھا کرتے تھے جو آنحضرت ﷺ کے اور اہلِ عرب کے درمیان ہوتی

marfat.com

تھیں۔اس میں وحی وغیر وحی سب شامل ہیں۔پس وہ رسول خداﷺ کے امین تھے"۔

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۳)

اور منجملہ فضائل حضرت معاویہ ؓ کے ایک حدیث یہ ہے جس کو مُلاّ نے اپنی سیرت میں روایت کیا ہے اور ان سے محب طبری نے ریاض النضر ۃ میں نقل کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: "میری امت میں سب سے زیادہ رحیم ابوبکر ؓ ہیں اور دین کی باتوں میں سب سے زیادہ قوی عمر ؓ ہیں اور حیا میں سب سے زیادہ عثمان ؓ ہیں اور علم قضا میں سب سے زیادہ علی ؓ ہیں اور ہر نبی کے کچھ حواری ہوتے ہیں اور میرے حواری طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما ہیں اور جہاں کہیں سعد بن ابی وقاص ہوں تو حق انہیں کی طرف ہوگا اور سعید بن زید ان دس آدمیوں میں ایک شخص ہیں جو رحمٰن کے محبوب ہیں اور عبدالرحمٰن بن عوف رحمٰن کے تاجروں میں سے ہیں اور ابوعبیدہ بن جراح اللہ ورسول ﷺ کے امین ہیں اور میرے راز دار معاویہ بن ابی سفیان ہیں پس جو شخص ان لوگوں سے محبت کرے گا وہ نجات پائے گا اور جو ان سے بغض رکھے گا وہ ہلاک ہوگا۔

دیکھیں اس حدیث میں حضرت معاویہ کا کیسا وصف بیان کیا گیا ہے جو ان کے کاتب وحی ہونے کے متعلق ہے۔غور کرو گے تو سمجھ لو گے کہ حضرت معاویہ ؓ کی عزت آنحضرت ﷺ کے یہاں بہت تھی کیونکہ انسان اپنا راز دار اسی کو بناتا ہے جو تمام کمالات کا جامع اور خیانت سے بری ہو اور یہ اعلیٰ درجہ کی منقبت اور بڑی فضیلت ہے"۔

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۱۔۳۲)

حضرت علامہ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

marfat.com

ابو عمر (ابن عبدالبر) نے بیان کیا ہے کہ محمد بن سعد نے واقدی سے نقل کیا ہے کہ سب سے پہلے جس نے رسول خدا ﷺ کیلئے لکھا آپ کی مدینہ میں تشریف آوری کے وقت وہ ابی بن کعب ؓ ہیں اور وہ نہ ہوتے تو زید بن ثابت ؓ لکھتے۔ خطوط کے لکھنے کا کام عبداللہ بن ارقم زہری کے سپرد تھا اور آنحضرت ﷺ کے عہد ناموں اور صلح ناموں کی کتابت جب آپ صلح کرتے تھے حضرت علی ابن ابی طالب ؓ کرتے تھے۔ اور جن لوگوں نے رسول خدا ﷺ کیلئے کتابت کی تھی۔ ان میں سے ابوبکر صدیق ہیں اور عمر بن خطاب اور عثمان بن عفان اور زبیر بن عوام اور خالد اور ابان جو دونوں سعید بن عاص کے بیٹے ہیں اور حنظلہ اُسیدی اور علاء بن حضرمی اور خالد بن ولید اور عبداللہ بن رواحہ اور محمد بن سلمہ اور عبداللہ بن عبداللہ بن ابی بن سلول اور مغیرہ بن شعبہ اور عمرو بن عاص اور معاویہ بن ابی سفیان اور جہم بن صلت اور معیقیب بن ابی فاطمہ اور شرجیل بن حسنہ ہیں"۔ (أسد الغابہ اردو ج ا ص ۶۷)

مُسند احمد میں سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک روایت یوں بیان ہوئی ہے۔ ملاحظہ ہو: (ترجمہ)

"ایک مرتبہ سرکارِ دو عالم ﷺ نے مجھے فرمایا کہ معاویہ ؓ کو بلا لاؤ اور جنابِ معاویہ ؓ ان دنوں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کاتب وحی تھے۔ چنانچہ میں دوڑتا ہوا گیا اور معاویہ ؓ کو سرکارِ دو عالم ﷺ کا یہ پیغام پہنچایا کہ سرکار آپ کو بلا رہے ہیں کیونکہ آپ کو تم سے کوئی کام ہے"۔

(مسند احمد ج ا ص ۳۳۵)

مسند احمد میں ایک روایت یوں بھی ہے۔ ملاحظہ ہو: (ترجمہ)

"جناب رسول اللہ ﷺ نے مشہور صحابی حضرت ...

marfat.com

معرفت قیصر روم کو دعوت اسلام کا ایک والا نامہ (مکتوب گرامی) ارسال فرمایا۔ اس مراسلہ کے جواب میں قیصر روم کا خط لے کر اس کا قاصد تنوخی حضور سرکار دو عالم ﷺ کی خدمت اقدس میں آیا۔ ہرقل روم کا قاصد تنوخی بیان کرتا ہے کہ حضور سرور کائنات ﷺ مقام تبوک میں اپنے صحابہ کرام کے درمیان تشریف فرما تھے۔ میں ہرقل کا خط لے کر وہاں گیا۔ میں آپ کو نہیں پہچانتا تھا۔ میں نے صحابہ سے پوچھا کہ محمد (ﷺ) کون ہیں۔ حضور (علیہ الصلوٰۃ والسلام) نے اپنے دست مبارک سے اپنی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ میں ہوں۔ میں نے وہ خط آپ کی خدمت اقدس میں پیش کیا۔ آپ ﷺ نے وہ خط اپنے پہلو میں بیٹھے ہوئے ایک شخص کو پڑھنے کیلئے دیا۔ جب میں نے پوچھا کہ یہ شخص کون ہیں؟ تو لوگوں نے مجھے بتایا کہ یہ معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما ہیں۔ حضرت معاویہ نے وہ خط آپ ﷺ کو پڑھ کر سنایا۔ اس خط میں لکھا تھا کہ آپ مجھے جنت کی طرف بلاتے ہیں جس کی وسعت زمین و آسمان کے برابر ہے تو فرمایئے پھر جہنم کہاں ہے (گویا کہ یہ ایک سوال تھا جو قیصر روم نے آپ ﷺ سے پوچھا تھا) آپ نے سن کر فرمایا:

سُبْحَانَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ اللَّيْلُ فَاَيْنَ النَّهَارُ؟ (سبحان اللہ جب رات آتی ہے تو دن کہاں جاتا ہے؟ جب یہ مراسلہ پڑھ لیا گیا تو آپ ﷺ نے قیصر روم کے قاصد سے فرمایا کہ آپ خط لانے والے ہیں اور پیغام رساں کا حق اور احترام ہوتا ہے۔ ہم چونکہ اس وقت مسافرت میں ہیں اگر اس وقت ہمارے پاس کوئی ہدیہ یا عطیہ ہوتا تو ہم آپ کو ضرور دیتے۔ آپ کی یہ بات سن کر آپ ﷺ کے اصحاب میں سے ایک شخص اٹھا اور عرض کی کہ میں اس قاصد کو ہدیہ اور تحفہ پیش کرتا ہوں۔

marfat.com

چنانچہ وہ شخص اپنے سامان میں سے ایک نہایت عمدہ پوشاک لایا اور اسے میری گود میں رکھ دیا۔ میں نے حاضرین سے پوچھا یہ کون صاحب ہیں؟ انہوں نے کہا: یہ عثمان بن عفان ﷺ ہیں''۔ (مسند احمد جلد ۳ ص ۳۳۵)

حافظ ابن کثیر نقل فرماتے ہیں:

''آپ مومنین کے ماموں اور رب العالمین کے رسول کے کاتب وحی ہیں''۔ (تاریخ ابن کثیر جلد ہشتم ص ۹۴۷،۵۲)

''مسیب بن واضح نے بحوالہ ابن عباس بیان کیا ہے کہ حضرت جبریل رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور کہا اے محمد! ﷺ معاویہ کو سلام کہیے اور انہیں بھلائی کی وصیت کیجیے بلاشبہ وہ کتاب اور وحی پر اللہ کے امین ہیں اور بہت اچھے امین ہیں۔

اور ابن عسا کر نے بحوالہ حضرت علی اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاویہ ﷺ کو اپنا کاتب بنانے کیلئے جبریل سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا: انہیں کاتب بنا لیجیے بلاشبہ وہ امین ہیں''۔ (تاریخ ابن کثیر جلد ہشتم ص ۹۵۲)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''کاتبانِ بارگاہ رسالت میں سے ایک حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما ہیں''۔ (مدارج النبوت اردو دوم ص ۹۳۰)

حضرت حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے:

''صَحِبَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَتَبَ لَهُ۔

یعنی آپ نبی کریم ﷺ کے صحابی بھی تھے اور بارگاہ رسالت کے کاتب وحی بھی تھے''۔ (مناقب سیدنا امیر معاویہ ﷺ ص ۸۱ بحوالہ الاصابہ فی تمیز الصحابہ ج ۳ ص ۴۳۳)

حضرت علامہ شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

marfat.com

''حضرت معاویہ کاتب رسول مقبول ﷺ تھے۔ اپنی کتاب ''خلاصة السیر'' میں امام مفتی حرمین احمد بن عبداللہ بن محمد طبری نے ذکر کیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے تیرہ کاتب تھے۔ چاروں خلفاء کے علاوہ (۵) عامر بن فہیرہ (۶) عبداللہ بن ارقم (۷) اُبی بن کعب (۸) ثابت بن قیس بن شماس (۹) خالد بن سعید بن عاص (۱۰) حنظلہ بن ربیع اسلمی (۱۱) زید بن ثابت (۱۲) معاویہ بن ابی سفیان اور (۱۳) شرحبیل بن حسنہ رضوان اللہ علیہم اجمعین تھے۔ ان میں حضرت معاویہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہما کو کتابت وحی کیلئے خاص کیا گیا تھا۔

نیز یہ جو کہا گیا ہے کہ کتابت وحی ان کیلئے ثابت نہیں ہے۔ امام احمد بن محمد قسطلانی نے شرح صحیح بخاری میں اس قول کو صریح مردود کہا ہے۔ اس کے الفاظ ہیں کہ معاویہ بن ابی سفیان پہاڑ ہیں۔ جنگ کے بیٹے ہیں اور رسول اللہ ﷺ کے کاتب وحی ہیں''۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۳۳-۳۴)

''قاضی عیاض ذکر فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے معافی بن عمران سے کہا کہ عمر بن عبدالعزیز حضرت معاویہ رضی اللہ عنہما سے افضل ہیں تو وہ غصہ میں آ گئے اور فرمانے لگے حضور اکرم ﷺ کے صحابہ کرام کے ساتھ کسی کو قیاس نہیں کیا جا سکتا ہے۔ حضرت معاویہ صحابی رسول مقبول ﷺ ہیں۔ وہ آپ کے برادر نسبتی ہیں، کاتب ہیں اور سب سے بڑھ کر وحی الٰہی کے امین ہیں''۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۳۵، ۳۶)

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''امیر معاویہ ؓ نے ایک عرصہ تک دربار رسالت میں

marfat.com

کتابت وحی کے فرائض انجام دیئے اور بحیثیت کاتب وحی ۱۶۳ احادیث کے راوی ہیں''۔

(تاریخ الخلفاء اردو ص ۱۹۶)

حکیم الامت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''روایات متعددہ سے یہ امر ثابت ہو گیا ہے کہ نبی ﷺ نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو اپنا منشی اور کاتب وحی بنایا تھا اور آپ اسی کو کاتب بناتے تھے جو ذی عدالت اور امانت دار ہو''۔ (ازالۃ الخفاء اردو اول ص ۳۴۵)

اور حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ جیسا کہ پہلے نقل کیا جا چکا ہے، فرماتے ہیں:

''صحبت کی فضیلت سب فضائل و کمالات سے فائق اور بلند ہے اسی بنا پر حضرت اویس قرنی جو خیر التابعین ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی کے ادنیٰ مرتبہ تک بھی نہیں پہنچ سکے۔ لہٰذا صحبت کی فضیلت کا کوئی شے مقابلہ نہیں کر سکتی کیونکہ ان صحابہ کا ایمان صحبت اور نزول وحی کی برکت سے شہودی ہو چکا ہے اور ایمان کا یہ رتبہ صحابہ کرام کے بعد کسی کو بھی نصیب نہیں''۔ (مکتوبات امام ربانی دفتر اول مکتوب نمبر ۵۹)

اور ہم کہتے ہیں کہ یہ تو عام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا حال ہے کہ ان کا ایمان صحبت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام اور نزول وحی کی برکت سے شہودی ہو چکا ہے تو خاص حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی ذات والا صفات جنہیں صحبت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کا عظیم شرف بھی حاصل ہو جو صاحب اسرار اور راز دار بھی ہوں، جو وحی الٰہی کے کاتب اور امین بھی ہوں، کا ایمان کیا شہودی نہیں ہو چکا ہوگا۔ ضرور ہو چکا ہوگا بلکہ اعلیٰ درجہ کا شہودی ہو گیا ہوگا۔ لہٰذا جو ایسے شہودی ایمان والے کے ایمان میں شک کرے اس

marfat.com

کا اپنا ایمان مشکوک ہے۔ جو شخص حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم سے شرف صحبت رکھنے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو فیضان رسالت سے فیض یاب اور افضل ایمان والا نہیں مانتا وہ بتائے کہ اس کے پاس اس کے اپنے ایمان کی کیا دلیل ہے؟ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۔

سسرال کا مقام و مرتبہ

(امیر معاویہ حضور ﷺ کے برادر نسبتی ہیں)

اگر کسی عام کو خاص سے نسبت ہو جائے تو وہ عام بھی خاص ہو جاتا ہے اسی لئے یہ آخری امت خاصۂ خاصانِ رسل سید کل حضور سرورِ عالم ﷺ سے نسبت کی بدولت خیر الامم قرار پائی ہے اور حضور اکرم ﷺ کی نسبت مبارکہ سے یعنی اُمتِ محمدیہ ہونے کے باعث اسے پہلی امتوں پر فضیلت و برتری حاصل ہوئی ہے۔ گویا اس میں کوئی شک ہی نہیں کہ حضور ﷺ کی نسبت آدمی کو سربلند کر دیتی ہے اور حضور سے جس کسی کو جس قدر نسبت حاصل ہوتی ہے وہ مرتبہ میں اسی قدر عظیم اور سربلند ہو جاتا ہے۔

وہی معراج والے ہیں وہی معراج دیتے ہیں
عروج آدم خاکی کی بنیاد ان کی نسبت ہے

جب نسبت کی عظمت کو سمجھ لیا تو اب دیکھئے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو جناب رسول اللہ ﷺ سے کئی دیگر نسبتوں کے علاوہ ایک سسرالی نسبت بھی حاصل ہے۔ وہ حضور ﷺ کے ہم نسب، عظیم صحابی اور کاتب وحی ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آپ کے برادر نسبتی بھی ہیں۔

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نسبی قرابت کے علاوہ سسرالی قرابت کے باعث بھی حضور ﷺ کے اہل قرابت سے ہیں۔ نیز غور کیجئے کہ جب حضور اکرم ﷺ کی نسبت بے مثل اور اعلیٰ ہے تو یقیناً آپ کی سسرالی نسبت بھی بے مثل اور اعلیٰ ہے۔ اس لئے حضور

marfat.com

ﷺ کے سسرال کا مقام و مرتبہ بھی بہت ارفع واعلیٰ ہے لہٰذا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مقام و مرتبہ بھی بہت ارفع و اعلیٰ ہے اور چونکہ آپ ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے برادر مکرم ہیں اس لئے محدثین و محققین نے آپ کو مسلمانوں کا ماموں لکھا ہے۔ مثلاً ''ابن عساکر'' سے منقول ہے:

''خَالُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَكَاتِبُ وَحْيِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ''۔

ترجمہ: تمام مسلمانوں کے ماموں جان اور اللہ رب العزت کی وحی لکھنے والے ہیں۔ (مناقب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۷۹)

حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں:

آپ معاویہ بن ابی سفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبدالشمس بن عبد مناف بن قصی ابو عبدالرحمٰن القرشی الاموی، مومنین کے ماموں اور رب العالمین کے رسول کے کاتب وحی ہیں''۔

(تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۵۲، ۹۳۷، ۹۳۸)

مفسر قرآن حضرت مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ رقم طراز ہیں:

''امیر معاویہ نبی کریم ﷺ کے حقیقی سالے ہیں کیونکہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان رضی اللہ عنہا جو حضور ﷺ کی زوجہ مطہرہ ہیں۔ وہ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی حقیقی بہن ہیں اس لئے امیر معاویہ حضور ﷺ کے سسرالی رشتہ دار بھی ہیں۔ لہٰذا ان کا حضور سے دوہرا رشتہ ہوا، نسبی اور سسرالی۔ مثنوی شریف میں امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو جو مسلمانوں کا ماموں فرمایا گیا اس کے یہی معنی ہیں''۔ (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر ص ۳۸)

امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''حضرت معاویہ کو آنحضرت ﷺ کے سسرالی رشتہ دار ہونے کا شرف حاصل تھا۔ ام المؤمنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی

marfat.com

بہن تھیں اور آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ: ''میرے صحابہ کو اور میرے سسرالی رشتہ داروں کو برائی کے ساتھ یاد نہ کرو جو شخص ان کے بارے میں میرے حقوق کی رعایت کرے گا اللہ کی طرف سے اس کیلئے ایک محافظ مقرر ہوگا اور جو شخص ان کے بارے میں میرے حقوق کی رعایت نہ کرے گا اللہ اس کو چھوڑ دے گا اور جس کو اللہ نے چھوڑ دیا قریب ہے کہ اللہ اس کو کسی مصیبت میں پکڑے''۔ اس حدیث کو امام احمد بن منیع نے روایت کیا ہے۔

نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ:

''اللہ نے مجھ سے وعدہ کیا ہے کہ جس خاندان کی لڑکی سے اپنا نکاح کروں گا یا جس شخص کے ساتھ اپنی کسی لڑکی کا نکاح کروں گا یہ سب لوگ جنت میں میرے رفیق ہوں گے''۔ اس حدیث کو حرث بن ابی اُسامہ نے روایت کیا ہے۔

نیز آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ:

''میں نے اپنے پروردگار سے درخواست کی کہ میں اپنی امت میں سے جس گھرانے میں اپنا نکاح کروں یا جس شخص کے ساتھ اپنی کسی لڑکی کا نکاح کروں یہ سب لوگ جنت میں میرے رفیق ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے میری یہ درخواست قبول فرمائی۔ اس حدیث کو بھی حرث نے روایت کیا ہے۔

پس اس عظیم الشان فضیلت اور مرتبۂ عالی کو جو تمام ان خاندانوں کیلئے ثابت ہیں جن کے یہاں آنحضرت ﷺ نے نکاح کیا غور سے دیکھو تو معلوم ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے ابوسفیان ؓ کے گھر پر جس گھر کے ایک بڑے شخص حضرت معاویہ ؓ تھے کیسا فضل و کرم

marfat.com

کیا۔ان کو کیسا عز و شرف اور جلال و اقبال دیا اور آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد گرامی پر بھی غور کرو کہ آپ نے فرمایا: ''جو شخص ان لوگوں کے بارے میں میرے حقوق کی رعایت نہ کرے گا اللہ اس سے بری ہے اور جس سے اللہ بری ہے قریب ہے کہ اس کو کسی مصیبت میں گرفتار کرلے''۔امید ہے تم اس بات پر غور کرنے سے ان لوگوں کی بدگوئی سے پرہیز کرو گے جن کو خدا نے آنحضرت ﷺ کے سسرالی رشتہ دار ہونے کی عزت دی ہے اور وہ آپ کے عزیزوں کے زمرے میں داخل ہیں۔ان لوگوں کی بدگوئی کرنا سم قاتل ہے ایسے سم قاتل کا وہی شخص استعمال کرے گا جس کو اپنی زندگی ناگوار ہے تو اللہ کو کچھ پروا نہیں ایسا شخص چاہے جس جنگل میں ہلاک ہو جائے۔اللہ تعالیٰ ہم کو اور نیز سب مسلمانوں کو اپنے غضب و عذاب سے محفوظ رکھے''۔

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۳۔۳۴)

اب جب معلوم ہو گیا کہ حضرت امیر معاویہ ؓ حضور اکرم ﷺ کے برادر نسبتی اور سسرالی رشتہ دار ہیں تو حدیث پاک میں جو سسرال کا مقام و مرتبہ متعین کیا گیا ہے اور ان کے ادب و احترام کی جو تاکید فرمائی گئی ہے وہ بھی ملاحظہ فرمالیں۔اللہ کے پیارے رسول ﷺ نے فرمایا:

۱) اَنَّ اللّٰہَ اخْتَارَنِیْ وَاخْتَارَلِیْ اَصْحَابًا وَّاخْتَارَلِیْ مِنْھُمْ اَصْھَارًا وَّاَنْصَارًا فَمَنْ حَفِظَنِیْ فِیْھِمْ حَفِظَہُ اللّٰہُ وَمَنْ اٰذَانِیْ فِیْھِمْ اٰذَاہُ اللّٰہُ۔ (الصواعق المحرقہ ص ۴)

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے پسند فرمایا اور میرے لئے میرے اصحاب پسند فرمائے ان میں سے میرے سسرال اور مددگار پسند فرمائے لہٰذا جس نے ان کے بارے میں مجھے (طعن و تشنیع سے) محفوظ رکھا اللہ تعالیٰ اسے

marfat.com

محفوظ رکھے اور جس نے ان کے بارے میں مجھے اذیت دی اللہ تعالیٰ اسے اذیت دے۔

۲) اِحْفَظُوْنِیْ فِیْ اَصْحَابِیْ وَاَصْهَارِیْ وَاَنْصَارِیْ فَمَنْ حَفِظَنِیْ فِیْهِمْ حَفِظَهُ اللّٰهُ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔ (الصواعق المحرقہ ص ۳)

ترجمہ: میرے صحابہ اور میرے سسرال اور میرے معاونین کے بارے میں میرا لحاظ کرو پس جس نے ان کے بارے میں میرا (یعنی میری نسبت کا) لحاظ رکھا اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس کی حفاظت کرے گا۔

آپ نے دیکھا کہ اللہ کے رسول ﷺ نے اپنی امت کو اپنے صحابہ، سسرال اور انصار کی عظمت و رفعت اور قدر و منزلت کی طرف متوجہ کیا اور ان کا ادب و احترام اور تعظیم و تکریم کرنے کی تاکید فرمائی اور اپنی نسبت پاک کا لحاظ کرنے کا حکم فرمایا۔ اور یہ آپ پہلے ملاحظہ فرما چکے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو رسول اکرم ﷺ کا صحابی اور برادر نسبتی ہونے کا شرف حاصل ہے یعنی صحابیت کے علاوہ حضور ﷺ سے سسرالی نسبت و قرابت بھی حاصل ہے۔ تو احادیث مبارکہ کے مطابق امت پر ان نسبتوں کا لحاظ کرتے ہوئے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ادب و احترام واجب و لازم ہو گیا۔ لیکن مولانا مودودی جو مفکر اسلام کہلاتے رہے معلوم نہیں انہوں نے دل سے جناب رسول اللہ ﷺ کا کلمہ پڑھا تھا یا نہیں۔ اطاعت رسول پر ایمان لائے تھے یا نہیں۔ بڑے پر فریب انداز میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی عظمتوں کا اعتراف کرتے ہوئے بھی ان پر تنقید کر رہے ہیں اور ان پر طعن و تشنیع کو برا گردانتے ہوئے بھی طعن و تشنیع کے تیر برسا رہے ہیں۔ دیکھئے وہ کہتے ہیں۔

''حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے محامد و مناقب اپنی جگہ پر، ان کا شرف صحابیت بھی واجب الاحترام ہے، ان کی یہ خدمت بھی ناقابل انکار ہے کہ انہوں نے پھر سے دنیائے اسلام کو ایک جھنڈے تلے جمع کیا

marfat.com

اور دنیا میں اسلام کے غلبے کا دائرہ پہلے سے زیادہ وسیع کر دیا۔ ان پر جو شخص لعن طعن کرتا ہے وہ بلاشبہ زیادتی کرتا ہے۔ لیکن ان کے غلط کام کو تو غلط کہنا ہی ہوگا۔ اسے صحیح کہنے کے معنی یہ ہوں گے کہ ہم اپنے صحیح وغلط کے معیار کو خطرے میں ڈال رہے ہیں"۔ (خلافت وملوکیت ص ۱۵۳)

اب ذرا مودودی صاحب کی فکر اسلام دیکھئے کہ حضرت امیر معاویہ ﷛ کی بعض عظمتوں کو شمار کرنے اور ان پر لعن طعن کرنے کو زیادتی (ظلم) کہنے کے باوجود ان پر غلطیوں کے طعن کر رہے ہیں اور صرف اپنے من گھڑت "صحیح وغلط کے معیار" کو خطرے سے بچانے کا عندیہ دے کر احادیث مبارکہ کے احکام تک کو پس پشت ڈال رہے ہیں۔ استغفراللہ۔ عجیب بات ہے کہ انہیں اپنا من گھڑت معیار تو عزیز ہے لیکن حکم رسول اور نسبت رسول (ﷺ) کا کوئی احترام نہیں۔ حالانکہ مسلمانوں کی ساری عزت وآبرو حضور ﷺ کی نسبت وغلامی سے ہے۔ حضرت علامہ اقبال فرماتے ہیں:

در دل مسلم مقام مصطفیٰ ﷺ است
آبروئے ما ز نام مصطفیٰ ﷺ است

جب ہر مسلمان کو جناب رسول اللہ ﷺ کی نسبت سے عزت وآبرو حاصل ہو جاتی ہے اور وہ محترم ہو جاتا ہے تو کیا وجہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ ﷛ جنہیں کئی نسبتیں حاصل ہیں، کی عزت وآبرو کو نہ تسلیم کیا جائے اور ان کے ادب واحترام میں اپنے ذاتی معیار قربان نہ کئے جائیں۔ جب عام مسلمان ایک نسبت اسلام سے معزز ٹھہرتے ہیں تو حضرت امیر معاویہ ﷛ جنہیں اسلام کے علاوہ صحابی، کاتب وحی اور برادر نسبتی ایسی متعدد نسبتیں حاصل ہیں کیونکر معزز نہیں؟ جب عام مسلمانوں کو ہاتھ اور زبان سے تکلیف دینا جائز نہیں تو حضرت امیر معاویہ ﷛ پر طعن وتشنیع کرنا کیوں جائز ہے؟ حیف ہے ایسے مفکرِ اسلام پر جس کے نزدیک حضور اکرم ﷺ پر ایمان لانے کی صرف ایک نسبت سے ہر مسلمان کو تو عزت وآبرو حاصل ہو جائے لیکن وہ سیدنا امیر

marfat.com

معاویہ ﷺ کے حق میں ان کی کسی نسبت کا کوئی اعزاز نہ مانے۔ درحقیقت ایسا شخص نسبت رسول کی عظمت کو دل سے نہیں تسلیم کرتا۔ حضور کی کسی نسبت کا پاس اور لحاظ نہیں کرتا۔ بلکہ حقیقت تو یہ ہے کہ ایسا شخص مقام مصطفیٰ ﷺ سے آشنا ہی نہیں یا عظمت و مقام مصطفیٰ ﷺ کو دل سے مانتا ہی نہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بھی نہیں ڈرتا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کی گرفت بڑی سخت ہے۔ فرمایا اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ۔ (القرآن) اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی ضرور گرفت فرمائے گا۔ ورانہیں ضرور دردناک اذیت میں مبتلا کرے گا۔ اور یاد رہے کہ مسلمان کی ساری عزت و آبرو حضور ﷺ کی نسبت اور غلامی حاصل ہونے اور اس نسبت و غلامی کا ادب و احترام کرنے سے ہے۔ جو شخص اس نسبت سے محروم رہا۔ جس نے اس کی عظمت کا انکار کیا وہ خود ہی عزت سے محروم ہوگیا۔ لہٰذا جب کلمہ پڑھ ہی لیا ہے تو پھر آپ کی ہر نسبت کا احترام کر کے اپنی نسبت کو پختہ کرلو۔

؎ کچھ ہاتھ نہ آئے گا آقا سے جدا رہ کر
آقا کی نسبت سے توقیر بڑی ہوگی

امت میں سب سے حلیم تر ہیں

اللہ تعالیٰ نے حضرت امیر معاویہ ﷺ کو دیگر صفات محمودہ کے علاوہ حلم و بردباری اور اخلاق حسنہ سے بھی خوب نوازا۔ مخالفین اور تند مزاج جاہل لوگ آپ کے پاس آتے اور اکثر بدتہذیبی اور سخت کلامی کے ساتھ ملتے لیکن آپ ہمیشہ ان سے نہایت خندہ پیشانی سے پیش آتے اور ان کی زیادتیوں سے درگزر فرماتے۔ مخبر صادق حضور نبی اکرم ﷺ نے خود حضرت امیر معاویہ ﷺ کے حق میں "اَحْلَمُ اُمَّتِيْ وَاَجْوَدُهَا یعنی میری امت میں سب سے زیادہ حلیم اور سب سے زیادہ سخی ہیں" کے الفاظ و القابات استعمال فرمائے ہیں۔ لہٰذا ان کے ان صفات کے جامع ہونے میں کوئی شک نہیں۔

marfat.com

حضرت امام احمد ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"حرث بن اسامہ نے روایت کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ میری امت میں سب سے زیادہ رحم دل اور رقیق القلب ہیں اس کے بعد آپ نے بقیہ خلفائے اربعہ کے مناقب بیان کئے اور ان میں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا بھی ذکر کیا اور فرمایا کہ معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما میری امت میں سب سے زیادہ حلیم اور سخی ہیں۔ (وَمُعَاوِيَةُ بْنُ أَبِيْ سُفْيَانَ أَحْلَمُ أُمَّتِيْ وَأَجْوَدُهَا۔ تطہیر الجنان ص ۱۲)

ان دونوں عظیم الشان وصفوں کو جو آنحضرت نے ان کی ذات میں بیان کئے ہیں غور سے دیکھو تو تم کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ ان دونوں وصفوں کے ذریعہ سے کمال کے مرتبہ اعلیٰ کو پہنچ گئے جو کسی دوسرے کو نصیب نہیں۔ کیونکہ حلم اور جود یہ دو صفتیں ایسی ہیں کہ تمام حظوظ و شہوات نفس کو مٹا دیتی ہیں۔ اس لئے کہ تکلیف اور شدت غضب کے وقت وہی شخص حلم کر سکتا ہے جس کے دل میں ذرہ برابر غرور اور حظ نفس باقی نہ ہو۔ اسی وجہ سے ایک شخص نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ﷺ مجھے کچھ وصیت فرمائیے۔ حضرت ﷺ نے فرمایا کبھی غصہ نہ کر۔ وہ شخص بار بار آپ سے کہتا رہا کہ مجھے کچھ وصیت فرمائیے اور حضرت ﷺ بار بار یہی فرماتے رہے کہ کبھی غصہ نہ کرنا۔ معلوم ہوا کہ جب کوئی شخص غصہ کے شر سے بچ جائے گا تو وہ نفس کی دوسری خباثتوں سے بھی بچ جائے گا اور جو شخص نفس کی خباثتوں سے بچ جائے اس میں تمام نیکیاں جمع ہوں گی۔

اسی طرح سخاوت کا حال ہے۔ تمام گناہوں کا سرچشمہ محبت دنیا ہے جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے۔ پس جس شخص کو اللہ تعالیٰ محبت دنیا سے بچائے اور سخاوت کی صفت اس کو عطا کرے تو سمجھ لینا چاہیے کہ

marfat.com

اس کے دل میں ذرہ برابر حسد نہیں ہے نہ وہ کسی فانی چیز کی طرف ملتفت ہو کر دنیا و آخرت کی نیکیوں کو برباد کر سکتا ہے اور جب کسی کا قلب ان دونوں آفتوں سے پاک ہو یعنی غضب او بخل سے جو سر چشمہ تمام نقائص اور خباثتوں کے ہیں' تو وہ شخص تمام کمالات اور نیکیوں کے ساتھ آراستہ اور تمام برائیوں سے پاک ہوگا۔ پس آنحضرت ﷺ کے اس فرمانے سے کہ معاویہ ؓ حلیم اور سخی ہیں' وہ تمام فضائل جو میں نے بیان کئے حضرت معاویہ ؓ کی ذات میں ثابت ہو گئے۔ اب وہ تمام باتیں جو اہلِ بدعت و جہالت کرتے ہیں کسی طرح قابلِ قبول نہیں ہو سکتیں۔

اگر کہا جائے کہ یہ حدیث جو مذکور ہوئی اس کی سند ضعیف ہے پھر اس سے استدلال کیونکر صحیح ہو سکتا ہے تو جواب یہ ہے کہ ہمارے تمام فقہا اور اصولین اور محدثین اس بات پر متفق ہیں کہ حدیث ضعیف مناقب کے متعلق حجت ہوتی ہے جیسا کہ فضائل اعمال کے متعلق بالاجماع حجت مانی گئی ہے اور جب اس کا حجت ہونا ثابت ہو گیا تو کسی معاند کا کوئی شبہ یا کسی حاسد کا کوئی طعن باقی نہ رہا بلکہ ان تمام لوگوں پر جن میں کچھ بھی اہلیت ہو واجب ہو گیا کہ اس حق کو اپنے دل میں جگہ دیں اور بہکانے والوں کے فریب میں نہ آئیں"۔

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۲۹-۳۰)

مشہور مورخ علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں:

"حضرت امیر معاویہ ؓ نے (امام حسن ؓ کے بعد) بیس برس تک حکمرانی کی اور اس دریا دلی سے لوگوں کو اپنے انعامات سے مستفید فرمایا کہ اس زمانہ میں کوئی شخص ان کی قوم کا ان سے زیادہ فیاض نہ تھا۔ رؤسائے عرب کے ساتھ بھی کریمانہ برتاؤ رکھتے تھے۔ ان کی سخت

marfat.com

وناملائم باتوں کو برداشت کرتے۔ان کے ساتھ اخلاق سے پیش آتے۔ حتیٰ کہ ان کے تحمل و بردباری کی کوئی حد نہ تھی۔ یہی سبب تھا کہ ان کی حکومت وریاست کو کسی قسم کی لغزش نہ ہوئی بلکہ بتدریج استقلال ہو گیا۔

(تاریخ ابن خلدون اردو حصہ دوم ص ۲۵)

حضرت وائل ابن حجر ﷜ جو ایک شہزادے تھے۔حضور نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر مسلمان ہوئے۔آنحضرت ﷺ نے ان کے سر پر شفقت سے ہاتھ پھیر کر ان کیلئے دعا فرمائی اور حضرت معاویہ (﷜) کو حکم دیا کہ وائل ابن حجر کو قبا میں لے جا کر ٹھہرائیں۔ جناب وائل بن حجر ﷜ اونٹ پر سوار تھے اور حضرت معاویہ ﷜ ان کے ساتھ ساتھ پیدل چل رہے تھے۔

(کچھ دور تک تو حضرت معاویہ ﷜ ساتھ ساتھ چلتے رہے لیکن صحرائے عرب کی گرمی بہت شدید تھی جب پاؤں گرم ریت کی تپش سے کچھ زیادہ ہی جلنے لگے تو اثنائے راہ میں حضرت وائل سے مخاطب ہوئے گرمی کی شکایت کی اور کہا)

آپ مجھے اپنے جوتے دے دیں تا کہ زمین کی گرمی سے میرے پاؤں محفوظ رہ سکیں حضرت وائل ﷜ (جو شہزادگی کی شان میں تھے) نے کہا: میں تمہیں پہنانا چاہتا کیوں کہ میں ان کو پہن چکا ہوں۔

حضرت معاویہ ﷜ نے کہا اچھا تو (مہربانی کر کے) تم اپنے پیچھے ہی مجھے بٹھا لو۔اس پر وائل ﷜ نے جواب دیا کہ تم ملوک (بادشاہوں) کے ارادف (پیچھے بیٹھنے والوں) سے نہیں ہو۔

پھر حضرت معاویہ ﷜ نے کہا کہ زمین کی تپش نے میرے پاؤں جلا دیئے ہیں تو وائل ﷜ یہ سن کر بولے: "امش فی ظل ناقتی

marfat.com

كفاك به شرفا"۔ یعنی تو میرے ناقہ (اونٹ) کے سایہ میں چل تجھے یہی شرف کافی ہے۔

(مختصر یہ کہ انہوں نے حضرت امیر معاویہ ﷛ کو نہ تو اپنے ساتھ سوار کیا اور نہ ہی گرمی سے بچنے کی کوئی اور صورت نکالی۔ حضرت امیر معاویہ ﷛ قریش کے ایک سردار کے بیٹے ہونے کے باوجود جناب رسول اللہ ﷺ کے حکم کی اطاعت میں پیشانی پر کوئی پریشانی لائے بغیر قیامت خیز گرمی میں بھی حضرت وائل ﷛ کے ساتھ ساتھ چلتے گئے)

اور پھر بیان کیا جاتا ہے کہ حضرت امیر معاویہ ﷛ کے زمانہ میں حضرت وائل ﷛ ان کے پاس ایک وفد لے کر گئے (تو حضرت معاویہ ﷛ نے انہیں پہچاننے کے باوجود نہایت خوش دلی سے ان کی مہمانداری کی اور ان کے ساتھ انتہائی عزت و اکرام کا برتاؤ کیا) حضرت امیر معاویہ ﷛ نے ان کی اس وقت بہت عزت کی"۔

(تاریخ ابن خلدون اردو حصہ اول ص ۱۹۵)

حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"ابن ابی دنیا اور ابوبکر بن ابی عاصم نے امیر معاویہ ﷛ کی بردباری اور حلم پر کتابیں لکھی ہیں اور قبیصہ بن جابر کا بیان ہے میں عرصہ تک امیر معاویہ ﷛ کے ساتھ رہا میں نے آپ سے زیادہ کسی دوسرے کو حلیم و بردبار نہیں دیکھا"۔ (تاریخ الخلفاء اردو ص ۱۹۶)

خدا اور رسول ﷺ کے محبوب ہیں

ایک مرتبہ حضرت امیر معاویہ ﷛ اپنی ہمشیرہ محترمہ ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف فرما تھے اور آپ امیر معاویہ کو چوم رہی تھیں۔ حضور ﷺ

marfat.com

تشریف لائے اور پوچھا کیا تو اس سے محبت کرتی ہے؟ انہوں نے عرض کیا: میرا بھائی ہے میں اس سے محبت کیوں نہ کروں۔ پس حضور ﷺ نے فرمایا:

فَاِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُحِبَّانِهٖ۔

ترجمہ: پھر سن لے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول بھی اس سے محبت فرماتے ہیں۔

(تطہیر الجنان ص ۱۴ بحوالہ مناقب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۷۶۔۷۷، دشمنانِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا علمی محاسبہ ص ۹۴۔۹۵، تطہیر الجنان اردو ص ۳۳)

حضور سرورِ دو عالم نبی اکرم ﷺ نے ایک موقع پر فرمایا:

فَاِنِّیْ اُحِبُّ مُعَاوِيَةَ وَاُحِبُّ مَنْ يُّحِبُّ مُعَاوِيَةَ وَجِبْرِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ يُحِبَّانِ مُعَاوِيَةَ وَاللّٰهُ اَشَدُّ حُبًّا لِمُعَاوِيَةَ مِنْ جِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ۔

ترجمہ: میں معاویہ سے بھی محبت کرتا ہوں اور اس شخص سے بھی محبت کرتا ہوں جو معاویہ سے محبت رکھتا ہو اور جبرائیل و میکائیل بھی معاویہ سے محبت رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جبرائیل و میکائیل سے بھی زیادہ مُعاویہ سے محبت فرماتے ہیں۔

(ابن عساکر نمبر ۲۵ ص ۹ بحوالہ مناقب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۷۸)

دونوں کا دعویٰ ایک اور اختلاف قصاصِ عثمان رضی اللہ عنہ پر تھا

حضرت امام بخاری نے صحیح بخاری میں اور امام مسلم نے صحیح مسلم میں جناب رسول اللہ ﷺ کی ایک حدیث پاک حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کے ساتھ یوں بیان فرمائی ہے:

"لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ تَكُوْنُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ" عَظِيْمَةٌ وَّدَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ"۔

marfat.com

(صحیح بخاری ج ۲ص ۱۰۵۴ کتاب الفتن، صحیح مسلم ج ۲ص ۳۹۰ کتاب الفتن)

ترجمہ: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتیں لڑ نہ لیں۔ ان کے درمیان شدید لڑائی ہوگی اور ان دونوں کا دعویٰ ایک ہوگا۔

حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ روایت جنگ صفین کے بارے میں ہے۔ ملاحظہ ہو:

"آنحضرت ﷺ نے صفین کے واقعہ کی خبر دی ہے۔ شیخان (بخاری و مسلم) نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا رسول خدا ﷺ نے فرمایا: "قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی کہ دو بڑے گروہ لڑیں اور ان دونوں میں قتل عام ہو اور دونوں کا دعویٰ ایک ہو"۔

(ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۵۴۰)

دوسرے مقام پر فرماتے ہیں۔

"اور امیر معاویہ کا مجتہد مخطی[1] معذور ہونا اس وجہ سے ہے کہ وہ شبہ سے متمسک (شبہ میں مبتلا) تھے اگرچہ میزان شرع میں اس سے وزن دار حجت موجود تھی یہ شبہ وہی تھا جو اصحاب جمل کو پیش آیا لیکن اس میں اتنا اشکال اور بھی بڑھا ہوا تھا کہ امیر معاویہ اور اہل شام نے بیعت نہ کی تھی اور جانتے تھے کہ خلافت کا پورا ہونا تسلط اور احکام نافذ ہونے سے ہے اور یہ بات ابھی متحقق نہیں ہوئی پھر تحکیم کے معاملہ نے اس خیال کو اور راسخ کر دیا اور حدیث صحیح میں وارد ہے کہ دَعْوَتُهُمَا وَاحِدَةٌ (دونوں کی دعوت ایک ہوگی) (ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۵۵۱)

اور مولائے کائنات باب مدینۃ العلم حضرت شیر خدا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے کہ آپ نے جنگ صفین کے بعد اپنے عمال کے نام یہ حکم نامہ بطور

---

[1] مخطی وہ شخص ہے جو نیکی کا ارادہ کرے لیکن بلا ارادہ اور نادانستہ اس سے خطا سرزد ہو جائے۔

marfat.com

وضاحت روانہ فرمایا:

"وَالظَّاهِرُ اَنَّ رَبَّنَا وَاحِدٌ وَنَبِيَّنَا وَاحِدٌ وَدَعْوَتَنَا فِي الْإِسْلَامِ وَاحِدَةٌ وَلَا نَسْتَزِيْدُهُمْ فِي الْإِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَالتَّصْدِيْقِ بِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَسْتَزِيْدُوْنَنَا الْاَمْرُ وَاحِدٌ اِلَّا مَا اخْتَلَفْنَا فِيْهِ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ وَنَحْنُ مِنْهُ بَرَاءٌ۔

ترجمہ: "ظاہر میں ہم سب کا پروردگار ایک تھا ہمارا نبی ایک تھا ہماری دعوت اسلام ایک تھی نہ ہم ان سے ایمان باللہ اور تصدیق بالرسول میں کسی اضافے کا مطالبہ کرتے تھے نہ وہ ہم سے کرتے تھے (اس معاملہ میں) ہم سب ایک تھے۔ اختلاف تھا تو صرف عثمان رضی اللہ عنہ کے خون میں اختلاف تھا حالانکہ اس خون سے ہم بالکل بری الذمہ تھے"۔

(نہج البلاغہ مع ترجمہ وشرح حصہ دوم نمبر ۵۸ ص ۸۲۲)

یہاں تک کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ دونوں جانب کے مقتولین کو جنتی فرماتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

۱) قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَتْلَايَ وَقَتْلٰى مُعَاوِيَةَ فِي الْجَنَّةِ رواه الطبراني (تطہیر الجنان ص ۱۹ بحوالہ دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ ج ۱ ص ۱۰۶)

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری اور معاویہ کی جنگ میں قتل ہونے والے (دونوں طرف کے لوگ) جنتی ہیں۔

۲) قَتْلَانَا وَقَتْلَاهُمْ فِي الْجَنَّةِ۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۵ ص ۳۰۳ بحوالہ دشمنانِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا علمی محاسبہ ج ۲ ص ۱۵۳)

ترجمہ: ہمارے اور ان کے مقتولین دونوں جنت میں ہیں۔

حضرت علی اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کی صلح اور خارجی بگڑ گئے

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

marfat.com

''احمد نے عبیداللہ بن عیاض بن عمرو قاری سے روایت کی ہے
کہ انہوں نے کہا ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس بیٹھے تھے کہ
عبداللہ بن شداد حضرت علی ؑ کے قتال کے بعد عراق سے واپس ہو کر
آپ کے پاس حاضر ہوئے۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے
پوچھا: اے عبداللہ بن شداد! اگر میں تم سے ایک بات پوچھوں تو تم سچ
بیان کرو گے؟ عبداللہ نے کہا: ہاں۔ آپ نے فرمایا: تم ان لوگوں کا حال
بیان کرو جن کو حضرت علی ؑ نے قتل کیا۔

عبداللہ نے کہا: جب حضرت علی ؑ نے معاویہ ؓ سے (صلح
کیلئے) خط و کتابت کی اور حکمین مقرر ہوئے تو آٹھ ہزار قاری ان کی
مخالفت میں نکلے اور کوفہ کے کنارے مقام حرورا میں جمع ہوئے' حضرت
علی کو ملامت کی اور کہا تم نے اس کرتے کو اتار دیا جو تم کو خدا نے پہنایا تھا
اور اس نام سے الگ ہو گئے جو خدا نے رکھا۔ پھر تم نے دین خدا کے
معاملے میں حکم مقرر کیا۔ خدا کے سوا کسی کا حکم نہیں ہے۔ جب حضرت علی
(ؑ) نے یہ بات سنی، جس کی وجہ سے انہوں نے عتاب کیا اور ان سے
الگ ہو گئے، تو حکم فرمایا: کہ اعلان کر دیا جائے کہ سوا اہل قرآن
(قاریوں) کے اور کوئی امیر المؤمنین ؑ کے پاس نہ آئے۔ جب گھر
قاریوں سے بھر گیا۔ آپ نے لوگوں کے سامنے قرآن منگوایا اور اس پر
ہاتھ رکھ کر کہنے لگے: اے مصحف! لوگوں سے بیان کر۔ لوگوں نے آواز
دی: اے امیر المؤمنین! آپ مصحف سے کیا پوچھتے ہیں وہ تو کاغذ روشنائی
ہے اور جو اس میں ہے ہم اس کو بیان کرتے ہیں۔ آپ کیا چاہتے ہیں؟
آپ نے کہا: تمہارے یہ اصحاب جنہوں نے مجھ پر خروج کیا ہے۔ ان
کے اور میرے درمیان خدا کی کتاب ہے۔ اللہ تعالیٰ ایک مرد و عورت کے

marfat.com

معاملے میں کہتا ہے کہ:

وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِنْ اَهْلِهَا اِنْ يُرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا۔ ترجمہ: اور اگران دونوں کے درمیان اختلاف کا خوف ہو تو ایک حکم شوہر کے اہل سے اور ایک حکم عورت کے اہل سے بھیجو۔ اگر وہ دونوں صلح کرنے کا ارادہ کریں گے تو خدا ان دونوں کو توفیق دے گا۔ پس امت محمد (ﷺ) ایک عورت و مرد سے خون وحرمت سے بہت بڑی ہے۔ تم مجھ پر اس کو ناپسند کرتے ہو کہ میں نے معاویہ سے صلح کر لی...... بعد ازاں حضرت علیؓ کے حکم پر عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے خارجیوں سے مناظرہ کیا۔

(ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۵۴۱ تا ۵۴۳)

روئیداد مناظرہ

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا جب یہ (خارجی) لوگ نکل کر حروراء میں جمع ہوئے اور میں ان لوگوں کے پاس پہنچا تو انہوں نے کہا: اے ابن عباس! آپ کیوں آئے ہیں؟

میں نے کہا: کہ میں تمہارے پاس رسول اللہ ﷺ کے اصحاب اور آپ کے چچازاد بھائی و داماد کے پاس سے آیا ہوں۔ پس ان میں سے چند لوگ میرے پاس ایک طرف ہو گئے تو میں نے کہا کہ: وہ کیا باتیں ہیں جن کا تم نے اصحاب رسول ﷺ اور آپ کے چچازاد بھائی پر عیب نکالا ہے۔ ان کو میرے سامنے پیش کرو۔

''ان خارجیوں نے کہا: تین باتیں ہیں۔ اول یہ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے دین الٰہی میں لوگوں کو حکم ٹھہرایا اور بات یہ تھی کہ

marfat.com

حضرت علی نے ابوموسیٰ اشعری کو اپنے اور معاویہ کے درمیان حکم کیا تھا اور دوسری بات یہ ہے کہ حضرت علی نے قتال کیا مگر لوگوں کے جورو بچے قید نہیں کئے اور نہ ان کا مال لوٹا پس اگر وہ لوگ کفار ہیں تو ہم کو ان کے مال اور ان کی جانیں حلال ہیں اور اگر وہ لوگ مسلمان ہیں تو ہم پر ان کا قتل کرنا حرام ہے اور تیسری بات یہ ہے کہ حضرت علی نے حکم نامہ میں اپنے نام سے امیر المومنین کا لفظ مٹا دیا۔ بس اگر وہ امیر المومنین نہیں ہیں تو امیر الکافرین ہیں۔

(حضرت ابن عباس ﷺ فرماتے ہیں) پس میں نے ان سے کہا:

اگر میں تم کو کتاب اللہ سناؤں اور حدیث رسول اللہ ﷺ سناؤں بس سے تمہارا یہ قول رد ہو تو کیا تم اپنے اس قول سے پھر جاؤ گے؟ کہنے لگے: ہاں۔ واللہ! پھر جائیں گے تب میں نے ان سے کہا:

اللہ عزوجل فرماتا ہے:

لا تقتلوا الصید وانتم حرم تاقولہ تعالیٰ یحکم بہ ذوا عدل منکم۔ یعنی احرام میں جو شخص شکار مارے اس کی قیمت اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں میں سے دو عادل آدمیوں پر رکھی اور ایسا ہی عورت (اور مرد) کے حق میں حکم مقرر کیا۔ چنانچہ فرمایا: "**فابعثوا حکما من اھلہ وحکما من اھلھا**"۔ یعنی شوہر کی طرف سے ایک حکم بھیجو اور عورت کی طرف سے ایک حکم بھیجو۔ پس میں تم کو قسم دلاتا ہوں کہ آدمیوں کا حکم قرار دینا ان کی جانوں و مالوں کے حق میں اس سے زیادہ واجب ہے کہ ایک خرگوش کے حق میں جس کی قیمت چوتھائی درہم ہو۔ اب مجھے بتاؤ کہ میں تمہارے اس اعتراض سے نکل گیا؟ انہوں نے کہا: ہاں۔

تب میں نے کہا یہ جو تم کہتے ہو کہ جن سے قتال کیا ان کو لونڈی

marfat.com

غلام نہیں بنایا ان کا مال غنیمت نہیں لیا تو میں کہتا ہوں کہ آپ نے کوفہ میں صرف حضرت (ام المؤمنین) عائشہ اور ان کے ساتھیوں سے قتال کیا۔ بھلا بتلاؤ کہ تم اپنی ماں عائشہ کو گرفتار کر کے وہ امور حلال سمجھو گے جو جہادی باندھیوں سے حلال جانتے ہو۔ حالانکہ وہ تمہاری ماں ہیں پھر اگر تم ایسا کہو تو کافر ہو۔ اب بتلاؤ کہ میں تمہارے اس اعتراض سے نکلا؟ کہنے لگے ہاں۔

"میں نے کہا": رہا تمہارا یہ کہنا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے اپنے نام سے امیر المؤمنین کا لفظ مٹا دیا تو میں کہتا ہوں کہ آنحضرت ﷺ نے حدیبیہ میں قریش کے ساتھ صلح نامہ لکھا اور آپ نے اپنے نام کے ساتھ محمد رسول اللہ لکھا تو قریش نے کہا: کہ اگر ہم جانتے کہ آپ محمد رسول اللہ ہیں تو ہم آپ کو خانہ کعبہ سے نہ روکتے۔ پس آپ نے محمد بن عبداللہ لکھوایا پس تم جانتے ہو کہ حضرت علی سے حضرت رسول اللہ ﷺ بہتر ہیں۔ جبکہ اپنے نام سے رسالت کا لفظ مٹا دیا۔ حالانکہ اس مٹانے سے آپ نبوت سے باہر نہیں ہوگئے۔ اب بتلاؤ کہ میں تمہارے اس اعتراض سے بھی نکل گیا؟ تو کہنے لگے کہ: ہاں۔

پھر یہ لوگ چھ ہزار تھے ان میں سے دو ہزار پھر کر میرے ساتھ آئے اور باقی سب رہ گئے جو اپنی گمراہی پر مارے گئے"۔ (رواہ النسائی و احمد و عبدالرزاق والطبرانی والحاکم)

(عین الہدایہ ج دوم کتاب السیر باب البغاۃ ص ۵۹۶۔۵۹۷)

امام حسن ؓ نے صلح کے بعد بیعت کر لی اب ناراضگی کیوں؟

حضرت امام حسن ؓ ابھی چھوٹی عمر کے بچے تھے کہ مسجد نبوی میں تشریف لے

marfat.com

آ ئے۔ جناب نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے حضرت حسن ﷺ کو پہلوئے اقدس میں لیا اور برسرِ منبر فرمایا۔

إِنَّ ابْنِيْ هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُّصْلِحَ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔

(بخاری باب علامات نبوت، مناقب الحسن والحسین رضی اللہ عنہما، کتاب الفتن)

ترجمہ: میرا یہ بیٹا سردار ہے اور شاید اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کرا دے گا۔ (ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۵۴۳)

بخاری کتاب الصلح اور مشکوٰۃ میں یہ روایت یوں ہے:

إِنَّ ابْنِيْ هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهَ أَنْ يُّصْلِحَ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ (بخاری کتاب الصلح۔ مشکوٰۃ مناقب اہل بیت النبی ﷺ و رضی اللہ عنہم)

ترجمہ: میرا یہ بیٹا سردار ہے شاید اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کرا دے گا۔

حضرت شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ ایک حدیث نقل فرماتے ہیں:

''حضرت ابوبکرہ ثقفی سے مروی ہے کہ سرکارِ دو عالم ﷺ ہمیں نماز پڑھاتے اور حضرت حسن بچپنے میں آتے اور حضور علیہ السلام کی گردن اور پشت پر بیٹھ جاتے جبکہ حضور ﷺ سجدہ میں ہوتے تھے۔ پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سجدے سے آہستہ آہستہ سر اٹھاتے حتیٰ کہ امام حسن کو نیچے اتار دیتے۔ صحابہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! ہم نے دیکھا ہے کہ جتنا آپ اس بچے سے پیار فرماتے ہیں اتنا کسی دوسرے بچے سے پیار نہیں فرماتے۔ آپ نے ارشاد فرمایا کہ میرے دنیا میں یہ پھول ہیں لاریب میرا یہ بیٹا سردار ہے اور عنقریب اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے دو بڑے گروہوں میں صلح کرا دے گا۔ یہ ابن ابی حاتم کی روایت ہے اور

marfat.com

تقریباً ایسی ہی روایت مسند احمد میں بھی ہے''۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷛ار دوترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''سیدنا علی المرتضیٰ نے امام حسن رضی اللہ عنہما کو خلیفہ بناتے وقت فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کے ساتھ بہتری چاہے گا تو میرے بعد سب لوگوں کو اس پر متفق کر دے گا جو ان سب سے بہتر ہوگا''۔

(ازالۃ الخفاء اردو اوّل ص ۵۵)

صحیح بخاری شریف میں یہ روایت بھی ہے۔ (ترجمہ)

''ابوموسیٰ ﷛ نے کہا: میں نے حسن بصری کو یہ کہتے سنا: ''خدا کی قسم! حسن بن علی رضی اللہ عنہما امیر معاویہ ﷛ کے سامنے پہاڑوں کی طرح لشکر لے کر آئے تو عمرو بن عاص نے کہا میں لشکروں کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ واپس نہ جائیں گے۔ حتیٰ کہ اپنے مخالفوں کو قتل کر دیں گے اور امیر معاویہ ﷛ نے جو دو مردوں سے بہتر تھے عمرو بن عاص سے کہا: اے عمرو! اگر انہوں نے ان کو قتل کر دیا اور انہوں نے ان کو تو لوگوں کے امور کی نگرانی کون کرے گا؟ ان کی عورتوں کی کفالت کون کرے گا؟ اور ان کے بچوں اور بوڑھوں کی حفاظت کون کرے گا؟ پھر قریش کے قبیلہ بنی عبدشمس سے دو مرد عبدالرحمٰن بن سمرہ اور عبداللہ بن عامر بن کریز کو بھیجا اور کہا: اس مرد کے پاس جاؤ اور صلح پیش کرو۔ ان سے بات کر و ان کو صلح کی طرف بلاؤ۔ چنانچہ وہ دونوں امام حسن ﷛ کے پاس گئے اور ان سے بات چیت کی اور صلح کرنی چاہی۔ ان سے امام حسن بن علی ﷛ نے کہا ہم عبدالمطلب کی اولاد ہیں۔ ہم نے بہت مال خرچ کر دیا ہے اور یہ لوگوں کے خونوں میں فتنہ انگیزی کرتے ہیں۔ ان دونوں نے کہا ہم ضامن ہیں

marfat.com

اوراس کی ذمہ داری لیتے ہیں۔ چنانچہ امام حسن ﷺ نے امیر معاویہ ﷺ سے صلح کرلی۔ اور فرمایا: میں نے ابوبکرہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ: ''میں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو منبر شریف پر دیکھا جبکہ حسن بن علی رضی اللہ عنہما آپ کے پہلو میں تھے اور آپ کبھی لوگوں کی طرف متوجہ ہوتے اور کبھی ان کی طرف توجہ کرکے فرماتے، میرا یہ بیٹا سید ہے۔ یقیناً اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کرادے گا''۔

(بخاری کتاب الصلح پ ۱۰)

شارح بخاری محدث کبیر علامہ غلام رسول رضوی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں:

''اس مقام میں تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ جب عبدالرحمٰن بن ملجم مرادی نے ۴۰ھ کے رمضان المبارک میں حضرت علی ﷺ کو زخمی کردیا اور اسی سال رمضان المبارک میں ان کے صاحبزادے امام حسن ﷺ کی بیعت کی گئی کہ آپ (حضرت علی ﷺ) کے بعد وہ خلیفہ ہیں تو وہ اس معاملہ میں کئی روز متفکر رہے پھر انہوں نے لوگوں میں اختلاف پایا۔ بعض لوگ ان کی طرف میلان رکھتے تھے اور بعض لوگ امیر معاویہ ﷺ کی طرف داری کرتے تھے اور معاملہ درست ہوتا نہ دیکھا تو انہوں نے مسلمانوں کی اصلاح اور ان کے خونوں کے بچاؤ اور ان کی حفاظت میں نظر ڈالی تو وہ اس نتیجہ پر پہنچے کہ امت میں اختلاف سے بہتر یہ ہے کہ وہ خلافت امیر معاویہ ﷺ کے حوالہ کردیں چنانچہ انہوں نے ۴۱ھ کے ربیع الاوّل میں خلافت امیر معاویہ ﷺ کے حوالہ کردی''۔

(تفہیم البخاری ج ۴ ص ۲۳۰۔۲۳۱)

امام جلال الدین سیوطی اور علامہ سید نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہما نقل

marfat.com

فرماتے ہیں:

''حضرت علی ﷺ کی شہادت کے بعد کوفیوں نے امام حسن ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ ابھی چھ ماہ اور کچھ دن آپ نے خلافت کی تھی کہ امیر معاویہ ﷺ ایک دن آپ کے پاس آئے۔ اللہ تعالیٰ کو حکم اور فیصلہ دہندہ مان کر شرائط ذیل مقرر ہوئیں کہ فی الوقت امیر معاویہ ﷺ خلیفہ بنائے جاتے ہیں۔ لیکن ان کے انتقال کے بعد امام حسن ﷺ خلیفۃ المسلمین ہوں گے۔ باشندگان مدینہ، حجاز اور عراق سے مزید کوئی ٹیکس نہیں لیا جائے گا بلکہ حضرت علی ﷺ کے زمانہ سے جو دستور چلتا رہا ہے وہی برقرار رہے گا۔ نیز امام حسن ﷺ کے ذمہ قرض کی ادائیگی امیر معاویہ ﷺ کریں گے۔ ان شرائط کو امیر معاویہ ﷺ نے قبول کیا اور باہمی صلح ہوگئی''۔

(تاریخ الخلفاء اردو ص ۱۹۲، ۱۹۳، سوانح کربلا ص ۵۹)

مشہور مورخین علامہ ابن خلدون اور حافظ ابن کثیر لکھتے ہیں:

''امام حسن ﷺ اپنی خلافت کے چھٹے مہینے خلافت سے دستبردار ہوئے اور امیر معاویہ ﷺ کی بیعت کی ......اور کافہ مسلمین (تمام مسلمانوں) نے ان کی خلافت پر بیعت کی۔ یہ واقعہ نصف ۴۱ھ کا ہے اسی وجہ سے یہ سن ''عام الجماعت'' کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے''۔

(تاریخ ابن خلدون اردو اوّل ص ۵۵۴۔ ۵۵۵، تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۷۴۲، ۷۴۷، ۹۷۳)

حضرت علامہ ابن اثیر نقل فرماتے ہیں:

''مصالحت طے ہونے کے بعد جب حضرت امام حسن ﷺ نے حضرت معاویہ ﷺ سے بیعت کی تو قبل اس کے کہ حضرت معاویہ ﷺ کوفہ میں آئیں حضرت حسن ﷺ نے خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ: اے لوگو! ہم

marfat.com

تمہارے سردار اور تمہارے مہمان ہیں اور ہم تمہارے نبی ﷺ کے اہلِ بیت سے ہیں جن سے اللہ نے ناپاکی کو دور کردیا اور انہیں خوب پاک کردیا ہے۔ اس کلمہ کو کئی مرتبہ کہا یہاں تک کہ سب لوگ رونے لگے اور ان کے رونے کی آواز کانوں میں آئی۔ پھر جب حضرت معاویہ ؓ کوفہ پہنچے تو لوگوں نے ان سے بیعت کی .....

حضرت معاویہ ؓ نے کہا: اے حسن! اٹھو اور لوگوں سے بیان کرو۔ جو ہمارے اور تمہارے درمیان واقعات گزرے ہیں ان کو ظاہر کرو۔ پس حضرت امام حسن ؓ اس بات کے بیان کرنے کو کھڑے ہو گئے جس کے متعلق انہوں نے پہلے سے کچھ غور نہ کیا تھا۔ انہوں نے اللہ کی حمد وثناء بیان کی' بعد اس کے فی البدیہہ فرمایا کہ اے لوگو!

''اللہ نے تمہیں ہمارے اگلے (یعنی نبی ﷺ) کے ذریعہ سے ہدایت کی اور ہمارے پچھلے کے (یعنی میرے) ذریعہ سے تمہاری جانوں کی حفاظت کی۔ آگاہ رہو! سب سے زیادہ عقلمندی پرہیزگاری ہے اور سب سے زیادہ بے وقوفی بدکاری ہے اور یہ معاملہ جس کے متعلق ہمارے اور معاویہ کے درمیان میں اختلاف ہوا (دو حال سے خالی نہیں) یا تو وہ مجھ سے زیادہ اس کے حقدار ہیں اور یا یہ میرا حق ہے جو میں نے اللہ عزوجل کیلئے اور امت محمدیہ ﷺ کی اصلاح کیلئے اور تمہاری جانوں کی حفاظت کیلئے ترک کردیا''۔ (اُسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ اردو ج ۳ ص ۱۹)

''جس سال حضرت امام حسن ؓ نے حضرت امیر معاویہ ؓ سے صلح کی۔ ان کی بیعت فرمائی اور انہیں خلافت سپرد کردی اس سال کو ''عام الجماعۃ'' کہتے ہیں اس لئے کہ ملت اسلامیہ نے تقریباً چھ سال کے تفرقہ وتشتت کے بعد اس سال ایک خلیفہ پر اجماع کیا تھا''۔

marfat.com

(اسد الغابہ اردو ج ۲ ص ۳۸۷)

تہذیب العقائد شرح عقائد نسفی کی تصریح ملاحظہ ہو:

''جب خلافتِ نبوی کا زمانہ گزر چکا اور حکومت و سلطنت کا دور شروع ہوا تو حضرت امام حسن ﷺ نے معاویہ ﷺ سے صلح کر لی اس لئے انہیں اہل سنت و جماعت نے اسلام کا پہلا سلطان مانا ہے۔ اور حضرت امام حسن ﷺ کا صلح کرنا کچھ قلت و ذلت کی وجہ سے نہ تھا۔ اس لئے کہ ان سے چالیس ہزار مہاجرین او ر انصار اور تابعین نے بیعت کی تھی اور ان کے ساتھی جنگ کو پسند کرتے تھے اور صلح سے راضی نہ تھے۔ سید مرتضیٰ پیشوائے امامیہ نے روایت کی ہے کہ حضرت امام حسن ﷺ نے صلح کے وقت خطبہ فرمایا کہ معاویہ ﷺ نے نزاع کی مجھ سے اس چیز میں (یعنی خلافت میں) جو میرا حق تھا نہ کہ ان کا۔ میں نے امت کی بہتری اور فتنہ کا موقوف ہونا صلح میں دیکھا کہ تم نے مجھ سے بیعت کی ہے اس بات پر کہ جس سے میں صلح کروں تم بھی اس سے صلح کرو اور جس سے میں جنگ کروں تم بھی اس سے جنگ کرو۔ میرے نزدیک مسلمانوں کے خون کی نگہداشت اس سے بہتر ہے کہ ان کا خون بہایا جائے۔ میں نے صلح تمہاری بہتری کے خیال سے کی ہے۔ پس یہ صلح حضرت امام حسن ﷺ کی مقبول تھی۔ حضرت ﷺ نے جوان کی نسبت فرمایا تھا۔ لَعَلَّ اللّٰہَ اَنْ یُّصْلِحَ بِہٖ بَیْنَ فِئَتَیْنِ عَظِیْمَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ رواہ البخاری (امید ہے کہ اللہ صلح کرادے ان کی وجہ سے مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں) محققین اہلسنت کے نزدیک یہاں صلح سے یہی صلح مراد ہے۔ پس جن لوگوں کے نزدیک بغاوت کا اطلاق معاویہ ﷺ پر تھا اس صلح کے بعد وہ بھی نہ رہا''۔ (تہذیب العقائد شرح عقائد نسفی ص ۹۴۔۹۵)

marfat.com

فقیہ اجل حضرت مولانا امجد علی اعظمی فرماتے ہیں:

"سیدنا امام حسن مجتبیٰ ﷺ نے ایک فوج جرار جانثار کے ساتھ عین میدان میں بالقصد و بالاختیار ہتھیار رکھ دیئے اور خلافت امیر معاویہ ﷺ کے سپرد کردی اور ان کے ہاتھ پر بیعت فرمالی اور اس صلح کو حضور اقدس ﷺ نے پسند فرمایا اور اس کی بشارت دی اور امام حسن ﷺ کی نسبت فرمایا: "اِنَّ ابْنِیْ هذا سَیِّدٌ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ یُّصْلِحَ بِهٖ بَیْنَ فِئَتَیْنِ عَظِیْمَتَیْنِ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔ میرا یہ بیٹا سیّد ہے میں امید فرماتا ہوں کہ اللہ عزوجل اس کے باعث دو بڑے گروہ اسلام میں صلح کرادے"۔ تو امیر معاویہ ﷺ پر معاذ اللہ فسق وغیرہ کا طعن کرنے والا حقیقۃً حضرت امام حسن مجتبیٰ ﷺ بلکہ حضور سیّد عالم ﷺ بلکہ حضرت عزوجل پر طعن کرتا ہے"۔ معاذ اللہ۔ (بہار شریعت حصہ اول ص ۵۹)

محدث لاہوری شارح بخاری صاحب فیوض الباری علامہ سید محمود احمد رضوی رحمۃ اللہ علیہ رقم طراز ہیں

"خلیفہ راشد سیدنا امام حسن علیہ السلام اپنے والد ماجد کی شہادت کے بعد سات ماہ تک مسند خلافت پر متمکن رہے۔ جب اہل کوفہ نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کرلی تو جناب امیر معاویہ سے لڑائی کی شکل پیدا ہوگئی۔ آپ نے مسلمانوں کی باہم لڑائی اور خونریزی کو پسند نہ کیا اور چند شرائط کے ساتھ خلافت جناب امیر معاویہ ﷺ کے سپرد کردی اور صلح ہوگئی اور حضور ﷺ کی وہ پیش گوئی پوری ہوئی جس میں آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ میرا بیٹا مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کرائے گا"۔

(شان صحابہ ص ۱۲۲ ـ ۱۲۳)

جناب غوث الثقلین سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی ﷺ فرماتے ہیں۔

marfat.com

''حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے وصال اور حضرت امام حسن ؓ کے خلافت سے دستبردار ہونے کے بعد حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہم کیلئے خلافت صحیح ثابت ہے۔ حضرت امام حسن ؓ نے مصلحت عامہ کے تحت کہ مسلمانوں کو خون ریزی سے بچایا جائے خلافت حضرت امیر معاویہ ؓ کے سپرد فرمائی علاوہ ازیں نبی اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی بھی آپ کے پیش نظر تھا۔ آپ ﷺ نے حضرت امام حسن ؓ کے بارے میں فرمایا: ''میرا یہ بیٹا سردار ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے دو بڑے گروہوں میں صلح کرائے گا'' لہٰذا حضرت امام حسن ؓ کے عقد کی بنا پر حضرت امیر معاویہ ؓ کی امامت واجب ہوگئی۔ اس سال کو عام الجماعۃ (جماعت کا سال) کہا جاتا ہے''۔

(غنیۃ الطالبین اردو ص ۲۶۶۔۲۶۷)

امام احمد ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''مانعین خلافت معاویہ کہتے ہیں کہ حضرت امام حسن ؓ کا امر خلافت کو ان کے سپرد کرنا کوئی اہم بات نہیں آپ نے صرف ضرورت کے تحت ایسا کیا تھا کیونکہ آپ جانتے تھے کہ حضرت معاویہ ؓ امر خلافت کو حضرت حسن ؓ کے سپرد نہ کریں گے اور اگر حضرت امام حسن ؓ خلافت کو ان کے سپرد نہ کرتے تو خونریزی اور قتال کرتے۔ آپ نے مسلمانوں کو خونریزی سے بچانے کیلئے امر خلافت کو ترک کر دیا اور ان لوگوں نے جو بات کہی ہے اس کے رد میں آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ حضرت حسن ؓ امام برحق اور سچے خلیفہ تھے۔ آپ کے ساتھ اتنے آدمی تھے جن سے حضرت معاویہ ؓ کے ساتھیوں کا مقابلہ کیا جا سکتا تھا۔ پس آپ کی خلافت سے علیحدگی اور حضرت معاویہ ؓ کے سپرد کرنا

marfat.com

اضطراری نہیں بلکہ اختیاری تھا جیسا کہ خلافت سے دستبرداری کا واقعہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ آپ نے بہت سی شرطیں لگائیں جن کی حضرت معاویہ ﷺ نے پابندی کی اور انہیں پورا کیا اور صحیح بخاری کی روایت بیان ہو چکی ہے کہ حضرت معاویہ ﷺ نے امام حسن ﷺ سے صلح کی درخواست کی اور میرے اس بیان پر بخاری کی وہ گزشتہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے جو حضرت ابوبکر ﷺ سے مروی ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول کریم ﷺ کو منبر پر دیکھا اور حضرت حسن ﷺ آپ کے پہلو میں بیٹھے تھے آپ ایک بار لوگوں کی طرف اور دوسری بار حضرت حسن ﷺ کی طرف متوجہ ہوتے اور فرماتے ''میرا یہ بیٹا سردار ہے اور شاید اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو عظیم گروہوں میں صلح کرائے گا''۔

پس رسول کریم ﷺ ان کے ذریعے اصلاح کی امید فرما رہے ہیں اور آپ واقعہ کے مطابق امر حق ہی کی امید کرتے ہیں پس حضرت امام حسن ﷺ سے اصلاح کی امید اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ حضرت معاویہ ﷺ کے حق میں آپ کی خلافت سے دستبرداری ایک درست قدم تھا اور اگر حضرت امام حسن ﷺ خلافت سے دستبرداری کے بعد بھی خلافت پر قائم رہتے اور آپ کی دستبرداری سے اصلاح نہ ہوتی تو حضرت امام حسن ﷺ کی اس پر تعریف نہ کی جاتی۔ اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بغیر کسی شرعی فائدہ کے محض دستبرداری کی تمنا نہیں کی بلکہ جس کے حق میں دستبرداری ہوتی ہے یہ بات اس کی صحت خلافت، نفاذ تصرف، واجب الاطاعت ہونے اور مسلمانوں کے امور کے قیام میں مشتغل ہونے پر دلالت کرتی ہے۔

پس رسول کریم ﷺ کو حضرت امام حسن ﷺ سے یہ امید تھی کہ

marfat.com

ان کے ذریعے مسلمانوں کے دو عظیم گروہوں میں اصلاح کی صورت پیدا ہوگی۔ اس میں حضرت امام حسن ﷺ کے فعل کی صحت پر دلالت پائی جاتی ہے اور اس بات پر بھی کہ آپ اس معاملہ میں مختار تھے۔

اور اس سے یہ شرعی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں کہ حضرت معاویہ ﷺ کی خلافت اور ان کا مسلمانوں کے امور کی نگرانی کرنا اور خلافت کے تقاضوں کے مطابق تصرف کرنا درست تھا۔ اور یہ سب باتیں اس صلح پر مترتب ہوتی ہیں۔ پس اس وقت سے حضرت معاویہ ﷺ کی خلافت کا یہ ثبوت بن گیا اور اس کے بعد وہ امام برحق یعنی سچے امام بن گئے''۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص ۱۹۷ تا ۲۱۱ء)

شارح مشکوٰۃ صاحب مراۃ مفسر قرآن مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''امام حسن ﷺ نے ۷ ماہ خلافت فرما کر امیر معاویہ ﷺ کے حق میں خلافت سے دستبرداری فرمائی اور ان کا سالانہ وظیفہ اور نذرانے قبول فرمائے۔ اگر حضرت معاویہ میں معمولی فسق بھی ہوتا تو امام حسن ﷺ سر دے دیتے مگر ان کے ہاتھ میں ہاتھ نہ دیتے۔ نبی کریم ﷺ نے بھی امام حسن ﷺ کے اس فعل کی تعریف فرمائی تھی کہ ''میرا یہ بیٹا سید ہے اللہ تعالیٰ اس کے ذریعہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح فرمائے گا۔

امام حسین ﷺ اس صلح کے وقت عاقل، بالغ، سمجھ دار تھے مگر ان سرکار ﷺ نے بھی اس صلح پر اعتراض نہ فرمایا بلکہ اس میں خود بھی داخل ہو گئے۔ اگر امیر معاویہ رضی اللہ عنہ امام حسین رضی اللہ عنہ کی نگاہ میں کچھ عیب رکھتے ہوتے تو یزید مردود کی طرح آپ اس وقت امیر معاویہ ﷺ

marfat.com

کے مقابلہ میں آ جاتے۔ معلوم ہوتا ہے کہ نگاہِ امام حسین ؓ میں یزید فاسق فاجر ظالم وغیرہ تھا۔ امیر معاویہ عادل' ثقہ' متقی' لائق بیعتِ امارت تھے۔ اب کسی کو کیا حق ہے کہ ان پر زبان طعن دراز کرے''۔

(امیر معاویہ ؓ پر ایک نظر ص ۴۹)

پس یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ امام حسن ؓ نے تھوڑا ہی عرصہ حکومت کرنے کے بعد حضرت امیر معاویہ ؓ سے صلح کی۔ ان کی بیعت کی اور خلافت بھی ان کے سپرد کردی اور وہ اس میں اکیلے بھی نہ تھے بلکہ ان کے برادر اصغر اہل بیت کے فرد فرید جناب سیدنا امام حسین ؓ بھی اس میں شامل تھے۔ پس جب صلح ہو چکی تو اب ناراضگی کر کے منہ کالا کرنے سے کیا حاصل اور کیا جواز ہے؟

یہ بھی معلوم ہونا چاہیے کہ معترض کا اعتراض صرف امیر معاویہ ؓ پر ہی نہیں آتا۔ بلکہ انہیں خلافت سونپنے والے سیدنا امام حسن ؓ پر بلکہ ان کے فیصلے کی تائید کرنے والے سیدنا امام حسین ؓ پر بھی آتا ہے۔ گویا امیر معاویہ ؓ پر اعتراض کرنے والا جناب امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما کے فیصلے پر تنقید کرتا ہے۔ اس نا ہنجار کے دل میں امام عالی مقام سیدنا امام حسن اور امام عالی مقام سیدنا امام حسین ؓ کی بھی کوئی محبت اور عزت نہیں۔ اگر اس شخص کو اہلبیت اطہار رضی اللہ عنہم سے محبت و عقیدت ہے اور یہ شخص واقعی شہزادگانِ رسول سیدنا امام حسن اور سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہما کو اپنے امام مانتا ہے تو اس کو آج ہی امیر معاویہ کی دشمنی ایسے برے عقیدے اور مردود نظریے سے توبہ کر کے اہلبیتِ اطہار کی معتمد ہستی ''امیر معاویہ ؓ'' کی مخالفت سے باز آ جانا چاہیے اور ان کی محبت کو دل میں بسانا چاہیے۔ ورنہ لوگ یہ سمجھنے میں حق بجانب ہوں گے کہ یہ شخص مُحِبّ اہل بیت نہیں بلکہ ایک فسادی ہے اور فرقہ واریت کو پروان چڑھانے کی تگ و دو میں مصروف ہے۔

اگر کسی کو اللہ تعالیٰ نے عقل سلیم عطا کی ہو تو وہ سمجھے کہ یہ صلح اور بیعت کسی غلط اور فاسق آدمی کے ہاتھ پر نہیں ہو سکتی اور خلافت کسی نا اہل کے سپرد نہیں کی جا سکتی۔ اس قدر اعتماد اور اس قدر تصدیق و تائید سے کسی نیک ترین اور اہل ترین آدمی ہی کو نوازا

marfat.com

جا سکتا ہے اور امور امت کا والی کسی قابل ترین ہستی ہی کو بنایا جا سکتا ہے۔ جبکہ یہ سب کچھ امام عالی مقام شہزادۂ خیر الانام سیدنا امام حسن علیہ السلام نے کیا بلکہ امام عالی مقام حضرت امام حسین علیہ السلام نے بھی ان کا ساتھ دیا تو یقین کرنا پڑے گا کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ نہایت معزز اور قابل تعظیم ہستی اور اہلبیت اطہار رضی اللہ عنہم کی معتمد ترین شخصیت ہیں۔ اب دیکھئے وہاں کس قدر الفت و محبت ہے اور یہاں دشمنان دین وملت کیسے نفرت کے راگ الاپ رہے ہیں۔ وہ تو باہم شیر وشکر تھے اور صلح کے دشمن آج بھی سر پیٹ رہے ہیں۔

کون کہتا ہے ہم تم میں جدائی ہوگی
یہ ہوائی کسی دشمن نے اڑائی ہوگی

جناب حسنین کریمین نذرانے لیتے رہے

حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی، امام احمد ابن حجر مکی اور علامہ سید محمد نعیم الدین مراد آبادی علیہم الرحمۃ نقل فرماتے ہیں:

''امیر معاویہ ﷺ نہایت نیک دل، سخی اور بہت حلیم وکریم تھے جیسا کہ ان کے متعلق نبی اکرم ﷺ نے خبر دی تھی۔ چنانچہ آپ کی سخاوت حسب ذیل واقعات سے ظاہر ہوتی ہے۔

الف۔ ملا علی قاری نے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں فرمایا امیر معاویہ ﷺ نے امام حسن ﷺ کو چار لاکھ روپے نذرانہ پیش کئے جو امام حسن ﷺ نے قبول فرمائے۔ (کتاب الناصیہ[1])

---

[1] شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ ''الناهیہ'' میں اسے یوں نقل فرماتے ہیں: ''ملا علی قاری شرح مشکوٰۃ میں عبداللہ بن بریدہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسن حضرت معاویہ کے ہاں تشریف لائے تو حضرت معاویہ نے فرمایا کہ میں آپ کی خدمت میں ایسا عطیہ پیش کروں گا کہ ایسا عطیہ نہ تو آپ سے پہلے کسی کو ملا ہوگا اور نہ آپ کے بعد کسی کو ملے گا۔ پھر چار لاکھ کا عطیہ پیش کیا جو امام حسن ﷺ نے قبول فرمالیا''۔ (معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ الناهیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۵۰)

marfat.com

ب۔ حاکم نے ہشام بن محمد سے روایت کی کہ امیر معاویہ نے امام حسن رضی اللہ عنہ کیلئے ایک لاکھ روپے سالانہ وظیفہ مقرر کیا تھا۔ اتفاقاً ایک سال یہ وظیفہ امام حسن رضی اللہ عنہ کو نہ پہنچا آپ نے چاہا کہ امیر معاویہ کو یاد دہانی کیلئے خط لکھیں۔ جناب نبی اکرم ﷺ نے خواب میں امام حسن رضی اللہ عنہ کو فرمایا: اپنے جیسے مخلوق کو نہ لکھو رب سے عرض کرو اور فرمایا یہ دعا پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رِجَآءَكَ وَاقْطَعْ رِجَآئِیْ عَنْ سِوَاكَ حَتّٰی لَآ اَرْجُوْا اَحَدًا غَیْرَكَ اَللّٰهُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْهُ عَمَلِیْ وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَیْهِ رَغْبَتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْاَلَتِیْ وَلَمْ یَجْرِ عَلٰی لِسَانِیْ مِمَّا اَعْطَیْتَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَخَصِّنِیْ بِهٖ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے دل میں اپنی امید بھر دے اور اپنے ماسوا سے امید منقطع فرمادے یہاں تک کہ تیرے سوا کسی سے امید نہ رکھوں۔ اے اللہ! جس چیز سے میری طاقت کمزور ہے اور میرے عمل کوتاہ ہیں اور میری رغبت وہاں تک نہ پہنچی اور میرا سوال وہاں تک نہ پہنچا اور وہ میری زبان پر جاری نہ ہوا جو کہ تو نے اگلوں اور پچھلوں کو یقین عطا فرمایا ہے پس مجھے اس سے خاص کر اے جہان کے پالنے والے۔

چنانچہ یہ وظیفہ امام حسن رضی اللہ عنہ نے شروع کر دیا ابھی ایک ہفتہ نہ گزرا تھا کہ امیر معاویہ نے پندرہ لاکھ روپیہ بھیج دیا یعنی دو لاکھ وظیفہ اور تیرہ لاکھ نذرانہ"۔

(امیر معاویہ پر ایک نظر ص ۵۳ تا ۵۵۔ الصواعق المحرقہ اردو ص ۴۷۲۔ سوانح کربلا ص ۶۰۔ ۶۱)

امام یوسف بن اسماعیل نبہانی قدس سرہ العزیز نے یہی روایت امام جلال الدین سیوطی کی تاریخ الخلفاء سے بروایت امام بیہقی اور ابن عساکر نقل کرتے ہوئے فرمایا:

marfat.com

''حضرت امام حسن ﷺ فرماتے ہیں جب حضرت معاویہ نے
مجھے پندرہ لاکھ درہم بھجوا دیئے تو میں نے کہا: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کیلئے
جو اپنے یاد کرنے والوں کو فراموش نہیں فرماتا اور دعا کرنے والوں کو
ناکام نہیں فرماتا۔ مجھے نبی اکرم ﷺ کی زیارت ہوئی آپ نے فرمایا حسن
کیسے ہو؟ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! خیریت سے ہوں اور اپنا واقعہ
عرض کیا فرمایا: بیٹے! جو خالق سے امید رکھے اور مخلوق سے امید نہ رکھے
اس کے ساتھ ایسا ہی ہوتا ہے''۔

(برکات آل رسول ﷺ ۱۳۳ ترجمہ الشرف المؤبد لآل محمد ﷺ)

مخدوم الاولیاء سلطان الاصفیاء حضرت داتا گنج بخش سید علی ہجویری ﷺ بیان
فرماتے ہیں:

''ایک روز ایک شخص حضرت امام حسین ﷺ کی خدمت میں
حاضر ہوا اور کہنے لگا اے ابن رسول اللہ! ﷺ میں غریب و مفلس عیالدار
ہوں مجھے آپ کی طرف سے آج شب کے کھانے کا انتظام ہونا چاہیے۔
آپ نے فرمایا: بیٹھ جا۔ ہمارا وظیفہ راستہ میں ہے آجائے تو تجھے دیں۔
تھوڑی دیر نہیں گزری تھی کہ پانچ تھیلیاں دینار کی لائی گئیں جو
حضرت معاویہ ﷺ کی طرف سے آئی تھیں۔ ہر تھیلی میں ایک ہزار دینار
تھے لانے والے نے کہا حضور معاویہ (ﷺ) معافی چاہتے ہیں اور ان کی
خواہش ہے کہ یہ رقم غرباء میں تقسیم فرمادیں آپ نے وہ تھیلیاں اسی
سائل کو دے دیں اور معذرت فرمائی کہ تجھے انتظار میں بہت دیر ٹھہرنا
پڑا''۔ (کشف المحجوب اردو ص ۱۸۵)

حافظ ابن کثیر نقل فرماتے ہیں:

''زید بن حباب نے حسین بن واقد سے بحوالہ عبداللہ بن

marfat.com

بریدہ بیان کیا ہے کہ حضرت حسن بن علی حضرت معاویہ رضی اللہ عنہم کے پاس آئے اور آپ نے حضرت حسن ﷺ سے کہا میں آپ کو ایسا عطیہ دوں گا جو مجھ سے پہلے کسی نے نہیں دیا۔ پھر آپ نے انہیں چار لاکھ عطیہ دیا اور ایک دفعہ حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما آپ کے پاس آئے تو آپ نے فوراً انہیں دو لاکھ عطیہ دیا اور دونوں سے کہا مجھ سے پہلے کسی نے انہیں عطیہ نہیں دیا حضرت حسین ﷺ نے آپ سے فرمایا آپ نے ہم سے افضل کسی شخص کو عطیہ نہیں دیا''۔

(تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۹۸۵،۹۸۶)

اصمعی نے روایت کی ہے کہ حضرت حسن ﷺ اور حضرت عبداللہ بن زبیر ﷺ حضرت معاویہ ﷺ کے پاس گئے تو آپ نے حضرت حسن ﷺ سے فرمایا: اے پسر رسول خوش آمدید اور آپ کو تین لاکھ درہم دینے کا حکم دیا اور حضرت ابن زبیر ﷺ سے کہا۔ رسول اللہ ﷺ کے پھوپھی زاد خوش آمدید اور آپ کو ایک لاکھ درہم دینے کا حکم دیا''۔

(تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۹۸۶)

حضرت مولانا محمد نبی بخش حلوائی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''تاریخ کے اوراق اس بات پر گواہ ہیں کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ نے خلافت راشدہ کے احکام ہی کو نافذ کیا۔ اس میں نہ اپنی مرضی برتی نہ ظلم و جبر کو رواج دیا۔ ہم حضرت امیر معاویہ ﷺ کے دور امارت کو دور خلافت کا حصہ قرار دیتے ہیں۔ حضرت امیر معاویہ ﷺ نے بیت المال کو مربوط کیا۔ محاصل کو ایمانداری سے عوام کیلئے وقف کر دیا۔ وہ بیت المال سے کثیر نذرانہ حضرت امام حسن ﷺ کو دیتے رہے۔ ہر سال ان کی ضروریات سے بڑھ کر ادا کرتے رہے پھر امام حسن ﷺ کے علاوہ اہلبیت

marfat.com

کے دوسرے افراد بھی بیت المال سے کثیر وظائف پاتے رہے۔ آپ کی فرمائش اور سفارش کو بہ طیب خاطر قبول فرماتے۔ ایک بار حضرت امیر معاویہ ؓ حج کرنے گئے۔ جناب حضرت امام حسن ؓ بھی ان دنوں مکہ مکرمہ میں تھے۔ آپ حضرت امیر معاویہ ؓ سے ملے اور اپنے قرضہ اور پریشانی کا تذکرہ کیا۔ حضرت امیر معاویہ ؓ نے آپ کو اسی وقت اسی ہزار درہم ادا کیے"۔

(الناہیہ عن ذم المعاویہ ص ۱۰۴)

"صلح کے معاہدے کے بعد حضرت معاویہ ؓ نے حضرت امام حسن ؓ سے بہت اچھا سلوک کیا۔ مدینہ منورہ میں ان کے آرام کا خیال رکھا۔ ہر طرح کی آسائش بہم پہنچائی۔ کوفہ بصرہ اور عراق کے علاقوں میں جتنا مال تھا وہ حضرت حسن ؓ کے حوالے کیا۔ آپ پر جتنا قرض تھا وہ سب ادا کر دیا۔ ایک لاکھ درہم سالانہ وظیفہ دینا شروع کر دیا۔ ایک سال وظیفہ دینے میں تاخیر ہوئی تو حضرت معاویہ ؓ نے ایک لاکھ کی بجائے پانچ لاکھ درہم ادا کیے۔ جب حضرت معاویہ ؓ مدینہ منورہ میں حاضر ہوئے تو آپ نے سارے اشراف مدینہ کو جمع کیا اور پانچ ہزار سے لے کر پانچ لاکھ درہم تک ان میں تقسیم کر دیا اور ہر ایک کو حسب مراتب انعام دیا۔ جب حضرت امام حسن ؓ کا معاملہ آیا تو آپ کو اتنا روپیہ دیا جتنا سارے شہر کے اشراف کو دیا تھا۔ ایک بار حضرت امام حسن ؓ دمشق تشریف لے گئے اتفاق سے فتوحات سے بہت سامان آیا تو آپ نے وہ سارا مال حضرت حسن ؓ کو دے دیا"۔

(الناہیہ عن ذم المعاویہ ص ۱۶۶،۱۶۷)

"حضرت معاویہ ؓ کا معمول تھا ہر سال ہزاروں درہم بیت

marfat.com

المال سے لے کر حضرت امام حسینؓ کو دیتے تھے۔اس کے علاوہ بیش بہا تحفے اور ہدایا بھیجا کرتے تھے"۔

(الناہیۃ عن ذم المعاویہ ص ۱۶۸۔۱۶۹ بحوالہ ناسخ التواریخ جلد ششم)

بروز قیامت نورانی چادر میں آئیں گے

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی روایت ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے امیر معاویہؓ کے متعلق ارشاد فرمایا:

اَمَا اِنَّهٗ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَيْهِ رِدَاءٌ مِّنْ نُوْرِ الْاِيْمَانِ۔

ترجمہ: آپ قیامت کے روز اس حال میں آئیں گے کہ آپ پر ایک نورانی چادر ہوگی جو کہ آپ کے ایمان کے نور کی ہوگی"۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہؓ ص ۸۷ بحوالہ ابن عساکر نمبر ۲۵ ص ۱۰)

اسی طرح ایک دفعہ جناب سعید بن ابی وقاصؓ نے جناب حذیفہ بن یمانؓ کو مخاطب کر کے فرمایا:

"اَلَسْتُ شَاهِدٌ يَوْمَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاوِيَةَ يُحْشَرُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ مِّنْ نُوْرٍ ظَاهِرُهَا مِنَ الرَّحْمَةِ وَبَاطِنُهَا مِنَ الرِّضَا يَفْتَخِرُ بِهَا فِي الْجَمْعِ لِكِتَابَةِ الْوَحْيِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُذَيْفَةُ نَعَمْ۔

ترجمہ: کیا آپ اس دن وہاں موجود نہیں تھے جب جناب رسول اللہ ﷺ نے سیدنا امیر معاویہؓ کو کہا تھا کہ وہ قیامت کے دن اس حال میں آئیں گے کہ وہ ایک نور کا لباس پہنے ہوں گے اس کا ظاہر اللہ کی رحمت ہوگی اس کا باطن اللہ کی رضا ہوگی اور اس کی وجہ سے وہ تمام میدان محشر میں فخر کریں گے اور یہ نور کا لباس آپ کو جناب رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ

marfat.com

میں وحی الٰہی کی کتابت کرنے کی وجہ سے عطا ہوگا۔ حذیفہ نے کہا: ہاں (ٹھیک ہے)" (مناقب سیدنا امیر معاویہ ﷺ ص ۸۸ بحوالہ ابن عساکر نمبر ۲۵ ص ۱۱)

فضیلت میں شک کرنیوالے کو آگ کا طوق پہنایا جائے گا

ترجمان القرآن حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جناب رسول خدا ﷺ نے فرمایا:

اَلشَّاكُ فِیْ فَضْلِكَ یَا مُعَاوِیَةَ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ عَنْهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَفِیْ عُنُقِهٖ طَوْقٌ نَارٍ۔

ترجمہ: اے معاویہ! جو تیری فضیلت میں شک کرے گا وہ جب قیامت کو اٹھے گا تو اس کے گلے میں آگ کا طوق ہوگا۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہ ﷺ ص ۸۸ بحوالہ ابن عساکر نمبر ۲۵ ص ۱۰)

معترض دوزخ کے کتوں میں سے ایک کتا ہے

امام اہلسنت مجدد دین وملت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ علامہ شہاب الدین خفاجی کی "نسیم الریاض شرح شفائے امام قاضی عیاض" سے نقل فرماتے ہیں:

وَمَنْ یَّکُوْنُ یَطْعَنُ فِیْ مُعَاوِیَةَ
فَذَاكَ مِنْ كِلَابِ الْهَاوِیَةَ

ترجمہ: جو حضرت امیر معاویہ ﷺ پر طعن کرے وہ جہنمی کتوں میں سے ایک کتا ہے۔ (احکام شریعت حصہ اول ص ۱۰۲)

لعنت کرنے والے کا دوزخی کتوں سے استقبال ہوگا

ابن عساکر سے منقول ہے جناب ابو ہریرہ ﷺ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

یَا اَبَا هُرَیْرَةَ اِنَّ فِیْ جَهَنَّمَ کِلَابًا ... یُسَلَّطُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ عَلٰی

marfat.com

مَنْ لَعَنَ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِی سُفْیَانَ۔

ترجمہ: اے ابوہریرہ! دوزخ میں کچھ (خونخوار) کتے ہوں گے وہ اس بدبخت پر چھوڑے جائیں گے جو دنیا میں معاویہ پر لعنت کرتا ہوگا"۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہ ص ۹۷، بحوالہ ابن عساکر نمبر ۲۵ ص ۱۱)

حضرت امیر معاویہ کو برا کہنے والے کو امام بنانا حرام:

امام اہلسنّت اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"جس کی گمراہی حد کفر تک نہ پہنچی ہو جیسے تفضیلیہ کہ مولیٰ علی کو شیخین (حضرات ابوبکر صدیق و عمر فاروق) سے افضل بتاتے ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم یا تفسیقیہ کہ بعض صحابہ کرام مثل امیر معاویہ و عمرو بن عاص و ابوموسیٰ اشعری و مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو برا کہتے ہیں۔ ان کے پیچھے نماز بکراہت شدیدہ تحریمہ مکروہ ہے کہ انہیں امام بنانا حرام اور ان کے پیچھے نماز پڑھنی گناہ اور جتنی پڑھی ہوں سب کا پھیرنا (یعنی دوبارہ پڑھنا) واجب"۔ (احکام شریعت حصہ اول ص ۱۲۸)

حدیث کی روایت اور آپ کی عدالت وثقاہت

"حضرت امیر معاویہ کو یہ شرف بھی حاصل ہے کہ آپ نے بڑے جلیل القدر صحابہ سے احادیث روایت کیں جو تمام محدثین نے قبول کیں اور اپنی کتب میں لکھیں، اور بڑے بڑے صحابہ کرام نے امیر معاویہ سے روایات لیں اور احادیث نقل کیں۔ خیال رہے کہ فاسق کی روایت ضعیف ہوتی ہے یعنی قابل قبول نہیں ہوتی اگر امیر معاویہ میں فسق وظلم وغیرہ کا شائبہ بھی ہوتا تو یہ حضرات ان سے روایتِ حدیث نہ کرتے"۔ (امیر معاویہ پر ایک نظر ص ۴۹۔۵۰)

marfat.com

''جناب امیر معاویہ ابوبکر صدیق، عمر فاروق، اپنی ہمشیرہ ام المؤمنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں ان سے آگے روایت کرنے والوں میں عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن زبیر، جریر البجلی، معاویہ بن خدیج، سائب بن یزید، نعمان بن بشیر، ابوسعید خدری اور ابوامامہ بن سہل (رضی اللہ عنہم) ایسے بزرگ لوگ ہیں۔ تابعین کرام میں سے بزرگ اور فقیہہ شخصیات یہ ہیں۔ عبداللہ بن حارث بن نوفل، قیس بن حازم، سعید بن مسیب، ابوادریس خولانی اور ان کے بعد آنے والے عیسیٰ بن طلحہ، محمد بن جبیر بن مطعم، حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف، ابو مجلز، حمران مولیٰ عثمان، عبداللہ بن محیریز، علقمہ بن ابی وقاص، عمیر بن ہانی، ہمام بن منبہ، ابوالعریان نخعی اور مطرف بن عبداللہ بن شخیر وغیرہم جلیل القدر تابعین علماء وفقہا نے روایاتِ حدیث لیں اور قبول کیں''۔

(دشمنانِ امیر معاویہ ﷺ کا علمی محاسبہ ج اص ۱۱۳، امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۴۹۔۵۰، سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۵۹۔۶۰، معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ الناہیہ عن طعن امیر معاویہ ﷺ ص ۳۶)

''امیر معاویہ ﷺ کی (۱۶۳) احادیث (روایات) ہیں، جن میں چار وہ ہیں جنہیں مسلم و بخاری دونوں نے روایت فرمایا اور چار صرف بخاری نے اور پانچ صرف مسلم نے۔ باقی احمد، ابوداؤد، نسائی، بیہقی، طبرانی، ترمذی اور مالک وغیرہم محدثین نے روایت فرمائیں''۔

(امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۵۱، سیدنا امیر معاویہ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۶۳)

''بخاری و مسلم حضرت معاویہ سے حدیثیں روایت کرتے ہیں حالانکہ وہ صرف ثقہ، ضابط اور صدوق راویوں کی روایت بیان کرتے ہیں اور یہی ان کی شرط ہے اور مروان بن حکم نے کتاب طہارت میں آپ کو

marfat.com

ضعفاء کی صف سے خارج رکھا ہے حالانکہ وہ ضعیف روایات بھی حاصل کرتا ہے"۔ (معترضین اور حضرت امیر معاویہؓ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۳۴)

"خیال کرنا چاہیے کہ امام بخاری و مسلم وہ بزرگ ہستیاں ہیں جو ذرا سے شبہ فسق کی بنا پر روایت نہیں لیتے ان بزرگوں کا امیر معاویہ ؓ کی روایت قبول فرمالینا باعلان بتارہا ہے کہ امیر معاویہؓ ان کی نگاہ میں متقی، عادل، ثقہ، قابل روایت ہیں"۔ (امیر معاویہؓ پر ایک نظر ص ۵۰)

اتباع سنّت اور اطاعت رسولؐ

حضرت امیر معاویہؓ جناب رسول خداؐ کے احکام کی بجا آوری کو ہمیشہ لازم جانتے اور جب بھی کوئی حدیث پاک سنتے یا جناب رسول اللہؐ کا کوئی عمل انہیں معلوم ہوتا تو فوراً اس پر عمل پیرا ہو جاتے۔ اس کی ایک نادر مثال وہ دلچسپ واقعہ ہے جو مشکوٰۃ شریف میں بحوالہ "ترمذی اور ابوداؤد" منقول ہے، ملاحظہ ہو:

"ایک مرتبہ حضرت معاویہؓ اور اہل روم جو کفار تھے کے درمیان صلح کا عارضی معاہدہ ہوا اور صلح کی مدت کے دوران ہی آپ اپنی فوجوں کو روم کی سرحدوں پر جمع کرتے ہوئے ان کے شہروں کی طرف چل پڑے تا کہ جب معاہدہ پورا ہو جائے تو فوراً ان پر حملہ کر دیں۔ اس پر ایک صحابی حضرت عمرو بن عبسہ جو گھوڑے پر سوار تھے "اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَفَاءٌ لَا غَدْرٌ" پکارتے ہوئے آئے۔ مطلب یہ کہ اللہ اکبر اللہ اکبر وفا ہونی چاہیے بدعہدی نہیں۔ اس لئے کہ مومن کا شیوہ وفائے عہد ہے۔ بدعہدی اور خیانت نہیں۔

تو اس کے متعلق حضرت معاویہؓ نے ان سے پوچھا کیا بات ہے؟ وہ کہنے لگے: میں نے رسول اللہؐ کو یہ فرماتے سنا ہے کہ

marfat.com

"مَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْد " فَلَا يَحُلَّنَّ عَهْدًا وَلَا يَشُدَّنَّهُ حَتّٰى يَمْضٰى اَمَدُهُ"۔ یعنی جس کا کسی قوم سے عہد ہو تو وہ نہ تو عہد کھولے اور نہ اسے بدلے حتیٰ کہ اس کی مدت گزر جائے۔

حضرت عمرو بن عبسہ کا مقصد یہ تھا کہ از روئے حدیث جنگ بندی کے معاہدے کے دوران جس طرح حملہ کرنا جائز نہیں اسی طرح دشمن کے خلاف فوجیں لے کر روانہ ہونا بھی جائز نہیں۔ چنانچہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے رسولِ خدا ﷺ کا یہ فرمانِ عالیشان سنا تو فوراً تعمیل کی اور فوجوں کو واپسی کا حکم دیا اور انہیں واپس لے گئے"۔

(مشکوٰۃ المصابیح ص ۳۴۷ باب کنز الامان)

حضرت علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس کے سب راوی صحیح احادیث کے راوی ہیں سوا ایک راوی کے مگر وہ بھی ثقہ ہے۔ حضرت ابوالدرداء کہتے تھے۔ میں نے رسول خدا ﷺ کے بعد کسی کو نہیں دیکھا کہ اس کی نماز آپ کی نماز سے زیادہ سے زیادہ مشابہ ہو سوا تمہارے اس سردار یعنی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے۔ پس اس جلیل القدر صحابی نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی جو یہ منقبت بیان کی ہے اس کو غور سے دیکھو اس سے حضرت معاویہ کی فقاہت اور احتیاط اور کوشش اتباع نبوی میں خصوصاً دربارۂ نماز جو افضل عبادت بدنیہ ہے ظاہر ہے"۔

(سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۵۵-۵۶)

حضرت علامہ شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ لوگوں کو حدیث (سنت) کی اتباع کا حکم فرماتے اور اس کی مخالفت سے منع فرماتے تھے۔ امام ابن حجر عسقلانی

marfat.com

فرماتے ہیں کہ جب حضرت معاویہ مدینہ شریف میں آتے اور یہاں کے فقہاء سے کوئی ایسی چیز سنتے جو سنتِ رسول کے مخالف ہوتی تو اہلِ مدینہ کو جمع کر کے فرماتے کہ کہاں ہیں تمہارے علماء؟ میں نے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یوں فرماتے سنا ہے اور اس طرح کرتے دیکھا ہے۔۔۔۔امام مسلم اپنی صحیح میں حضرت معاویہ ﷛ سے روایت کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ حدیثیں وہ روایت کرو جو حضرت عمر فاروق ﷛ کے عہد میں روایت کی گئی ہیں۔ اس لئے کہ حضرت عمر ﷛ لوگوں کو خوفِ الٰہی سے ڈراتے تھے۔

شارح مسلم فرماتے ہیں کہ یہ ممانعت بغیر تحقیق و تدقیق کے کثرت احادیث بیان کرنے سے ہے اس لئے کہ حضرت معاویہ ﷛ کے زمانے میں اہل کتاب کے مفتوحہ علاقوں میں ان کی کتابوں سے نقل و روایت کا رواج شروع ہو گیا تھا اس لئے آپ نے اس سے منع فرمایا اور لوگوں کو عہد فاروقی کی مرویات کی طرف رجوع کرنے کا حکم فرمایا کیونکہ حضرت عمر ﷛ روایت حدیث کے معاملے میں سختی کرتے تھے اور ضبط سے کام لیتے تھے لوگ ان کی ہیبت و سطوت سے خوفزدہ تھے اور وہ حدیث میں جلد بازی سے لوگوں کو منع فرماتے تھے۔ احادیث پر شہادت طلب کرتے تھے یہاں تک کہ احادیث خوب مستقر ہو گئیں اور سنن مشہور ہو گئیں"۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷛ شمارہ دو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۴۷ ۔ ۴۸)

"حضرت امیر معاویہ اتباع سنت میں حریص تھے امام بغوی شرح السنہ میں ابی مجلز سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ ﷛ ایک دن نکلے تو عبداللہ ابن عامر اور عبداللہ ابن زبیر بیٹھے تھے ابن عامر دیکھ کر کھڑے ہو گئے جبکہ ابن زبیر بیٹھے رہے۔ حضرت معاویہ نے فرمایا کہ رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ لوگ اس کیلئے کھڑے

marfat.com

ہوں تو وہ اپنا ٹھکانا جہنم کو بنائے۔ اس حدیث کو ترمذی، ابوداؤد اور مسند احمد نے بھی روایت کیا ہے[1]۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حضور اکرم ﷺ سے حد درجہ محبت کی ایک مثال وہ ہے جس کو قاضی عیاض نے شفا شریف میں ذکر کیا ہے کہ جب حضرت عابس بن ربیعہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہم سے ملاقات کیلئے گھر کے دروازے میں داخل ہوئے تو حضرت معاویہ پلنگ سے اٹھے اور ان سے بغلگیر ہو کر ملے۔ ان کی پیشانی کو بوسہ دیا اور مرغاب نامی علاقہ ''جو کہ نہر مرو کے پاس تھا'' کی زمین ان کو عطا کر دی۔ یہ عطا واکرام صرف اس لئے تھا کہ حضرت عابس کی صورت حضور اکرم نورِ مجسم ﷺ کی صورت شریفہ کے مشابہ تھی''۔ سبحان اللہ

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اردو ترجمہ الناہیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۴۵۔ ۴۷، کتاب الشفاء اردو دوم ص ۱۰۱)

اہلبیت اطہار سے عقیدت و محبت

حضرت شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''ابن عساکر بسند ضعیف حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ میں حاضر تھا۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی اور حضرت معاویہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی حاضر خدمت تھے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حاضر خدمت اقدس ہوئے حضور علیہ السلام نے حضرت معاویہ سے دریافت کیا کہ کیا تمہیں علی سے محبت ہے؟ عرض کیا: ہاں یا رسول اللہ! ﷺ پھر آپ نے ارشاد فرمایا کہ عنقریب تمہارے درمیان

[1] حافظ ابن کثیر نے بھی اسے تاریخ میں نقل فرمایا ہے۔ دیکھئے تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۹۶۴

marfat.com

چپقلش ہوگی۔ حضرت معاویہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ اس کے بعد کیا ہوگا؟ فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ کی رضا مندی اور عفو۔ حضرت معاویہ نے عرض کیا۔ ہم قضائے الٰہی پر راضی ہیں۔ اسی وقت یہ آیت نازل ہوئی: وَلَوْ شَآءَ اللّٰہُ مَااقْتَتَلُوْا وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَایُرِیْدُ"

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۵۵)

"حضرت معاویہ ؓ امام حسن علیہ السلام سے نہایت ادب سے پیش آتے تھے اور ان کی خدمت کرتے تھے۔ اہل بیت نبوت کے فضائل میں رطب اللسان رہتے۔ یہ سب باتیں مخالفت و مخاصمت کے باوجود ان کے ایثار پر دلالت کرتی ہیں مگر مخاصمت و مخالفت تو تقدیر الٰہی پیش آچکی تھی......

مسند احمد میں ہے کہ ایک آدمی نے حضرت معاویہ ؓ سے کوئی مسئلہ پوچھا تو آپ نے فرمایا: کہ یہ سوال حضرت علی ؓ سے پوچھو اس لئے کہ وہ مجھ سے زیادہ صاحب علم ہیں۔ سائل نے کہا امیر المؤمنین مجھے علی ؓ کے جواب سے آپ کا جواب زیادہ پسند ہے۔ آپ نے فرمایا: یہ بری بات ہے۔ تو ایسے آدمی کو ناپسند کر رہا ہے۔ جس کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس کے علم کی بنا پر معزز سمجھتے تھے۔ اور اس کے بارے میں فرمایا کہ: "اے علی! تیری نسبت مجھ سے وہی ہے جو ہارون کی موسیٰ سے تھی مگر میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا"۔ یونہی جب حضرت عمر فاروق ؓ کو کوئی مسئلہ درپیش آتا تو ان سے دریافت فرماتے۔ یہ حدیث مسند احمد کے علاوہ دوسری کتب میں بھی مروی ہے اور بعض نے کچھ زیادہ الفاظ بھی نقل کئے ہیں مثلاً حضرت معاویہ نے اس سائل سے فرمایا کہ کھڑا ہو اللہ تعالیٰ تیرے پاؤں کو کھڑا نہ کرے۔ اور اراکین دیوان سے اس کا نام خارج کر دیا۔

marfat.com

محمد بن محمود آملی اپنی تصنیف نفائس الفنون میں ذکر کرتے ہیں کہ حضرت معاویہ ﷺ کے پاس حضرت علی ﷺ کا ذکر کیا گیا تو فرمایا: کہ حضرت علی خدا کی قسم! شیر کی طرح تھے جب آپ آواز لگاتے تھے اور جب ظاہر ہوتے تو چاند کی طرح۔ جب عطاو اکرام پر آتے تو بارانِ رحمت کی طرح ہوتے تھے۔ بعض حاضرین نے دریافت کیا کہ آپ افضل ہیں یا علی؟ فرمایا کہ حضرت علی کے چند نقوش بھی آل ابی سفیان سے بہتر ہیں۔ پھر دریافت کیا گیا کہ آپ نے علی سے جنگ کیوں کی؟ فرمایا کہ حکومت وبادشاہت بے خیر ہیں۔ فرمایا: الملك العقيم۔ یعنی ملکی جنگ تھی۔ پھر فرمایا: کہ جو حضرت علی کی مدح میں ان کی شایان شان شعر سنائے میں اس کو ہر شعر کے بدلے ہزار دینار انعام دوں گا۔ چنانچہ حاضرین نے شعر سنائے اور حضرت معاویہ فرماتے تھے کہ علی ﷺ مجھ سے افضل ہیں پھر حضرت عمرو بن عاص ﷺ نے کئی شعر پڑھے۔ جب وہ اس شعر پر پہنچے:۔

هُوَ النَّبَاءُ الْعَظِيْمُ وَفُلْكُ نُوحٍ
وَبَابُ اللّٰهِ وَانْقَطَعَ الْخِطَابُ [1]

حضرت معاویہ ﷺ نے اس شعر کو پسند کیا اور انہیں سات ہزار دینار مرحمت فرمائے"۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ الناهيه عن طعن امیر معاویہ ص ۵۰ تا ۵۳)

حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

---

[1] حضرت علامہ مفتی احمد یار نعیمی اس کا یوں ترجمہ کرتے ہیں: حضرت علی بڑی خبر والے ہیں نوح علیہ السلام کی کشتی ہیں۔ اللہ کا دروازہ ہیں ان کے بغیر اللہ سے کوئی کلام نہیں کر سکتا۔ (امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۵۶۔۵۷)

marfat.com

''صواعق محرقہ میں ابن عساکر سے روایت نقل کی گئی ہے کہ جنگ کے زمانے میں حضرت عقیل (حضرت علی ﷺ کے بھائی) نے علی ﷺ نے کہا مجھے کچھ روپیہ کی ضرورت ہے، دیجئے۔ فرمایا: ابھی نہیں ہے۔ آپ نے عرض کیا: مجھے اجازت دیجئے کہ امیر معاویہ ﷺ کے پاس چلا جاؤں۔ حضرت علی ﷺ نے فرمایا: جاؤ۔ حضرت عقیل امیر معاویہ کے پاس پہنچے تو امیر معاویہ نے آپ کا بڑا احترام کیا اور ایک لاکھ روپیہ نذرانہ پیش کیا'' ۔(امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۵۵)

اور اسی طرح یہ بھی منقول ہے کہ:

''امیر معاویہ ﷺ نے ایک بار ضرار ابن حمزہ سے کہا مجھے علی ابن ابی طالب کے اوصاف سناؤ انہوں نے عرض کیا مجھے اس سے معاف رکھو امیر معاویہ ﷺ نے کہا تمہیں خدا کی قسم! ضرور سناؤ۔ ضرار ابن حمزہ نے نہایت فصیح وبلیغ طور پر حضرت علی المرتضیٰ ﷺ کی منقبت سنائی جس کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

حضرت علی ﷺ بڑی سخاوت والے، سخت قوت والے، فیصلہ کن بات کہتے تھے۔ عدل کا فیصلہ کرتے تھے۔ ان کی جوانب سے علم کی نہریں بہتی تھیں۔ ان کی زبان پر علم بولتا تھا اور دنیا کی ٹیپ ٹاپ سے متنفر تھے۔ رات کی تنہائی اور وحشت پر مائل (مانوس) تھے۔ راتوں کو روتے تھے۔ اکثر آخرت کی فکر میں رہتے تھے۔ موٹا لباس معمولی کھانا پسند فرماتے تھے۔ لوگوں میں عام شخص کی طرح رہتے تھے۔ جب ان سے کچھ پوچھتے تو فوراً جواب دیتے۔ جب ہم انہیں بلاتے تو فوراً آجاتے۔ اس بے تکلفی کے باوجود ان کی خداداد ہیبت کا یہ حال تھا کہ ہم ان سے گفتگو نہ کر سکتے تھے۔ دینداروں کی تعظیم فرماتے مسکینوں کو اپنے

maktabah.org

سے قریب رکھتے تھے۔ علی ﷺ کے دربار شریف میں کمزور مایوس نہ تھا۔ قوی دلیر نہ تھا۔ قسم خدا کی! میں نے علی کو بہت دفعہ ایسا دیکھا کہ رات کے تارے غائب ہو جاتے تھے اس حال میں آپ ایسا روتے تھے جیسے کسی کو بچھو کاٹ لے اور رو رو کر فرماتے تھے افسوس! افسوس! عمر تھوڑی ہے۔ سفر لمبا ہے۔ سامان تھوڑا ہے۔ راستہ خطرناک ہے اور آپ کی داڑھی سے آنسوؤں کے قطرے ٹپکتے تھے اور فرماتے تھے۔ افسوس! افسوس!

امیر معاویہ یہ سن کر زار زار رونے لگے اور فرماتے تھے کہ: قسم خدا کی! ابوالحسن (علی ﷺ) ایسے ہی تھے ایسے ہی تھے"۔

(امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۵۴۔۵۸، الصواعق المحرقہ اردو ص ۴۴۶۔۴۴۷، ازالۃ الخفا اردو دوم ص ۵۱۸، ۵۱۹، معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷺ رد و ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۵۴)

حافظ ابن کثیر نقل کرتے ہیں:

"جریر نے بحوالہ مغیرہ بیان کیا ہے کہ جب حضرت علی بن ابی طالب ﷺ کی شہادت کی خبر حضرت معاویہ کے پاس آئی تو آپ ایک گرم دن میں اپنی بیوی فاختہ بنت قرطہ کے پاس تھے۔ آپ نے "انا للہ و انا الیہ راجعون" پڑھا اور رونے لگے۔ تو فاختہ نے آپ سے کہا گزشتہ کل تو آپ ان سے جنگ کرتے تھے اور آج ان پر روتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: تو ہلاک ہو میں اس لئے روتا ہوں کہ لوگوں نے ان کے علم و حلم، فیصلوں، اقدمیت اور بھلائی کو کھو دیا ہے"۔ (تاریخ ابن کثیر جلد ہشتم ص ۲۰، ۱۴۱، ۳۰۷، ۹)

اولیائے پاک و ہند کے بادشاہ مخدوم الاصفیاء حضرت داتا گنج بخش سیّد علی ہجویری ﷺ، بیان فرماتے ہیں کہ:

"ایک روز ایک شخص حضرت امام حسین ﷺ کی خدمت میں

marfat.com

حاضر ہوا اور کہنے لگا اے ابن رسول اللہ ﷺ! میں غریب ومفلس عیالدار ہوں مجھے آپ کی طرف سے آج شب کے کھانے کا انتظام ہونا چاہیے۔ آپ نے فرمایا: بیٹھ جا۔ ہمارا وظیفہ راستہ میں ہے آ جائے تو تجھے دیں۔

تھوڑی دیر نہیں گزری تھی کہ پانچ تھیلیاں دینار کی لائی گئیں جو حضرت معاویہ ﷺ کی طرف سے آئی تھیں۔ ہر تھیلی میں ایک ہزار دینار تھے۔ لانے والے نے کہا: حضور معاویہ (ﷺ) معافی چاہتے ہیں اور ان کی خواہش ہے کہ یہ رقم غرباء میں تقسیم فرما دیں آپ نے وہ تھیلیاں اسی سائل کو دے دیں اور معذرت فرمائی کہ تجھے انتظار میں بہت دیر ٹھہرنا پڑا"۔ (کشف المحجوب اُردو ص ۱۸۵)

تبرکاتِ رسول ﷺ سے عقیدت

''حضرت امیر معاویہ ﷺ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ نے وصیت فرمائی کہ میرے پاس نبی کریم ﷺ کے کچھ ناخن شریف ہیں، وہ بعد غسل کفن کے اندر میری آنکھوں میں رکھ دیئے جائیں اور کچھ بال مبارک اور حضور ﷺ کا تہبند، حضور کی چادر اور قمیض شریف ہے مجھے حضور ﷺ کی قمیض میں کفن دینا۔ حضور ﷺ کی چادر میں لپیٹنا۔ حضور کا تہبند مجھے باندھ دینا اور میری ناک کان وغیرہ پر حضور ﷺ کے بال شریف رکھ دینا پھر مجھے ارحم الراحمین کے سپرد کر دینا''۔

(امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۴۱۔۴۲، النار الحامیہ لمن ذم المعاویہ ص ۱۳، اُسد الغابہ ج ۴ ص ۳۸۷، سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۶۴۰ تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۹۹۴، معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ الناہیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۵۷، مدارج النبوت اردو دوم ص ۵۳۱، ازالۃ الخفاء اردو اوّل ص ۲۹۴، ۳۴۵)

آپ کی یہی وصیت نقل کرنے کے بعد امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

marfat.com

''پس مبارک ہو حضرت معاویہ ؓ کو کہ ان کے جسم سے وہ چیز مس کر رہی تھی جس نے رسولِ خدا ﷺ کے جسمِ اقدس کو مس کیا تھا اور منہ اور آنکھوں میں وہ چیز مخلوط ہوگئی تھی جو نبی ﷺ کے بدن مبارک سے جدا ہوئی تھی''۔ سبحان اللہ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۶۴)

آپ کی کرامات

حضرت سیدنا امیر معاویہ ؓ کی بہت سی کرامات مشہور ہیں۔

''ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ امیر معاویہ ؓ نے امورِ غیبیہ کی خبریں دیں اور پھر وہ کام اسی طرح ہوئے جس طرح آپ نے اطلاع دی تھی اور یہ ان کی کرامت تھی (وَمِنْهَا اَنَّهٗ اَخْبَرَ عَنْ اُمُوْرٍ غَیْبِیَّةٍ فَوَقَعَ الْاَمْرُ بَعْدَهٗ کَمَا اَخْبَرَهٗ وَذَالِكَ كَرَامَةٌ'') ان میں سے یہ بھی ہے جو ثقہ راویوں کی سند سے مروی ہے جناب معاویہ نے کہا کہ: اہلِ مکہ نے رسول اللہ ﷺ کو ہجرت پر مجبور کیا لہٰذا ان میں کبھی خلافت نہ آئے گی اور یہ کہ اہلِ مدینہ نے حضرت عثمان (ؓ) کو شہید کر دیا اس لئے ان میں بھی خلافت کبھی نہ آئے گی''۔

(دشمنانِ امیر معاویہ ؓ کا علمی محاسبہ ص ۱۱۴، سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۶۱)

مفسر قرآن جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''امیر معاویہ ؓ کا یہ واقعہ تو مشہور ہی ہے کہ آپ ایک دفعہ اپنے محل میں سو رہے تھے کہ اچانک ایک آدمی نے آپ کو جگایا تو آپ نے اس سے پوچھا تو کون ہے اور اس محل میں کیسے پہنچ گیا وہ بولا کہ میں ابلیس ہوں۔ آپ نے فرمایا: تیرا کام نماز کیلئے جگانا نہیں ہے بلکہ نماز سے سُلانا ہے۔ اولاً اس نے بہانے بنائے مگر جب امیر معاویہ ؓ نے اسے ڈرایا دھمکایا تو آخر بولا کہ اس سے پہلے ایک دفعہ میں نے آپ کو فجر

marfat.com

کے وقت سلا دیا تھا جس سے آپ کی نماز قضا ہوگئی تھی اور آپ اس کے غم میں اتنا روئے تھے کہ میں نے فرشتوں کو آپس میں کلام کرتے سنا کہ امیر معاویہ کو اس رنج وغم کی وجہ سے پانچ سو نمازوں کا ثواب دیا گیا۔ میں نے خیال کیا کہ اگر آج بھی آپ فجر نہ پڑھ سکے تو پھر روئیں گے اور ایسا نہ ہو کہ ایک ہزار نمازوں کا ثواب حاصل کرلیں۔ اس لئے جگا دیا کہ صرف ایک ہی نماز کا ثواب حاصل کریں۔

مثنوی شریف دفتر دوم ص ۲۳ میں مولانا روم قدس سرہٗ نے اس قصہ کو بہت تفصیل سے میں کچھ فرق سے بیان فرمایا۔ جس کا عنوان یوں نائم کیا "بیدار کردن ابلیس حضرت امیر المؤمنین معاویہ ﷺ را برخیز کہ وقت نماز است" (ترجمہ) شیطان کا حضرت امیر المؤمنین معاویہ ﷺ کو بیدار کرنا کہ اٹھئے نماز کا وقت ہے۔ اور اس طرح اس واقعہ کو شروع فرمایا:

در خبر آمد کہ خال مومناں

بود اندر قصر خود خفتہ شباں

ترجمہ: قصہ میں مذکور ہے کہ مسلمانوں کے ماموں (امیر معاویہ ﷺ) رات کے وقت اپنے محل میں سو رہے تھے۔

قصر را از اندروں در بستہ بود

کز زیادت ہائے مردم خستہ بود

محل کا دروازہ اندر سے بند تھا کیونکہ وہ لوگوں کی ملاقات سے تھک گئے تھے۔

ناگہاں مرد اورا بیدار کرو

چشم چوں بکشاد پنہاں گشت مرد

ترجمہ: اچانک ان کو ایک شخص نے جگا دیا جب انہوں نے آنکھ کھولی وہ چھپ گیا۔

marfat.com

اس واقعہ سے معلوم ہوا کہ امیر معاویہ ؓ بہت عابد وزاہد مقبول بارگاہِ الٰہی تھے اور ابلیس جیسا خبیث جو کسی کے قبضہ میں نہ آوے وہ آپ کے قبضہ اور گرفت سے نہ چھوٹ سکتا تھا۔ کیوں نہ ہوں، جس کا ہاتھ جنابِ مصطفیٰ ﷺ پکڑ لیں اس کے ہاتھ کی گرفت سے کون چھوٹ سکتا ہے اور جو نگاہ جمالِ مصطفوی دیکھ لے اس سے کون سی چیز چھپ سکتی ہے"۔

(امیر معاویہ ؓ پر ایک نظر ص ۵۹۔۶۰)

marfat.com

باب نمبر۳

معتقداتِ اہلسنّت اور نظریاتِ اکابر

marfat.com

معتقدات اہلسنّت اور نظریات اکابر

شیخ الاسلام امام یحییٰ بن شرف نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں:

''صحابہ کرام میں جو جنگیں ہوئیں ان میں ہر فریق کو کوئی شبہ لاحق تھا اور ہر فریق کا اعتقاد یہ تھا کہ وہ صحت اور ثواب پر ہے اور تمام صحابہ نیک، اور عادل ہیں جنگ اور دوسرے نزاعی معاملات میں ہر فریق کی ایک تاویل تھی اور اس میں اختلاف کی وجہ سے کوئی صحابی عدالت اور نیکی سے خارج نہیں ہوتا۔ کیونکہ وہ سب مجتہد تھے اور ان کا مسائل میں اجتہادی اختلاف تھا۔ جس طرح ان کے بعد کے مجتہدین کا قصاص اور دیت کے مسائل میں اجتہادی اختلاف ہے۔ اس سے کسی فریق کی تنقیص لازم نہیں آتی۔ ان جنگوں کا سبب یہ تھا کہ بعض معاملات ان پر مشتبہ ہوگئے تھے اور شدت اشتباہ کی وجہ سے ان کا اجتہاد مختلف ہو گیا تھا۔ اس لحاظ سے صحابہ کی تین قسمیں ہوگئیں۔

۱) بعض صحابہ پر اجتہاد سے یہ منکشف ہوا کہ وہ حق پر ہیں اور ان کا مخالف باغی ہے۔ اس لئے اس پر اپنی جماعت کی نصرت اور اپنے مخالف سے جنگ کرنا واجب تھا سوانہوں نے ایسا ہی کیا۔

۲) بعض صحابہ پر اجتہاد سے اس کے برعکس ظاہر ہوا یعنی حق دوسری جانب ہے اس لئے ان پر اس جماعت کی موافقت کرنا اور باغیوں سے

marfat.com

قتال کرنا واجب تھا۔

۳) بعض صحابہ پر یہ معاملات مشتبہ ہوگئے اور وہ حیران رہے اور کسی جانب کو ترجیح نہ دے سکے۔ اس لئے وہ دونوں فریقوں سے الگ رہے اور ان کے حق میں الگ رہنا واجب تھا[1]۔ کیونکہ اس وقت تک کسی مسلمان سے جنگ کرنا جائز نہیں ہے جب تک کہ کسی دلیل سے یہ ظاہر نہ ہو جائے کہ قتل کئے جانے کا مستحق ہے۔ اگر کسی فریق کی ترجیح ان پر ظاہر ہو جاتی تو ان پر اس کی حمایت میں ان کے مخالفین سے قتال کرنا واجب تھا[2]۔

پس تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم معذور ہیں۔ (فَكُلُّهُمْ مَعْذُوْرُوْنَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ) اسی وجہ سے اہلِ حق اور قابلِ ذکر لوگوں کا اس پر اجماع ہے کہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم عدالت میں کامل ہیں اور ان کی شہادت اور روایت کو قبول کرنا واجب ہے"۔

(نووی شرح مسلم ج ۲ ص ۲۷۲ باب فضائل الصحابہ رضی اللہ عنہم)

"اہلِ سنت اور اہلِ حق کا مذہب یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ

---

[1] حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما انہیں میں شامل تھے۔ علامہ ابن اثیر نقل فرماتے ہیں: "حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ فتویٰ دینے میں نہایت دیانت و احتیاط سے کام لیتے تھے اور خود اپنے عمل میں بھی نہایت متقی تھے یہاں تک کہ انہوں نے خلافت میں نزاع کرنا کبھی پسند نہیں کیا۔ باوجودیکہ اہلِ شام کا میلان ان کی طرف بہت تھا اور اہل شام ان سے محبت رکھتے تھے۔ کبھی کسی فتنہ میں انہوں نے جنگ نہیں کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی ان کی کسی لڑائی میں شریک نہیں ہوئے مگر بعد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہو کر نہ لڑنے پر نادم تھے"۔ (اسد الغابہ اردو ج ششم ص ۳)

[2] ارشاد باری تعالیٰ ہے وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا فَاِنْۢ بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ (الحجرات۔ ۹)

ترجمہ اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو ان میں صلح کراؤ پھر اگر ایک دوسرے پر زیادتی کرے تو اس زیادتی والے سے لڑو۔ (کنز الایمان)

marfat.com

عنہم کے ساتھ نیک گمان رکھا جائے ان کے آپس کے اختلافات کے بارے میں توقف کیا جائے اور ان کی لڑائیوں کی صحیح تاویل کرتے ہوئے یہ کہا جائے کہ وہ مجتہد اور متاول (تاویل کرنے والے) تھے۔ انہوں نے نہ تو گناہ کا قصد کیا اور نہ محض دنیا کا بلکہ ہر فریق کا اعتقاد یہ تھا کہ وہ حق پر ہے اور اس کا مخالف بغاوت پر۔ پس اس سے قتال کرنا اس پر واجب ہے تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف لوٹ آئے ان میں سے بعض کی رائے صحیح تھی اور بعض کی غلط لیکن یہ غلط رائے بھی اجتہاد کی وجہ سے قائم ہوئی تھی اور مجتہد اگر غلطی بھی کرے تو اس پر گناہ نہیں ہوتا۔ اس لئے جس فریق کی رائے غلط تھی وہ بھی معذور تھا۔ ان جنگوں میں حضرت علی ؓ کا اجتہاد واقعۃً صحیح تھا۔ یہ اہلسنت کا مذہب ہے اور اس وقت حق اتنا مشتبہ اور غیر واضح تھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت اس معاملے میں حیران رہ گئی (کوئی فیصلہ نہ کر سکی) دونوں فریقوں سے الگ رہی اور لڑائی میں شریک نہ ہوئی اور اگر ان صحابہ کے سامنے اس وقت حق یقینی طور پر واضح ہو جاتا تو وہ اس کی نصرت سے پیچھے نہ رہتے"۔

(نووی شرح مسلم ج ۲ ص ۳۹۰ کتاب الفتن)

مشکوٰۃ باب مناقب الصحابۃ کے حاشیہ ۳ میں امام نووی کی اسی شرح مسلم اور بعض مالکیوں کے حوالہ سے مرقوم ہے کہ:

"فِیْ شَرْحِ مُسْلِمٍ اِعْلَمْ اِنَّ سَبَّ الصَّحَابَةِ حَرَامٌ وَمِنْ اَكْبَرِ الْفَوَاحِشِ وَمَذْهَبُنَا وَمَذْهَبُ الْجُمْهُوْرِ اِنَّهٗ يُعَزَّرُ وَقَالَ الْبَعْضُ الْمَالِكِيَّةِ يُقْتَلُ وَقَالَ الْقَاضِيْ عَيَاضٌ سَبُّ اَحَدِهِمْ مِنَ الْكَبَائِرِ"۔

(ترجمہ) شرح مسلم میں (امام نووی نے) فرمایا خوب جان لو کہ صحابہ کو

marfat.com

برا بھلا کہنا حرام ہے اور بہت بڑی بے حیائی ہے۔ اور ہمارا مذہب اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ (جو صحابہ کو برا بھلا کہے) اس کو کوڑے مارے جائیں اور بعض مالکیہ نے کہتے ہیں اسے قتل کیا جائے گا اور جناب قاضی عیاض فرماتے ہیں کسی بھی صحابی کو سب وشتم کرنا کبیرہ گناہ ہے"۔

(مشکوۃ ص ۵۵۳ باب مناقب الصحابۃ حاشیہ۔۳)

امام عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے:

"فِی بَیَانِ وُجُوْبِ الْکَفِّ عَمَّا شَجَرَ بَیْنَ الصَّحَابَۃِ وَوُجُوْبِ اِعْتِقَادِ اَنَّھُمْ مَاْجُوْرُوْنَ وَذَالِکَ لِاَنَّھُمْ کُلَّھُمْ عُدُوْلٌ بِاِتِّفَاقِ اَھْلِ السُّنَّۃِ سَوَاءٌ مَنْ لَا بَسَ الْفِتَنَ اَوْ مَنْ لَمْ یَلَا بِسَھَا"۔

ترجمہ: اس چیز کا بیان کہ حضور اکرم ﷺ کے تمام صحابہ کرام کے متعلق ان کی گستاخی سے اپنی زبان ہمیشہ بند رکھنی چاہیے۔ اس وجہ سے جو کہ ان کے درمیان کچھ اختلاف کا وقوع ہوا ہے اور اس بات پر بھی ایمان رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اجتہادی خطاؤں پر بھی انہیں ضرور ثواب عطا فرمائے گا۔ اس بات پر اہلسنت و جماعت کا مکمل اتفاق ہے چاہے ان میں سے کوئی صحابی تنازعات میں شامل ہوا ہو یا نہ شامل ہوا ہو کیونکہ وہ سب ہی عادل وثقہ تھے"۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۲۷ بحوالہ شواہد الحق ص ۴۷۸)

"حضرات اہلسنت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تمام صحابہ عادل اور صادق تھے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد قصاص میں جو دیر ہوئی اس سے بہت سی غلط فہمیاں پیدا ہوئیں نوبت جنگ وجدال تک پہنچی مگر اس اجتہادی اقدام پر صحابہ کرام کو سب وشتم کرنا نہایت ہی ناگوار ہے۔ بعض

marfat.com

حضرات حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لشکر میں رہے اور بعض علیحدہ ہو گئے ان تمام کیلئے نیک ظن رکھنا چاہیے۔ وہ مجتہد تھے اور ایک مجتہد مصیب ہے (اور ایک مخطی جس سے اجتہاد میں خطا ہو جائے) اگر مجتہد خطا بھی کرے تو اسے ایک نیکی کا ثواب ملتا ہے۔ انہیں اجر ملے گا"۔

(الناہیہ عن طعن معاویہ ص۸۲ بحوالہ الیواقیت والجواہر ج۲)

امام یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ہم اہلِ سنت کے نزدیک حضرت معاویہ ؓ ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مانند ہیں۔ جنہوں نے حضرت علی ؓ کے خلاف خروج کیا اور یہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے اس طرزِ عمل میں مجتہد تھے ہمارا نقطۂ نگاہ یہ ہے کہ حضرت علی ؓ اس معاملہ میں مصیب اور ان کے مخالفین مخطی تھے اور مجتہد کو ہر فعل اجتہاد پر ثواب ملتا ہے خطا پر گناہ نہیں ہوتا۔ مصیب مجتہد کو دس نیکیاں ملتی ہیں جبکہ مخطی کو ایک نیکی"۔

(کمالات اصحاب رسول ﷺ اردو ترجمہ الاسالیب البدیعہ فی فضل صحابہ واقناع الشیعہ ص۱۳۲)

محبوب سبحانی غوث صمدانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ؓ فرماتے ہیں:

"حضرت علی المرتضیٰ ؓ اور حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت عائشہ اور حضرت معاویہ ؓ کے درمیان لڑائی اور اس کے علاوہ صحابہ کرام کے درمیان اختلافات اور جھگڑوں وغیرہ کے بارے میں حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ خاموش رہنے کا حکم دیتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان سے اس چیز کو دور کر دے گا جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِم مِّنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُّتَقَابِلِينَ

(الحجر۔۴۷)

ترجمہ: اور ہم نے ان کے سینوں میں جو کچھ کینے تھے سب کھینچ لئے آپس

marfat.com

میں بھائی ہیں تختوں پر روبرو بیٹھے۔

اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ان سے لڑائی میں حق پر تھے کیونکہ اپنی امامت و خلافت کو اس بنا پر صحیح سمجھتے تھے کہ اس پر صحابہ کرام میں سے اہل حل وعقد کا اتفاق تھا۔ لہٰذا جو شخص آپ کی اطاعت سے الگ ہو کر جنگ کیلئے تیار ہوا وہ باغی تھا[1]۔ امام کے مقابلے میں نکلا لہٰذا اس کا قتل جائز تھا۔ البتہ حضرت امیر معاویہ حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم نے مظلوم مقتول وشہید حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے خون کا مطالبہ کیا اور جنہوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو شہید کیا وہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لشکر میں تھے۔ بنابریں ہر ایک کا مقصد درست تھا اور ہمارے لئے اس مسئلہ میں خاموش رہنا اور اسے اللہ کے حوالے کر دینا زیادہ بہتر ہے......

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے وصال اور حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے خلافت سے دستبردار ہونے کے بعد حضرت امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہما کیلئے خلافت صحیح ثابت ہے......

اہلسنّت وجماعت کا اتفاق ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان برپا ہونے والے اختلاف اور جھگڑے کے بارے میں گفتگو سے باز رہنا چاہیے۔ ان کی برائی بیان کرنے سے رکنا اور ان کے فضائل ومحاسن کا اظہار کرنا ضروری ہے اور جو کچھ حضرت علی، حضرت طلحہ، حضرت

---

[1] مفسر قرآن مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''باغی مسلمانوں کی وہ جماعت ہے جو خلیفہ برحق کے مقابل آجائے کسی غلط فہمی کی بنا پر نہ کہ نفسانی وجہ سے۔ اس کو فاسق وفاجر نہیں کہہ سکتے کہ قرآن نے انہیں مومن فرمایا: دیکھئے الحجرات۔ ۹ (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر ص ۲۰)

ہاں اب اردو میں باغی کا لفظ بے ادبی کے معنی میں آتا ہے لہٰذا حضرت امیر معاویہ یا ان کی جماعت یا کسی صحابی پر یہ لفظ نہ بولا جائے کیونکہ ہماری اصطلاح میں باغی غدار اور ملک وقوم کے دشمن کو کہا جاتا ہے۔ اصطلاح بدل جانے سے حکم بدل جاتا ہے''۔ (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر ص ۲۱)

marfat.com

زبیر، حضرت عائشہ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم کے درمیان اختلاف رونما ہوا اسے سپردِ خدا کیا جائے ہر صاحبِ فضل کی فضیلت کو تسلیم کیا جائے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

ترجمہ: اور وہ لوگ جو ان کے بعد آئے کہتے ہیں اے رب ہمارے ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو جو ایمان کے ساتھ ہم سے پہلے گزر گئے اور ہمارے دل میں ایمان والوں کی طرف سے کینہ نہ رکھ۔ اے ہمارے رب! بے شک تو ہی نہایت مہربان رحم والا ہے۔

(غنیۃ الطالبین اردو ص ۲۶۶ تا ۲۶۸)

دیوبندیوں کے حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی نے سیدنا غوث اعظم ﷺ سے نقل کیا:

''حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے سوال کیا تھا کہ حضرت معاویہ کیسے ہیں؟ حضرت غوث اعظم کو اس سوال سے بہت جوش آیا فرمایا کہ اگر امیر معاویہ گھوڑے پر سوار ہوں اور ایڑ مار کر اللہ کے راستے میں اس کو دوڑائیں تو جو خاک معاویہ کے گھوڑے کی ناک میں رینٹ سے ملی ہوئی ہوگی عمر بن عبدالعزیز اور اویس قرنی جیسے ہزاروں سے وہ خاک بھی افضل ہے۔ واقعی حضور ﷺ کی زیارت نے صحابہ کو وہ رتبہ بخشا ہے کہ بڑے سے بڑا ولی بھی حتیٰ کہ امام مہدی علیہ السلام بھی ایک ادنیٰ صحابی کے برابر نہیں ہو سکتے ــــ تو حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے اس سائل کو کیسا دندان شکن جواب دیا کہ تو معاویہ ﷺ کی بابت سوال کرتا

marfat.com

ہے۔ عمر بن عبدالعزیز اور اویس قرنی (رضی اللہ عنہما) کو حضرت معاویہ (ﷺ) کے گھوڑے کی ناک کی خاک سے بھی تو نسبت نہیں"۔

(مفاسد گناہ۔ سلسلہ مواعظ اشرفیہ ص ۲۳۰)

سیدالاولیاء سیداحمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"صحابہ رضی اللہ عنہم سب کے سب ہدایت پر ہیں رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے آپ نے فرمایا کہ: "میرے اصحاب ستاروں کی مثل ہیں تم جس کی بھی پیروی کرلوگے ہدایت پاؤگے۔

صحابہ کے درمیان جو اختلافات (ونزاعات) ہوئے ہیں ان (کے تذکرہ) سے زبان روک لیناواجب ہے اور بجائے اس کے ان کے محاسن (کمالات اور خوبیاں) بیان کرنا چاہئیں۔ ان سے محبت رکھنا چاہیے۔ ان کی تعریف کرنا چاہیے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ صحابہ سے محبت رکھو۔ ان کے ذکر و تذکرہ سے برکت حاصل کرو اور ان جیسے اخلاق حاصل کرنے کی کوشش کرو"۔ (البیان المشید ترجمہ البرحان المویدص ۳۸)

حضرت امام احمد ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے درمیان جو لڑائیاں ہوئیں ان کا اثر صرف دنیا تک محدود رہا۔ آخرت کیلئے ان کا کوئی اثر نہیں رہا کیونکہ وہ مجتہد تھے۔ مستحق ثواب تھے ہاں ثواب کی کمی بیشی کی البتہ ان میں فرق تھا اس لئے کہ جو مجتہد اپنے اجتہاد میں حق پر ہوتا ہے مثل حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ان کی پیروی کرنے والوں کے' اس کو دگنا ثواب بلکہ دس گنا ثواب ملتا ہے اور جو مجتہد اپنے اجتہاد میں خطا پر ہوتا ہے مثل حضرت معاویہ وغیرہ رضی اللہ عنہم کے اس کو صرف ایک ہی ثواب ملتا ہے۔ یہ سب لوگ اللہ کی خوشنودی اور اس کی اطاعت میں اپنی اپنی سمجھ

marfat.com

اور اجتہاد کے موافق کوشاں تھے۔ علوم ان کے بہت وسیع تھے۔ یہ علوم انہوں نے اپنے نبی ﷺ سے حاصل کئے تھے۔ اس بات کو اچھی طرح سمجھ لو اگر تم اپنے دین کو فتنوں، بدعتوں سے اور دشمنی و رنج سے بچانا چاہتے ہو۔ اللہ ہی راہ راست کی ہدایت کرنے والا ہے اور وہی ہمارے لئے کافی ہے۔ وہ کیا اچھا کارساز ہے"۔ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۱۲)

حضرت عبداللہ بن مبارک ؒ[1] سے پوچھا گیا کہ اے ابو عبدالرحمن معاویہ رضی اللہ عنہ افضل ہیں یا عمر بن عبدالعزیز ؒ؟ ابن مبارک نے کہا: خدا کی قسم! وہ غبار جو معاویہ ؓ کے گھوڑے کی ناک میں رسول خدا ﷺ کے ہمراہ جاتا تھا عمر بن عبدالعزیز ؒ سے ہزار درجہ افضل ہے۔ معاویہ ؓ نے رسول خدا ﷺ کے پیچھے نماز پڑھی تھی۔ آنحضرت "سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَه" کہتے اور وہ "رَبَّنَا لَكَ الْحَمْد" کہتے۔ اس عظیم الشان شرف سے بڑھ کر اور کیا بندگی ہو سکتی ہے۔ جب عبداللہ بن مبارک جیسے شخص حضرت معاویہ ؓ کے متعلق ایسا کہتے ہیں کہ خود حضرت معاویہ ؓ بھی نہیں بلکہ ان کے گھوڑے کی ناک کا غبار عمر بن عبدالعزیز سے ہزار درجہ افضل ہے تو اب کیا شبہ کسی معاند کو اور کیا اعتراض کسی غبی منکر کو باقی رہ سکتا ہے"۔ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۲۵)

حافظ ابن کثیر نے نقل فرمایا:

---

[1] علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ حضرت عبداللہ بن مبارک تابعی ؒ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ "ان کی جلالت اور امانت اور پیشوائی متفق علیہ ہے۔ اور وہ علم فقہ، ادب، نحو، لغت، شعر، فصاحت و بلاغت اور سخاوت و کرم کے جامع تھے"۔ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۲۵)

اور مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "عبداللہ بن مبارک وہ بزرگ ہیں جن کے علم، زہد، تقویٰ اور امانت پر تمام امت رسول متفق ہے اور ان سے حضرت خضر علیہ السلام ملاقات کرتے تھے"۔ (امیر معاویہ ؓ پر ایک نظر ص ۴۸)

marfat.com

''سعید بن یعقوب طالقانی نے بیان کیا ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن مبارک کو بیان کرتے سنا ہے کہ حضرت معاویہ کے ناک کی مٹی حضرت عمر بن عبدالعزیز سے افضل ہے۔

اور محمد بن یحییٰ بن سعید نے بیان کیا ہے کہ حضرت ابن مبارک سے حضرت معاویہ کے متعلق دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: میں اس شخص کے بارے میں کیا کہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے سمع اللّٰہ لمن حمدہ کہا تو آپ کے خلف نے ربنا لک الحمد کہا۔ آپ سے دریافت کیا گیا حضرت معاویہ اور حضرت عمر بن عبدالعزیز میں سے کون افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: کہ رسول اللہ ﷺ کی معیت میں جو مٹی حضرت معاویہ کے دونوں نتھنوں میں پڑتی تھی وہ حضرت عمر بن عبدالعزیز سے بہتر وافضل ہے''۔ رضی اللہ عنہم (تاریخ ابن کثیر جلد ہشتم ص ۱۳۹)

حضرت شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''اس حقیقت پر غور کرو۔ اس کلمہ کی فضیلت تو تجھے اس وقت معلوم ہوگی جب تجھے عبداللہ بن مبارک اور عمر بن عبدالعزیز کی فضیلتیں معلوم ہو جائیں گی جو کہ بے شمار ہیں اور محدثین کی مبسوط کتب تواریخ میں موجود ہیں حضرت عمر بن عبدالعزیز کو امام العدل اور پانچواں خلیفۂ راشد کہا جاتا ہے۔ محدثین اور فقہا ان کے قول کو عظیم اور حجت مانتے ہیں۔ حضرت خضر علیہ السلام ان کی زیارت کرتے تھے۔ آپ وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے حدیث رسول کو جمع کرنے کا حکم فرمایا۔ جب حضرت معاویہ ﷜ ان سے بھی افضل ہیں تو ان کے مقام و مرتبہ میں تجھے کیا گمان ہوسکتا ہے''۔

marfat.com

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۴۴)

''ایک آدمی خلیفۂ راشد حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے یزید کو امیر المؤمنین کہا تو آپ نے اسے کوڑے لگوائے اور دوسری دفعہ کسی نے امیر معاویہ ؓ کی ہجو کی آپ نے اسے بھی کوڑے لگوائے''۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۵۵)

''صحابہ کرام اور محدثین عظام حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم کی مدح کرتے ہیں حالانکہ وہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فضائل اور واقعاتِ اختلافیہ کے تمام لوگوں سے زیادہ واقف ہیں اور ان کی تصدیق حجت ہے۔ امام قسطلانی شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ ''حضرت معاویہ مناقب کا مجموعہ ہیں''۔ اسی طرح شرح مسلم میں ہے کہ: ''آپ کا شمار عدول فضلاء اور صحابہ اخیار میں ہے''۔ امام یافعی فرماتے ہیں کہ: ''آپ نہایت بردبار، سخی، سیاستدان، صاحب عقل، سیادت کاملہ کے حقدار اور صاحب الرائے تھے گویا کہ حکومت کرنے کیلئے پیدا ہوئے تھے''۔ محدثین کرام ان کے نام کے ساتھ'' ؓ '' لکھتے ہیں جیسا کہ دیگر صحابہ کے نام کے ساتھ لکھتے ہیں بلا تفریق جیسا کہ بروایت بخاری حضرت ابن عباس ؓ کا قول گزر چکا ہے۔

ابن اثیر جزری کے نہایہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ: ''رسول اکرم ﷺ کے بعد حضرت معاویہ سے زیادہ لائق سیادت میں نے کسی کو نہیں دیکھا'' تو کسی نے سوال کیا کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو بھی؟ فرمایا کہ: ''حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان سے بہتر ضرور تھے لیکن سیادت کے معاملے میں وہ حضرت عمر ؓ

marfat.com

سے بھی آگے تھے"۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے اس قول کی توجیہ اس طرح کی گئی ہے کہ ان کی مراد یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ از حد سخی اور مال خرچ کرنے میں اپنا ثانی نہ رکھتے تھے اور بعض نے اس کا مطلب یہ لیا ہے کہ وہ واقعی انداز حکمرانی میں ان سے بڑھ کر تھے"۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۳۵)

صحیح بخاری میں منقول یہ روایت پہلے گزر چکی ہے کہ "حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ آپ کی امیر المؤمنین معاویہ کے بارے میں کیا رائے ہے جبکہ وہ وتر کی ایک ہی رکعت پڑھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: بیشک وہ فقیہہ ہیں"۔ (بخاری کتاب المناقب باب ذکر معاویہ ﷺ)

حضرت قاضی عیاض مالکی اور حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہما نقل فرماتے ہیں:

"ایک شخص نے جناب معافی بن عمران سے کہا کہ جناب عمر بن عبدالعزیز اور امیر معاویہ کا کیا موازنہ۔ یہ سن کر جناب معافی کو غصہ آ گیا اور آپ نے فرمایا: صحابہ کرام کا موازنہ بعد میں آنے والوں سے نہ کرو۔ امیر معاویہ کو جو خصوصیت حاصل ہے وہ دوسروں کو نہیں ہے جناب امیر معاویہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی، ام المومنین کے بھائی، حضور علیہ السلام کے کاتب وحی اور وحی الٰہی کے امین تھے"۔

(کتاب الشفاء اردو جلد دوم ص ۱۰۷-۱۰۸ تاریخ ابن کثیر جلد ۸ ص ۹۰)

حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ نے مثنوی شریف میں آپ کو بار بار حضرت امیر المؤمنین لکھا ہے۔ (دیکھئے مثنوی شریف جلد دوم)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ عقائد کے بیان میں فرماتے ہیں:

"وَنَكُفُّ اَلْسِنَتَنَا عَنْ ذِكْرِ الصَّحَابَةِ اِلَّا بِخَيْرٍ وَهُمْ اَئِمَّتُنَا وَقَادَتُنَا فِي الدِّيْنِ وَسَبُّهُمْ حَرَامٌ وَتَعْظِيْمُ وَاجِبٌ۔

marfat.com

ترجمہ: اور ہم صحابہ کرام کا جب بھی ذکر کریں خیر ہی کے ساتھ ہونا چاہیے وہ سب ہمارے دینی پیشوا اور مقتدا ہیں ان میں سے کسی کے ساتھ بدعقیدگی رکھنا اور ان کی کسی بات پر طعن کرنا انہیں برا بھلا کہنا سب حرام ہے۔ ہم پر واجب ہے کہ ہم ان کی تعظیم وتکریم بجالاتے رہیں۔ (العقیدۃ الحسنہ)

عقائد نسفی کی تصریح ملاحظہ ہو فرمایا:

وَنَكُفُّ عَنْ ذِكْرِ الصَّحَابَةِ اِلَّا بِخَيْرٍ۔

ترجمہ: اور ہم کو صحابہ کے ذکر سے زبان کو بند رکھنا چاہیے سوائے کلمہ خیر کے کچھ نہ کہنا چاہیے''۔ (تہذیب العقائد اردو ترجمہ شرح عقائد نسفی ص ۱۰۳)

فقیہہ اجل مؤلف بہار شریعت حضرت مولانا امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''عقیدہ۔ امیر معاویہ ﷺ مجتہد تھے ان کا مجتہد ہونا حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے حدیث بخاری میں بیان فرمایا ہے۔ مجتہد سے صواب وخطا دونوں صادر ہوتے ہیں۔ خطا دو قسم ہے۔ خطا عنادی یہ مجتہد کی شان نہیں اور خطا اجتہادی یہ مجتہد سے ہوتی ہے اور اس میں اس پر عنداللہ اصلاً مواخذہ نہیں''۔ (بہار شریعت اول ص ۵۸۔ امامت کا بیان)

اب آخر میں امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی ﷺ جن کی شان تجدید کے ڈنکے آج بھی بج رہے ہیں کی تصریحات وتعلیمات پیش کی جاتی ہیں تاکہ کوئی سنے تو قبول کرے اور اپنی اصلاح کرلے۔ اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:

''سب سے پہلے آدمی کو فرقہ ناجیہ اہلسنت و جماعت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی رائے کے مطابق جو کہ مسلمانوں کی سب سے بڑی جماعت ہے عقیدے کا درست کرنا لازمی ہے تاکہ اخروی نجات و کامیابی متصور ہو سکے اور بداعتقادی جو اہلسنّت کے عقیدہ کے خلاف ہے

marfat.com

سمِ قاتل ہے۔ جوابدی موت اور دائمی عذاب تک پہنچاتی ہے اور اگر عمل میں کچھ کوتاہی اور سستی ہو تو اس کی بخشش کی امید ہو سکتی ہے لیکن اگر عقیدہ میں سستی ہو تو اس کی معافی کی امید نہیں ہے۔'' اللہ تعالیٰ و تبارک شرک کو معاف نہیں کریں گے اور اس کے علاوہ جو گناہ ہیں وہ جسے چاہیں معاف کر دیں''۔ (سورہ نساء)

اہل سنت و جماعت کے عقائد کو مختصر طور پر لکھا جاتا ہے۔ ان کے عقیدے کے مطابق اپنے عقیدہ کی تصحیح کریں اور اس دولت پر اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے عاجزی اور زاری سے استقامت کی دعا کریں۔...

(آگے عقائد کے بیان میں فرماتے ہیں کہ)

اور صحابہ کرام علیہم الرضوان کے درمیان جو جھگڑے اور جنگیں ہوئی ہیں مثلاً جنگ جمل و جنگ صفین تو ان کو اچھے معانی پر محمول کرنا چاہیے اور خواہشات اور تعصب سے دور رہنا چاہیے[1] کہ ان بزرگواروں کے نفوس خیر البشر علیہ الصلوات والتسلیمات کی صحبت میں خواہشات اور تعصب سے پاک ہو چکے تھے۔ اور حرص و کینہ سے بالکل صاف تھے۔ وہ اگر صلح کرتے تھے تو حق کیلئے اور اگر جھگڑا کرتے تھے تو وہ بھی حق کیلئے۔ ہر گروہ اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کرتا تھا۔ اور خواہشات اور تعصب کے شائبہ سے پاک ہو کر مخالف کی مدافعت کرتا تھا۔ پھر جس کا اجتہاد درست ہوا اسے دو درجے اور ایک قول کے مطابق دس درجے کا ثواب ملتا ہے

---

[1] اب جو لوگ کہتے ہیں کہ دو لڑنے والوں میں ایک ضرور باطل پر ہوتا ہے انہیں ضرور غور کرنا چاہیے۔ عاقبت اندیشی کا ثبوت دیتے ہوئے تعصب کو دل سے نکال کر اور اسے اچھے معانی پر محمول کر کے اپنے عقائد کی بھی اصلاح کر لینی چاہیے اور اگر وہ مجددی بھی ہیں تو ان پر مجددی نظریات و عقائد کی پیروی اور بھی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

marfat.com

اور جس کا اجتہاد درست نہ ہوا اسے بھی ایک درجہ ثواب مل گیا۔ پس خطا کرنے والا بھی درست اجتہاد کرنے والے کی طرح ملامت کا مستحق نہیں ہے۔ وہ بھی درجاتِ ثواب سے ایک درجہ کی امید رکھتا ہے۔

علماء نے کہا ہے کہ ان جنگوں میں حق حضرت امیر (سیدنا علی کرم اللہ وجہہ) کی طرف تھا۔ اور مخالفوں کا اجتہاد درست نہیں لیکن اس کے باوجود، طعن کرنے کے مستحق نہیں ہیں اور ملامت کی گنجائش نہیں رکھتے چہ جائیکہ ان کو کافر یا فاسق کہا جائے۔ حضرت امیر کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ "ہمارے بھائی ہم پر باغی ہوئے ہیں وہ نہ کافر ہیں نہ فاسق کیونکہ ان کے پاس تاویل ہے جو کفر اور فسق سے روکتی ہے" ہمارے پیغمبر ﷺ نے فرمایا ہے "جو اختلاف میرے صحابہ میں ہوں ان میں زبان کشائی سے بچنا" پس پیغمبر ﷺ کے تمام صحابہ کو بزرگ سمجھنا چاہیے سب کو نیکی سے یاد کرنا چاہیے اور ان میں سے کسی بزرگ کے حق میں برا نہ ہونا چاہیے اور نہ ہی بدگمانی کرنی چاہیے۔ اور ان کے جھگڑوں کو دوسروں کی مصالحت سے بہتر سمجھنا چاہیے۔ نجات اور خلاصی کا صرف یہی طریقہ ہے۔

کیونکہ صحابہ کرام کی دوستی پیغمبر خدا ﷺ کی دوستی کی وجہ سے ہے اور ان سے دشمنی رسول اللہ ﷺ کی دشمنی تک لے جاتی ہے۔ ایک بزرگ فرماتے ہیں جس نے رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کی عزت نہ کی اس کا رسول اللہ ﷺ پر بھی کوئی ایمان نہیں ہے"۔

(مکتوبات امام ربانی دفتر دوم حصہ ہفتم مکتوب نمبر ۶۷)

"اور شیخ ابن حجر نے صواعق میں کہا ہے کہ حضرت معاویہ اور امیر کرم اللہ وجہہ کے درمیان جھگڑے از روئے اجتہاد کے ہوئے ہیں اور اس قول کو اہلسنت کے معتقدات سے فرمایا ہے ـــــ قاضی (عیاض)

marfat.com

نے شفاء میں بیان کیا ہے (ترجمہ)

''حضرت امام مالک ﷫ نے کہا ہے کہ جس نے نبی ﷺ کے اصحاب میں سے کسی کو یعنی ابوبکر وعمر وعثمان وعمرو بن عاص (رضی اللہ عنہم) کو گالی دی اور کہا کہ وہ کفر اور گمراہی پر تھے یا اس کے سوا اور کوئی گالی نکالی جس طرح لوگ ایک دوسرے کو گالی نکالتے ہیں تو وہ سخت عذاب کا مستحق ہوا کیونکہ حضرت امیر کے ساتھ لڑائی کرنے والے کفر پر نہ تھے۔ جیسے کہ بعض غالی رافضیوں کا خیال ہے۔ اور نہ ہی فسق پر تھے۔ جیسے کہ بعض نے خیال کیا ہے اور بہت سے اصحاب کی طرف اس کو منسوب کیا ہے۔ یہ کس طرح ہوسکتا ہے جبکہ حضرت صدیقہ اور طلحہ اور زبیر اور بہت سے اصحاب کرام انہی میں سے تھے اور طلحہ اور زبیر جمل کی لڑائی میں معاویہ ﷫ کے خروج سے پہلے تیرہ ہزار مقتولوں کے ساتھ قتل ہوئے پس ان کو ضلالت اور فسق کی طرف منسوب کرنے پر سوائے اس شخص کے کہ جس کے دل میں مرض ہو اور اس کے باطن میں خبث ہو کوئی مسلمان دلیری نہیں کرتا۔

اور امام مالک نے جو تابعین میں سے ہیں اور علمائے مدینہ میں سے زیادہ عالم ہیں نے معاویہ اور عمر ابن العاص رضی اللہ عنہما کو گالی دینے والے کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے۔ اگر وہ گالی کے مستحق ہوتے تو ان کو گالی دینے والے کو قتل کا حکم کیوں دیتے۔ تو معلوم ہوا کہ اس گالی دینے کو کبیرہ جان کر اس گالی نکالنے والے کو قتل کا حکم دیا ہے نیز ان کو گالی دینا ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم کو گالی دینے کی طرح خیال کیا ہے تو حضرت معاویہ برائی کے مستحق نہیں ہیں۔

اے بھائی! معاویہ ﷫ تنہا اس معاملے میں نہیں ہیں۔ کم وبیش

marfat.com

آدھے اصحاب کرام ان کے ساتھ اس معاملہ میں شریک ہیں۔ پس اگر حضرت امیر علی کرم اللہ وجہہ کے ساتھ لڑائی کرنے والے کافر یا فاسق ہوں تو نصف دین سے اعتماد اٹھ جاتا ہے جو ان کی تبلیغ کے ذریعے ہم تک پہنچا ہے اور اس بات کو سوائے زندیق کے جس کا مقصود دین کی بربادی ہے کوئی پسند نہیں کرتا۔

اے برادر! اس فتنہ کے برپا ہونے کا منشاء حضرت عثمان ﷜ کا قتل اور ان کے قاتلوں سے ان کا قصاص طلب کرنا ہے۔ طلحہ وزبیر رضی اللہ عنہما جو اوّل مدینے سے باہر نکلے تاخیر قصاص کے باعث نکلے اور حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بھی اس امر میں ان کے ساتھ موافقت کی اور جنگ جمل میں تیرہ ہزار آدمی قتل ہوئے اور طلحہ وزبیر بھی جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں، قتل ہوئے۔ حضرت عثمان ﷜ کے قصاص کے باعث ہوا ہے۔ اس کے بعد معاویہ ﷜ نے شام سے آکر ان کے ساتھ شریک ہو کر جنگ صفین کیا۔

امام غزالی نے تصریح کی ہے کہ وہ جھگڑا امر خلافت پر نہیں ہوا بلکہ قصاص کے پورا کرنے کیلئے حضرت امیر ﷜ کی خلافت کی ابتدا میں ہوا ہے۔ اور شیخ ابن حجر ﷜ نے بھی اس بات کو اہلسنت کے معتقدات سے کہا ہے۔

اے برادر! اس امر میں بہتر طریق یہ ہے کہ پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اصحاب رضی اللہ عنہم کے لڑائی جھگڑوں سے خاموش رہیں اور ان کے ذکر اذکار سے منہ موڑیں۔ جناب پیغمبر علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اِیَّاکُمْ وَمَا شَجَرَ بَیْنَ اَصْحَابِیْ۔ میرے اصحاب کے درمیان جو جھگڑے

marfat.com

ہوئے ان سے اپنے آپ کو بچاؤ۔

اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بھی فرمایا:

اِذَا ذُكِرَ اَصْحَابِیْ فَاَمْسِكُوْا۔ (طبرانی)

جب میرے صحابہ کا ذکر کیا جائے تو زبان کو روکو۔

نیز حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

اَللّٰہَ اَللّٰہَ فِیْ اَصْحَابِیْ لَا تَتَّخِذُوْهُمْ غَرَضًا۔

میرے اصحاب کے حق میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور ان کو اپنے تیر کا نشانہ نہ بناؤ۔

اور امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے اور نیز عمر بن عبدالعزیز ﷫ سے بھی منقول ہے کہ:

تِلْكَ دِمَاءٌ طَهَّرَ اللّٰهُ اَيْدِيَنَا فَلْيَطْهُرْ عَنْهَا اَلْسِنَتَنَا۔

یہ وہ خون ہیں جن سے ہمارے ہاتھوں کو اللہ تعالیٰ نے پاک رکھا تو ہم اپنی زبانوں کو ان سے پاک رکھتے ہیں۔

اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی خطا کو بھی زبان پر نہ لانا چاہیے اور ان کے ذکر خیر کے سوا اور کچھ نہ بیان کرنا چاہیے..... پس چاہیے کہ اہلِ سنت و جماعت کے معتقدات پر اپنے اعتقاد کا مدار رکھیں اور زید و عمر کی باتوں کو نہ سنیں۔ جھوٹے قصوں پر کام کا مدار رکھنا اپنے آپ کو ضائع کرنا ہے۔ فرقہ ناجیہ (اہلسنت و جماعت) کی تقلید ضروری ہے تا کہ نجات کی امید پیدا ہو"۔ (مکتوبات حصہ چہارم دفتر اول مکتوب نمبر ۲۵۱)

"اکابر اہلسنت شکر اللہ تعالیٰ سعیہم کے نزدیک اصحاب پیغمبر علیہ وعلیہم الصلوات والتسلیمات آپس میں لڑائیوں اور جھگڑوں کے وقت تین گروہ تھے۔ ایک جماعت دلیل اور اجتہاد کی روشنی میں حضرت علی ﷜

marfat.com

کے حق پر ہونے کا اعتقاد رکھتی تھی۔ دوسری جماعت دلیل و اجتہاد کے ساتھ آپؐ کے مخالفین کو حق پر تصور کرتی تھی اور تیسری جماعت اس بارے میں متوقف تھی اور اس نے کسی بھی جانب کو دلیل سے ترجیح نہ دی۔

پس پہلی جماعت پر حضرت علیؓ کی مدد و نصرت ضروری تھی کیونکہ وہ ان کے اجتہاد کے موافق درستی پر تھے۔ اور دوسرے گروہ پر حضرت امیر معاویہؓ کی نصرت لازم تھی۔ کیونکہ ان کے اجتہاد کا یہی تقاضا تھا اور تیسرے گروہ کیلئے توقف کا راستہ اختیار کرنا ضروری تھا اور کسی ایک جانب کو ترجیح دینا خطا میں داخل تھا۔ پس تینوں گروہوں نے اپنے اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کیا اور جو کچھ ان پر ضروری تھا بجالائے۔ الہٰذا ملامت کی کیا گنجائش ہے اور ان پر طعن و تشنیع کہاں مناسب ہے"۔

اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بھی فرمایا ہے:

اَصْحَابِی کَالنُّجُوْمِ فَبِاَیِّھِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِھْتَدَیْتُمْ۔	میرے صحابہ ستاروں کی طرح ہیں تم ان میں سے جس کی اقتدا کرو گے ہدایت پاؤ گے۔

اور بہت سی احادیث تمام صحابہ کرام کی تعظیم و توقیر میں وارد ہوئی ہیں۔ پس تمام صحابہ کو معزز و مکرم جاننا چاہیے اور ان کی لغزشوں کو اچھے مطالب پر محمول کرنا چاہیے۔ یہ ہے اس مسئلہ میں اہلسنّت کا مذہب"۔ (مکتوبات دفتر دوم حصہ اوّل مکتوب نمبر ۳۶)

marfat.com

باب نمبر۴

اعتراضات ومطاعن کا تجزیہ اور جوابات

marfat.com

اعتراضات ومطاعن کا تجزیہ اور جوابات

اعتراض ۱

آپ کہتے ہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپس میں مہربان، نرم دل اور ذاتی بغض وعناد سے پاک تھے۔ اگر یہ درست ہے تو پھر ان میں جنگیں کیوں ہوئیں؟ یہ بھی بتائیں ان میں سے حق پر کون تھا اور مقابل کس شرعی حکم کا مستحق ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں باہم لڑنے والے دونوں فریق حق پر نہیں ہو سکتے۔ ایک ضرور باطل پر ہوتا ہے اس لئے خلیفۂ برحق خلیفۂ راشد حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لڑنے کے باعث حضرت امیر معاویہ ضرور باطل پر تھے۔ اس پر آپ کیا کہتے ہیں؟

جواب

صحبت کا اثر مسلّم ہے اور آدمی اپنی صحبت ہی سے پہچانا جاتا ہے۔ ترجمان حقیقت حکیم الامت مفکر اسلام مصور پاکستان حضرت علامہ محمد اقبال علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

ے صحبت اہل صفا، نور و سرور و حضور
سرخوش و پر کیف ہے لالہ لب آب جو

اور مرشد اقبال حضرت مولانا محمد جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ع

صحبت صالح ترا صالح کند

اور مہبط وحی آسمانی، مورد آیات قرآنی، دلیل سبیل عرفان، ہادی انس و جان، سرور دو جہاں، سرخیل پیغمبراں حضور نبی مکرم رسول معظم ﷺ فرماتے ہیں:

۱) مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسُّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ

marfat.com

الْكِيْرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ إِمَّا أَنْ يُّحْذِيَكَ وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيْرِ إِمَّا أَنْ يُّحْرِقَ ثِيَابَكَ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا خَبِيْثَةً۔ (مشکوٰۃ ص ۴۲۶ باب الحب فی اللہ ومن اللہ بحوالہ بخاری ومسلم)

ترجمہ: اچھے برے ساتھی کی مثال مشک کے اٹھانے والے اور بھٹی دھونکنے والے کی سی ہے۔ مشک بردار یا تمہیں کچھ دے دے گا یا تم اس سے خرید لو گے اور یا تم اس سے اچھی خوشبو پالو گے اور بھٹی دھونکنے والا یا تمہارے کپڑے جلادے گا یا تم اس سے بدبو پالو گے۔

جبکہ حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سید الصالحین محبوب رب العالمین جناب سید المرسلین حضور خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی پاکیزہ اور مبارک صحبت ومعیت سے فیضیاب ہوئے اور ان پاکیزہ دلوں نے نگاہِ مصطفوی سے براہِ راست تزکیہ حاصل کیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَيُزَكِّيْهِمْ۔ (البقرہ۔۱۲۹)

ترجمہ: اور وہ انہیں خوب پاک کرتا ہے۔

جب عام صالحین کی صحبت صالحیت بخش ہے اور آدمی کو صالح بنادیتی ہے تو پھر سید الصالحین حضور اکرم ﷺ کی صحبت وتربیت کے فیض واثر کا کیا عالم ہوگا۔ یقیناً صحبتِ نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی دولت سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"ان کا ایمان صحبت اور نزول وحی کی برکت سے شہودی ہو چکا ہے۔" (مکتوبات دفتر اوّل مکتوب نمبر ۵۹)

تو اب ذرا خود ہی غور فرمائیں کہ صحبت نبوی کے شرف سے مشرف اور نگاہ مصطفوی سے فیضیاب ہونے والے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تزکیہ نفس، للہیت، باہمی

marfat.com

رواداری، شفقت و محبت اور صالحیت کے کس بلند مقام پر فائز ہیں۔ بے مثل آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بے مثل فیضِ صحبت سے فیضیاب فرما کر اپنے صحابہ کو بھی بے مثل بنا دیا ہے۔ کوئی بھی طبقۂ امت ان سے ہمسری کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

اَكْرِمُوْا اَصْحَابِیْ فَاِنَّهُمْ خِيَارُكُمْ۔ (مشکوٰۃ باب مناقب الصحابہ)

ترجمہ: میرے صحابہ کی عزت کرو کیونکہ وہ تمہارے بہترین ہیں۔

حتیٰ کہ حضرت خواجہ اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ خیر التابعین ہونے کے باوجود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی کے ادنیٰ مرتبہ تک نہیں پہنچ سکے۔ حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"جناب خیر البشر علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صحبت کی فضیلت میں یہ سب حضرات مشترک ہیں اور صحبت کی فضیلت سب فضائل و کمالات سے فائق اور بلند ہے۔ اسی بنا پر حضرت اویس قرنی رحمۃ اللہ علیہ جو خیر التابعین ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی کے ادنیٰ مرتبہ تک بھی نہیں پہنچ سکے۔ لہٰذا صحبت کی فضیلت کا کوئی شے بھی مقابلہ نہیں کر سکتی"۔

(مکتوبات دفتر اوّل مکتوب نمبر ۵۹)

اور صحبت نبوی کی برکت سے صالحیت اور تزکیۂ نفس کی یہ دولت بلا استثناء سب کے سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حاصل ہوئی۔ شیخ المحققین حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (ترجمہ)

"صحابہ کا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے شرف صحابیت یقینی ہے اور ان کے خلاف جو کچھ لکھا گیا وہ ظنی ہے اور ظن یقین کے معارض نہیں ہو سکتا۔ اور یقین کو ظن کی وجہ سے نہیں چھوڑا جا سکتا"۔

(تکمیل الایمان فارسی، بحوالہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اہل حق کی نظر میں ص ۷۱)

marfat.com

پس تمام کے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بغض وعناد اور ذاتی کینہ وحسد ایسی تمام اخلاقی کمزوریوں سے پاک تھے۔ وہ یقیناً آپس میں نرم دل اور مہربان تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول مکرم ﷺ کے فیض صحبت اور نظر رحمت سے مستفید و مستفیض ہونے والے صحابہ کرام کے اخلاق حسنہ کی خود تعریف فرمائی کہ صحابہ کرام وہ نفوسِ قدسیہ ہیں جو آپس میں ذاتی بغض وحسد اور عداوت وکینہ سے پاک اور ایک دوسرے پر مہربان ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ملاحظہ ہو۔ فرمایا:

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۔ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ ۔(الفتح ـ ۲۹)

ترجمہ: محمد اللہ کے رسول اور ان کے ساتھ والے (صحابہ کرام) کافروں پر سخت اور آپس میں نرم دل مہربان۔

اللہ تعالیٰ نے وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ کہہ کر رسول اکرم ﷺ کی معیت وصحبت سے فیضیاب ہونے والے سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ یعنی آپس میں نرم دل اور مہربان فرمایا ہے۔ حضرت امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی فرماتے ہیں:

"حضرت سبحانہ وتعالیٰ قرآن مجید میں پیغمبر ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے متعلق رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ فرماتا ہے۔ پس ان بزرگواروں کے حق میں ایک دوسرے سے عداوت وکینہ رکھنے کا گمان کرنا نص قرآن کے برخلاف ہے"۔ (مکتوبات دفتر دوم حصہ ہفتم مکتوب نمبر ۹۶)

لہٰذا جو شخص مسلمان ہے اور وہ قرآن کو سچے دل سے مانتا بھی ہے تو اسے یہ محکم عقیدہ رکھنا چاہیے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپس میں نرم دل اور مہربان تھے۔ بغض وحسد سے پاک اور نفرت وکینہ سے مبرا تھے۔ البتہ کافروں پر ضرور سخت تھے۔ (اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ) ترجمان حقیقت حضرت علامہ محمد اقبال علیہ الرحمۃ نے کیا خوب ترجمانی فرمائی:

marfat.com

ہو حلقۂ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

اور جو صحابہ کرام کے درمیان جنگیں ہوئیں تو وہ غلط فہمی سے رب تعالیٰ کی رضا کی طلب اور جستجو میں اجتہادی خطا ہوجانے کے باعث ہوگئیں۔ کسی ذاتی عناد اور نفسانی خواہش کی بنا پر انہوں نے آپس میں لڑائیاں نہیں کیں۔ شارح صحیح مسلم حضرت امام نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں۔ (ترجمہ)

''حضرت علی ؓ کی خلافت بالا جماع صحیح ہے اور اپنے وقت میں وہ ہی خلیفہ تھے ان کے علاوہ کسی کی خلافت نہیں تھی۔ حضرت معاویہ ؓ عادل فضلاء صحابہ نجباء میں سے ہیں ان میں جو جنگیں ہوئیں ان میں ہر فریق کو کوئی شبہ لاحق تھا اور ہر فریق کا اعتقاد یہ تھا کہ وہ صحت اور ثواب پر ہے اور تمام صحابہ نیک اور عادل ہیں۔ جنگ اور دوسرے نزاعی معاملات میں ہر فریق کی ایک تاویل تھی اور اس اختلاف کی وجہ سے کوئی صحابی عدالت اور نیکی سے خارج نہیں ہوتا کیونکہ وہ سب مجتہد تھے اور ان کا مسائل میں اجتہادی اختلاف تھا جس طرح ان کے بعد کے مجتہدین کا قصاص اور دیت کے مسائل میں اجتہادی اختلاف ہے اس سے کسی فریق کی تنقیص لازم نہیں آتی''۔

(نووی بشرح مسلم ج ۲ ص ۲۷۲ باب فضائل الصحابۃ)

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ایک یہ حدیث بھی منقول ہے۔ مخبر صادق حضور رسول اکرم نبی معظم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ تَكُوْنُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ''۔

(صحیح بخاری جلد ۲ ص ۱۰۵۴ کتاب الفتن، صحیح مسلم ج ۲ ص ۳۹۰ کتاب الفتن)

marfat.com

ترجمہ: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتیں لڑ نہ لیں ان کے درمیان شدت کی لڑائی ہوگی۔ دعویٰ ان کا ایک ہوگا۔

حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اسی روایت کو نقل فرماتے ہوئے کہتے ہیں۔

''آنحضرتﷺ نے صفین کے واقعہ کی خبر دی ہے اور شیخان (بخاری ومسلم) نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا رسول خداﷺ نے فرمایا ''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی کہ دو بڑے گروہ لڑیں اور دونوں میں قتل عام ہو اور دونوں کا دعویٰ ایک ہو''۔

(ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۵۳۰)

اس حدیث پاک سے واضح طور پر معلوم ہو رہا ہے کہ دونوں جماعتوں میں سے کسی کے بھی پیش نظر بغض وعناد ذاتی لڑائی یا اقتدار کی خواہش نہیں تھی۔ بلکہ دونوں اسلام کی دعوت لے کر کھڑی ہوئی تھیں اور اپنی اپنی رائے کے مطابق دونوں ہی اسلام کی سربلندی اور دین کی بھلائی چاہتی تھیں۔

اور حضور مخبر صادق جناب نبی اکرمﷺ نے جیسے فرمایا ویسے ہی ہوا۔ دو گروہوں میں لڑائی بھی ہوئی۔ قتل عام بھی ہوا اور دونوں کا دعویٰ بھی ایک ہی تھا۔ مولائے کائنات جناب سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے منسوب آپ کا فرمان عالیشان سنیئے۔ آپ نے جنگ صفین کے بعد اپنے عمال کے نام بطور وضاحت لکھا۔

وَالظَّاهِرُ اَنَّ رَبَّنَا وَاحِدٌ وَنَبِيَّنَا وَاحِدٌ وَدَعْوَتَنَا فِي الْاِسْلَامِ وَاحِدَةٌ وَلَا نَسْتَزِيْدُهُمْ فِي الْاِيْمَانِ بِاللّٰهِ وَالتَّصْدِيْقِ بِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَسْتَزِيْدُوْنَنَا اَلْاَمْرُ وَاحِدٌ اِلَّا مَا اخْتَلَفْنَا فِيْهِ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ وَنَحْنُ مِنْهُ بَرَاءٌ۔

marfat.com

ترجمہ: ظاہر میں ہم سب کا پروردگار ایک تھا ہمارا نبی ایک تھا ہماری دعوت اسلام ایک تھی نہ ہم ان سے ایمان باللہ اور تصدیق بالرسول میں کسی اضافے کا مطالبہ کرتے تھے نہ وہ ہم سے کرتے تھے۔ (اس معاملہ میں) ہم سب ایک تھے اختلاف تھا تو صرف عثمان ﷺ کے خون میں اختلاف تھا حالانکہ اس خون سے ہم بالکل بری الذ مہ تھے۔

(نہج البلاغہ مع ترجمہ وتشریح حصہ دوم نمبر ۵۸ ص ۸۲۲)

اب غور کرنے کی بات یہ ہے کہ جب دونوں گروہوں کا دعویٰ ایک ہی تھا تو ضروری ہوا کہ یہ لڑائی کفر و اسلام کی وجہ سے یا کسی جانب سے ذاتی بغض وعناد کے باعث نہ ہوئی بلکہ محض غلط فہمی اور اجتہادی خطا کے باعث ہوئی حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہٗ النورانی فرماتے ہیں:

''اور لڑائیاں جھگڑے جو ان (صحابہ) کے درمیان واقع ہوئے وہ نیک مرادوں اور بلیغ حکمتوں پر محمول ہیں وہ جہالت یا خواہش نفسانی کے تحت نہیں تھے بلکہ اجتہاد اور علم کی بنا پر تھے اگرچہ بعض کے اجتہاد میں غلطی ہوگئی۔ ایسے خطا کار کیلئے بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں ثواب کا ایک درجہ ہے یہی افراط وتفریط کے درمیان راہ ہے جس کو اہلسنت و جماعت نے اختیار کیا اور یہی محفوظ اور مضبوط تر راستہ ہے''۔

(مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر ۵۹)

''ان بزرگوں کے نفوس جناب خیر البشر علیہ الصلوات والتسلیمات کی صحبت میں خواہشات اور تعصب سے پاک ہو چکے تھے اور حرص وکینہ سے بالکل صاف تھے وہ اگر صلح کرتے تھے تو حق کیلئے اور اگر جھگڑا کرتے تھے تو وہ بھی حق کیلئے ہر گروہ اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کرتا تھا اور خواہشات اور تعصب کے شائبہ سے پاک ہو کر مخالف کی مدافعت کرتا

marfat.com

تھا"۔(مکتوبات دفتر دوم حصہ ہفتم مکتوب نمبر ۶۷)

"جاننا چاہیے کہ ضروری نہیں کہ تمام امور خلافیہ میں حضرت امیر (سیدنا علی ﷺ) حق پر ہوں اور ان کا مخالف خطا پر[1]۔ اگرچہ معاملہ جنگ میں حق حضرت امیر کی طرف تھا۔ کیونکہ بسا اوقات ایسا ہوا ہے کہ زمانہ صحابہ کے اختلافی امور میں علماء تابعین اور ائمہ مجتہدین نے حضرت امیر کے غیر کا مذہب اختیار کیا ہے اور حضرت امیر کے مذہب کے مطابق فیصلہ نہیں کیا۔ اگر حق جانب امیر کیلئے متعین ومقرر ہوتا تو اس کے مذہب کے خلاف فیصلہ نہ دیتے۔ قاضی شریح نے جو تابعین میں سے ہیں اور صاحب اجتہاد ہوئے ہیں۔ مذہب امیر کے مخالف فیصلہ کیا اور حضرت امام حسن علیہ الرضوان کی گواہی ان کا بیٹا ہونے کی وجہ سے ان کے حق میں قبول نہ کی اور مجتہدین نے قاضی شریح کے قول کے مطابق عمل کیا ہے اور بیٹے کی شہادت باپ کے حق میں جائز نہیں تسلیم کی۔ اور بہت سے دوسرے مسائل میں بھی حضرت علی ﷺ کے سوا دوسروں کے اقوال اختیار کئے ہیں جو حضرت علی ﷺ کی رائے کے مخالف ہیں۔ انصاف سے تحقیق و تفتیش کرنے والے پر یہ بات پوشیدہ نہ ہوگی (اس بارے میں زیادہ کچھ

---

[1] حضرت علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں: آپ (یعنی حضرت علی ﷺ) صفین میں تھے کہ ایک زرہ گم ہوگئی جو ایک یہودی کے پاس سے ملی آپ اس معاملہ کا فیصلہ کرانے کیلئے اسے قاضی شریح کے پاس لے گئے۔ اور آپ نے زرہ کا دعویٰ دائر کیا تو یہودی نے انکار کر دیا۔ قاضی شریح نے حضرت علی سے شہادت طلب کی تو آپ اپنے غلام قنبر اور حضرت حسن کو لے آئے۔ قاضی شریح نے آپ سے (اختلاف کیا اور) کہا باپ کے حق میں بیٹے کی شہادت جائز نہیں۔ یہودی نے کہا امیر المؤمنین نے مجھے اپنے قاضی کے آگے پیش کیا۔ قاضی نے ان کے خلاف فیصلہ دیا۔ اس کے بعد وہ (اسلام کی حقانیت اور انصاف دیکھتے ہوئے) کلمہ شہادت پڑھ کر مسلمان ہو گیا اور کہا کہ وہ زرہ آپ ہی کی ہے"۔ (الصواعق المحرقہ اردو ص ۴۴۵)

marfat.com

لکھنے کی گنجائش نہیں کیونکہ) اس کی تفصیل طوالت چاہتی ہے۔ پس خلاصہ کلام یہ ہوا کہ مخالفتِ امیر میں اعتراض کی گنجائش نہیں اور آپ کے مخالف طعن وملامت کے لائق نہیں"۔ (مکتوبات دفتر دوم حصہ اوّل مکتوب نمبر ۳۶)

سند المحدثین حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"واضح رہے کہ فقہی اجتہادی مسائل مثلاً امامت، میراث پیغمبر، ہبہ قبل القبض کا تمام نہ ہونا، تقسیم خمس، حج تمتع وغیرہ میں جناب امیر (حضرت علی ﷺ) کی مخالفت ہرگز کفر نہیں، کفر کیا معصیت وگناہ بھی نہیں کیونکہ آپ بھی منجملہ مجتہدین ایک مجتہد تھے اور مسائل اجتہادیہ میں مجتہدوں کا اختلاف جائز ہے اور ہر مجتہد اجر کا مستحق ہے"۔

(تحفہ اثنا عشریہ اردو ص ۴۷۸)

بہر حال یہ خطا جو لڑائی کا باعث بنی' اہلسنت کے نزدیک اجتہادی خطا تھی، خلیفہ برحق حضرت مولیٰ علی ﷺ کا مقابلہ کرنے والوں سے ہوئی۔ سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں۔ "نَحْنُ مِنْهُ بَرَاءٌ" ہم اس سے بری ہیں (نہج البلاغہ) اور الحمد للہ اہلسنت انہیں اس سے بری ہی مانتے ہیں۔ بہر حال حضرت علی ﷺ کے مخالف لڑنے والوں کی خطائے اجتہادی نے بھی انہیں ثواب ہی کا حق دار ٹھہرایا ہے گناہ کا نہیں۔

دیگر اگر بعض صحابہ (گروہ علی المرتضیٰ) کا مقصود تو رضائے الٰہی کا حصول مانا جائے اور بعض صحابہ (گروہ امیر معاویہ) کا مقصود رضائے خداوندی کا حصول نہ مانا جائے تو اس سے قرآن کریم کی آیت "يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا" یعنی وہ (سب) اللہ کے فضل اور اس کی رضا کے طلبگار ہیں"۔ (الفتح۔۲۹) کا انکار لازم آتا ہے اور ایمان برباد ہو جاتا ہے۔ یا کسی فریق کو بغض وعناد اور نفرت وکینہ کا مرتکب قرار دیا جائے تو مذکورہ قرآنی ڈگری "رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ" یعنی آپس میں مہربان ہیں" کی مخالفت لازم آتی ہے اور ایمان پھر بھی برباد ہو جاتا ہے۔ پھر چونکہ ایسے عقیدے سے

marfat.com

دونوں گروہوں کے دعوے کے ایک ہونے کا بھی انکار ہوتا تو اس انکار سے حدیث رسول خدا ﷺ اور فرمان علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی مخالفت بھی لازم آتی ہے اور اس سے بھی ایمان سلامت نہیں رہتا۔ ایسے لوگوں کیلئے بھی جہنم میں پھینک دیئے جانے کی وعید موجود ہے۔ قرآن کریم میں فرمایا:

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا (النساء۔۱۱۵)

ترجمہ: اور جو رسول کا خلاف کرے بعد اس کے کہ حق راستہ اس پر کھل چکا اور مسلمانوں کی راہ سے جدا راہ چلے ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں گے۔ اسے دوزخ میں داخل کریں گے اور کیا ہی بری جگہ پلٹنے کی۔

(کنزالایمان)

جناب من! اب ذرا غور کریں کہ آپ کس مقام پر کھڑے ہیں اور آپ کا زاویۂ نگاہ کیا ہے۔ قرآن و حدیث کی مخالفت میں آپ کتنے دلیر ہو چکے ہیں۔ اہلسنت کا عقیدہ قرآن و حدیث کے مطابق ہے یا آپ کا؟

کون ہے تارک آئینِ رسول ﷺ مختار؟ مصلحت وقت کی ہے کس کے عمل کا معیار؟
کس کی آنکھوں میں سمایا ہے شعار اغیار؟ ہوگئی کس کی نگہ طرز سلف سے بیزار؟

قلب میں سوز نہیں، روح میں احساس نہیں
کچھ بھی پیغام محمد ﷺ کا تمہیں پاس نہیں

ہماری تو یہی گزارش ہے کہ دونوں گروہوں کو ذاتی بغض وعناد سے پاک ایک دوسرے پر مہربان اور رب کی رضا چاہنے والا مان لیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے جو "رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ" اور "يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا" فرمایا ہے۔ تو بغیر کسی استثناء کے سب صحابہ کیلئے فرمایا ہے۔ کسی ایک کیلئے نہیں اور حضور نبی اکرم ﷺ نے بھی

marfat.com

دونوں گروہوں کے دعوئ کو ایک ہی قرار دیا ہے۔اور جناب علی المرتضی رضی اللہ عنہم نے بھی محض قتلِ عثمان ﷺ کے قصاص کے مسئلہ کو جنگ کی وجہ بتایا ہے اور اسی پر تمام اُمت نے صاد کیا ہے گویا یہی اسلام ہے اور یہی ایمان ہے لہٰذا اسے قبول کر لینا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ اسلام وحدت امت چاہتا ہے تفرقہ بازی ہرگز نہیں چاہتا۔

آ غیریت کے پردے اک بار پھر اٹھادیں
بچھڑوں کو پھر ملا دیں، نقش دوئی مٹا دیں

اور ذاتی بغض وعناد کے بغیر صرف غلط فہمی سے اختلاف اور جھگڑا ہو جانا ناممکن نہیں اور خلاف واقعہ بھی نہیں۔ مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

"بہت دفعہ جناب علی مرتضیٰ اور سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہما میں خانگی معاملات میں شکر رنجی ہو جاتی تھی۔ شہادت عثمان کے دن حضرت علی ﷺ نے امام حسین ﷺ کے رخ شریف پر طمانچہ مارا کہ تم نے حفاظت میں سستی کیوں کی۔ ایک بار حضرت عباس ﷺ اور حضرت علی ﷺ میں سخت رنجش ہو گئی جو حضرت عمر ﷺ نے دور کی۔ (مسلم شریف[1]) حضرت عباس نے حضرت علی رضی اللہ عنہما کیلئے بہت سخت الفاظ استعمال کئے"۔

(امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۶۵)

مولانا مودودی ایک مقام پر فرماتے ہیں:

"یہ مقدس انسان (صحابہ کرام) جب آپس میں لڑ بھی جاتے تھے تو ان کی اس لڑائی میں بھی "رحماء بینھم" ہونے کی ایک انوکھی شان پائی جاتی تھی۔ بے شک وہ جنگ جمل وصفین میں ایک دوسرے کے خلاف نبرد آزما ہوئے ہیں۔ مگر کیا دنیا کی کسی خانہ جنگی میں آپ فریقین کو ایک

---

[1] صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب حکم الفئ۔ اس حدیث کو ہم "فیصلہ قرآن وحدیث سے کیوں تاریخ سے کیوں نہیں؟" کے عنوان کے تحت نقل کر چکے ہیں۔

marfat.com

دوسرے کے ساتھ لڑتے ہوئے بھی ایک دوسرے کا وہ احترام ملحوظ رکھتے دیکھتے ہیں جوان بزرگوں کی لڑائی میں نظر آتا ہے وہ نیک نیتی کے ساتھ اپنے آپ کو حق بجانب سمجھتے ہوئے لڑے تھے۔ نفسانی عداوتوں اور اغراض کی خاطر نہیں لڑے تھے''۔ (رسائل و مسائل حصہ سوم ص ۱۷۱)

دیگر غلط فہمی سے لڑائی ہو جانا دونوں گروہوں میں سے کسی کے اسلام کے خلاف بھی نہیں کہ ایک کو مسلمان اور دوسرے کو کافر کہا جائے۔ یا ایک کو حق پر اور دوسرے کو باطل پر کہا جائے یا ایک کو ثواب کا حق دار اور دوسرے کو گنہگار ٹھہرایا جائے۔ کیونکہ یہ دونوں گروہ ہی اسلام پر تھے اور دونوں ہی ثواب پانے والے تھے۔ حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''غزوہ صفین میں ایک شخص کو حضرت معاویہ ﷛ کی فوجوں سے قید کر کے لایا گیا حاضرین میں سے ایک شخص کو اس پر ترس آ گیا وہ کہنے لگا: خدا کی قسم! میں اسے جانتا ہوں کہ یہ مسلمان تھا اور بڑا صالح مسلمان تھا۔ افسوس کہ اس کا خاتمہ اس حالت پر ہو رہا ہے حضرت علی ﷛ نے فرمایا کیا کہتے ہو؟ وہ تو اب بھی مسلمان ہی ہے''۔

(تکمیل الایمان اردو ص ۱۷۷)

نیز منقول ہے کہ:

''ایک روز سیدنا علی ﷛ جنگ کے دوران باہر نکلے آپ کے ساتھ صحابی رسول سیدنا عدی بن حاتم ﷛ تھے۔ انہوں نے بنی طے کے ایک مقتول کو پڑا ہوا پایا۔ سیدنا عدی ﷛ کے منہ سے نکلا''۔ افسوس! مسلمان تھا اور آج کافر ہو کر مرا پڑا ہے''۔ حضرت علی ﷛ نے جب ان کے منہ سے یہ سنا تو فرمایا:

''كَانَ اَمْسِ مُؤْمِناً وَّالْيَوْمَ هُوَ مُؤْمِنٌ۔ یعنی یہ کل بھی مومن تھا اور آج

marfat.com

بھی مومن ہے"۔ اور حضرت علی ﷺ کے ساتھیوں نے ان سے پوچھا کہ معاویہ ﷺ کے جو ساتھی جنگ صفین میں مارے گئے ہیں ان کا شرعی حکم کیا ہے؟ کیا وہ مومن تھے یا کافر؟ آپ نے بلا جھجک فرمایا: هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ یعنی وہ سب مومن ہیں"۔

(ابن عساکر" تہذیب تاریخ دمشق الکبیر" ج اص ۷۴)

بلکہ جناب رسول اللہ ﷺ نے خود بھی دونوں کے دعویٰ کو ایک کہا (ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۵۴۰) اور امام حسن ﷺ کے صلح کروانے والی روایت میں دونوں گروہوں کو فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ (بخاری، مشکوٰۃ) کے الفاظ سے مسلمان قرار دیا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے بھی دونوں گروہوں کو مسلمان ہی فرمایا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ملاحظہ ہو:

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا۔

(الحجرات۔ ۹)

ترجمہ: اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو ان میں صلح کراؤ۔

اور ظاہر ہے اسلام کے دعویٰ کے ساتھ جو بھی لڑے گا ثواب ہی کا حقدار ہوگا گناہ کا نہیں۔ پس دونوں گروہوں کو، جو مسلمان ہی تھے، ثواب ہی ہوا۔ گنہگار کوئی بھی نہ ہوا۔ محقق العصر علامہ حافظ شفقات احمد نقشبندی نے اس پر قرآن کریم سے ایک شاندار دلیل پیش کی ہے۔ ملاحظہ ہو، فرماتے ہیں:

"اگر کسی کے دل میں یہ وسوسہ پیدا ہو کہ صحابہ کرام کے درمیان اختلافات بھی پیدا ہوئے بلکہ جنگیں تک بھی ہوئیں۔ پھر ان میں سے حق پر کون تھا اور مقابل کے متعلق کیا شرعی حکم ہوگا تو گزارش ہے کہ صحابہ کرام کے درمیان جو بھی اختلافات پیدا ہوئے وہ اصول دین کے متعلق نہیں تھے۔ اور نہ ہی ان کی جنگیں اسلام اور کفر کی جنگیں تھیں بلکہ ان کے

marfat.com

اختلافات اجتہادی غلطیوں یا بعض غلط فہمیوں پر مبنی تھے جس کا ایمان اور اسلام پر کچھ اثر نہیں پڑتا جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بڑے بھائی اللہ کے پیغمبر ہارون علیہ السلام سے غلط فہمی کی بنا پر جھگڑا کیا۔ تورات کی تختیاں زمین پر پھینک دیں اور ایک ہاتھ سے حضرت ہارون علیہ السلام کے سر کے بال پکڑ لئے اور دوسرے ہاتھ سے آپ کی داڑھی پکڑلی اور کھینچی تو حضرت ہارون علیہ السلام نے فرمایا: "یَبْنَؤُمَّ لَا تَاْخُذْ بِلِحْيَتِيْ وَلَا بِرَاْسِيْ"۔ (طٰہٰ۔۹۴،اعراف۔۱۵۰) اے میرے ماں جائے میری داڑھی اور میرے سر کے بال نہ کھینچ۔ لیکن اس مقام پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ذمہ کوئی گناہ نہیں کیونکہ آپ اس غلط فہمی میں حضرت ہارون علیہ السلام سے دست و گریباں ہوئے تھے کہ شاید حضرت ہارون نے قوم کو بچھڑے کی پوجا کرنے سے منع نہیں فرمایا تھا حالانکہ حضرت ہارون علیہ السلام اس سے بریٔ الذمہ تھے۔ اسی طرح اگر کسی صحابی کو کسی صحابی کے بارے میں کوئی غلط فہمی پیدا ہوئی اور وہ ان سے جھگڑا لیکن درحقیقت وہ صحابی اس الزام سے بریٔ الذمہ تھے تو دونوں گروہ خدا کی بارگاہ میں گنہگار نہیں ہوں گے"۔ (مناقب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۲۹)

قابلِ غور یہ بات ہے کہ جب معصوم (نبی) سے ایسی بات ہوجانا اس کی عصمت کے خلاف نہیں تو غیر معصوم (صحابی) سے غلط فہمی میں اگر ایسی بات ہوجائے تو کیا مضائقہ ہے اور جب اس ہاتھا پائی پر اللہ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے مواخذہ نہیں فرمایا تو کیا غلط فہمی اور اجتہادی خطأ کے باعث سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے جنگ کرنے پر مواخذہ متروک نہیں ہوسکتا۔

اور تحکیم یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا صلح کیلئے ثالثی اختیار کرنے سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ جنگ کفر و اسلام اور حق و باطل یا بغض و عناد کے باعث

marfat.com

نہیں ہوئی تھی بلکہ اختلاف رائے اور غلط فہمی کا نتیجہ تھی۔ پھر جب خارجیوں نے یہ کہہ کر کہ خدا کے دین میں تحکیم درست نہیں، خروج کیا تو حضرت علی ؓ نے تحکیم کے جواز اور اثبات پر قرآن کریم سے استدلال کرتے ہوئے فرمایا:

"اللہ تعالیٰ ایک مرد وعورت کے معاملہ میں کہتا ہے کہ: "وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا۔ (النساء۔۳۵) اور اگر ان دونوں کے درمیان اختلاف کا خوف ہو تو ایک حکم شوہر کے اہل سے اور ایک عورت کے اہل سے بھیجو۔ اگر وہ دونوں صلح کرانے کا ارادہ کریں گے تو خدا ان دونوں کو توفیق دے گا"۔ پس امت محمد ﷺ ایک عورت و مرد کے خون و حرمت سے بہت بڑی ہے تم مجھ سے اس بات کو ناپسند کرتے ہو کہ میں نے معاویہ سے صلح کر لی"۔ (ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۵۴۱۔۵۴۲)

باب مدینۃ العلم سیدنا علی المرتضیٰ ؓ کی پیش کردہ اس آیت مبارکہ کے مطابق صرف ان دو مرد و عورت (شوہر اور بیوی) میں صلح کرانے کیلئے حکم مقرر کئے جائیں گے جن میں مسلمان ہوتے ہوئے غلط فہمی کے باعث اختلاف ہوگا۔ اگر خدانخواستہ مرد وعورت میں کفر واسلام کا مسئلہ پیدا ہوا یعنی دونوں میں سے کوئی ایک معاذ اللہ مرتد ہو گیا تو ان میں نہ صلح درست ہوگی اور نہ صلح کیلئے حکم مقرر کرنا درست ہوگا۔ بلکہ ان میں تفریق ہو جائے گی۔ گویا تحکیم کے فیصلہ نے مرد وعورت دونوں کو مسلمان مان لیا تو جب مولائے کائنات حضرت علی ؓ نے امیر معاویہ ؓ سے صلح اور اس کیلئے حکم مقرر کرنے کے جواز و اثبات کیلئے مذکورہ آیت سے استدلال کیا ہے تو ضروری ہوا کہ یہاں بھی دونوں ہی فریقوں کا اسلام اور ایمان درست ہو اور یہاں بھی نزاع اور اختلاف کا سبب صرف غلط فہمی اور اجتہادی خطا ہی ہو۔ پس غلط فہمی اگرچہ تھی لیکن دونوں گروہ مسلمان ہی تھے یاد رہے کہ حضرت علی المرتضیٰ اور امیر معاویہ (رضی اللہ

marfat.com

عنہما) نے صلح کیلئے ابو موسیٰ اشعری اور عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہما کو اپنا پنچ مقرر فرمایا۔ (تفسیر نور العرفان زیر آیت النساء ۳۵) اور پھر صلح بھی ہوگئی اور اللہ کے حکم کے مطابق ہی ہوئی۔ فرمایا: "وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَیْنَهُمَا" (الحجرات۔۹) اور جب خلیفۂ راشد سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے صلح فرمائی تو اے مولا علی کی محبت اور غلامی کا دعویٰ کرنے والو! کیا وجہ ہے کہ تم حضرت امیر معاویہ سے کی گئی اس صلح پر راضی نہیں ہوتے؟ یہ بھی کوئی محبت ہے؟ یہ محبت نہیں بلکہ مخالفت ہے۔ اگر کوئی حضرت علی ﷛ کی صلح میں صریح مخالفت کو بھی ان کی محبت اور غلامی سمجھتا ہے تو پھر یہ فلسفۂ محبت ہماری سمجھ سے بالا ہے۔

؎ انوکھی وضع ہے سارے زمانے سے نرالے ہیں
یہ عاشق کون سی بستی کے یارب رہنے والے ہیں

ذرا سوچئے! جب حضرت علی المرتضیٰ ﷛ کے نزدیک امیر معاویہ ﷛ بھی اسلام ہی کی دعوت دینے والے ہیں اور غلط فہمی کے باعث حضرت عثمان ﷛ کے قتل کے قصاص پر اختلاف کے علاوہ کوئی سبب اختلاف ونزاع بھی نہیں تو پھر آپ لوگوں کے سینے کیوں نہیں صاف ہوتے؟ اور حضرت امیر معاویہ ﷛ کیلئے باطل باطل اور غلط غلط ہونے کی کیوں رَٹ لگا رکھی ہے؟

سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے لڑنے والے حضرت امیر معاویہ ﷛ اکیلے تو نہیں۔ ان سے بلند مرتبہ اور عشرہ مبشرہ میں شامل کئی دیگر بزرگ بھی حضرت علی المرتضیٰ ﷛ سے لڑ چکے تھے۔ تو کیا کوئی ان سب کو بھی باطل پر ہونے کا طعن کر سکتا ہے؟ سنیئے حضرت امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی تخصیص ایک صریح ناانصافی ہے کیونکہ وہ اس بات میں اکیلے نہیں بلکہ بہت بڑے بڑے صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم اس میں ان کے موافق ہیں جیسا کہ سیر وسوانح سے

marfat.com

معلوم ہوتا ہے، حضرت معاویہ ؓ سے پہلے حضرت علی ؓ سے وہ لوگ لڑ چکے تھے جو حضرت معاویہ ؓ سے زیادہ بلند مرتبہ تھے مثلاً ام المومنین عائشہ صدیقہ اور زبیر اور ان کے ساتھ والے صحابہ رضی اللہ عنہم یہ سب لوگ واقعہ جمل میں حضرت علی ؓ سے لڑے یہاں تک کہ حضرت طلحہ ؓ شہید ہو گئے اور حضرت زبیر ؓ واپس جا رہے تھے کہ اثنائے راہ میں قتل کر دیئے گئے۔

اور تاویل ان لوگوں کی یہ تھی کہ حضرت علی ؓ نے وارثان حضرت عثمان کو قاتلانِ عثمان کے قتل کرنے سے روک دیا تھا۔ یہی تاویل حضرت معاویہ ؓ کی بھی تھی"۔ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۸۱)

تو کیا آپ کے ہاں کوئی اصول کی بات نہیں؟ اگر آپ حضرت امیر معاویہ ؓ سے محض اس لئے ناراض ہیں کہ انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے جنگ کی تو پھر اسی وجہ سے باقی حضرات سے کیوں ناراض نہیں اور اگر دیگر بزرگوں سے حضرت مولا علی ؓ کے ساتھ لڑائی لڑنے کے باوجود آپ راضی ہیں تو پھر حضرت امیر معاویہ ؓ سے کیوں راضی نہیں؟ حالانکہ حضرت امیر معاویہ ؓ سے حضرت علی ؓ نے صلح بھی فرمالی۔ وحدت امت کے دشمن خارجیوں کو حضرت مولا علی ؓ کی یہ صلح اور تحکیم پسند نہ آئی اس لئے انہوں نے خروج کیا تو کیا آپ کو بھی ان کی طرح یہ صلح پسند نہیں آئی۔ فتنہ پرداز خارجیوں نے حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ کے فیصلہ سے اختلاف کیا اور صلح کیلئے تحکیم کو شرک اور خلاف اسلام قرار دیتے ہوئے خروج کیا اور امت سے الگ ہو گئے تو کیا آپ بھی ان خارجیوں کی پیروی میں سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اختلاف ہی کریں گے اور اپنا تشخص الگ قائم رکھیں گے؟ ارے جناب! اس طرح تو آپ بھی خارجیوں کی صف میں کھڑے ہو جائیں گے۔ لہٰذا مناسب یہی ہے کہ خارجیوں کی پیروی کی بجائے حضرت مولا علی ؓ کی پیروی کریں

marfat.com

بلکہ سیدنا امام حسن ﷺ کی بھی پیروی کریں جنہوں نے خلیفہ ہونے کے تقریباً چھ ماہ بعد حضرت امیر معاویہ ﷺ سے مصالحت کرلی اور خلافت ان کے سپرد کر کے ان کے ہاتھ پر بیعت کرلی۔

حضرت مولاعلی ﷺ بھی خلیفۂ راشد ہیں اور حضرت امام حسن ﷺ بھی خلفائے راشدین میں شمار ہوتے ہیں جبکہ حدیث پاک کے مطابق مسلمانوں پر خلفائے راشدین کی سنت کی پیروی واجب ولازم ہے۔ سنئے جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ۔

(مشکوٰۃ باب الاعتصام بروایت احمد، ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ)

ترجمہ: تم میری اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت کو مضبوط پکڑو۔

پس جو مسلمان ہے اس پر حضرت مولاعلی کرم اللہ وجہہ اور سیدنا امام حسن ﷺ کی پیروی لازم ہے۔ کوئی نام نہاد "مفکر اسلام" ہو، کسی "جماعت کا امیر" ہو یا "سنیوں کا کوئی عالم اور پیر" اسے سیدنا حضرت علی المرتضیٰ اور سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہما کی پیروی سے چارہ نہیں۔ جب انہوں نے حضرت امیر معاویہ ﷺ سے صلح فرمالی تو پھر سب کو اسے قبول کرلینا چاہیے اور حضرت امیر معاویہ ﷺ سے صلح کرلینی چاہیے۔ خارجیت سے بچنے اور اہلسنّت کی متابعت پر کاربند ہونے کیلئے یہ ازحد ضروری ہے۔

اندھیری شب ہے، جدا اپنے قافلے سے ہے تو
تیرے لئے ہے میرا شعلۂ نوا قندیل

اعتراض ۲

آپ کہتے ہیں دونوں گروہ اسلام پر تھے اور دونوں ہی ثواب پانے والے تھے تو کیا مسلمان کو کوئی غلط کام کرنے پر گناہ نہیں ہوتا؟ حضرت امیر معاویہ نے خلیفۂ برحق سے جنگ کی اور ہزاروں لوگ قتل ہوئے۔ کیا انہیں پھر بھی کوئی گناہ نہیں ہوا اور جو مقتولین تھے ان کا کیا حکم ہے؟

marfat.com

جواب

حدیثِ رسول مقبول ﷺ اور فرمان علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے مطابق دونوں کا دعویٰ ایک تھا۔ دونوں اسلام ہی کی دعوت دینے والے تھے اور قرآن کریم اور حدیث پاک نے دونوں گروہوں کو مسلمان ہی فرمایا۔ لہذا ہم نے جو یہ کہا کہ دونوں گروہ اسلام پر تھے تو قرآن وحدیث کے مطابق کہا اور یہ کہ دونوں ہی ثواب پانے والے تھے تو یہ اس لئے کہ جب قرآن وحدیث کے نزدیک کسی کام میں کسی مسلمان کا دعویٰ اسلام اور اسلام کی سربلندی ہو تو پھر اسے ثواب ہی ہوتا ہے گناہ نہیں۔ لہذا گناہ تو جب ہوتا کہ ان میں سے کسی کا دعویٰ اسلام کے خلاف ہوتا اور وہ نفسانی خواہش سے لڑتا۔ چونکہ دونوں کا دعویٰ اسلام اور اسلام کی سربلندی تھا لہذا دونوں ہی ثواب پانے والے تھے۔

یہ درست ہے کہ ہر مسلمان دین کا عالم نہیں ہوتا۔ لیکن یہ درست نہیں کہ کوئی مسلمان بھی دین کا عالم اور مجتہد نہ ہو جو مسلمانوں کی راہنمائی کرسکے اور حق یہ ہے کہ مسلمانوں میں اہل علم فقہاء و مجتہدین بھی ہوئے اور غیر عالم وغیر مجتہدین بھی۔ جو عالم نہیں قرآن کریم نے انہیں مجتہدین علماء سے راہنمائی لینے اور ان کی اتباع کرنے کا حکم دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

۱) فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔ (النحل۔ ۴۳)

ترجمہ: تو اے لوگو علم والوں سے پوچھو اگر تمہیں علم نہیں۔ (کنزالایمان)

۲) وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ۔ (لقمٰن۔ ۱۵)

ترجمہ: اور اس کی راہ چل جو میری طرف رجوع لایا۔ (کنزالایمان)

پس غیر مجتہدین ایسے مسائل جنہیں وہ خود نہیں جانتے اور بغیر اجتہاد کے مستنبط نہیں ہوتے مسلمان انہیں سمجھ نہیں سکتے تو مجتہدین اپنے اجتہاد سے وہ مسائل معلوم کرتے ہیں اور ان میں غیر مجتہدین کی راہنمائی فرماتے ہیں یعنی احکام شریعت کے

marfat.com

استنباط کیلئے اجتہاد ضروری ہے۔ جبکہ اجتہاد میں خطا کا امکان بھی ہوتا ہے۔ یعنی یہ ضروری نہیں کہ مجتہد حق اور صحیح تک ضرور ہی پہنچ جائے۔ لہٰذا ایسا ہوسکتا تھا کہ خطا کی صورت میں گناہ ہونے کے خوف سے کوئی اجتہاد ہی نہ کرتا اور لوگ راہنمائی سے محروم رہتے۔ تو جناب رسول اللہ ﷺ نے ایسی رکاوٹوں کا ازالہ فرمایا اور اپنی امت کی راہنمائی کیلئے مجتہدین کو اجتہاد کی ترغیب دیتے ہوئے ثواب کی خوشخبری سنائی اور فرمایا اگر اجتہاد کرنے سے فیصلہ صحیح ہوا تو دوگنا ثواب اور ایک روایت کے مطابق دس گنا[1] ثواب ہوگا اور اگر خطا واقع ہوگئی تو ایک درجہ ثواب پھر بھی ملے گا اور یہ ثواب اس کی پُر خلوص محنت وکوشش، خدمت استنباط اور استخراج مسائل پر ملتا ہے۔ جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَصَابَ فَلَهٗ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَخْطَأَ فَلَهٗ اَجْرٌ"۔

(مسلم ج ۲ ص ۷۶ باب بیان اجر الحاکم، بخاری ج ۲ ص ۱۰۹۲ کتاب الاعتصام باب اجر الحاکم، مشکوٰۃ کتاب الامارۃ)

ترجمہ: جب حاکم فیصلہ کرے تو اجتہاد کرے پھر صحیح کرے تو اس کو دو ثواب ہیں اور جب فیصلہ کرے تو اجتہاد کرے اور خطا کرے تو اس کیلئے ایک ثواب ہے۔

گویا مجتہد (حاکم) جب کسی معاملہ میں فیصلہ کرے گا تو خود اپنے اجتہاد سے کرے گا کسی دوسرے کی پیروی نہیں کرے گا جیسا کہ حضرات ائمہ اربعہ (حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، حضرت امام شافعی، حضرت امام مالک، حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم) نے اجتہاد فرمایا۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

---

[1] علامہ ابن حجر کی نقل فرماتے ہیں: جب مجتہد اجتہاد کرے تو اسے دس اجر ملتے ہیں۔ (صواعق محرقہ اردو ص ۷۱۹)

marfat.com

''جو شخص درجہ اجتہاد پر فائز ہو، اجتہادی امور میں اس کیلئے دوسرے کی رائے اور اجتہاد کی تقلید کرنا خطا اور ناروا ہے''۔

(مکتوبات دفتر دوم مکتوب نمبر ۳۶)

اور مذکورہ بالا حدیث پاک سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اجتہاد میں خطا ہو جانے کی صورت میں بھی مجتہد کو ثواب ہی ہوگا۔ گناہ ہرگز نہیں ہوگا۔ اور قرآن کریم نے جو فرمایا:

وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ۔ (لقمن۔۱۵)

ترجمہ: اور اس کی راہ چل جو میری طرف رجوع لایا۔

اس کے مطابق مجتہدین کی پیروی کرنے والوں کو بھی ثواب ہی حاصل ہوگا۔ جیسا کہ احناف وشوافع وغیرہ ثواب پا رہے ہیں۔ حدیث وفقہ کے امام سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ ''موطا کتاب العقول'' میں ایک روایت یوں درج فرماتے ہیں: (ترجمہ)

''یحییٰ بن سعید نے سعید بن مسیب کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے داڑھوں (کی دیت) میں ایک ایک اونٹ کا فیصلہ کیا اور حضرت معاویہ بن ابو سفیان نے داڑھوں میں پانچ پانچ اونٹوں کا فیصلہ کیا۔

سعید بن مسیب نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے فیصلہ میں دیت گھٹ گئی اور معاویہ رضی اللہ عنہ کے فیصلہ میں بڑھ گئی۔ اگر میں ہوتا تو داڑھوں میں دو دو اونٹ دلاتا کہ دیت برابر ہو جاتی اور اجر ہر مجتہد کو ملتا ہے''۔

(موطا امام مالک کتاب العقول مترجم)

اس روایت سے ایک بات تو یہ معلوم ہوئی کہ ثواب ہر مجتہد کو ملتا ہے۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرح حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ بھی مجتہد تھے اور انہوں نے داڑھوں کی دیت کے بارے میں جو فیصلہ کیا اس پر اجر کے مستحق بھی ہیں۔ اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کس درجہ کے عالم، فقیہہ اور مجتہد ہوئے وہ ایک تو اس بات

marfat.com

سے ظاہر ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ان کیلئے کتاب اللہ کا عالم اور ہادی و مہدی بنائے جانے کی دعائیں کی ہیں جیسا کہ ہم گزشتہ صفحات میں نقل کر آئے ہیں اور دوسرے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایسی عظیم وجلیل ہستی نے ان کے فقیہ ہونے کی گواہی دی ہے۔امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں۔(ترجمہ)

''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے سیدنا معاویہ ﷺ کی تعریف کی اور ابن عباس سرواران اہلبیت اور جناب علی المرتضیٰ (ﷺ) کے تابعین میں سے ہیں۔صحیح بخاری میں عکرمہ کہتے ہیں کہ''میں نے ابن عباس سے پوچھا کہ امیر معاویہ وتر کی ایک رکعت پڑھتے ہیں فرمانے لگے وہ بے شک فقیہہ ہیں۔ایک روایت میں ہے کہ انہوں نے حضور ﷺ کی صحبت پائی ہے''۔امیر معاویہ کے مناقب میں سے یہ بہت بڑی منقبت ہے اولاً اس طرح کہ فقیہہ مطلقاً اعلیٰ مراتب کا حامل ہوتا ہے یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ابن عباس کیلئے دعا فرماتے ہوئے کہا:''اے اللہ! اسے دین کی فقہ اور تاویل کا علم عطا فرما''اور حضور ﷺ کا ارشاد صحیح حدیث میں یوں ہے:''اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے'اسے دین کی فقہ اور تاویل کا علم عطا فرمادیتا ہے''۔ثانیاً اس عظیم وصف کا حضرت امیر معاویہ ﷺ کیلئے اطلاق اس شخصیت نے کیا ہے جو حبر الامۃ،ترجمان القرآن،رسول اللہ ﷺ کے چچازاد بھائی،علی المرتضیٰ کے چچازاد بھائی اور جناب علی المرتضیٰ کی زندگی اور وفات کے بعد ان کے معاون ہیں یعنی سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور یہ بات صحیح بخاری میں بھی موجود ثابت ہے جو قرآن کریم کے بعد صحیح ترین کتاب ہے۔یعنی حضرت امیر معاویہ ﷺ کے بارے میں فقیہہ کا لفظ جو عظیم وصف ہے'موجود ہے اور اس کے قائل ابن عباس بھی فقیہہ ہیں اور اس بات پر تمام اصول وفروع کے علماء

marfat.com

متفق ہیں کہ فقیہہ حضرات صحابہ کرام اور سلف صالحین اور ان کے بعد والے حضرات کے نزدیک ایسے شخص کو کہتے ہیں جو مجتہد مطلق ہوتا ہے"۔
(دشمنانِ امیر معاویہ ﷺ کا علمی محاسبہ ص ۱۰۹۔۱۱۰، بحوالہ تطہیر الجنان ص ۲۰۔۲۱، سیدنا امیر معاویہ اُردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۴۷۔۴۸)

"حضرت علی المرتضیٰ ﷺ نے ان کی تعریف کی فرمایا کہ میرے لشکر کے مقتول اور معاویہ کے لشکر کے مقتول دونوں جنتی ہیں اس کو "طبرانی" نے بسند صحیح روایت کیا ہے اس کے سب راوی ثقہ ہیں صرف بعض میں اختلاف ہے۔ یہ قول حضرت علی ﷺ کا ایسا صریح ہے کہ اس میں کسی قسم کی تاویل نہیں ہوسکتی۔ معلوم ہوا کہ حضرت معاویہ ﷺ مجتہد تھے اور تمام شرائط اجتہاد ان میں جمع تھیں۔ اور بالاتفاق ایک مجتہد کو دوسرے مجتہد کی تقلید جائز نہیں ہوتی۔ گو اس کے مخالف مجتہد کا اجتہاد بہت واضح ہو کیونکہ وہ بھی جو کچھ کہتا ہے دلیل ہی سے کہتا ہے۔ ہاں اگر دو مجتہدوں کا قول موافق ہو جائے تو اس کو موافقت کہیں گے تقلید نہ کہیں گے۔

حضرت علی ﷺ کا یہ قول ایسا صریح ہے کہ کسی طرح اس کی تاویل نہیں ہوسکتی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت معاویہ ﷺ بوجہ اپنے اجتہاد کے گو اس اجتہاد میں ان سے خطا ہوئی جیسا کہ اور مجتہدین سے ہوتی ہے' موافق حدیث کے مستحق ثواب ہیں۔ وہ بھی اور ان کے مقلدین بھی اور ان کے موافق بھی کیونکہ بہت سے صحابہ رضی اللہ عنہم اور بہت سے فقہائے تابعین ان کے دعویٰ کی حقیت میں حتیٰ کہ حضرت علی ﷺ سے لڑنے میں بھی ان کے موافق تھے۔ پس ان کا یہ فعل کچھ اس وجہ سے نہ تھا کہ وہ حضرت علی ﷺ سے حسد رکھتے تھے یا ان پر کچھ طعن کرتے تھے بلکہ یہ ان کا اجتہاد تھا جو کسی دلیل سے ان کو حاصل ہوا تھا۔ کیونکہ مجتہد

marfat.com

تو دلیل کا پابند ہوتا ہے اس کو اپنی دلیل کی مخالفت جائز نہیں ہوتی اسی وجہ سے حضرت معاویہ ؓ اور ان کے پیرو مستحق ثواب ہیں گو حق حضرت علی ؓ کی طرف تھا''۔ (سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۵، ۳۶)

''اس سے حضرت معاویہ ؓ پر اعتراض نہیں ہو سکتا ہاں اگر وہ یہ کام بغیر کسی تاویل محتمل کے کرتے تو البتہ ایسا ہوتا اور یہ کئی مرتبہ ثابت ہو چکا ہے کہ انہوں نے ایک تاویل محتمل کی بنا پر یہ کام کیا تھا۔ خود حضرت علی ؓ کے کلام سے یہ بات معلوم ہوتی ہے اور یہ بھی ثابت ہو چکا ہے کہ وہ مجتہد تھے۔ غایت یہ ہے کہ وہ مجتہد مخطی تھے بہر حال وہ مستحق ثواب ہیں نہ کہ گنہگار۔

اس کے علاوہ حضرت معاویہ کی تخصیص ایک صریح ناانصافی ہے کیونکہ وہ اس بات میں اکیلے نہیں بلکہ بڑے بڑے صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم اس میں ان کے موافق ہیں جیسا کہ سیر و سوانح سے معلوم ہوتا ہے۔ حضرت معاویہ ؓ سے پہلے حضرت علی المرتضیٰ ؓ سے وہ لوگ لڑ چکے تھے جو حضرت معاویہ سے زیادہ بلند مرتبہ تھے۔ مثلاً ام المومنین عائشہ اور زبیر اور ان کے ساتھ والے صحابی رضی اللہ عنہم یہ سب لوگ واقعہ جمل میں حضرت علی ؓ سے لڑے یہاں تک کہ حضرت طلحہ ؓ شہید ہو گئے اور حضرت زبیر ؓ واپس جا رہے تھے کہ اثنائے راہ میں قتل کر دیئے گئے۔

اور تاویل ان لوگوں کی یہ تھی کہ حضرت علی نے وارثان حضرت عثمان ؓ کو قاتلان حضرت عثمان کے قتل کرنے سے روک دیا تھا۔ یہی تاویل حضرت معاویہ ؓ کی بھی تھی۔ پس جیسا کہ ان جلیل القدر صحابہ نے بوجہ اس تاویل کے حضرت علی ؓ سے لڑنا جائز سمجھ لیا تھا۔ اس طرح

marfat.com

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کے اصحاب نے بھی ان کا قتل جائز سمجھ لیا تھا اور باوجودیکہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لڑنا جائز سمجھتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف سے عذر خواہی کی بوجہ اس کے کہ ان کی تاویل قطعی البطلان نہ تھی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ ہمارے بھائیوں نے ہم سے بغاوت کی۔ اس کو ابن الجاشیہ نے اپنی سند سے روایت کیا ہے۔ اس روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ:

''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے جنگ جمل میں پوچھا گیا کہ اہل جمل جو آپ سے لڑے کیا مشرک ہیں؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: شرک سے تو وہ بھاگتے ہیں۔ پوچھا گیا پھر کیا منافق ہیں؟ فرمایا کہ منافق اللہ کی بات بہت کم کرتے ہیں۔ پوچھا گیا پھر وہ کیا ہیں؟ فرمایا کہ وہ ہمارے بھائی ہیں انہوں نے ہم سے بغاوت کی ہے''۔

نوٹ: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو اپنا بھائی کہا۔ اس سے معلوم ہوا کہ ان کا اسلام بلکہ کمال اسلام باقی ہے اور وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لڑنے میں معذور تھے.....

پس اے صاحب توفیق! رسول اللہ ﷺ کے احکام کو جو باغیوں کے متعلق ہیں اور خود حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حکم کو باغیوں کی بابت غور کر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جو کچھ بیان کیا اس پر غور کر، تجھے معلوم ہو جائے گا کہ یہ بات بالکل صریح ہے اس میں کسی قسم کی تاویل نہیں ہوسکتی کہ خوارج کے علاوہ جس قدر لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لڑے وہ سب مسلمان اور وہ اپنے مرتبہ کمال پر باقی تھے اور جس اجتہاد نے ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لڑنے پر راغب کیا اس میں وہ معذور تھے۔ اور وہ لوگ اس اجتہاد میں خطا پر تھے اور اگر اس لڑائی کی وجہ سے ان پر کسی قسم کا

marfat.com

گناہ یا ان کے رتبہ میں کسی قسم کا نقص عائد ہوتا تو حضرت علی ؓ لڑائی ختم ہونے کے بعد ضرور ان پر عتاب کرتے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہوا بلکہ لڑائی کے بعد حضرت علی ؓ نے کسی لڑنے والے سے کچھ تعرض نہیں کیا بلکہ ان سے نہایت حلم اور احسان اور صلح و منت کے ساتھ پیش آئے"۔

نیز حضرت معاویہ ؓ کی تعریف میں وہ حدیث صحیح ہے جو آئندہ حضرت علی ؓ سے حالات خوارج کے متعلق منقول ہوگی۔ اس حدیث میں یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت علی ؓ سے فرمایا کہ "تم لوگوں کو قتل کرو گے اس حال میں کہ تم بہ نسبت ان کے حق سے زیادہ قریب ہو گے" اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت معاویہ ؓ کا گروہ بھی حق سے قریب تھا۔ (ہاں! زیادہ قریب نہ تھا بلکہ حضرت علی ؓ کی بہ نسبت کم قریب تھا) پس اب ان پر حضرت علی ؓ سے لڑنے کے باعث کوئی ملامت نہ رہی اگر چہ وہ لوگ باغی تھے بوجہ اس کے کہ وہ مجتہد تھے اور تاویل کرتے تھے یہ روایت اس بات کو صاف ظاہر کر رہی ہے"۔

آنحضرت ﷺ کی بہت سی حدیثوں سے ثابت ہوا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ایک جماعت کے روبرو اپنے صاحبزادہ حسن ؓ کی تعریف فرمائی کہ "میرا بیٹا سردار ہے۔ امید ہے کہ اللہ اس کے ذریعہ سے مسلمانوں کے دو بڑے گروہوں میں صلح کراوے گا"۔ اس سے صاف

(بقیہ سابقہ) صرف قصاص کے متعلق تھا۔ خلافت و امارت میں کوئی اختلاف نہ تھا۔ اس بات کا ایک بین ثبوت یہ بھی ہے کہ جناب سیدنا امیر معاویہ، جناب سیدنا طلحہ، جناب سیدنا زبیر (حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ) رضی اللہ عنہم نے خلافت علی کو تسلیم کرتے ہوئے ان سے قصاص لینے کا مطالبہ کیا تھا اگر یہ حضرات جناب علی المرتضیٰ ؓ کی خلافت کو قبول نہ فرماتے ہوتے تو پھر جناب سیدنا امیر معاویہ ؓ جناب سیدنا عثمان ذوالنورین ؓ کے قصاص کے احکام خود جاری فرماتے"۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہ ؓ ص ۱۰۸-۱۰۹)

marfat.com

معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ کمال اسلام پر قائم تھے اور جو کچھ ان سے خلاف صادر ہوا اس میں وہ معذور تھے گو امام برحق حضرت علی ؑ ہیں۔

جمل وصفین والے حضرت علی ؑ سے محض اس وجہ سے لڑے کہ ان کو یہ خیال تھا کہ حضرت علی ؑ نے قاتلان عثمان سے قصاص نہیں لیا حالانکہ حضرت علی ؑ اس سے بری تھے۔ باوجود اس کے پھر بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کو معذور سمجھا۔ بوجہ اس کے کہ حضرت علی ؑ جانتے تھے کہ یہ لوگ امام ہیں فقیہ ہیں اور آنحضرت ﷺ فرما چکے تھے کہ جب مجتہد سے اجتہاد میں غلطی نہ ہو تو اس کو دوگنا ثواب ملے گا اور اگر اس سے غلطی ہو جائے تو صرف ایک ہی ثواب ملے گا۔ پس حضرت علی ؑ مجتہد غیر خاطی تھے لہٰذا ان کو دوگنا بلکہ دس گنا ثواب ملے گا جیسا کہ ایک روایت میں ہے اور حضرت علی ؑ سے لڑنے والے مثل عائشہ، طلحہ، زبیر، معاویہ، عمرو بن عاص اور ان صحابہ رضی اللہ عنہم کے جوان کے ہمراہ تھے جن میں اہل بدر بھی شامل تھے مجتہد خاطی تھے۔ لہٰذا ان کو ایک ہی ثواب ملے گا"۔

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۸۰ تا ۸۲)

اب دیکھتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ ؓ اور حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ کے درمیان اختلاف کیسے ہو گیا۔ جناب مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ عنہ کے گھر کا مصریوں نے محاصرہ کیا۔ تین دن یا زیادہ تک پانی نہ پہنچنے دیا۔ اور پھر گھر میں داخل ہو کر محمد بن ابوبکر صدیق اور تیرہ دیگر آدمیوں نے انہیں نہایت بے دردی سے شہید کیا۔ آپ کی شہادت کے بعد امیر المؤمنین علی ؑ مہاجرین و انصار کے اتفاق رائے سے خلیفہ مقرر ہوئے لیکن چند وجوہات کی بنا پر

marfat.com

قاتلین عثمان غنی سے قصاص نہ لیا جاسکا۔ یہ خبریں شام میں امیر معاویہ کو پہنچیں۔ انہوں نے پیغام بھیجا کہ خلیفۃ المسلمین کا خاص مدینہ شریف میں شہید کردیا جانا بہت ہی اہم معاملہ ہے ازراہ کرم سب سے پہلے قاتلین پر قصاص جاری کیا جائے لیکن کچھ مجبوریوں کی بنا پر قصاص نہ لیا جاسکا ادھر امیر معاویہ کے دل میں یہ بات ذہن نشین کرائی گئی کہ علی مرتضیٰ معاذ اللہ دیدہ دانستہ قصاص لینے میں کوتاہی فرمارہے ہیں اور اس قتل میں نعوذ باللہ منہ ان کا ہاتھ ہے بلکہ خود ان کے قاتلین کو پولیس یا فوج میں بھرتی کرلیا گیا ہے۔ غرضیکہ بیچ کے بعض مفسدوں نے امیر معاویہ ﷛ کے دل میں یہ بات جاگزین کردی کہ علی مرتضیٰ ﷛ دیدہ دانستہ قصاص جاری کرنے میں چشم پوشی فرمارہے ہیں۔ امیر معاویہ کی طرف سے برابر قصاص کا مطالبہ رہا۔ ابھی تک نہ آپ کی خلافت کا انکار کیا تھا[1] نہ اپنی حکومت علیحدہ کرنے کا خیال تھا۔ صرف خون عثمان ﷛ کے قصاص کا مطالبہ تھا۔

آخر نوبت یہاں تک پہنچی کہ امیر معاویہ کے دل میں یہ بات جاگزیں ہوگئی کہ علی مرتضیٰ خلافت کے لائق نہیں اور خلافت کی ذمہ داریوں کو پوری طرح ادا نہیں کرسکتے کیونکہ اتنے بڑے اہم خون کا قصاص نہ لیا جاسکا تو دیگر انتظامی امور کیا ادا ہوسکیں گے۔ اختلاف کی اصل بنیاد یہ تھی باقی سارے اختلافات اسی جڑ کی شاخیں تھیں۔ دیگر تمام

---

[1] حاشیہ شرح عقائد نمبر ۴ ص ۱۰۹ سے منقول ہے۔ (ترجمہ)
جناب سیدنا علی المرتضیٰ ﷛ سے جناب سیدنا امیر معاویہ ﷛ نے اس لئے اختلاف نہیں کیا تھا کہ وہ حضرت علی ﷛ کے مقابلے میں اپنے آپ کو خلافت کا زیادہ حق دار سمجھتے تھے بلکہ یہ اختلاف اس شبہ میں ہوا تھا کہ جناب امیر معاویہ ﷛ یہ سمجھتے تھے کہ جناب سیدنا عثمان ذوالنورین ﷛ کے قتل کا قصاص لینے کیلئے موجودہ حالات میں خلیفۂ وقت کے ساتھ جنگ کرنا جائز ہے ان کا اختلاف

marfat.com

حضرات کی وجہ مخالفت بھی یہی قتل عثمان تھا''۔

(امیر معاویہ ﷺ پر ایک نظر ص ۷۰۔۷۱)

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی شہرہ آفاق تصنیف ''احیاء العلوم'' کے حوالہ سے منقول ہے۔ (ترجمہ)

''وہ جھگڑا جو امیر معاویہ اور علی المرتضیٰ ﷺ کے درمیان ہوا۔ اس کا دارومدار اجتہاد پر تھا یہ نہیں کہ امیر معاویہ نے امامت کی خاطر یہ جنگ کی تھی کیونکہ حضرت علی المرتضیٰ کا ظن یہ تھا کہ حضرت عثمان کے قاتلوں کو جناب عثمان ﷺ کے ورثاء کے سپرد کر دینا خطرہ سے خالی نہیں کیونکہ ان قاتلین کے خاندان لمبے چوڑے تھے اور ان کے بہت سے افراد فوج اسلام میں شامل تھے لہٰذا خلافت کے ابتدائی دور میں ہلچل مچ جائے گی۔ اس بنا پر آپ نے یہ رائے قائم کی کہ اس معاملہ کو ذرا مؤخر کر دیا جائے۔ ادھر حضرت امیر معاویہ ﷺ کا ظن یہ تھا کہ اگر یہ معاملہ مؤخر کر دیا گیا باوجود اس کے کہ یہ بہت بڑا جرم تھا تو لوگوں کو پھر ائمہ دین کے قتل کرنے کی شہ (ترغیب) مل جائے گی اور خون ریزی کا بازار گرم ہو جائے گا''۔

(دشمنانِ امیر معاویہ ﷺ کا علمی محاسبہ ج اص ۱۳۳۔۱۳۴ بحوالہ شواہد الحق ص ۳۶۳ تا ۳۶۵)

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حضرت علی اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کے درمیان اختلاف کی بنیاد حضرت عثمان ذوالنورین ﷺ کی شہادت تھی۔ امیر معاویہ ﷺ کہتے اور ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان کی موافقت میں کہتیں کہ حضرت عثمان ﷺ کے قاتلوں سے قصاص لینے میں عجلت کرنی چاہیے تاکہ لوگوں کو خلفاء پر جرأت نہ ہو۔ مگر حضرت علی ﷺ نے دیر اور

marfat.com

تاخیر میں مصلحت دیکھی تاکہ امر خلافت میں خلل واقع نہ ہو۔ اس اختلاف کی بنیاد یہ بات ہے جس کے بارے میں علماء یہ فرماتے ہیں کہ اختلاف کی بنیاد اجتہادی غلطی تھی"۔(مدارج النبوت اردو دوم ص ۹۳۱)

امام یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ علیہ علامہ عثمی سے نقل کرتے ہیں کہ:

حضور نبی اکرم ﷺ نے ہم پر واجب فرمایا تھا کہ ہم صحابہ کرام کے اختلافات کے بارے میں اپنی زبان بند رکھیں۔ان کے درمیان جو لڑائیاں اور اختلافات واقع ہوئے جن کے سبب بہت سے صحابہ شہید ہوئے تو یہ ایسے خون ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے ہاتھوں کو محفوظ رکھا لہٰذا ہم اپنی زبانوں کو ان سے ملوث نہیں کرتے۔ ہمارا عقیدہ یہ ہے کہ وہ سب اس بارے میں ماجور (اجر دیئے گئے) ہیں کیونکہ ان سے جو کچھ صادر ہوا وہ ان کے اجتہاد پر مبنی تھا اور ظنی مسئلہ میں مجتہد اگر خطا بھی کر جائے "مستحق ثواب ہے"۔ (برکات آل رسول ﷺ ص ۹۰۷ ترجمہ الشرف المؤبد)

یہی امام یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ علیہ امام ابن حجر مکی سے نقل کرتے ہیں:

"مسلمان پر لازم ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے صحابہ اور اہل بیت کا ادب واحترام کرے۔ان سے راضی ہو۔ان کے فضائل وحقوق پہچانے اور ان کے اختلافات سے زبان کو روکے کیونکہ ان میں سے کسی نے بھی ایسے امر کا ارتکاب نہیں کیا جسے وہ حرام سمجھتے ہوں بلکہ ان میں سے ہر ایک مجتہد ہے پس وہ سب ایسے مجتہد ہیں کہ ان کیلئے ثواب ہے۔حق تک پہنچنے والے کیلئے دس ثواب اور خطا کرنے والے کیلئے ایک ثواب ہے۔ عتاب، ملامت اور نقص ان سب سے مرفوع (یعنی اٹھالیا گیا) ہے یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلے ورنہ تو پھسل جائے گا اور تیری ہلاکت و ندامت میں کوئی کسر نہ رہ جائے گی"۔

marfat.com

آگے نقل کرتے ہیں کہ علامہ لقانی نے جوہرہ کی شرح کبیر میں فرمایا:

''ان سب لڑائیوں کا سبب یہ تھا کہ معاملات مشتبہ تھے۔ان کے شدید اشتباہ کی بنا پر ان میں اجتہادی اختلاف پیدا ہو گیا اور ان کی تین قسمیں ہو گئیں' ایک قسم پر اجتہاد سے یہ ظاہر ہوا کہ حق اس طرف ہے اور مخالف باغی ہے لہٰذا ان پر واجب تھا کہ ان کے عقیدے میں جو حق پر تھا اس کی امداد کرتے اور باغی سے جنگ کرتے چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ جس شخص کا یہ حال ہو اسے روا نہیں کہ اس کے عقیدے میں جو لوگ باغی ہیں ان کے ساتھ جنگ کے موقع پر امام عادل کی امداد سے کنارہ کش ہو۔دوسری قسم تمام امور میں پہلی قسم کے برعکس تھی۔تیسری قسم وہ تھی جن پر معاملہ مشتبہ ہو گیا اور وہ حیرت میں مبتلا ہو گئے۔ان پر کسی جانب کی ترجیح واضح نہ ہوئی تو وہ دونوں فریقوں سے الگ ہو گئے۔ان کیلئے یہ علیٰحدگی ہی واجب تھی کیونکہ کسی مسلمان سے جنگ اس وقت تک جائز نہیں جب تک یہ ظاہر نہ ہو جائے کہ وہ اس کا مستحق ہے۔حاصل کلام یہ ہے کہ وہ سب معذور اور ماجور ہیں۔اسی لئے اہل حق اور وہ حضرات جو قابل اعتماد ہیں اس بات پر متفق ہیں کہ تمام صحابہ عادل ہیں اور ان کی شہادت اور روایت مقبول ہے''۔

اور پھر علامہ سعد الدین تفتازانی سے نقل فرماتے ہیں:

''اہل حق کا اتفاق ہے کہ ان تمام امور میں حضرت علی ﷺ حق پر تھے اور تحقیق یہ ہے کہ تمام صحابہ عادل ہیں اور تمام جنگیں اور اختلافات تاویل پر مبنی ہیں' ان کے سبب کوئی بھی عدالت سے خارج نہیں کیونکہ وہ مجتہد ہیں''۔ (برکات آل رسول ﷺ ص ۲۸۱-۲۸۲ اردو ترجمہ الشرف المؤبد)

حضرت امام ربانی سید نا مجدد الف ثانی ﷺ فرماتے ہیں:

marfat.com

''حضرت معاویہ ؓ تنہا اس معاملہ میں نہیں ہیں' کم و بیش آدھے اصحاب کرام ان کے ساتھ اس معاملہ میں شریک ہیں پس اگر حضرت امیر (سیدنا علی) ؓ کے ساتھ لڑائی کرنے والے کافر یا فاسق ہوں تو نصف دین سے اعتماد اٹھ جاتا ہے جوان کی تبلیغ کے ذریعے ہم تک پہنچا ہے اس بات کو سوائے زندیق کے جس کا مقصود دین کی بربادی ہے کوئی پسند نہیں کرتا''۔

اے برادر! اس فتنہ کے برپا ہونے کا منشاء حضرت عثمان ؓ کا قتل اور ان کے قاتلوں سے ان کا قصاص طلب کرنا ہے''۔

(مکتوبات دفتر اول حصہ چہارم مکتوب نمبر ۲۵۱)

''صحابہ کرام علیہم الرضوان کے درمیان جو جھگڑے اور جنگیں ہوئی ہیں مثلاً جنگ جمل اور جنگ صفین تو ان کو اچھے معانی پر محمول کرنا چاہیے اور خواہشات اور تعصب سے دور رہنا چاہیے کہ ان بزرگوں کے نفوس جناب خیر البشر علیہ الصلوات والتسلیمات کی صحبت میں خواہشات اور تعصب سے پاک ہو چکے تھے اور حرص و کینہ سے بالکل صاف تھے۔ وہ اگر صلح کرتے تھے تو حق کیلئے اور اگر جھگڑا کرتے تھے تو وہ بھی حق کیلئے۔ ہر گروہ اپنے اجتہاد کے مطابق عمل کرتا تھا اور خواہشات اور تعصب کے شائبہ سے پاک ہو کر مخالف کی مدافعت کرتا تھا پھر جس کا اجتہاد درست ہوا اسے دو درجے اور ایک قول کے مطابق دس درجے کا ثواب ملتا ہے اور جس کا اجتہاد درست نہ ہوا اسے بھی ایک درجہ ثواب مل گیا۔ پس خطأ کرنے والا بھی درست اجتہاد کرنے والے کی طرح ملامت کا مستحق نہیں ہے وہ بھی درجات ثواب میں ایک درجہ ثواب کی امید رکھتا ہے۔

marfat.com

علماء نے کہا ہے کہ ان جنگوں میں حق حضرت امیر جناب علی کرم اللہ وجہہ کی طرف تھا اور مخالفوں کا اجتہاد درست نہیں تھا۔ لیکن اس کے باوجود وہ طعن کرنے کے مستحق نہیں ہیں اور ملامت کی گنجائش نہیں رکھتے چہ جائیکہ ان کو کافر یا فاسق کہا جائے۔ حضرت امیر جناب علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا ہے کہ: "ہمارے بھائی ہم پر باغی ہوئے ہیں وہ کافر ہیں نہ فاسق کیونکہ ان کے پاس تاویل ہے جو کفر اور فسق سے روکتی ہے" اور ہمارے پیغمبر ﷺ نے فرمایا ہے "جو اختلاف میرے صحابہ میں ہوں ان میں زبان کشائی سے بچنا" پس پیغمبر خدا ﷺ کے تمام صحابہ کرام کو بزرگ سمجھنا چاہیے اور سب کو نیکی سے یاد کرنا چاہیے اور ان میں سے کسی بزرگ کے حق میں برا نہ ہونا چاہیے اور نہ ہی بدگمانی کرنا چاہیے اور ان کے جھگڑوں کو دوسروں کی مصالحت سے بہتر سمجھنا چاہیے نجات اور خلاصی کا صرف یہی طریقہ ہے"۔ (مکتوبات دفتر دوم حصہ ہفتم مکتوب نمبر ۶۷)

حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا مجتہد مخطی معذور ہونا اس وجہ سے ہے کہ وہ بھی شبہ سے متمسک تھے اگرچہ میزان شرع میں اس سے وزن دار حجت موجود تھی۔ یہ شبہ[1] وہی تھا جو اصحاب جمل کو پیش آیا۔ لیکن اس میں اتنا اشکال اور بھی بڑھا ہوا تھا کہ امیر معاویہ اور اہل شام نے بیعت نہ کی تھی

[1] اس شبہ کی وضاحت اور تائید مولانا مودودی کی زبانی سنیے' وہ کہتے ہیں: "بعض اکابر صحابہ کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیعت سے الگ رہنا یہ طرز عمل اگرچہ ان بزرگوں نے انتہائی نیک نیتی کے ساتھ محض فتنے سے بچنے کی خاطر اختیار فرمایا تھا لیکن بعد کے واقعات نے ثابت کر دیا جس فتنے سے وہ بچنا چاہتے تھے' اس سے بدرجہا زیادہ بڑے فتنے میں ان کا یہ فعل اُلٹا مددگار بن گیا۔ وہ بہرحال امت کے نہایت بااثر لوگ تھے ان میں سے ہر ایک ایسا تھا جس پر ہزاروں مسلمانوں کو اعتماد تھا ان کی علیحدگی نے دلوں میں شک ڈال دیئے"۔ (خلافت و ملوکیت ص ۱۲۳)

marfat.com

اور جانتے تھے کہ خلافت کا پورا ہونا تسلط اور احکام نافذ ہونے سے ہے اور یہ بات ابھی متحقق نہیں ہوئی۔ پھر تحکیم کے معاملہ نے اس خیال کو اور راسخ کر دیا اور حدیث صحیح میں وارد ہے کہ دَعْوَتُهُمَا وَاحِدَةٌ۔

(ازالۃ الخفاء اردو ص ۵۵۱)

''حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما اصحاب رسول خدا ﷺ میں سے ایک صحابی تھے اور روز مرہ صحابہ ؓ میں بڑے صاحب فضیلت تھے۔ کبھی ان کے حق میں بدگمانی نہ کرنا اور ان کی بدگوئی میں مبتلا نہ ہونا ورنہ تم حرام کے مرتکب ہو گے''۔ (ازالۃ الخفاء اردو اول ص ۳۴۴)

حضرت علامہ شیخ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''حدیث مرفوع صحیح السند سے ثابت ہے کہ حاکم اپنے اجتہاد سے کوئی فیصلہ کرے تو اگر وہ فیصلہ درست ہے تو اس کیلئے دوہرا اجر ہے اور اگر اجتہادی فیصلہ مبنی بر خطا ہے تو اس کیلئے ایک نیکی ہے۔ اس حدیث کو بخاری، مسلم، مسند احمد، ابوداؤد، نسائی اور ترمذی نے ابوہریرہ ؓ سے روایت کیا ہے پھر بخاری، احمد، نسائی، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے حضرت عبداللہ ابن عمرو ابن عاص سے بھی روایت کیا ہے نیز اسی روایت کو بخاری نے ابوسلمہ سے بھی نقل کیا ہے۔

اجتہاد مصیب پر دو اجر ہیں اور صرف اجتہاد پر ایک نیکی ہے چاروں صحابہ (حضرت طلحہؓ حضرت زبیر، ام المؤمنین عائشہ صدیقہ اور حضرت امیر معاویہ) علیہم الرضوان اس جنگ میں مجتہد تھے۔ مگر ان کے اجتہاد میں خطا تھی جبکہ حضرت علی مصیب فی الاجتہاد تھے۔ اصول میں یہ بات مقرر شدہ ہے کہ مجتہد کو بہرصورت اپنے اجتہاد پر عمل کرنا ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں مجتہد اور اس کے مقلدین پر کوئی ملامت نہیں پس اس جنگ

marfat.com

میں شہید ہونے والے اور شہید کرنے والے دونوں فریقوں کے لوگ جنتی ہیں۔ والحمدللہ رب العلمین'۔

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ الناہیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۲۰)

پس حضرت امیر معاویہ ﷺ جو فقیہہ و مجتہد تھے، کے سامنے جب خلفائے راشدین میں سے خلیفہ سوم جناب عثمان ذوالنورین ﷺ کے قتل کے قصاص کا معاملہ آیا تو انہوں نے اجتہاد فرمایا اور بحیثیت مجتہد یہ اجتہاد کرنا ان کیلئے ضروری اور درست تھا۔ جناب رسول خدا ﷺ نے فرمایا:

اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ۔

(بخاری کتاب الاعتصام، مشکوٰۃ کتاب الامارت، کنزالعمال ج ۶ ص ۷۔ حدیث نمبر ۱۳۵۹۷)

ترجمہ: جب حاکم فیصلہ کرے تو اجتہاد کرے۔

اب اگر غلط فہمی کی بنا پر اجتہاد میں خطا ہو گئی اور جنگ پیش آ گئی اور ہزاروں لوگ قتل بھی ہو گئے تو حضرت امیر معاویہ ﷺ کو حدیث پاک کے مطابق گناہ پھر بھی نہ ہوا بلکہ ثواب ہی ہوا۔ کیونکہ رضائے خداوندی اور اسلام کی سربلندی کیلئے آپ پر صرف اجتہاد کرنا لازم تھا۔ اور اس میں آپ نے پُر خلوص کوشش فرمائی اور ثواب بھی اسی پُر خلوص کوشش پر ہے۔ اب حکم خداوندی "وَاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَیَّ یعنی تو بھی اسی کی راہ چل جو میری طرف رجوع لایا۔ (لقمن)" کے مطابق جنہوں نے آپ کی اتباع اور معاونت کی انہیں بھی ثواب ہی ہوا۔ چاہے انہوں نے مخالف سمت والوں کو قتل کیا' چاہے خود قتل ہو گئے اور ہم کسی غیر مجتہد مسلمان کیلئے جو کسی مجتہد کا متبع اور مقلد بھی نہ ہو، ثواب پر اصرار نہیں کرتے۔ لیکن مجتہد تو اپنے اجتہاد میں خطاء ہو جانے کے باوجود بھی ثواب پائے گا اور پھر اس کے متبعین و مقلدین بھی کہ انہوں نے حکم خداوندی کے مطابق ہی اس کی اتباع و تقلید کی ہے۔ اور امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

marfat.com

''مجتہد کی تقلید احتمال خطا کی صورت میں بھی جائز اور درست بلکہ واجب ولازم ہے''۔ (مکتوبات دفتر اول مکتوب نمبر ۳۱)

پس حضرت امیر معاویہ ﷺ جو فقیہہ و مجتہد ہیں۔ خلیفۂ برحق، خلیفۂ راشد حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جنگ کرنے کی اجتہادی خطا کے باوجود ثواب پانے والے ہیں۔ اسی طرح ان کے ہمراہ لڑنے والے ان کے معاونین بھی ثواب پانے والے ہیں اور حضرت علی المرتضٰی ﷺ کا اپنا فیصلہ بھی یہی ہے۔ فرمایا:

قَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَتْلَایَ وَقَتْلٰی مُعَاوِیَۃَ فِی الْجَنَّۃِ۔ رواہ الطبرانی

(تطہیر الجنان ص ۱۹)

ترجمہ: حضرت علی ﷺ نے فرمایا: میری اور معاویہ کی جنگ میں قتل ہونے والے (دونوں طرف کے لوگ) جنتی ہیں۔

قَتْلَانَا وَقَتْلَاھُمْ فِی الْجَنَّۃِ۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۵ ص ۳۰۳)

ترجمہ: ہمارے اور ان کے مقتولین جنت میں ہیں۔

اور جب حضرت علی ﷺ نے طرفین کے مقتولین کو جنتی فرما دیا تو گویا دونوں کو آئینی اور شرعی طرز عمل کا مرتکب تسلیم فرمالیا' دونوں کو ثواب پر بھی قرار دیا' اور وہ ثواب حاصل کر کے جنت چلے گئے۔ اگر ثواب کے حقدار نہ ہوتے تو جنتی کیسے ہوتے اور جب سیدنا علی المرتضٰی ﷺ نے سب کو جنتی فرما دیا تو محبت اور غلامی کا تقاضا یہ ہے کہ آپ کے ''قول'' کو درست مان کر سب کو جنتی مان لیا جائے۔

محدث جلیل امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حضرت معاویہ ﷺ کی فضیلت پر دلالت کرنے والی وہ دعا بھی ہے جو حدیث میں آپ کیلئے کی گئی ہے کہ انہیں علم ملے اور عذاب

marfat.com

سے بچائے جائیں۔ (اَللّٰهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتٰبَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ) اور بلاشبہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا مستجاب ہوتی ہے۔
اس سے ہمیں پتا چلتا ہے کہ حضرت معاویہ ﷛ کو ان جنگوں کی وجہ سے کوئی عذاب نہ ہوگا بلکہ اجر ملے گا جیسا کہ پہلے ثابت ہو چکا ہے"۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص ۴۷۳)

پس دونوں گروہ ثواب پانے والے تھے۔ اسی لئے طرفین کے مقتولین شہید اور جنتی ہیں حتیٰ کہ حضرت عمار بن یاسر، حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم طرفین کے شہیدوں میں شامل ہیں جو یقینی جنتی ہیں۔

توڑا نہیں جادو مری تکبیر نے تیرا؟
ہے تجھ میں مکر جانے کی جرأت تو مکر جا

اعتراض ۳ (طعنِ مودودی)

آپ نے کہا: حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا گروہ اور حضرت معاویہ (﷛) کا گروہ دونوں باہم لڑنے کے باوجود ثواب کے مستحق ہیں تو پھر یہ جو حدیث پاک میں حضرت عمار بن یاسر ﷛ سے فرمایا کہ: "تم کو باغی گروہ قتل کرے گا"۔ اور یہ بھی کہ "عمار لوگوں کو جنت کی دعوت دیں گے اور وہ عمار کو جہنم کی طرف بلائیں گے"۔ کے بارے میں مولانا مودودی صاحب کہتے ہیں کہ:

"اس جنگ کے دوران میں ایک واقعہ ایسا پیش آ گیا جس نے نصِ صریح سے یہ بات کھول دی کہ فریقین میں سے حق پر کون ہے اور باطل پر کون۔ وہ واقعہ یہ ہے کہ حضرت عمار بن یاسر ﷛ جو حضرت علی ﷛ کی فوج میں شامل تھے حضرت معاویہ ﷛ کی فوج سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔ حضرت عمار ﷛ کے متعلق نبی ﷺ کا یہ ارشاد صحابہ رضی اللہ عنہم میں مشہور و معروف تھا اور بہت سے صحابیوں نے اس کو حضور ﷺ کی

marfat.com

زبان مبارک سے سنا تھا کہ تقتلك الفئة الباغیہ (تم کو ایک باغی گروہ قتل کرے گا) مسند احمد، بخاری، مسلم، ترمذی، نسائی، طبرانی، بیہقی، مسند ابوداؤد، طیالسی وغیرہ کتب حدیث۔ (خلافت وملوکیت ص ۱۳۶)

مولانا مودودی صاحب کا کہنا ہے کہ چونکہ حضرت عمار ؓ حضرت علی ؓ کی فوج میں شامل ہو کر حضرت امیر معاویہ کے مخالف لڑتے ہوئے شہید ہوئے تھے' لہٰذا حضرت امیر معاویہ ؓ باطل پر تھے' تو اب بتائیں آپ کے پاس اس کا کیا جواب ہے؟

جواب

ہم نے جو دونوں گروہوں کو ثواب کا مستحق کہا ہے تو بے دلیل نہیں کہا بلکہ قرآن و حدیث اور علمائے اہلسنت کی تصریحات کی روشنی میں کہا ہے۔ اور بفضلہٖ تعالیٰ کسی مخالف میں یہ جرأت نہیں کہ کسی محکم دلیل کے ساتھ اس کا انکار کر سکے۔ بلکہ آپ نے بھی تو ہمارے پیش کردہ متعدد دلائل میں سے کسی ایک پر اعتراض نہیں کیا۔ ہاں ایک نئی روایت پیش کر کے ایک نیا اعتراض کر دیا ہے۔ ہم چند گزارشات بطور تجزیہ پیش کرتے ہیں' اگر بلا تعصب غور کیا گیا تو امید ہے اصلاح احوال میں ضرور مدد ملے گی۔ (انشاء اللہ)

دیگر ہم نے گزشتہ صفحات میں مقاماتِ صحابہ اور فضائل امیر معاویہ رضی اللہ عنہم کے ضمن میں جو آیات مقدسہ اور احادیث مبارکہ پیش کی ہیں انہیں ایک مرتبہ پھر ملاحظہ فرمالیں تاکہ آپ کو اس وعدہ جو خدا اور رسول ﷺ نے صحابہ کرام سے اپنی رضا کا اور ان کے کامیاب اور جنتی ہونے کا کیا ہے' پر یقین آجائے۔ اور آپ کو اس کی مخالفت سے تائب ہونے کی توفیق اور سعادت حاصل ہو سکے۔ علاوہ ازیں یہ بات بھی پیش نظر رکھیں اور ہم پہلے بھی اس طرف توجہ دلا چکے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے لڑنے والے اکیلے حضرت امیر معاویہ ؓ ہی نہیں کئی دیگر حضرات بھی ہیں پھر وہ عام لوگ بھی نہیں بلکہ حضور ﷺ کے صحابہ کرام ہیں۔ حتیٰ کہ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ،

marfat.com

حضرت طلحہ اور حضرت زبیر ایسے قطعی جنتی بھی ہیں جن کے جنتی ہونے میں معترضین و مخالفین کو بھی انکار نہیں۔ لہٰذا منہ اٹھا کر ایسے بزرگوں کو دوزخی کہہ دینا گویا اپنے دین و ایمان کا بیڑہ غرق کرتا ہے۔ امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی ﷺ کا ارشاد گرامی پھر نقل کیا جاتا ہے۔ فرماتے ہیں۔

''حضرت معاویہ تنہا اس معاملہ میں نہیں ہیں کم وبیش آدھے اصحاب کرام ان کے ساتھ اس معاملہ میں شریک ہیں۔ پس اگر حضرت امیر (سیدنا علی) ﷺ کے ساتھ لڑائی لڑنے والے کافر یا فاسق ہوں تو نصف دین سے اعتماد اٹھ جاتا ہے جو ان کی تبلیغ کے ذریعے ہم تک پہنچا ہے۔ اس بات کو سوائے زندیق کے جس کا مقصود دین کی بربادی ہے کوئی پسند نہیں کرتا''۔ (مکتوبات دفتر اول حصہ چہارم مکتوب نمبر ۲۵۱)

لہٰذا زندقہ اور بے دینی سے بچنے کیلئے اپنی زبانوں کو روکنا بہت ضروری ہے ہاں جسے ایمان ہی عزیز نہ ہو یا جس کا مقصود اپنے دین کی بربادی ہو۔ اس زندیق سے اچھائی کی ہرگز امید نہیں اور ہم اس سے مخاطب بھی نہیں۔

مزید برآں یہ کہ آپ نے جس روایت کو اعتراض کی بنیاد بنایا ہے۔ اس سے آپ کا موقف تو ثابت نہیں ہوتا البتہ مقامات صحابہ کو یہ ضرور مجروح کرتی ہے حالانکہ قرآن و حدیث فضائل صحابہ سے بھرے پڑے ہیں اور جب یہ روایت قرآن و حدیث کے برعکس عظمت صحابہ کا انکار کرتی ہے تو ضروری ہے کہ پہلے اس کا جائزہ لیا جائے۔ محدث جلیل امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

''مورخین کی خبروں اور صحابہ کے درمیان ہونے والے اختلاف و اضطراب خصوصاً رافضیوں اور شیعوں کی جاہلانہ اور گمراہانہ باتوں اور بدعتیوں کی نکتہ چینیوں سے اعراض کرتے ہوئے ان کے بارے میں خاموشی اختیار کرنا چاہیے۔ کیونکہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب

marfat.com

میرے صحابہ کا ذکر ہو رہا ہو تو خاموش رہا کرو۔

پس جو شخص کوئی بات سنے اس کیلئے ضروری ہے کہ وہ محض کسی کتاب میں کسی بات کے دیکھنے یا کسی شخص سے سننے کی وجہ سے اسے مضبوطی سے نہ پکڑے اور نہ ہی اسے کسی کی طرف منسوب کرے۔ بلکہ اس کی تحقیق کرے یہاں تک کہ اس بات کا کسی صحابی کی طرف انتساب درست ثابت ہو جائے۔ پھر بھی اس کیلئے واجب ہے کہ وہ کوئی اچھی سی تاویل کرے اور اس کا کوئی اچھا مفہوم مراد لے کیونکہ وہ لوگ اس کے اہل ہیں۔ جیسا کہ ان کے مناقب میں یہ بات مشہور اور ان کے کارناموں میں شمار ہے"۔ (الصواعق المحرقہ اردو ص ۷۱۴۔۷۱۵)

"ہمارے ائمہ اصول نے بدعتیوں کے اعتراضات بھی ذکر کئے ہیں۔ جن میں انہوںؒ نے حضرت علی اور صحابہ رضی اللہ عنہم پر افترا پردازیاں کی ہیں ان اعتراضات کو ذکر کر کے ایسا رد کر دیا ہے کہ کسی اعتراض میں کچھ جان باقی نہیں رہی۔ ہمارے ائمہ محدثین نے بیان کر دیا ہے کہ اکثر باتیں جو ان لڑائیوں کے متعلق منقول ہیں' جھوٹی ہیں یا ان کی سند میں کوئی خرابی ہے۔ جیسا کہ میں نے اس کتاب میں اکثر حدیثوں کی بابت بیان کیا ہے۔ مطلب یہ کہ صحابہ کی لڑائیاں اس طرح بیان کرنا جس سے کسی پر الزام عائد ہو یا عوام کو بدگوئی کا موقع ملے نہ چاہیے۔ بعض جاہل لوگ جن کی عادت یہ ہے کہ جو کچھ دیکھ لیتے ہیں' نقل کر لیتے ہیں اور ظاہری مطلب مراد لے لیتے ہیں۔ نہ سند پر غور کرتے ہیں نہ حدیث کا صحیح مطلب بیان کرتے ہیں اس میں بڑا افساد ہوتا ہے"۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷜ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۷۱)

گویا اس روایت کی تحقیق ضروری ہے اور جب ہم تحقیق کی طرف توجہ کرتے ہیں تو

marfat.com

معلوم ہوتا ہے کہ علمائے اہلسنت اس کی صحت سے انکار کرتے ہیں اور اس کے راویوں پر سخت جرح کرتے ہیں جس سے یہ روایت مجروح ثابت ہوتی ہے۔ سب سے پہلے انہی امام ابن حجر مکی ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح ملاحظہ ہو فرماتے ہیں:

"یہ بات اس وقت ثابت ہوگی جبکہ حدیث کو صحیح مان لیا جائے اور اس کی تاویل ممکن نہ ہو۔ مگر جبکہ حدیث ہی صحیح نہ ہو تو اس سے استدلال کیونکر ہو سکتا ہے اور یہاں یہی کیفیت ہے کیونکہ اس حدیث کی سند میں ایک راوی ضعیف ہے اور ابن حبان کا صحیح کہنا اور لوگوں کے ضعیف کہنے کو رد نہیں کر سکتا۔ خصوصاً اس حال میں کہ ابن حبان صحیح کہنے میں سُست (غیر محتاط) مشہور ہیں"۔

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۷۹۔۸۰)

مفسر قرآن مولانا محمد نبی بخش حلوائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"ہم نے اس حدیث پاک کو محدثین اور محققین کے اقوال کی روشنی میں بار بار دیکھا ہے کہ یہ حدیث صحیح نہیں۔ اگر صحیح ہوتی تو علمائے کرام اس کی تاویل کی طرف توجہ دیتے۔ ہم بھی اس خود ساختہ حدیث کی تاویل نہیں کرتے نہ اسے درخور اعتنا جانتے ہیں.....

ابی حاتم جیسے محققین نے اس حدیث کو ضعیف قرار دیا ہے۔ مگر تم اس حدیث کو لے کر صحابہ کرام کو سب و شتم کر رہے ہو۔ صحابہ کرام کی دونوں جماعتوں کا جنگ و قتال اجتہادی تھا' اگرچہ ایک جماعت نے اجتہاد میں غلطی کی' مگر مجتہد کی غلطی درخور اعتراض نہیں ہوتی۔ پھر جس حدیث سے تم استدلال کرتے ہو اس کا کوئی سر اور پاؤں ہی نہیں ہے"۔

(الناہیۃ الحامیہ لمن ذم المعاویہ ص ۱۳۱۔۱۳۲)

شارح مسلم علامہ غلام رسول سعیدی رقمطراز ہیں:

marfat.com

''صحیح بخاری کے علاوہ دیگر کتب حدیث میں یہ حدیث اسی طرح درج ہے لیکن امام بخاری نے حضرت ابوسعید خدری ﷺ سے اس حدیث کواس طرح روایت کیا ہے۔عمارلوگوں کو جنت کی طرف دعوت دیں گے اور وہ انہیں دوزخ کی طرف بلائیں گے۔اس روایت میں ''تقتلک الفئة الباغیة۔ تم کو باغی جماعت قتل کرے گی'' کے الفاظ نہیں۔حافظ ابن حجر عسقلانی بزاز کی سند کے ساتھ جو صحیح مسلم کی شرط پر ہے، ذکر کرتے ہیں کہ حضرت ابوسعید خدری ﷺ نے اعتراف کیا ہے۔ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ الفاظ نہیں سنے۔اسی لئے امام بخاری نے اپنی صحیح سند میں یہ الفاظ درج نہیں کئے۔اس تحقیق کے پیش نظر حافظ ابن حجر فرماتے ہیں جن احادیث میں ''تقتلک الفئة الباغیه''۔ (تم کو باغی گروہ قتل کرے گا) کی زیادتی ہے' وہ مدرج ہے یعنی رسول اللہ ﷺ کا کلام نہیں ہے' بلکہ راویوں نے اپنی طرف سے یہ زیادتی حدیث میں ملا دی ہے۔(فتح الباری ج۲ص۸۹)

جب یہ ثابت ہو گیا کہ اصل حدیث یوں ہے'' عمار لوگوں کو جنت کی دعوت دیں گے اور وہ ان کو دوزخ کی'' تو اس کو حضرت معاویہ ﷺ کی طرف متوجہ کرنا صحیح نہیں ہے بلکہ یہ مشرکین کی طرف متوجہ ہے یعنی حضرت عمار مشرکین کو جنت کی دعوت دیں گے اور وہ انہیں دوزخ کی طرف بلائیں گے۔

نیز قرآن کریم میں ہے:

فقاتلوا التی تبغی حتیٰ تفیٓ الیٰ امر اللّٰه۔(الحجرات۔۹)

باغی گروہ سے جنگ کرو یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی طرف رجوع کرے۔

marfat.com

اگر حضرت معاویہ باغی ہوتے تو حضرت علی پر لازم تھا کہ وہ ان سے مسلسل جنگ کرتے یہاں تک کہ وہ حضرت علی کی خلافت کو مان لیتے لیکن حضرت علی نے ایسا نہیں کیا بلکہ جنگ موقوف کردی اس سے معلوم ہوا کہ حضرت علی کے نزدیک حضرت معاویہ باغی نہیں تھے ورنہ فاتح خیبر اور اسد اللہ الغالب ان سے کبھی جنگ موقوف نہ کرتے بلکہ قرآن کریم کے حکم کے مطابق اخیر دم تک ان سے لڑتے رہتے یہاں تک کہ کامیاب ہوجاتے یا راہ حق میں شہید ہوجاتے۔

قرآن کریم کی اس نص صریح اور بخاری کی صحیح روایت اور مسند بزاز کی تصریح سے ثابت ہوا کہ حضرت معاویہ معاذ اللہ باغی نہ تھے بلکہ مجتہد تھے اور "من قتل مظلوماً فقد جعلنا الولیہ سلطانا"۔ جو شخص مظلوماً شہید ہو اس کے ولی کو ہم نے قصاص کا حق دیا ہے' کے بموجب قصاص عثمان کا مطالبہ کررہے تھے"۔ (مقالات سعیدی ص ۲۶۲، ۲۶۳)

مناظر اسلام علامہ سید محمد عرفان شاہ مشہدی اپنے مناظرہ مانچسٹر کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"مناظرہ مانچسٹر میں فریق مخالف کے مناظر کی بڑی دلیل جس نے اسے بہت غلط فہمی میں مبتلا کر رکھا تھا' یہی دلیل تھی۔ اس الزام کے جواب میں مستقل کتاب لکھے جانے کی ضرورت ہے مگر یہاں اختصار ملحوظ رکھتے ہوئے چند باتیں لکھی جاتی ہیں۔

پہلی بات' یہ الزام اس وقت صحیح ہوگا جب اس کی کوئی تاویل نہ کی جاسکتی ہو۔ لیکن یہ اگر صحیح ہی نہ ہو تو پھر اس سے استدلال ہی درست نہ ہوگا۔

"والامر کذالك فان فی سنده ضعفا یسقط الاستدلال به"۔

کیونکہ اس کی سند میں ضعف ہے اس وجہ سے اس روایت سے استدلال

marfat.com

ساقط ہوگیا۔ رہی یہ بات کہ ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے تو ان کی توثیق اس کی تضعیف کرنے والوں کے ہم پلہ نہیں ہوسکتی کیونکہ ابن حبان توثیق میں بہت سست شمار ہوتے ہیں۔ (تطہیر الجنان ص ۳۵)

اس حدیث کی سند میں مندرجہ ذیل راوی ہیں۔ مسدد، عبدالعزیز بن مختار، خالد الحزاء اور عکرمہ۔

۱) مسدد۔ امام ذہبی اس کے متعلق لکھتے ہیں کہ: "قَالَ الْقَطَّانِیْ فِیْهِ تَسَاهُلٌ" قطانی نے کہا: مسدد میں تساہل پایا جاتا ہے۔ (میزان الاعتدال ص ۱۶۲ ج ۳)

محدثین کے نزدیک تساہل کی صفت روایت کو نا قابل اعتبار ٹھہراتی ہے۔

۲) عبدالعزیز بن مختار: امام ذہبی لکھتے ہیں احمد بن زہیر کہتے ہیں۔ اِنَّهُ لَیْسَ بِشَیْءٍ۔ وہ کچھ بھی نہیں۔ (میزان الاعتدال ص ۱۳۹ ج ۲)

شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں کہ ابن ابی خثیمہ ابن معین سے روایت کرتے ہیں۔ لیس بشیء۔ یہ کچھ بھی نہیں۔ (تہذیب التھذیب ص ۳۵۶ ج ۶)

۳) خالد الحزاء۔ امام ذہبی لکھتے ہیں کہ ابو حاتم نے کہا: "لا یحتج به" یہ قابل احتجاج نہیں ہے۔ امام احمد بن حنبل کہتے ہیں کہ ابن علیہ سے اس حدیث کے متعلق دریافت کیا گیا کہ خالد اس کی روایت کرتا ہے اور ہم نے اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دی۔ ضعف ابن علیہ امر خالد ابن علیہ نے خالد کو ضعیف کہا ہے۔ (میزان الاعتدال ص ۱۰۳ ج ۱)

۴) عکرمہ مولا ابن عباس: اس کا نام عکرمہ البربری ابو عبداللہ المدنی مولا ابن عباس ہے۔ علامہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں۔ یحییٰ بکاء کہتے ہیں۔ میں نے ابن عمر کو اپنے شاگرد نافع سے یہ کہتے ہوئے سنا۔ اے نافع! تجھ

marfat.com

پر افسوس اللہ سے ڈرو۔ "لا تکذب علی کما کذب عکرمۃ علی ابن عباس"۔ مجھ پر جھوٹ نہ باندھنا جیسا کہ عکرمہ نے ابن عباس پر باندھا ہے۔ (تہذیب التہذیب ص۲۶۰ ج۷)

امام ذہبی لکھتے ہیں کہ عبداللہ بن حارث، علی بن عبداللہ بن عباس کے پاس گئے تو دیکھا کہ عکرمہ دروازے پر بندھا ہوا ہے تو میں نے ان سے کہا کہ اللہ کا خوف کریں تو انہوں نے کہا "ان ھذا الخبیث یکذب علی ابی یہ خبیث میرے والد پر جھوٹ باندھتا ہے"۔

مصعب بن زبیر نے کہا کہ: "کان عکرمۃ یری رای الخوارج عکرمہ خوارج کا نظریہ رکھتا تھا"۔ (میزان الاعتدال ص۲۰۸ ج۲)

اس تفصیل سے زیر بحث حدیث کے رواۃ کی اصلیت و حقیقت اور سیرت و کردار واضح ہو گیا ہے۔ جو راوی نا قابل اعتبار "لیس بشی ء" نا قابل احتجاج، غیر ثقہ، جھوٹے اور خارجی ہوں تو ان کی روایت سے حضرت معاویہؓ کے خلاف کیسے استدلال کیا جا سکتا ہے۔

مودودی نے اس حدیث کے رواۃ میں ایک نام حضرت ابو ایوب انصاری کا بھی نقل کیا ہے۔ (خلافت و ملوکیت ص۱۳۷) حضرت علامہ جلال الدین سیوطی نے پوری سند کے ساتھ اس روایت کو نقل کر کے اسے موضوع قرار دیا ہے۔ علامہ سیوطی اس روایت کے آخر میں لکھتے ہیں:

"موضوع والمعلی متروک یضع و ابو ایوب لم یشھد صفین" (کتاب لوالی المصنوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ ص۲۴۱) کہ یہ سب من گھڑت روایت ہے کیونکہ اس روایت کی سند میں المعلی بن عبدالرحمٰن ایسا راوی ہے جس کی روایت کو متروک کہا گیا ہے کیونکہ یہ اپنی طرف سے حدیثیں وضع کرتا تھا۔

marfat.com

دوسری بات کہ ابوایوب انصاری جواس روایت میں مرکزی کردار ہیں سرے سے جنگ صفین میں شامل ہی نہیں ہوئے اور غیر جانبدار صحابہ کے گروہ میں شامل رہے۔

علامہ ابن حجر العسقلانی معلی بن عبدالرحمٰن کے متعلق لکھتے ہیں،
یحییٰ بن معین کہتے ہیں کہ اسے موت کے وقت استغفار کیلئے کہا گیا تو اس نے کہا مجھے اپنی مغفرت کی کوئی امید نہیں کیونکہ میں نے حضرت علی کی فضیلت میں ستر احادیث گھڑی ہیں۔ (تہذیب التہذیب ص ۲۳۸)

صحیح بخاری کی زیر بحث حدیث میں دو مضمون بیان ہوئے ہیں ایک "تقتلہ الفئة الباغیہ" عمار کو باغی گروہ قتل کرے گا اور دوسرا "یدعوھم الی الجنة ویدعونہ الی النار" وہ تو باغی گروہ کو جنت کی طرف دعوت دیں گے اور باغی گروہ انہیں جہنم کی طرف بلا رہا ہوگا۔ یہ جملہ اگر فی الواقع آپ ہی کا ارشاد ہے تو اس جملے کا تعلق حضرت عمارؓ کے ابتدائی اور آزمائشی دور کے ساتھ ہے۔ جسے راویوں نے اپنی کرشمہ سازیوں سے جنگ صفین کے ساتھ جوڑ دیا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ جملہ صحیح بخاری کے اصل متن و نسخے میں موجود ہی نہیں۔ اسے بعد میں کسی راوی نے اپنی مخصوص ذہنیت کے پیش نظر اصل حدیث کا حصہ بنا دیا۔

علامہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ مذکورہ الفاظ کی زیادتی حمیدی نے اپنی جمع میں ذکر نہیں کی اور کہا کہ بخاری نے اسے بالکل ہی ذکر نہیں کیا اور یوں ہی ابو مسعود نے بھی کہا کہ حمیدی کا کہنا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ بخاری کو یہ زیادتی ملی ہی نہ ہو یا ملی ہو لیکن جان بوجھ کر اسے حذف کر دیا ہو۔ ہاں اسماعیلی اور برقانی نے اس حدیث میں مذکورہ

marfat.com

زیادتی کی ہو میں کہتا ہوں بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ امام بخاری نے اسے جان بوجھ کر حذف کیا ہے اور ایسا انہوں نے ایک باریک نقطے کی بنا پر کیا ہے وہ یہ کہ ابوسعید خدری ﷺ نے یہ اعتراف کیا کہ یہ زیادتی میں نے نبی کریم علیہ السلام سے نہیں سُنی۔ "فدل علی انها فی هذه الروایة مدرجة" تو یہ اس امر کی دلیل ہے کہ مذکورہ زیادتی اس روایت میں بعد میں درج کی گئی اور جس روایت میں یہ زیادتی ذکر کی گئی ہے وہ بخاری کی شرط پر پوری نہیں اترتی اس زیادتی کو بزاز نے داؤد بن ابی ہند عن ابی نذرہ عن ابی سعید کی سند سے ذکر کیا ہے۔ یہ حدیث مسجد کی تعمیر میں ایک ایک اینٹ اٹھاتے وقت ذکر ہوئی اور اس میں یہ بھی ہے کہ ابوسعید کہتے ہیں مجھ سے میرے ساتھیوں نے یہ زیادتی بیان کی۔ "ولم اسمعه من رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قال ابن سمیعة تقتلك الفئة الباغیة"۔ اور میں نے اسے خود آنحضرت ﷺ سے نہیں سنا کہ آپ نے فرمایا ہو کہ اے ابن سمیہ تجھے باغی گروہ قتل کرے گا۔ امام بخاری نے اسی قدر الفاظ حدیث پر اختصار فرمایا جس قدر ابوسعید خدری ﷺ نے آنحضرت ﷺ سے سنے تھے۔ اور یہی چیز اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ کتنے زیرک تھے اور حدیث کی علتوں پر انہیں کتنا عبور تھا۔ (فتح الباری ص ۵۴۳۔۵۴۴ ج۱)

حضرت ابوسعید خدری ﷺ کے اس ارشاد کے مطابق بات صرف اتنی تھی کہ سرکار دوعالم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب عمار کو دوسرے سب لوگوں سے زیادہ مشقت کرتے پایا اور وہ زیادہ تھکے ماندے معلوم ہوتے تھے تو آپ کی محبت نے جوش مارا اور ازراہ ہمدردی آگے بڑھ کر ان کے کپڑوں سے مٹی جھاڑتے ہوئے فرمایا:

marfat.com

اُف عمار! تم نے یہ کیا حال بنا رکھا ہے اور بس۔ اس کے آگے ساری عبارت الحاقی ہے۔ کیونکہ "یدعوھم الی الجنۃ ویدعونہ الی النار" کے الفاظ صرف عکرمہ کی روایت میں ہی پائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی دوسرا راوی یہ الفاظ نقل نہیں کرتا اور عکرمہ کا حال اوپر بتایا جاچکا ہے۔

اب سوال یہ ہے کہ کیا حضرت عائشہ صدیقہ، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت معاویہ، حضرت عمرو بن العاص اور ان کے حامی دیگر صحابہ کی دعوت جنت یا اللہ کی طرف نہیں تھی؟ کیا ان کی دعوت قرآن اور اسلام کے خلاف تھی؟ کیا حضرت معاویہ ہی عمار کے مخالف تھے یا وہ تمام صحابہ و تابعین بھی جو جنگ جمل اور صفین میں ان کے مقابلے میں آئے؟ ظاہر ہے کہ یہ اپنے ہر مخالف کو جنت کی طرف بلاتے رہے کیا ایک لحہ کیلئے بھی یہ خیال کیا جاسکتا ہے کہ سیدہ عائشہ صدیقہ، حضرت طلحہ، حضرت زبیر، حضرت معاویہ اور حضرت عمرو بن العاص وغیرہم جہنم کی طرف دعوت دیتے رہے؟ یدعوھم اور یدعونہ کے الفاظ ہی اس کے موضوع اور من گھڑت ہونے کی شہادت دے رہے ہیں۔ جبکہ حضرت علی سے صفین کے مقتولین کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: "قتلانا وقتلھم فی الجنۃ" (مصنف ابن ابی شیبہ ص ۳۰۳ ج ۱۵) یعنی ہمارے مقتولین اور معاویہ کے مقتولین دونوں جنتی ہیں۔

امام جعفر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی اپنے ساتھ جنگ کرنے والوں کے متعلق فرمایا کرتے تھے کہ ہم نے ان سے ان کے کفر کی بنا پر جنگ نہیں کی اور نہ ہی انہوں نے ہمارے کفر کی وجہ سے ہمارے ساتھ جنگ کی لیکن ہم اپنے آپ کو حق پر سمجھتے تھے اور وہ اپنے آپ کو برحق سمجھتے تھے۔ (قرب الاسناد، ص ۴۵ ج ۱)

marfat.com

ان حوالہ جات کی رو سے بھی زیرِ بحث حدیث کا دوسرا جملہ غلط ثابت ہوتا ہے"۔

(سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اہل حق کی نظر میں ص ۱۰۳ تا ۱۱۱)

مشہور محقق علامہ محمد علی صاحب جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور نے بھی اپنی کتاب (دشمنانِ امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا علمی محاسبہ ج ۲ ص ۱۱۳ تا ۱۵۹) میں اس جرح کو نہایت تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ جس سے اس روایت کی حقیقت خوب ظاہر ہو جاتی ہے۔

اور علامہ ابن حجر مکی ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ بطور تاویل فرماتے ہیں:

"انتہائی نتیجہ جو اس حدیث سے نکل سکتا ہے یہ ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی باغی ہوں اور یہ اوپر بیان ہو چکا ہے کہ باغی ہونا ان کیلئے کچھ نقص نہیں ہے اور باوجود اس کے بھی وہ لوگ مستحق ثواب ہیں[1] گنہگار نہیں۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ مجتہد جب اجتہاد کرے اور اس سے خطا ہو جائے تو (بھی) اس کو ایک ثواب ملتا ہے اور یہ بات خوب بسط سے بیان ہو چکی ہے کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مجتہد تھے اور اعلیٰ درجہ کے مجتہد تھے انہوں نے اس حدیث کی تاویل بھی ایسی کی ہے جو قطعی البطلان نہیں ہے"۔

(سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۲۷)

علامہ شفقات احمد نقشبندی انہی سے نقل کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

"محدث ابن حجر ہیثمی لکھتے ہیں کہ جب یہ حدیث جناب امیر معاویہ کو سنائی گئی تو آپ نے فرمایا: "اَنَحْنُ قَتَلْنَاهُ اِنَّمَا قَتَلَهُ مَنْ جَاءَ بِهٖ فَاَلْقُوْهُ بَيْنَ رِمَاحِنَا فَصَارَ مِنْ عَسْكَرِ مُعَاوِيَةَ"۔ (تطہیر الجنان ص ۳۳) حقیقت یہ ہے کہ حضرت عمار کو ہم نے قتل نہیں کیا بلکہ ان کو تو ان ہی کے لوگوں نے قتل کیا تھا جو ان کے ساتھی تھے اور وہ لوگ آپ

---

[1] اور مستحق ثواب جنت کا حقدار ہوتا ہے دوزخ کا نہیں۔

marfat.com

کو شہید کر کے ہمارے درمیان پھینک گئے۔ اس طرح آپ کا قتل لشکر معاویہ کے ذمہ لگ گیا (یاد رہے معتبر تواریخِ اسلام سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لشکر میں کچھ شرپسند عناصر بھی شامل ہو گئے تھے۔ دراصل وہی جنگ کا سبب بھی بنے تھے۔ ہوسکتا ہے کہ انہوں نے ہی آپ کو ہجوم میں شہید کر دیا ہو) اس طرح تو معاملہ ویسے ہی بالکل صاف ہو جاتا ہے کہ جن شرپسندوں نے آپ کو شہید کیا تھا واقعی وہ باغی گروہ تھا۔ جن کا تعلق حقیقی طور پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی نہیں تھا بلکہ محض انتشار پیدا کرنے کی خاطر وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لشکر میں شامل ہو گئے تھے"۔ (مناقب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ ص ۱۰۰)

آپ نے علمائے اسلام کی تصریحات ملاحظہ فرمائی ہیں جو مسئلہ کی وضاحت کیلئے کافی وشافی ہیں۔ پھر بھی احقاق حق اور ابطال باطل کیلئے چند مزید گزارشات پیش کی جاتی ہیں آپ دیکھیں گے کہ یہ روایت کئی وجوہ سے درست نہیں۔ ملاحظہ فرمائیں:

۱) وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جو اس وقت غیر جانبدار رہے تھے یا صحابہ کرام جنگ صفین میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے لشکر میں شامل ہو کر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے لڑ رہے تھے انہوں نے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد رجوع نہیں کیا تھا اور فیصلہ تبدیل کر کے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ شامل نہیں ہو گئے تھے۔ شیخ الاسلام امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

اس وقت حق اتنا مشتبہ اور غیر واضح تھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت اس معاملے میں حیران رہ گئی (کوئی فیصلہ نہ کر سکی) دونوں فریقوں سے الگ رہی اور لڑائی میں شریک نہ ہوئی اور اگر ان صحابہ رضی اللہ عنہم کے سامنے اس وقت حق یقینی طور پر واضح ہو جاتا تو وہ اس کی

marfat.com

نصرت سے پیچھے نہ رہتے"۔

(نووی۔ شرح مسلم ج ۲ص ۳۹۰ کتاب الفتن)

اور حقیقت یہی ہے جو امام نووی نے بیان فرمائی۔ خصوصاً دور صحابہ میں کوئی ایسا فیصلہ نہیں ملتا۔ حتیٰ کہ جنگ صفین میں خاص حضرت عمار بن یاسر ؓ کی شہادت سے بھی ان پر کوئی دلیل واضح نہ ہوئی۔ اگر یہ روایت صحابہ کرام کی کثیر جماعت نے سنی ہوتی اور انہیں اس کی صحت پر یقین ہوتا تو پھر ان کو فیصلہ پر نظر ثانی کر لینا چاہیے تھی اور ان سب کو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مل جانا چاہیے تھا۔ جبکہ ایسا نہیں ہوا۔ خود مولانا مودودی صاحب بھی ایسے کسی ایک صحابی کا نام نہیں لکھ سکے کہ فلاں صحابی نے فلاں وقت رجوع کا اعلان کر دیا تھا اور فیصلہ تبدیل کر لیا تھا۔

۲) حضرت عمار بن یاسر ؓ کی شہادت کے باعث بھی حضرت علی المرتضیٰ ؓ نے اپنا موقف نہیں بدلا اور حضرت معاویہ ؓ کو اسلام کا باغی قرار دے کر ان سے جنگ جاری نہیں رکھی حتیٰ کہ صلح فرمالی۔

۳) صلح کی کوششوں کے دوران بھی یہ روایت بطور دلیل نہیں پیش کی گئی پھر تحکیم اور صلح کے فیصلہ سے تو بخوبی ظاہر ہو رہا ہے کہ حضرت عمار بن یاسر ؓ کی شہادت سے حق و باطل کا امتیاز نہیں ہوا۔ کیونکہ تحکیم (ثالثی) کی ضرورت وہاں پیش آتی ہے جہاں فریقین میں سے کسی ایک کو ترجیح دینے کیلئے صریح نص اور واضح دلیل موجود نہ ہو اور دونوں طرف کے دلائل میں سے کھل کر واضح نہ ہوتا ہو کہ حق پر کون ہے اور باطل پر کون۔ بلکہ تحکیم کا فیصلہ تو دونوں فریقوں کو برابر سطح پر لا کھڑا کرتا ہے اور اگر مولانا مودودی وغیرہ معترضین کے بقول حضرات صحابہ کرام پر اس شہادت سے یہ بات واضح ہوگئی ہوتی کہ حق کس جانب ہے تو تحکیم کی ضرورت ہی نہیں تھی حالانکہ تحکیم عمل میں آئی گویا حضرت عمار بن یاسر ؓ کی شہادت سے حق واضح طور پر ظاہر نہ ہوا اور صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم ابھی تک شبہ ہی سے دوچار تھے۔

marfat.com

۴) اگر روایت صحیح ہوتی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں مشہور بھی ہوتی تو امام عالی مقام حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں خلافت سے دستبردار نہ ہوتے اور ان کی بیعت نہ کرتے کہ باغیوں سے دوستی جائز نہیں۔ لہٰذا یہ روایت صحیح نہیں۔

۵) سید المسلمین سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کے حسن تدبیر سے امت کے جن دو عظیم گروہوں میں صلح ہوئی حدیث پاک میں ان دونوں گروہوں کو فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ یعنی مسلمان فرمایا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

اِنَّ ابْنِىْ هٰذَا سَيِّدٌ وَلَعَلَّ اللّٰهُ اَنْ يُّصْلِحَ بِهٖ بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ (صحیح بخاری کتاب الصلح۔ مشکوٰۃ باب مناقب اہل بیت نبی ﷺ)

ترجمہ: میرا یہ بیٹا (حسن) سردار ہے شاید اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی دو بڑی جماعتوں میں صلح کرا دے۔

اسی طرح ایک اور حدیث پاک میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے گروہوں کی آپس میں لڑائی کا ذکر ہے۔ فرمایا:

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ تَكُوْنَ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ وَّدَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ۔ (بخاری ج ۲ ص ۱۰۵۴ کتاب الفتن، مسلم ج ۲ ص ۳۱۰ کتاب الفتن)

ترجمہ: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ (مسلمانوں کی) دو بڑی جماعتیں لڑ نہ لیں۔ ان کے درمیان شدت کی لڑائی ہوگی۔ دعویٰ ان کا ایک ہوگا۔

اعتراض میں جو روایت پیش کی گئی ہے اس میں "تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ" کہا گیا اور اس کی صحت میں سخت انکار موجود ہے۔ جیسا کہ اوپر نقل کیا گیا ہے جبکہ صحیح حدیث پاک میں فِئَتَيْنِ عَظِيْمَتَيْنِ یعنی ہر گروہ کیلئے "فِئَةٌ عَظِيْمَةٌ" فرمایا گیا "فئة الباغية" نہیں۔ بلکہ حدیث پاک کے علاوہ قرآن کریم میں بھی باہم لڑنے والے دونوں گروہوں کو مسلمان ہی فرمایا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ

(الحجرات۔۹)

marfat.com

ترجمہ: اور اگر مسلمانوں کے دو گروہ آپس میں لڑیں تو ان میں صلح کراؤ۔

(کنز الایمان)

پس اب تو خوب کھل گیا کہ معترض کا اعتراض درست نہیں اور ایک گروہ کو "فئة الباغية" قرار دینا قرآن وحدیث کی مخالفت بھی ہے اور حضرت امیر معاویہ ﷺ اور ان کے معاونین صحابہ کرام یا تابعین عظام پر حرف گیری بھی' جو انہیں برا بھلا کہنے یعنی گالیاں دینے کے مترادف ہے۔ حالانکہ مولانا مودودی خود نہ صرف دونوں فریقوں کو نیک نیت لکھ چکے ہیں بلکہ انہیں برا بھلا کہنے (گالیاں دینے) کو بدتمیزی بھی قرار دے چکے ہیں۔ مولانا مودودی صاحب فرماتے ہیں:

"بے شک وہ جنگ جمل وصفین میں ایک دوسرے کے خلاف نبرد آزما ہوئے ہیں مگر کیا دنیا کی کسی خانہ جنگی میں آپ فریقین کو ایک دوسرے کے ساتھ لڑتے ہوئے بھی ایک دوسرے کا وہ احترام ملحوظ رکھتے دیکھتے ہیں جو ان بزرگوں کی لڑائی میں نظر آتا ہے وہ نیک نیتی کے ساتھ اپنے آپ کو حق بجانب سمجھتے ہوئے لڑے تھے۔۔۔۔ ان کے دلوں میں ایک دوسرے کی قدر، عزت، محبت، اسلامی حقوق کی مراعات اس شدید خانہ جنگی کی حالت میں بھی جوں کی توں برقرار رہی اس میں سرمو فرق نہ آیا۔ بعد کے لوگ کسی کے حامی بن کر ان میں سے کسی کو گالیاں دیں تو یہ ان کی اپنی بدتمیزی[1] ہے"۔ (رسائل ومسائل ج سوم ص ۱۷۱،۱۷۲)

۶) سیدنا امام حسن ﷺ کی صلح اور حضرت امیر معاویہ کے حق میں خلافت سے دستبرداری کے بعد صحابہ کرام اور تابعین عظام بلکہ جمیع افراد امت نے حضرت امیر

---

[1] افسوس مولانا مودودی خود ہی کبھی تو انہیں فئة الباغية قرار دے کر برا بھلا کہتے ہیں اور کبھی غیر آئینی اور غیر شرعی فعل کا مرتکب ہونے کا الزام دیتے ہیں۔ استغفر اللہ۔ کاش مودودی صاحب اپنے اس آئینے میں کبھی اپنا چہرہ بھی دیکھ لیتے۔

marfat.com

معاویہ ﷛ کو اپنا امیر تسلیم کیا۔ فرقہ بندی ختم ہوئی۔ امت پھر سے ایک پرچم تلے متحد و متفق ہوگئی اور وہ سال "عام الجماعۃ" کے نام سے موسوم ہوا۔ دیکھئے محدث جلیل امام ابن حجر مکی ہیتمی نقل فرماتے ہیں۔

"یہ بات کسی سے پوشیدہ نہیں کہ اس سے بھی حضرت معاویہ کے شرف اور حقیقت خلافت کو تقویت ملتی ہے کہ آپ حضرت حسن ﷛ کی دستبرداری کے بعد خلیفہ ہوئے۔ آپ کی خلافت سے دستبرداری اور حضرت معاویہ کا خلافت پر استقرار ربیع الآخر جمادی الاولیٰ ۴۱ھ میں ہوا۔ اس سال کو خلیفہ واحد کے ہاتھ پر اجتماع امت کی وجہ سے "عام الجماعۃ" کہا جاتا ہے"۔ (الصواعق المحرقہ اردو ص ۲۷۷)

اب دیکھئے مولانا مودودی وغیرہ کا اعتراض اور ان کی پیش کردہ روایت کا حال کہ صحابہ کرام کا بقول ان کے اس مشہور روایت سے متاثر ہو کر اور حضرت عمار ﷛ کی شہادت سے سبق سیکھ کر حضرت امیر معاویہ ﷛ کی حمایت چھوڑنے کے بجائے تمام کے تمام صحابہ نے انہیں اپنا امیر تسلیم کیا اور ان کی اطاعت بجالاتے رہے۔

۷) حدیث پاک اور فرمان جناب علی المرتضیٰ ﷛ کے مطابق ان دونوں جماعتوں کا دعویٰ اور دعوت ایک تھی۔ متضاد یا مختلف نہ تھی دوبارہ ملاحظہ ہو حدیث رسول کریم ﷺ فرمایا:

لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ تَكُوْنُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ دَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ۔ (بخاری کتاب الفتن، مسلم کتاب الفتن)

ترجمہ: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ (مسلمانوں کی) دو بڑی جماعتیں لڑ نہ لیں۔ ان کے درمیان شدت کی لڑائی ہوگی۔ دعویٰ ان کا ایک ہوگا۔

اور جناب سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ نے جنگ صفین کے بعد اپنے حکام کو

marfat.com

یہ فرمان جاری فرمایا:

"وَالظَّاهِرُ اَنَّ رَبَّنَا وَاحِدٌ وَنَبِیَّنَا وَاحِدٌ وَدَعْوَتَنَا فِی الْاِسْلَامِ وَاحِدَةٌ وَلَا نَسْتَزِیْدُهُمْ فِی الْاِیْمَانِ بِاللّٰهِ وَالتَّصْدِیْقِ بِرَسُوْلِهٖ وَلَا یَسْتَزِیْدُوْنَنَا اَلْاَمْرُ وَاحِدٌ اِلَّا مَااخْتَلَفْنَا فِیْهِ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ وَنَحْنُ مِنْهُ بَرَاءٌ"۔

ترجمہ: ظاہر میں ہم سب کا پروردگار ایک تھا۔ ہمارا نبی ایک تھا ہماری دعوت اسلام ایک تھی نہ ہم ان سے ایمان باللہ اور تصدیق بالرسول میں کسی اضافے کا مطالبہ کرتے تھے نہ وہ ہم سے کرتے تھے (اس معاملہ میں) ہم سب ایک تھے اختلاف تھا تو صرف عثمان رضی اللہ عنہ کے خون میں اختلاف تھا حالانکہ اس خون سے ہم بالکل بری الذمہ تھے۔

(نہج البلاغہ مع ترجمہ وتشریح حصہ دوم نمبر ۵۸ ص ۸۲۲)

اب جب دونوں کی دعوت ایک ہی تھی تو ماننا ہوگا کہ یہ دونوں گروہ ہی جنت کی طرف بلانے والے تھے۔ لہٰذا یہاں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کے گروہ کے بارے میں یہ کہنا کہ حضرت عمار ان کو جنت کی طرف بلاتے تھے اور وہ حضرت عمار رضی اللہ عنہ کو دوزخ کی طرف بلاتے تھے۔ قطعاً درست نہ رہا۔ معلوم ہوا کہ معترضین کی پیش کردہ روایت ہی صحیح نہیں ہے اور کم از کم یہ تو کہنا پڑے گا اس کو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کے گروہ پر منطبق کرنا درست نہیں ہے۔

۸) معترضین کی پیش کردہ یہ روایت کہ عمار لوگوں کو جنت کی دعوت دیں گے اور وہ عمار کو جہنم کی طرف بلائیں گے۔ حضرت امیر معاویہ اور ان کے حمایتی صحابہ وتابعین پر منطبق کرنا اس لحاظ سے بھی درست نہیں کہ سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے دونوں طرف کے مقتولین کو جنتی فرمایا ہے۔ ملاحظہ ہو آپ فرماتے ہیں:

۱) قَتْلَایَ وَقَتْلٰی مُعَاوِیَةَ فِی الْجَنَّةِ رواہ الطبرانی۔

marfat.com

(تطہیر الجنان۔۱۹)

ترجمہ: میری اور معاویہ کی جنگ میں قتل ہونے والے (دونوں طرف کے لوگ) جنتی ہیں۔

(ب) قَتْلَانَا وَقَتْلَاهُمْ فِي الْجَنَّةِ۔

(مصنف ابن ابی شیبہ ج ۱۵ص ۳۰۳ بحوالہ دشمنانِ امیر معاویہ کا علمی محاسبہ ج ۲ص ۱۵۲)

ترجمہ: ہمارے اور ان کے مقتولین دونوں جنت میں ہیں۔

فرمائیے جب دونوں طرف کے مقتول لوگ جنتی ہیں تو جہنم کی دعوت دینے والا کون تھا۔ ان دونوں گروہوں میں سے گویا ہر ایک کی دعوت جنت کی طرف تھی اسی لئے تو دونوں کو جنتی فرمایا گیا۔ اگر کسی نا ہنجار کو حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کے فرمان عالیشان پر بھی یقین اور اطمینان نہیں تو ہم اس کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں۔ باب مدینۃ العلم حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کی بہ نسبت ان معترضین کو رد کرنا آسان ہے۔ بلکہ آپ کی حمایت کیلئے معترضین کو مع ان کے اعتراض کے رد کرنا ضروری ہے۔ اس لئے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی حمایت درحقیقت حق کی حمایت ہے۔

۹) قرآن وحدیث اور آرائے اہلسنّت کے مطابق حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور ان کے معاونین صحابہ وتابعین دوزخی نہیں بلکہ جنتی ہیں تو پھر مودودی ایسے معترضین کے بغض وعناد پر مبنی خیالات اور گھٹیا اعتراضات کی طرفداری اور شاتمان صحابہ کی حمایت کیوں کی جائے۔ ان کے اعتراض کو درست ماننا گویا قرآن وحدیث اور معتقدات اہلسنّت کو غلط کہہ کر اہلسنّت سے خارج ہونا ہے۔

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

''سب سے پہلے آدمی کو فرقہ ناجیہ اہلسنّت وجماعت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی رائے کے مطابق جو کہ مسلمانوں کی سب سے بڑی جماعت ہے' عقیدے کا درست کرنا لازمی ہے تاکہ اخروی نجات و

marfat.com

کامیابی متصور ہو سکے۔ اور بد اعتقادی جو اہلسنت کے عقیدہ کے خلاف ہے سم قاتل ہے۔ جو ابدی موت اور دائمی عذاب تک پہنچاتی ہے اور اگر عمل میں کچھ کوتاہی اور سستی ہو تو اس کی بخشش کی امید ہو سکتی ہے۔ لیکن اگر عقیدہ میں سستی ہو تو اس کی معافی کی امید نہیں ہے''۔

(مکتوبات امام ربانی مکتوب نمبر ۲۷ دفتر دوم حصہ ہفتم)

اور محدث جلیل امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''حدیث پاک میں حضرت نبی کریم ﷺ نے جو دعا فرمائی ہے اس پر غور کیجئے کہ: ''اے اللہ! معاویہ کو ہادی اور مہدی بنا دے'' اور آپ یہ جانتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے۔ جس سے حضرت معاویہ کی فضیلت کے بارے میں حجت پکڑی جا سکتی ہے اور ان لڑائیوں کی وجہ سے آپ پر کوئی حرف نہیں آ سکتا۔ کیونکہ وہ اجتہاد پر مبنی تھیں اور ان کا انہیں ایک بار اجر ملے گا.....

ان کی فضیلت پر دلالت کرنے والی وہ دعا بھی ہے جو دوسری حدیث میں آپ کیلئے کی گئی ہے کہ انہیں علم ملے اور عذاب سے بچائے جائیں۔ (اَللّٰهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتٰبَ وَالْحِسَابَ وَقِهٖ الْعَذَابَ) اور بلا شبہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا مستجاب ہوتی ہے۔ اس سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ حضرت معاویہ کو ان جنگوں کی وجہ سے کوئی عذاب نہ ہوگا''۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص ۷۲۳)

حضرت عمر بن عبدالعزیز ﷺ جنہیں خلفائے راشدین میں شمار کیا جاتا ہے' کا ایک واقعہ ملاحظہ ہو۔

''عَنْ عمر بن عبدالعزیز رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

marfat.com

وَسَلَّمَ وَاَبُوْبَكْرٍ وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا جَالِسَانِ عِنْدَهٗ فَسَلَّمْتُ وَجَلَسْتُ فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ اُتِيَ بِعَلِيٍّ وَمُعَاوِيَةَ فَاُدْخِلَا بَيْتًا وَاُجِيفَ عَلَيْهِمَا الْبَابُ وَاَنَا اَنْظُرُ فَمَا كَانَ بِاَسْرَعَ مِنْ اَنْ خَرَجَ عَلِيٌّ وَهُوَ يَقُوْلُ لِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ وَمَا كَانَ بِاَسْرَعَ مِنْ اَنْ خَرَجَ مُعَاوِيَةُ عَلٰى اَثَرِهٖ وَهُوَ يَقُوْلُ غُفِرَلِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ۔

ترجمہ: حضرت عمر بن عبدالعزیزؓ کہتے ہیں۔ میں نے خواب میں سرکارِ دو عالم ﷺ کی زیارت کی اور ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ میں نے سلام عرض کیا اور بیٹھ گیا اس دوران حضرت علی المرتضیٰ اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہما کو لایا گیا۔ انہیں دروازے سے اندر داخل کیا گیا اور دروازہ بند کر دیا گیا۔ تھوڑی دیر بعد علی المرتضیٰؓ باہر تشریف لائے اور کہہ رہے تھے۔ خدا کی قسم! میرے حق میں فیصلہ کیا گیا ہے۔ پھر تھوڑی دیر کے بعد امیر معاویہؓ بھی آگئے اور وہ کہہ رہے تھے رب کعبہ کی قسم! مجھے معاف کیا گیا ہے''۔

(کتاب لمزدرح مصنف ابن قیم ص ۲۶ بحوالہ دشمنان امیر معاویہؓ کا علمی محاسبہ ج ۲ ص ۱۵۸۔۱۵۹، کمالات اصحاب رسول ﷺ اردو ترجمہ الاسالیب البدیعہ فی فضل صحابہ واقناع الشیعہ ص ۲۰۰ بحوالہ کتاب المنامات از ابن ابی الدنیا)

اعتراض ۴ (طعن مودودی)

آپ نے حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے تقویٰ اور عدالت پر بھی گفتگو کی ہے اور لکھا ہے کہ سب کے سب صحابہ کرام متقی اور عادل تھے اور یہ کہ ''اَلصَّحَابَةُ كُلُّهُمْ عُدُوْلٌ'' اہلسنت کا اجماعی عقیدہ ہے۔ جبکہ بانی جماعت اسلامی مولانا مودودی فرماتے ہیں:

marfat.com

''صحابہ کرام کے متعلق میرا عقیدہ بھی وہی ہے جو عام محدثین و فقہا اور علمائے امت کا عقیدہ ہے کہ "کُلُّھُمْ عُدُوْلٌ" ''ظاہر ہے کہ ہم تک دین پہنچنے کا ذریعہ وہی ہیں۔ اگر ان کی عدالت میں ذرہ برابر بھی شبہ پیدا ہو جائے تو دین ہی مشتبہ ہو جاتا ہے۔ لیکن میں "الصحابة كلهم عدول" (صحابہ سب راست باز ہیں) کا مطلب یہ نہیں لیتا کہ تمام صحابہ ؓ بے خطا اور ان میں کا ہر ایک ہر قسم کی بشری کمزوریوں سے بالا تر تھا' اور ان میں سے کسی نے کبھی کوئی غلطی نہیں کی ہے۔ بلکہ میں اس کا مطلب یہ لیتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرنے' یا آپ کی طرف کوئی بات منسوب کرنے میں کسی صحابی ؓ نے کبھی راستی سے ہرگز تجاوز نہیں کیا ہے''۔ (خلافت و ملوکیت ص ۳۰۳)

اب مولانا مودودی صاحب نے یہاں جو اجماع امت سے اختلاف کیا ہے اور الگ رائے دی ہے۔ اس کے بارے میں آپ کیا کہیں گے؟

جواب

اس میں شک نہیں کہ جناب رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سب کے سب متقی اور عادل تھے اس پر گزشتہ صفحات میں دو عنوانات ''بڑے متقی اور عادل ہیں''۔ اور ''کفر و فسق کا شائبہ تک نہیں'' کے تحت قرآن کریم کی متعدد آیات کی روشنی میں مفصل گفتگو کی گئی ہے اور یہ کہ "اَلصَّحَابَۃُ کُلُّھُمْ عُدُوْلٌ" اہلسنت کا اجماعی عقیدہ ہے تو اسے بھی اکابر علمائے امت کی معتبر آراء سے مدلل طور پر بیان کیا گیا ہے۔ اور دلچسپ بات یہ ہے کہ اعتراض سے پہلے مولانا مودودی صاحب خود بھی اسے علمائے امت کا عقیدہ لکھ چکے ہیں اور اسے اجماعی اور متفقہ عقیدہ تسلیم کر چکے ہیں۔ وہ فرماتے ہیں:

marfat.com

''صحابہ کرام کے متعلق میرا عقیدہ بھی وہی ہے جو عام محدثین، فقہاء اور علمائے امت کا عقیدہ ہے کہ **کُلُّهُمْ عُدُوْلٌ**

(خلافت وملوکیت ص ۳۰۳)

مودودی صاحب اسی کی وضاحت میں اس سے آگے کہتے ہیں:

''ظاہر ہے (یعنی اس کی وجہ ظاہر ہے) کہ ہم تک دین پہنچنے کا ذریعہ وہی (صحابہ کرام) ہیں اگر اں کی عدالت میں ذرہ برابر بھی شبہ پیدا ہو جائے تو دین ہی مشتبہ ہو جاتا ہے''۔ (خلافت وملوکیت ص ۳۰۳)

گویا مولانا مودودی کے نزدیک صحابہ کرام کے بارے میں عام محدثین وفقہاً اور علمائے امت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ ''**اَلصَّحَابَۃُ کُلُّهُمْ عُدُوْلٌ**'' آگے وضاحت میں یہ کہنا چاہتے ہیں کہ چونکہ ہم تک دین پہنچنے کا ذریعہ صحابہ کرام ہیں۔ لہٰذا ان کے عادل ہونے کا عقیدہ رکھنا یعنی ''**اَلصَّحَابَۃُ کُلُّهُمْ عُدُوْلٌ**'' ماننا ضروری ہے۔ اگر صحابہ کرام کی عدالت میں ذرہ برابر بھی شبہ پیدا ہو جائے تو دین ہی مشتبہ ہو جاتا ہے۔ پس مودودی صاحب کی اس وضاحت کے مطابق جس نے بھی صحابہ کرام کی عدالت میں ذرہ برابر شبہ کیا یعنی انہیں کلی طور پر عادل نہ مانا اس کا دین مشتبہ ہو گیا۔

لیکن حیرت ہے کہ خود مولانا مودودی سب صحابہ کرام کو صحت کے ساتھ حدیث روایت کرنے کے علاوہ ''عادل'' نہیں مانتے۔ بلکہ انہیں روایت حدیث کے علاوہ باقی معمولاتِ زندگی میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے تقویٰ اور عدالت میں شدید شبہ ہے۔ کہتے ہیں:

''لیکن میں ''الصحابۃ کلھم عدول'' (صحابہ سب راست باز ہیں) کا مطلب یہ نہیں لیتا کہ تمام صحابہ بے خطا تھے اور ان میں کا ہر ایک ہر قسم کی بشری کمزوریوں سے بالاتر تھا اور ان میں سے کسی نے کبھی کوئی خطا نہیں کی''۔ (خلافت وملوکیت ص ۳۰۳)

marfat.com

اب قول تو مودودی صاحب کا یہ ہے کہ عدالت صحابہ میں ذرہ برابر شبہ کرنے والے کا دین مشتبہ ہوجاتا ہے اور خود ہیں کہ صرف ذرہ برابر ہی شبہ نہیں کرتے بلکہ سوائے روایت حدیث کے انہیں عادل مانتے ہی نہیں یعنی روایت حدیث کے علاوہ مودودی صاحب کو عدالت صحابہ میں شدید شبہ لاحق ہے گویا بقول خود مولانا مودودی صاحب کا اپنا دین مشتبہ ہوگیا ہے۔ اب جس کا اپنا دین ہی مشتبہ ہوگیا ہو۔ اس کے کسی اعتراض کی حیثیت ہی کیا ہے کہ اسے رد کرنے کی ضرورت پیش آئے۔

دوسری بات یہ کہ مودودی صاحب کی اس تحریر میں ایک شبہ ہی کیا کھلا جھوٹ اور واضح فریب بھی پایا جاتا ہے۔ پہلے کہتے ہیں' صحابہ کرام کے متعلق میرا عقیدہ بھی وہی ہے جو عام محدثین وفقہا اور علمائے امت کا عقیدہ ہے کہ کُلُّهُمْ عُدُوْلٌ پھر کہتے ہیں لیکن میں "اَلصَّحَابَةُ كُلُّهُمْ عُدُوْلٌ" (صحابہ سب راست باز ہیں) کا مطلب یہ نہیں لیتا کہ تمام صحابہ بے خطا تھے اور ان میں کا ہر ایک ہر قسم کی بشری کمزوریوں سے بالاتر تھا اور ان میں سے کسی نے کبھی کوئی غلطی نہیں کی۔

یہاں مودودی صاحب کا جھوٹ اور فریب دیکھئے کہ جب انہوں نے کہا کہ میرا عقیدہ بھی وہی ہے جو عام محدثین وفقہا اور علمائے امت کا عقیدہ ہے' تو پھر اپنا مطلب ان سب سے الگ کیوں لکھ دیا۔ جب عقیدہ ایک ہے تو اس کا مطلب بھی ایک ہونا ضروری ہے الگ ہونا درست نہیں۔ ان کی اس منطق سے معلوم ہوتا ہے کہ یا تو ان کا عقیدہ عام محدثین وفقہا اور علمائے امت والا نہیں اور انہوں نے محض جھوٹ بولا ہے کہ وہی عقیدہ ہے یا فریب کا مظاہرہ کیا کہ کسی نہ کسی طرح پردہ رہ جائے۔ حالانکہ جب مطلب الگ لکھ دیا تو عقیدہ ایک نہ رہا۔ مختلف ہوگیا اور علمائے امت سے اختلاف ظاہر ہوگیا اس طرح اجماع امت کی مخالفت ہوگئی۔ اب مودودی صاحب کا عقیدہ ایک ہونے کا راگ الاپنا ان کا جھوٹ ظاہر کرنے کے سوا ان کیلئے چنداں مفید نہ رہا۔

معلوم ہوتا ہے کہ مولانا مودودی کو ایک مصلح کا روپ دھارنے کیلئے مجبوراً

marfat.com

علمائے امت کے عقیدے "اَلصَّحَابَۃُ کُلُّھُمْ عُدُوْلٌ" " سے اتفاق کا اعلان کرنا پڑا ورنہ دل میں صحابہ کرام کو کلی طور پر عادل نہ ماننے کا جو چور چھپا تھا۔ وہ ان سے مزید نہ چھپ سکا اور ظاہر ہو کر ان کی حقیقت بھی ظاہر کر گیا۔ ان کی مذکورہ تحریر سے ثابت ہوتا ہے کہ عام محدثین وفقہاء اور علمائے امت کا عقیدہ اور ہے اور مودودی صاحب کا کچھ اور۔ یعنی مودودی صاحب نے "الصحابة كلهم عدول" کا نیا مطلب دے کر اپنے ایک نئے عقیدے کا اعلان کر دیا ہے۔ جبکہ ایسے ہی نئے عقیدے کو بدعت ضلالت کہتے ہیں جو مردود ہوتی ہے۔ اس لحاظ سے مولانا مودودی بدعتی قرار پا گئے اور جو خود جھوٹا، فریبی اور بدعتی ہو اس کی بات کا کیا اعتبار اور اس کے اعتراض کی کیا حیثیت کہ اس کا جواب دینے کی ضرورت ہو۔

تیسری بات یہ کہ مودودی صاحب اپنی اس بدعت اور امت سے الگ نئے عقیدہ کی وضاحت میں اپنے ایمان (جو مشتبہ ہو چکا ہے) کی وضاحت میں کہتے ہیں۔

"کہ میں "الصحابة كلهم عدول" (صحابہ سب راست باز ہیں) کا مطلب یہ نہیں لیتا کہ تمام صحابہ بے خطا تھے اور ان میں کا ہر ایک ہر قسم کی بشری کمزوریوں سے بالاتر تھا اور ان میں سے کسی نے کبھی کوئی غلطی نہیں کی بلکہ میں اس کا یہ مطلب لیتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرنے یا آپ کی طرف کوئی بات منسوب کرنے میں کسی صحابی نے کبھی راستی سے تجاوز نہیں کیا ہے"۔ (خلافت وملوکیت ص ۳۰۳)

جبکہ امام ربانی سیدنا مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"قرآن وحدیث کے احکام شرعیہ جو ہم تک پہنچے ہیں صحابہ کرام کی نقل و روایت اور واسطہ سے پہنچے ہیں جب صحابہ کرام مطعون ہوں گے تو ان کی نقل و روایت بھی مطعون تصور ہوگی اور احکام شرعیہ کی نقل و روایت چند صحابہ کے ساتھ مخصوص نہیں۔ بلکہ تمام صحابہ عدالت،

marfat.com

صدق اور تبلیغ دین میں برابر ہیں، پس کسی ایک صحابی میں طعن وعیب دین میں طعن وعیب تسلیم کرنے کو مستلزم ہے"۔ (مکتوبات دفتر اوّل مکتوب نمبر ۸۰)

اب معلوم نہیں مولانا مودودی صاحب بعض صحابہ کو مطعون ٹھہرا کر عام محدثین و فقہا اور علمائے امت کا رد کر رہے ہیں یا (معاذ اللہ) قرآن و حدیث کا مذاق اڑا رہے ہیں؟ کیونکہ قرآن کریم تو انہیں متقی فرما رہا ہے۔ اسی لئے علمائے امت انہیں عادل مانتے ہیں لیکن مودودی صاحب قرآن کریم کے برعکس کہتے ہیں کہ میں نہیں مانتا کہ تمام صحابہ بے خطا تھے۔ بشری کمزوریوں سے بالاتر تھے اور ان میں سے کسی نے کبھی کوئی غلطی نہیں کی۔ پھر حدیث پاک ان پر طعن و تشنیع سے روکتی ہے، ان کا ادب و احترام کرنے کا حکم دیتی ہے۔ لیکن مودودی صاحب کی جرأت کہ قرآن و حدیث کی بھی کوئی پروا نہیں کرتے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی بشری کمزوریوں اور خطاؤں کا ڈھنڈورا پیٹتے جا رہے ہیں۔ حالانکہ ان کی بخشش اور ان کیلئے اجر عظیم کا اعلان کرنے والا اللہ تعالیٰ انہیں گناہوں سے متنفر اور خطاؤں سے محفوظ فرماتا ہے۔ کبھی توبہ کی توفیق عطا فرماتا ہے اور کبھی ان کی نیکیوں کو بطور کفارہ قبول فرماتا ہے۔ اور توبہ کی شان کتنی بڑی ہے کوئی جانے تو ہم عرض کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی بدولت بندے کی برائیوں کو نیکیوں میں تبدیل فرما دیتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ملاحظہ ہو۔ فرمایا:

مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ۔ (الفرقان۔ ۷۰)

ترجمہ: جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور اچھا کام کرے تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ بھلائیوں سے بدل دے گا۔

اور اللہ کے پیارے رسول ﷺ نے فرمایا:

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَّا ذَنْبَ لَهٗ۔

(مشکوٰۃ باب الاستغفار، ابن ماجہ باب ذکر التوبہ)

marfat.com

ترجمہ: گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے گویا اس کے ذمہ کوئی گناہ نہیں۔

لیکن یہ تو توبہ کی شان ہے۔ محض نیکی کرنے سے بھی برائیاں مٹ جاتی ہیں۔

قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ فرمایا:

اِنَّ الْحَسَنٰتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ۔(القرآن)

ترجمہ: بے شک نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں۔

مثال کے طور پر وضو کرنے سے گناہ مٹتے ہیں۔ حج کرنے سے آدمی گناہوں سے ایسے پاک ہو جاتا ہے گویا آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے۔ تو کیا صحبت نبوی علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام جو صحابہ کرام کو حاصل ہوئی حج سے بھی بڑی نیکی نہیں۔ ارے خدا کا بندہ کہلانے والو! ارے اسلام کے نام نہاد مفکرو! صحبت نبوی اور زیارت رسول خداﷺ سے بڑی کوئی نیکی نہیں۔ اس پر تو ایک حج ہی کیا ولایت، قطبیت اور غوثیت بھی قربان ہو رہی ہے تو کیا اتنی بڑی شان کی نیکی "صحبت نبوی" یعنی صحابیت سے گناہ نہیں مٹے اور برائیاں نہیں ختم ہوئیں۔ جب حج آدمی کو گناہوں سے پاک کر دیتا ہے تو زیارت نبوی جو ایک حج کیا سب نیکیوں سے بڑی نیکی ہے یقیناً گناہوں سے پاک کر دینے والی ہے اور اس نے صحابہ کرام کو پاک فرما دیا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی شان میں فرمایا: وہ انہیں پاک فرماتے ہیں۔ (وَیُزَکِّیْهِمْ۔ ال عمران۔۱۶۴) حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نہیں کامل متقی اور گناہوں سے متنفر فرما چکا ہے بلکہ ان کیلئے بخشش اور اجر عظیم کا اعلان بھی کر چکا ہے۔ ملاحظہ ہوں چند آیات مقدسہ:

۱) وَاَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ التَّقْوٰى وَكَانُوْۤا اَحَقَّ بِهَا وَاَهْلَهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمًا۔(الفتح۔۲۶)

ترجمہ: اور (اللہ نے) پرہیزگاری کا کلمہ ان (صحابہ) پر لازم فرمایا وہ اس کے زیادہ سزاوار اور اس کے اہل تھے اور اللہ سب کچھ جانتا ہے۔

marfat.com

(کنز الایمان)

۲) اِنَّ الَّذِیْنَ یَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِیْمٌ۔

(الحجرات۔۳)

ترجمہ: بے شک وہ جو اپنی آوازیں پست کرتے ہیں رسول اللہ (ﷺ) کے پاس وہ ہیں جن کا دل اللہ نے پرہیزگاری کیلئے پرکھ لیا ہے ان کیلئے بخشش اور بڑا ثواب ہے۔ (کنزالایمان)

۳) وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَیْكُمُ الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَهٗ فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَیْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْیَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَكِیْمٌ۔ (الحجرات۔۷،۸)

ترجمہ اعلیٰ حضرت: لیکن (اے صحابہ) اللہ نے تمہیں ایمان پیارا کردیا ہے اور اسے تمہارے دلوں میں آراستہ کردیا اور کفر اور حکم عدولی اور نافرمانی تمہیں ناگوار کردی۔ ایسے ہی لوگ راہ پر ہیں۔ اللہ کا فضل اور احسان اور اللہ علم و حکمت والا ہے۔ (کنزالایمان)

ترجمہ مولانا مودودی: مگر اللہ نے تم کو ایمان کی محبت دی اور اس کو تمہارے لئے دل پسند بنادیا اور کفر و فسق اور نافرمانی سے تم کو متنفر کردیا ایسے ہی لوگ اللہ کے فضل و احسان سے راست رو ہیں اور اللہ علیم و حکیم ہے۔

(تفہیم القرآن از مولانا مودودی)

آپ نے ملاحظہ فرمایا' اللہ تعالیٰ تمام صحابہ کرام کو متقی فرما رہا ہے۔ انہیں کفر و فسق اور نافرمانی سے متنفر اور محفوظ فرما رہا ہے۔ انہیں "رَاشِدُوْنَ" مودودی صاحب کے ترجمہ کے مطابق "راست رو" کہہ رہا ہے اور علمائے امت اسی کو عدالت سے تعبیر کرتے ہیں بلکہ اللہ تو صحابہ کرام کیلئے بخشش اور اجر عظیم کا اعلان بھی کر رہا ہے۔

marfat.com

توجب اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کے تقویٰ اور گناہوں سے نفرت اور پھران کی بخشش اور اجر عظیم کا اعلان فرمادیا اور انہیں راست رو اور راست باز بھی قرار دے دیا تو کیا وجہ ہے اور مودودی صاحب کو کیا ضد اور عناد ہے کہ پھر بھی صحابہ کرام کو گناہوں سے دور رہنے والا اور راست رو یا راست باز نہیں مانتے؟ کیا انہوں نے تفہیم القرآن کے نام سے قرآن کریم کا ترجمہ اور تفسیر نہیں لکھی۔ کیا انہیں اس سے یہی تفہیم حاصل ہوئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مخالفت کی پرواہ نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو متقی، گناہوں سے متنفر اور راست رو فرمارہا ہے۔ یہ کہتے ہیں "میں اس کا یہ مطلب نہیں لیتا کہ تمام صحابہ بے خطا تھے اور ان میں کا ہر ایک ہر قسم کی بشری کمزوریوں سے بالاتر تھا اور ان میں سے کسی نے کبھی کوئی غلطی نہیں کی۔ بلکہ میں اس کا یہ مطلب لیتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرنے یا آپ کی طرف کوئی بات منسوب کرنے میں کسی صحابی نے کبھی راستی سے تجاوز نہیں کیا ہے"۔

آخر وہ صحابہ کو ہر معاملہ میں راست رو اور راست باز کیوں نہیں مانتے اور قرآن کریم کی صداقت پر کیوں نہیں ایمان لاتے۔ صرف روایت حدیث ہی میں راست باز کیوں مانتے ہیں؟ یہ شرط قرآن نے تو بیان نہیں کی۔ قرآن کریم نے تو صحابہ کرام کو پوری زندگیوں میں راست رو فرمایا۔ معلوم ہوتا ہے مولانا مودودی یا تو تفہیم قرآن سے نابلد ہیں یا پھر اس پر ایمان نہیں رکھتے محض تفنن طبع کے طور پر کبھی کبھار نام لے لیتے ہیں اور علمی رعب دینے کیلئے تفہیم القرآن کے نام سے ترجمہ و تفسیر لکھ گئے ہیں۔ یا یہ کہ قرآن کریم کی تکذیب اور مخالفت کے نقصان کا کچھ خوف نہیں رکھتے۔ استغفر اللہ۔

بہر حال ایک خاص بات یہ ہے کہ مولانا مودودی نے تفرقہ بازی کی اور مسلمانوں سے علیحدہ روش اور الگ راستہ اختیار کرلیا۔ حالانکہ اللہ و رسول ﷺ نے مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے اور ان سے الگ روش اختیار کرنے سے نہ صرف منع فرمایا ہے بلکہ اس پر عذاب شدید کی وعیدیں بھی سنائی ہیں۔ ملاحظہ ہو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

marfat.com

۱)وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا۔(آل عمران-۱۰۳)

ترجمہ: سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑلو اور تفرقہ میں نہ پڑو۔

۲)وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ ۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا۔(النساء-۱۱۵)

ترجمہ مولانا مودودی: مگر جو شخص رسول کی مخالفت پر کمر بستہ ہو اور اہل ایمان کی روش کے سوا کسی اور روش پر چلے در آں حالیکہ اس پر راہ راست واضح ہو چکی تو ہم اس کو اسی طرف چلائیں گے جدھر وہ خود پھر گیا اور اسے جہنم میں جھونکیں گے جو بدترین جائے قرار ہے۔(تفہیم القرآن)

لیجئے جناب رسول اللہ ﷺ کی چند احادیث مبارکہ بھی ملاحظہ فرمالیجئے۔ فرمایا:

۱)عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ وَالْعَامَّةِ۔(مشکوٰۃ باب الاعتصام بحوالہ احمد)

ترجمہ: جماعت مسلمین اور عوام کو لازم پکڑو۔

۲)يَدُ اللّٰهِ عَلَى الْجَمَاعَةِ وَمَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ۔

(مشکوٰۃ باب الاعتصام بحوالہ ترمذی)

ترجمہ: جماعت پر اللہ کا دست کرم ہے جو جماعت سے الگ رہا وہ دوزخ میں الگ ہی جائے گا۔

۳)اتَّبِعُوا السَّوَادَ الْاَعْظَمَ فَاِنَّهٗ مَنْ شَذَّ شُذَّ فِي النَّارِ۔

(مشکوٰۃ باب الاعتصام بحوالہ ابن ماجہ)

ترجمہ: بڑے گروہ کی پیروی کرو کیونکہ جو الگ رہا وہ الگ ہی دوزخ میں جائیگا۔

یہ قرآن و حدیث ہے۔ لیکن نہ معلوم مولانا مودودی مذکورہ آیات مقدسہ اور احادیث مبارکہ کا علم رکھتے تھے یا نہیں؟ یا ان کا حافظہ کمزور تھا یا وہ خدا اور رسول ﷺ کی اطاعت لازمی نہیں جانتے تھے۔ کیونکہ انہوں نے اللہ کی رسی کو مضبوط پکڑنے میں

marfat.com

امت (یعنی عام محدثین وفقہا اور علمائے امت) کا ساتھ نہیں دیا اور نہ اہل ایمان کی روش اور راستہ کو اختیار کیا ہے۔ نہ ہی سواد اعظم اہلسنت کی اتباع اختیار کی۔ بس دوزخ میں جھونکے جانے کی وعید سے بے خوف ہو کر امت کے اجماعی عقیدہ "الصحابة کلھم عدول" کے خلاف ایک نیا مطلب گھڑا اور قرآن وحدیث اور اجماع امت کے خلاف ایک الگ راہ اپنائی۔ (استغفر اللہ)

اعتراض ۵

ملوکیت اسلام میں جائز نہیں۔ مولانا مودودی نے خلافت وملوکیت میں اس پر بہت کچھ کہا ہے جبکہ آپ نے حضرت امیر معاویہ کا بادشاہ ہونا بھی فضائل میں ذکر کیا ہے۔ آخر کیوں؟

جواب

محض ملوکیت یا بادشاہی اسلام میں قابلِ اعتراض نہیں۔ مولانا مودودی اس کے انکار پر کوئی محکم دلیل یا قرآن وحدیث سے کوئی خاص نص نہیں پیش کر سکے اور صحیح بات تو یہ ہے کہ اس پر ان کا کوئی بھی اعتراض قابل ذکر نہیں کہ اس کا مستقل جواب ضروری ہو۔ البتہ یہ صحیح ہے کہ بادشاہ کو عادل ہونا چاہیے اور عادل ہونا باعث فضیلت ہی ہے۔ قرآن کریم میں فرمایا:

وَاِذْقَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ یٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَیْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِیْكُمْ اَنْۢبِیَآءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ یُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِیْنَ۔ (المائدہ-۲۰)

ترجمہ مولانا مودودی: یاد کرو جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا تھا کہ اے میری قوم کے لوگو! اللہ کی اس نعمت کا خیال کرو جو اس نے تمہیں عطا کی تھی اس نے تم میں نبی پیدا کیے تم کو فرماں روا (بادشاہ) بنایا اور تم کو وہ کچھ دیا

marfat.com

جو دنیا میں کسی کو نہ دیا۔ (تفہیم القرآن از مولانا مودودی)

یہاں ملوکیت یعنی فرمانروائی اور بادشاہی کو اللہ کی نعمت فرمایا گیا' اور یہ ترجمہ مودودی صاحب کا ہے۔

حدیث پاک میں ارشاد ہوا:

۱) عن ابن عباس رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اوّل هذا الامر نبوة ورحمة ثم یکون خلافة ورحمة ثم یکون ملکا ورحمة ثم یکون امارة ورحمة ثم یتکادمون علیها تکادم الحمیر فعلیکم بالجهاد وان افضل جهادکم ارباط وان افضل رباطکم عسقلان رواه الطبرانی ورجاله ثقات۔ (تطہیر الجنان ص ۱۶)

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ کہتے تھے کہ رسول خدا ﷺ نے فرمایا سب سے پہلے اس دین میں نبوت ورحمت ہوگی پھر خلافت اور رحمت ہوگی پھر ملوکیت اور رحمت ہوگی پھر امارت اور رحمت ہوگی پھر لوگ خلافت پر اس طرح گریں گے جس طرح گدھ کسی چیز پر گرتے ہیں پس تم لوگ جہاد کو اپنے اوپر لازم سمجھو اور سب سے افضل جہاد سرحد کی حفاظت ہے اور سب سرحدوں سے افضل سرحد عسقلان کی ہے اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا ہے اور اس کے سب راوی ثقہ ہیں۔ (سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۷)

۲) لَا تَسُبُّوْا السُّلْطَانَ فَإِنَّهُ ظِلُّ اللّٰهِ فِیْ اَرْضِهٖ۔

(کنز العمال ج ۶ ص ۶۶)

ترجمہ: سلطان (بادشاہ) کو برا بھلا نہ کہو کیونکہ وہ زمین پر اللہ کا سایہ (رحمت) ہے۔

marfat.com

۳) اَلسُّلْطَانُ ظِلُّ فِی الْاَرْضِ فَمَنْ اَکْرَمَهٗ اَکْرَمَهُ اللّٰهُ وَمَنْ اَهَانَهٗ اَهَانَهُ اللّٰهُ۔ (کنز العمال ج ۶ ص ۴)

ترجمہ: سلطان زمین پر اللہ کا سایہ (رحمت) ہے جس نے اس کی عزت کی اس نے اللہ کی عزت کی اور جس نے اس کی اہانت کی اس نے اللہ کی اہانت کی۔

۴) اَلسُّلْطَانُ الْعَادِلُ ظِلُّ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ۔ (کنز العمال ج ۶ ص ۱۱)

ترجمہ: عادل بادشاہ زمین پر اللہ کا سایہ (رحمت) ہے۔

۵) اِنَّ السُّلْطَانَ ظِلُّ اللّٰهِ فِی الْاَرْضِ یَاوِیْ اِلَیْهِ کُلُّ مَظْلُوْمٍ مِنْ عِبَادِهٖ فَاِذَا عَدَلَ کَانَ لَهُ الْاَجْرُ وَعَلَی الرَّعِیَّةِ الشُّکْرُ وَاِذَا جَارَ کَانَ عَلَیْهِ الْاِصْرُ وَعَلَی الرَّعِیَّةِ الصَّبْرُ۔

(مشکوٰۃ کتاب الامارۃ، القضاء کنز العمال ج ۶ ص ۵)

ترجمہ: بے شک بادشاہ زمین میں اللہ کا سایہ (رحمت) ہے جس کی طرف اللہ کے بندوں میں سے ہر مظلوم پناہ لیتا ہے پس جب انصاف کرے تو اس کیلئے ثواب ہے اور رعایا پر شکر واجب ہے اور جب ظلم کرے تو اس پر بوجھ ہے اور رعایا پر صبر واجب ہے۔

۶) اَلسُّلْطَانُ وَلِیُّ مَنْ لَّا وَلِیَّ لَهٗ۔

(سنن ابو داؤد ج ۱ ص ۲۹۱ کتاب النکاح باب فی الولی)

ترجمہ: جس کا کوئی ولی نہ ہو اس کا ولی سلطان ہے۔

۷) اَهْلُ الْجَنَّةِ ثَلَاثَةٌ، ذُوْ سُلْطَانٍ مُقْسِطٌ مُوَفَّقٌ وَرَجُلٌ رَحِیْمٌ رَقِیْقُ الْقَلْبِ لِکُلِّ ذِیْ قُرْبٰی وَمُسْلِمٍ وَعَفِیْفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُوْ عِیَالٍ۔ (ریاض الصالحین باب الوالی العادل بحوالہ مسلم)

ترجمہ: جنتی تین (قسم کے لوگ) ہیں۔ منصف اور توفیق دیا گیا بادشاہ،

marfat.com

مہربان آدمی جس کا دل رشتہ داروں اور (عام) مسلمانوں کیلئے نرم ہے،
پاک دامن اور مانگنے سے گریز کرنے والا عیالدار۔

پس بادشاہی اور ملوکیت بذات خود مزموم نہیں بلکہ قرآن وحدیث کے مطابق نعمت و رحمت ہے اور سلطان عادل خدا کا سایۂ رحمت ہے۔ہم نے جو حضرت امیر معاویہ ﷛ کا بادشاہ ہونا ان کے فضائل میں ذکر کیا ہے تو یہ گویا بے جا نہیں کیا؟ یہیں اوپر ذکر کی گئی احادیث پھر دیکھیں اللہ کا سایہ رحمت اور جنت کا مستحق ہونا بہت بڑی فضیلت ہے۔خود حضور نبی اکرم ﷺ نے پیش گوئی کی اور انہیں بادشاہ ہونے کی خوشخبری دی ہے۔اسے ہم نے ''بشارت یافتہ اور قابل حکمران تھے'' کے عنوان سے تفصیل سے بیان کیا ہے۔اور اسے ہم نے اس لئے بھی فضائل میں شمار کیا ہے کہ حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام بھی بادشاہ تھے اور قرآن کریم نے ان کی تعریف وتحسین کی ہے۔گویا جب اسلام نافذ العمل ہو اور عدل وانصاف اور امن و امان قائم ہو تو خلافت ہو یا ملوکیت تحسین وتعریف کی جائے گی اور اسے فضائل میں بھی شمار کیا جائے گا۔اور پھر حضرت امیر معاویہ بادشاہ ہونے کے باوجود جلیل القدر صحابی بھی تو ہیں اور صحابہ سب عادل ہوئے لہٰذا آپ بھی عادل ہوئے۔اور جب عادل ہوئے تو مذکورہ احادیث کے مطابق زمین پر اللہ کا سایۂ رحمت ہوئے اور پوری امت بھی آپ کی امارت پر جمع تھی تو یہ کوئی کم فضیلت نہیں۔''امام قسطلانی شرح بخاری میں فرماتے ہیں کہ:

''امیر معاویہ مناقب کا مجموعہ ہیں'' اسی طرح شرح مسلم میں ہے کہ ''آپ کا شمار عدول فضلاء اور صحابہ اخیار میں ہوتا ہے''۔امام یافعی فرماتے ہیں کہ ''آپ نہایت بردبار، سخی، سیاستدان، صاحب عقل، سیادت کاملہ کے حقدار اور صاحب الرائے تھے گویا کہ حکومت کرنے کیلئے ہی پیدا ہوئے تھے''۔

marfat.com

(معترضین اور حضرت امیر معاویہ ترجمہ الناہیہ عن طعن امیر معاویہ ؓ ص ۳۵)

اور حضرت امیر معاویہ ؓ کو بادشاہ بھی ان کی شان وشکوت کے اعتبار سے کہا گیا جیسا کہ دوسرے خلیفہ راشد حضرت عمر فاروق ؓ نے آپ کو سواروں کے ایک بہت بڑے جلوس کے ہمراہ استقبال کو آتے ہوئے دیکھ کر عرب کے کسریٰ سے تعبیر کیا تھا۔ (ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۱۲۰) ورنہ آپ کو خلیفہ کہنا بھی بجا ہے اور اکثر نے کہا بھی ہے حضرت امام حسن ؓ نے بھی انہیں خلافت ہی سپرد فرمائی تھی۔ تفصیل کیلئے سابقہ صفحات میں "بشارت یافتہ اور قابل حکمران تھے" کے عنوان سے ہمارا مضمون پھر ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں ہم آپ کے فضائل میں تاریخ ابن خلدون کی وضاحت پیش کرتے ہوئے اپنے جواب کو ختم کرتے ہیں۔ علامہ ابن خلدون کہتے ہیں:

حضرت معاویہ ؓ جن کو ہوا پرست ملوک سے تعبیر کرتے ہیں اور بعض کو بعض سے تشبیہہ دیتے ہیں۔ حاشاللہ معاویہ ؓ اپنے بعد کے خلفاء سے تشبیہ نہیں دیئے جاسکتے۔ یہ تو خلفائے راشدین سے ہیں۔ ان کو خلفائے مروانیہ سے تشبیہہ دینا جوان کے بعد ہوئے اور ان سے مرتبہ اور دین میں کم ہیں' نہایت غلطی ہے اور ایسا ہی خلفائے بنی عباس جوان کے بعد ہوئے ہیں' ان سے تشبیہہ دینا بھی غیر مناسب ہے۔

اور یہ نہیں کہا جاسکتا کہ بادشاہت رتبہ میں خلافت سے کم ہے پس کیسے خلیفہ بادشاہ ہوسکتا ہے۔ سمجھ رکھو کہ جو بادشاہت مخالف خلافت بلکہ منافی خلافت ہے وہ جبروتیت ہے جو کسرویہ سے تعبیر کی جاتی ہے۔.....

باقی رہی وہ بادشاہت جو غلبہ عصبیت اور شوکت سے حاصل ہوتی ہے وہ خلافت اور نبوت کے منافی نہیں ہے۔ حضرت سلیمان اور حضرت داؤد علیہا السلام دونوں نبی تھے اور بادشاہ بھی تھے اور نہایت درجہ دنیا کے کاموں میں چست اور اطاعت الٰہی کے پابند تھے۔

marfat.com

حضرت معاویہ ﷛ نے طمع دنیا و دولت کی وجہ سے حکومت کی خواہش نہیں کی بلکہ ان کو اس پر ایک فطری اور طبعی خیال نے ابھارا تھا۔
اور قاعدہ کلیہ خلیفہ اور بادشاہ جبروتیہ کی شناخت کا یہ ہے کہ ان کے افعال کو صحیح طور سے دیکھو اور واہیات خرافات کے پیچھے نہ پڑو۔ پس جس کے افعال مطابق کتاب و سنت کے ہوں وہ تو خلیفہ نبی ﷺ کا ہے۔
اور جن کے افعال اس مقیاس سے خارج ہوں وہ ملوک دنیا ہیں اور خلیفہ ان کو مجازاً کہا جائے گا''۔ (تاریخ ابن خلدون اردو حصہ اول ص ۵۵۵۔۵۵۶)

اعتراض ۶

امیر معاویہ نے یزید کو اپنا خلیفہ نامزد کیا جبکہ اسلام میں بیٹے کو خلیفہ بنانا جائز نہیں' پھر یزید فاسق و فاجر بھی تھا۔ اس کے فسق و فجور اور ظلم و ستم کی ذمہ داری بھی امیر معاویہ پر عائد ہوتی ہے۔

جواب

اس اعتراض کا جواب مفسر قرآن محقق ذیشان حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب ''امیر معاویہ ﷛ پر ایک نظر'' میں دے چکے ہیں ہم اُسی سے اخذ کر کے پیش کرتے ہیں۔ ملاحظہ ہو:
اہلسنّت کے نزدیک خلیفہ اور جانشین ہونے کیلئے اہلیّت اہل علم اور لائق ہونا ہے اور بیٹا ہونا عدم اہلیت کی دلیل اور بنیاد نہیں۔ جناب حضرت امام حسن ﷛ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے لختِ جگر نورِ نظر اور فرزند اکبر ہیں اور ان کے خلیفہ و جانشین ہو چکے ہیں۔ نہ صرف یہ کہ حضرت علی المرتضیٰ ﷛ کا بیٹا ہونے کی وجہ سے ان کی اہلیّت اور خلافت پر کوئی اعتراض نہیں ہوا بلکہ انہیں خلفائے راشدین اور ان کے دور کو خلافتِ راشدہ میں شمار کیا جاتا ہے۔ اگر بیٹا ہونا جانشینی اور خلافت کیلئے عیب ہوتا تو

marfat.com

حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کو خلفائے راشدین میں ہرگز نہ شمار کیا جاتا اور دلچسپ بات تو یہ ہے کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز علیہ السلام بھی ولی عہدی کے طریقہ ہی سے خلیفہ بنے تھے۔ حالانکہ ان کو بھی پانچواں خلیفہ راشد کہا جاتا ہے۔ اور مشائخ اہلسنت میں سے تو اکثر آج کل اپنی اولاد کو اپنا سجادہ نشین بنا جاتے ہیں۔ جو کسی لحاظ سے بھی فسق اور گناہ نہیں بلکہ جائز ہی ہے۔

دیگر اپنے بیٹے کو اپنا جانشین بنانا کسی آیت یا حدیث کی رو سے بھی ممنوع نہیں۔ لہٰذا یہ کہنا کہ ایسا کرنا اسلام میں جائز نہیں درست قول نہیں۔ اپنے بیٹے یا بھائی کو اپنا نائب اور خلیفہ بنانا نہ تو حرام ہے اور نہ مکروہ بلکہ اس کی کوشش کرنا اور اس کی دعا کرنا حضرات انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہے جیسا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی کہ یا اللہ! میرے بھائی ہارون کو میرا وزیر بنادے اور حضرت زکریا علیہ السلام نے دعا کی کہ یا اللہ! مجھے بیٹا دے جو میرا جانشین و وارث ہو۔ آیات مقدسہ ملاحظہ ہوں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام عرض کرتے ہیں:

وَاجْعَلْ لِّیْ وَزِیْرًا مِّنْ اَهْلِیْ ○ هٰرُوْنَ اَخِی ○ اشْدُدْ بِهٖۤ اَزْرِیْ ○ وَاَشْرِكْهُ فِیْۤ اَمْرِیْ ○ (طٰہٰ۔۲۹تا۳۲)

ترجمہ: اور میرے لئے میرے گھر والوں میں سے ایک وزیر کردے وہ کون میرا بھائی ہارون اس سے میری کمر مضبوط کر اور اسے میرے کام میں شریک کر۔ (کنزالایمان)

اور آپ کی یہ دعا قبول ہوئی اور مطلوبہ منصب جس کیلئے دعا کی گئی تھی اللہ تعالیٰ نے ہارون علیہ السلام کو اس پر فائز فرمادیا۔ اگر یہ کوشش درست نہ ہوتی تو اللہ تعالیٰ اس دعا سے ناراض ہوتا اور حضرت موسیٰ علیہ اسلام کو اس سے منع فرماتا۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی دعا کو قبولیت سے نواز دیا۔

اسی طرح حضرت زکریا علیہ السلام دعا کرتے ہیں:

marfat.com

فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۝ يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ۔

(مریم۔۵،۶)

ترجمہ: پس مجھے اپنی طرف سے ایک وارث دے جو میرا اور آلِ یعقوب کا وارث ہو۔

اور حضرت امیر معاویہ ؓ کی حیات مبارکہ میں یزید علیہ ماعلیہ کا فسق و فجور ظاہر نہیں ہوا تھا۔ بلکہ وہ سیاسی امور کو سمجھنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ یزید کا فسق و فجور حضرت امیر معاویہ ؓ کے بعد ظاہر ہوا اور آئندہ ظاہر ہونے والا فسق کسی کو فی الحال فاسق نہیں بنائے گا۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے شیطان لعین کو اس کا کفر ظاہر ہونے کے بعد جنت اور جماعت ملائکہ سے نکالا۔ اس سے پہلے اسے ہر جگہ رہنے کی اجازت دی گئی اور اس کی عزت افزائی فرمائی گئی۔ جب شیطان کو اس کا کفر وعناد ظاہر ہونے سے پہلے کافر قرار نہ دیا گیا تو یزید کو اس کا فسق و فجور ظاہر ہونے سے پہلے کیسے فاسق و فاجر قرار دیا جاسکتا ہے۔ اور حضرت امیر معاویہ ؓ کیسے موردالزام بن سکتے ہیں۔ ان کے متعلق فسق کے ارتکاب کا گمان نہیں کیا جاسکتا کہ ان کی عدالت وصحابیت کا شرف اس سے مانع ہے۔ پھر اس وقت اکابر صحابہ کی وہاں موجودگی اور اس پر ان کا سکوت اس بات کیلئے کافی دلیل ہے کہ حضرت امیر معاویہ ؓ کا کردار شیشے کی طرح صاف اور مثالی تھا۔

اور اگر کوئی روایت ایسی مل ہی جائے جس سے معلوم ہو کہ امیر معاویہ ؓ نے یزید کے فسق و فجور سے خبردار ہوتے ہوئے اور اسے نااہل جانتے ہوئے بھی اپنا خلیفہ مقرر فرما دیا تو وہ روایت جھوٹی ہے اور راوی یا شیعہ ہے یا کوئی دشمن اصحاب۔ جو روایت امیر معاویہ ؓ یا کسی اور صحابی کا فسق ثابت کرے وہ مردود ہے کیونکہ قرآن و حدیث کے خلاف ہے۔ تمام صحابہ بحکم قرآن متقی، کفر وفسق اور نافرمانی سے متنفر، راست رو اور عدالت سے آراستہ ہیں۔

اور ہر ایسی روایت جس میں کوئی قابل اعتراض بات وارد ہو جائے اور اس سے

marfat.com

شان صحابیت پر حرف آتا ہو تو علماء کے نزدیک اس کی تاویل ضروری ہے۔ صحابہ کرام کو برا بھلا کہنا حرام ہے۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ **اصل عبارات ''فیصلہ قرآن و حدیث سے کیوں تاریخ سے کیوں نہیں''؟ اور ''معتقدات اہلسنت''** کے عنوانات کے تحت دیکھئے ترجمہ ملاحظہ ہو:

''علماء کہتے ہیں جن احادیث میں بظاہر کسی صحابی پر حرف آتا ہو اس کی تاویل واجب ہے اور علماء کہتے ہیں کہ صحیح روایت میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جس کی تاویل نہ ہو سکے''۔

(نووی شرح مسلم کتاب الفضائل باب فضائل علی ﷺ جز ثانی ص ۲۷۸)

''خوب جان لو کہ صحابہ کرام کو برا بھلا کہنا حرام ہے اور بہت بڑی بے حیائی ہے اور ہمارا مذہب اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ (جو صحابہ کو برا بھلا کہے) اس کو کوڑے مارے جائیں اور بعض مالکیہ تو کہتے ہیں اسے قتل کیا جائے گا''۔

(نووی شرح مسلم باب تحریم سب الصحابۃ رضی اللہ عنہم جلد ثانی ص ۳۰۰)

اور حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے تذکرہ حیات ''القول الجلی'' جسے آپ کے محبوب و معتمد خلیفہ و شاگرد شاہ محمد عاشق پھلتی نے آپ کی حیات مبارکہ ہی میں مرتب کیا اور جسے آپ نے خود دیکھا اور تصدیق سے نوازا' میں جامع معقول و منقول حضرت شاہ نور اللہ کے حالات میں مرقوم ہے۔

''انہوں نے بیان کیا کہ میں نے ایک مبشرہ میں دیکھا کہ آنحضرت ﷺ اپنے دولت کدہ میں جو مدینہ منورہ میں تھا' تشریف فرما ہیں اور ہم باہر کھڑے آپ کی تشریف آوری کے منتظر ہیں۔ ایک ساعت گزرنے کے بعد آپ اپنے دولت کدہ سے باہر تشریف لائے اور اس مقام پر جو مثل دیوان خانہ کے ہے' تشریف فرما ہوئے اور کسی شخص نے

marfat.com

اس بندہ کاتب حروف کا نام نے کر کہا تم اور ایک دوسرا شخص جو تمہارا ہم نام ہے اس مجلس عالی میں اجازت یافتہ (حاضر) اور آپ کی قربت و شرف جلوس سے مشرف ہوا اور ہم مواجہ شریف میں کھڑے ہیں کہ اتنے میں ایک شخص حاضر ہوا اور آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ حضور! معاویہ کے حق میں آپ کیا فرماتے ہیں؟

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اگر کوئی برائی کی ہے تو اس کے لڑکے نے کی ہے اور لڑکے کے اعمال کا وبال ونکال باپ پر نہیں ہوتا اور جس شخص نے ہماری صحبت اٹھائی ہے (اس کے بارے میں) اگر کوئی شخص بے ادبی کرے تو ہم اس سے خوش نہیں ہیں۔ اور گویا یہ الفاظ آپ ﷺ نے اس لئے فرمائے کہ اس نے صرف معاویہ کہا تھا بغیر کسی تعظیمی لفظ کے۔ پھر میں بیدار ہو گیا"۔ (القول الجلی اردو ص ۵۶۸)

اعتراض ۷ (طعن مودودی)

مولانا مودودی کا طعن ملاحظہ ہو' کہتے ہیں:

"اس سے بدرجہا زیادہ غیر آئینی طرز عمل دوسرے فریق یعنی حضرت معاویہ ؓ کا تھا جو معاویہ بن ابی سفیان کی حیثیت سے نہیں بلکہ شام کے گورنر کی حیثیت سے خون عثمان کا بدلہ لینے کیلئے اٹھے' مرکزی حکومت کی اطاعت سے انکار کیا' گورنری کی طاقت اپنے اس مقصد کیلئے استعمال کی' اور مطالبہ بھی یہ نہیں کیا کہ حضرت علی (ؓ) قاتلین عثمان پر مقدمہ چلا کر انہیں سزا دیں' بلکہ یہ کیا کہ وہ قاتلین عثمان کو ان کے حوالے کر دیں تا کہ وہ خود انہیں قتل کریں، یہ سب کچھ دور اسلام کی نظامی حکومت کے بجائے زمانہ قبل اسلام کی قبائلی بدنظمی سے اشبہ ہے ......

marfat.com

حضرت عثمان ؓ کا رشتہ جو کچھ بھی تھا' معاویہ بن ابی سفیان سے تھا۔ شام کی گورنری ان کی رشتہ دار نہ تھی۔ اپنی ذاتی حیثیت میں وہ خلیفہ کے پاس مستغیث بن کر جاسکتے تھے اور مجرمین کو گرفتار کرنے اور ان پر مقدمہ چلانے کا مطالبہ کر سکتے تھے۔ گورنر کی حیثیت سے انہیں کوئی حق نہ تھا کہ جس خلیفہ کے ہاتھ پر باقاعدہ آئینی طریقے سے بیعت ہو چکی تھی ...... اس کی اطاعت سے انکار کردیتے اور اپنے زیر انتظام علاقے کی فوجی طاقت کو مرکزی حکومت کے مقابلے میں استعمال کرتے' اور ٹھیٹھ جاہلیت قدیمہ کے طریقے پر یہ مطالبہ کرتے کہ قتل کے ملزموں کو عدالتی کاروائی کے بجائے مدعی قصاص کے حوالہ کردیا جائے تا کہ وہ خود ان سے بدلہ لے''۔ (خلافت وملوکیت ص ۱۲۵۔۱۲۶)

تو فرمایئے آپ اس طعن کے جواب میں کیا کہیں گے؟

جواب

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر طعن کرنا ہرگز روا نہیں قرآن وحدیث نے ان پر طعن کرنے والوں اور ان کے کمالات وحسنات کو دیکھ کر غصہ میں آنے والوں کی سخت مذمت کی ہے اور اس پر ہم پہلے ہی گفتگو کر چکے ہیں۔ لیکن ہم مولانا مودودی کی دینی سوجھ بوجھ اور ان کے علمی دعووں کے بارے میں کیا کہیں کہ انہوں نے مقام صحابیت کو ہی نظر انداز نہیں کیا بلکہ خدا اور رسول ﷺ کے احکام کو بھی پس پشت ڈال دیا اور حضرت امیر معاویہ ؓ پر طعن کر کے اپنے غصہ اور ایمان کی حقیقت ظاہر کردی۔

مودودی صاحب نے:

☆ حضرت امیر معاویہ ؓ کو غیر آئینی (غیر شرعی) طرز عمل کا مرتکب قرار دیا۔

☆ ان کے طرز عمل کو قبائلی بدنظمی سے اشبہ کہا۔

marfat.com

☆ انہیں ٹھیٹھ جاہلیت قدیمہ کا طریقہ اختیار کرنے والا کہا۔

مودودی صاحب کے انداز بیان سے ان کا غصہ ظاہر ہوتا ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہیں حضرت امیر معاویہ ﷛ اور منصب صحابیت کا کوئی لحاظ نہیں اور قرآن و حدیث کا صحیح طور پر کچھ علم نہیں یا ان پر ایمان نہیں اور بعض دفعہ جو قرآن وحدیث کا نام لیتے ہیں اور آیتوں پر آیتیں لکھتے جاتے ہیں تو محض دکھاوے کے طور پر۔ ورنہ الفاظ کی بھول بھلیوں میں گم رہتے ہیں' آیئے ہم اس طعن کا تجزیہ پیش کرتے ہیں۔

مودودی صاحب نے حضرت امیر معاویہ ﷛ پر غیر آئینی یعنی غیر شرعی طرز عمل کا ارتکاب کرنے اور ٹھیٹھ جاہلیت قدیمہ کا طریقہ اختیار کرنے کا طعن کیا ہے۔ حالانکہ حدیثِ پاک کے مطابق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر طعن کرنے والے انہیں برا بھلا کہنے والے اور انہیں غیر شرعی (غیر آئینی) امور کا مرتکب قرار دے کر فاسق ظاہر کرنے والے خود بدترین امت اور لعنتی ہیں۔ تفصیل کیلئے سابقہ صفحات ملاحظہ کریں۔ یہاں ہم مختصراً عرض کریں گے۔ حدیث پاک میں فرمایا:

۱) اِنَّ اَشْرَارَ اُمَّتِیْ اَجْرَءُ ھُمْ عَلٰی اَصْحَابِیْ۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص ۷۴۳ بحوالہ ابن عدی)

ترجمہ: بے شک میری امت میں سے بدترین وہ لوگ ہیں جو میرے اصحاب پر دلیر ہیں۔

۲) اِذَا رَاَیْتُمُ الَّذِیْنَ یَسُبُّوْنَ اَصْحَابِیْ فَقُوْلُوْا لَعْنَۃُ اللّٰہِ عَلٰی شَرِّکُمْ۔ (ترمذی ابواب المناقب، مشکوۃ باب مناقب الصحابہ)

ترجمہ: جب تم انہیں دیکھو جو میرے صحابہ کو برا کہتے ہیں تو کہو تمہارے شر پر اللہ کی لعنت۔

جبکہ سیدنا امیر معاویہ ﷛ قرآن کے عالم، ہادی و مہدی، فقیہہ و مجتہد، امیر المومنین اور جلیل القدر صحابی ہیں۔ حبیب خدا حضور نبی کریم ﷺ دعا فرماتے ہیں:

marfat.com

۱)اَللّٰھُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِیَۃَ الْکِتٰبَ وَالْحِسَابَ وَقِہٖ الْعَذَابَ

(مسند احمد ج ۴ ص ۱۲۷، مدارج النبوت اردو دوم ص ۱۹۳۶ الصواعق المحرقہ اردو ص ۷۳۱)

ترجمہ: اے اللہ! معاویہ کو کتاب و حساب کا علم عطا فرما اور اسے عذاب سے بچا۔

۲)اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ ھَادِیًا مَّھْدِیًّا وَاھْدِ بِہٖ۔ (ترمذی ابواب المناقب)

ترجمہ: الٰہی انہیں ہدایت دینے والا ہدایت یافتہ بنا اور ان سے ہدایت دے۔

حضرت امیر معاویہ ﷛ کی شان اقدس میں وارد صحیح بخاری شریف کی روایات ملاحظہ ہوں حضرت ابن ابی ملیکہ ﷛ فرماتے ہیں:

۱)قِیْلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ ھَلْ لَکَ فِیْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ مُعَاوِیَۃَ فَاِنَّہٗ اَوْتَرَ اِلَّا بِوَاحِدَۃٍ قَالَ اَصَابَ اِنَّہٗ فَقِیْہٌ۔

(بخاری کتاب المناقب ج ۱ ص ۵۳۱)

ترجمہ: حضرت ابن عباس ﷛ سے پوچھا گیا آپ کی امیر المؤمنین معاویہ کے بارے میں کیا رائے ہے جبکہ وہ وتر کی ایک ہی رکعت پڑھتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: بے شک وہ فقیہ ہیں۔

۲)اَوْتَرَ مُعَاوِیَۃُ بَعْدَ الْعِشَاءِ بِرَکْعَۃٍ وَعِنْدَہٗ مَوْلًی لِابْنِ عَبَّاسٍ فَاَتٰی ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ دَعْہُ فَاِنَّہٗ قَدْ صَحِبَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔ (بخاری کتاب المناقب ج ۱ ص ۵۳۱)

ترجمہ: حضرت معاویہ نے نماز عشاء کے بعد وتر کی ایک رکعت پڑھی۔ ان کے پاس حضرت ابن عباس کا آزاد کردہ غلام بھی تھا اس نے واپس آ کر حضرت ابن عباس کو بتایا تو آپ نے فرمایا ان سے کچھ نہ کہنا کیونکہ وہ رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں۔

marfat.com

یہ احادیث مبارکہ بار بار دیکھئے۔ یہ کیا کہہ رہی ہیں۔ یہ حضرت امیر معاویہ ؓ کو عالم قرآن، ہادی و مہدی، امیر المؤمنین، فقیہہ و مجتہد اور حضور نبی اکرم ﷺ کا صحابی کہہ رہی ہیں جبکہ صحابہ کرام وہ پاکباز اور باکردار ہستیاں ہیں جن کے افعال واقوال اور اعمال و احوال امت کیلئے نشان راہ اور جن کی پیروی باعث ہدایت ہے۔ صرف ایک حدیث پیش کی جاتی ہے ملاحظہ ہو۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

اَصْحَابِیْ كَالنُّجُوْمِ فَبِاَیِّهِمْ اِقْتَدَیْتُمْ اِهْتَدَیْتُمْ۔

(مشکوۃ باب مناقب الصحابۃ)

ترجمہ: میرے صحابہ تاروں کی طرح ہیں پس تم ان میں سے جس کی پیروی کروگے ہدایت پاؤ گے۔

اب احادیث پاک کیا کہہ رہی ہیں اور مودودی صاحب کیا کہہ رہے ہیں۔ احادیث پاک تو انہیں عالم قرآن، فقیہہ و مجتہد، عظیم صحابی اور ہادی و مہدی یعنی ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ کہہ رہی ہیں۔ جبکہ مولانا مودودی جو مذہبی سکالر، مفسر قرآن اور معلوم نہیں کیا کیا کہلاتے ہیں، ان کو غیر آئینی یعنی غیر شرعی طرز عمل اور ٹھیٹھ جاہلیت قدیمہ والے طریقہ کا مرتکب قرار دے کر فاسق و جاہل کہہ رہے ہیں دیگر قرآن کریم بھی انہیں کفر و فسق اور نافرمانی کے کاموں سے متنفر کہتا ہے۔ اب فرمائیے سچا کون ہے۔ قرآن وحدیث یا مولانا مودودی؟ یقیناً قرآن وحدیث کو سچا ماننا پڑے گا۔ اور حدیث پاک نے حضرت امیر معاویہ ؓ کو فقیہہ کہا اور فقیہہ جاہل نہیں ہوسکتا وہ مجتہد تھے اور یہ ان کا اجتہاد تھا اگر چہ اس میں خطا ہوئی لیکن یہ اجتہادی خطا تھی اس لئے انہیں کسی قسم کا طعن کرنا جائز نہیں۔ لہٰذا مودودی صاحب نے انہیں ٹھیٹھ جاہلیت قدیمہ کا مرتکب کہہ کر جھوٹ بولا اور ان پر افترا باندھا اور جو ہادی و مہدی یعنی ہدایت دینے والا اور ہدایت یافتہ ہو وہ غیر آئینی اور غیر شرعی امور کا مرتکب قرار نہیں دیا جاسکتا۔ لہٰذا حضرت امیر معاویہ ؓ مودودی صاحب کے اس افترا سے بھی یقیناً بری ہیں۔

marfat.com

اہلسنت قرآن وحدیث پر پختہ ایمان رکھتے ہیں اور تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خصوصاً حضرت امیر معاویہ ﷺ کو ہادی ومہدی مانتے ہیں۔

اور یہ جو مودودی صاحب نے کہا ہے کہ حضرت معاویہ ﷺ نے "مرکزی حکومت کی اطاعت سے انکار کیا" تو یہ انہوں نے درست نہیں کہا شرح عقائد سے منقول ہے۔ ترجمہ

جناب سیدنا علی المرتضیٰ ﷺ سے جناب سیدنا امیر معاویہ ﷺ نے اس لئے اختلاف نہیں کیا تھا کہ وہ حضرت علی ﷺ کے مقابلے میں اپنے آپ کو خلافت کا زیادہ حق دار سمجھتے تھے بلکہ یہ اختلاف اس شبہ میں ہوا تھا کہ جناب امیر معاویہ ﷺ یہ سمجھتے تھے کہ جناب سیدنا عثمان ذوالنورین ﷺ کے قتل کا قصاص لینے کیلئے موجودہ حالات میں خلیفۂ وقت کے ساتھ جنگ کرنا جائز ہے ان کا اختلاف صرف قصاص کے متعلق تھا۔ خلافت و امارت میں کوئی اختلاف نہ تھا۔ اس بات کا ایک بیّن ثبوت یہ بھی ہے کہ جناب سیدنا امیر معاویہ، جناب سیدنا طلحہ، جناب سیدنا زبیر (حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ) رضی اللہ عنہم نے خلافت علی کو تسلیم کرتے ہوئے ان سے قصاص لینے کا مطالبہ کیا تھا اگر یہ حضرات جناب علی المرتضیٰ ﷺ کی خلافت کو قبول نہ فرماتے ہوتے تو پھر جناب سیدنا امیر معاویہ ﷺ جناب سیدنا عثمان ذوالنورین ﷺ کے قصاص کے احکام خود جاری فرماتے"۔

(مناقب سیدنا امیر معاویہ ﷺ ص ۱۰۸-۱۰۹ بحوالہ حاشیہ شرح عقائد نمبر ۳ ص ۱۰۹)

گویا مولانا مودودی صاحب کا یہ طعن ہرگز درست نہیں۔

اعتراض ۸ (طعنِ مودودی)

حضرت امیر معاویہ ﷺ پر مولانا مودودی صاحب کا ایک اور طعن ملاحظہ کیجیے

marfat.com

اور اس کا جواب دیکھیے کہتے ہیں:

''حضرت معاویہ ؓ کی خلافت اس نوعیت کی خلافت نہ تھی کہ مسلمانوں کے بنانے سے وہ خلیفہ بنے ہوں اور اگر مسلمان ایسا کرنے پر راضی نہ ہوتے تو وہ نہ بنتے۔ وہ بہر حال خلیفہ ہونا چاہتے تھے۔ انہوں نے لڑ کر خلافت حاصل کی' مسلمانوں کے راضی ہونے پر ان کی خلافت کا انحصار نہ تھا۔ لوگوں نے ان کو خلیفہ نہیں بنایا۔ وہ خود اپنے زور سے خلیفہ بنے اور جب وہ خلیفہ بن گئے تو لوگوں کیلئے بیعت کے سوا کوئی چارۂ کار نہ تھا۔ اس وقت اگر ان سے بیعت نہ کی جاتی تو اس کا نتیجہ یہ نہ ہوتا کہ وہ اپنے حاصل کردہ منصب سے ہٹ جاتے، بلکہ اس کے معنی خونریزی و بدنظمی کے تھے جسے امن اور نظم پر ترجیح نہیں دی جاسکتی تھی۔ اسی لئے امام حسن ؓ کی دست برداری (ربیع الاول ۴۱ھ) کے بعد تمام صحابہ و تابعین ؓ اور صلحائے امت نے ان کی بیعت پر اتفاق کیا اور اس کو ''عام الجماعت'' اس بنا پر قرار دیا کہ کم از کم باہمی خانہ جنگی تو ختم ہوئی''۔

(خلافت وملوکیت ص ۱۵۸)

جواب

مودودی صاحب نے اپنے خلاف امت نظریات کے باعث سیدنا امیر معاویہ ؓ کی خلافت پر طعن کرتے ہوئے کہا کہ وہ مسلمانوں کے بنانے سے خلیفہ نہ بنے اور لوگوں نے ان کو خلیفہ نہیں بنایا بلکہ انہوں نے لڑ کر خلافت حاصل کی اور مسلمانوں کے راضی ہونے پر ان کی خلافت کا انحصار نہ تھا۔

جب کہ حقیقت یہ ہے کہ جناب رسول اللہ ﷺ نے حضرت امیر معاویہ ؓ کو بشارت دی۔ دوسرے خلیفۂ راشد سیدنا فاروق اعظم ؓ کے عہد خلافت میں شام کے گورنر مقرر ہوئے۔ خلیفۂ وقت سے عرب کے کسریٰ ہونے کا خطاب پایا۔ (ازالۃ الخفا

marfat.com

اردو دوم ص۱۲۰) پھر تیسرے خلیفۂ راشد سیدنا عثمان غنی ؓ نے اپنے طویل دورِ حکومت میں ان کو نہ صرف اس گورنری پر برقرار رکھا بلکہ اسے اور ترقی دی۔ مودودی صاحب کے الفاظ میں سنیئے' کہتے ہیں:

''حضرت معاویہ ؓ سیدنا عمر فاروق ؓ کے زمانے میں صرف دمشق کی ولایت پر تھے حضرت عثمان ؓ نے ان کی گورنری میں دمشق، حمص، فلسطین، اردن اور لبنان کا پورا علاقہ جمع کر دیا''۔

(خلافت وملوکیت ص۱۰۸)

خلیفہ تو جب ہوئے اور خلافت تو انہیں جب ملی جب سیدنا امام عالی مقام امام حسن ؓ نے اس کے حقیقی حقدار ہونے کے باوجود خود دستبردار ہو کر خلافت انہیں سپرد فرمادی اور مع اپنے جانثار ساتھی صحابہ وتابعین کے ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ تو پھر مودودی صاحب کا یہ کہنا کہ لوگوں نے ان کو خلیفہ نہیں بنایا' کتنا بڑا جھوٹ اور کتنا بڑا مغالطہ ہے۔ معلوم نہیں لوگوں سے ان کی مراد کیا ہے؟ حالانکہ خود ہی لکھ رہے ہیں کہ:

''امام حسن ؓ کی دست برداری (ربیع الاول ۴۱ھ) کے بعد تمام صحابہ و تابعین اور صلحائے امت نے ان کی بیعت پر اتفاق کیا''۔

(خلافت وملوکیت ص۱۵۸)

اس طرح جب انہیں خلافت سپرد ہوگئی اور اس پر تمام صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم اور صلحائے امت نے اتفاق بھی کر لیا تو آپ تمام مسلمانوں کے خلیفہ ہو گئے۔ یہ تمام صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم اور صلحائے امت کا اتفاق اس بات کی نہایت واضح دلیل ہے کہ سب مسلمان آپ کی اطاعت پر راضی ہو کر آپ کو خلیفہ تسلیم کر چکے تھے اور پھر آپ کا پُر امن طویل دورِ حکومت بھی مسلمانوں کی رضامندی کی روشن دلیل ہے۔ یہ کہنا کہ اس وقت لوگوں یعنی صحابہ کرام اور تابعین عظام رضی اللہ عنہم کیلئے بیعت کے سوا کوئی چارہ کار نہ تھا اور انہوں نے تو محض خونریزی سے بچنے کیلئے ایسا کیا تھا تو

marfat.com

یہاں مودودی صاحب نے نہ صرف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے باہمی رضامندی کے جذبہ کا انکار کیا بلکہ انہیں دینی غیرت سے محروم اور بے حمیت ہونے کا الزام بھی دے دیا۔ استغفر اللہ۔

حالانکہ سیدنا امام حسن ﷺ نے خلافت انہیں سونپ کر ان کی بیعت کر لی اور آپس میں صلح ہو گئی اور یہ صلح بھی وہی ہے جس کی بشارت خود حضور ﷺ نے دی تھی[1] اور جب صلح ہو گئی تو باہمی رضامندی بھی ہو گئی اور خونریزی کا خدشہ بھی ختم ہو گیا۔ اور کسی سے کوئی جھگڑا ہی نہ رہا۔ لہٰذا مودودی صاحب نے محض مغالطہ دیا یا پھر حدیث بخاری سے ناواقفیت اور جہالت کا مظاہرہ کیا ورنہ وہاں تو اُس وقت صلح اور رضامندی کے علاوہ کچھ تھا ہی نہیں۔ حتیٰ کہ جس سال (ربیع الاول ۴۱ھ) یہ صلح ہوئی اور تمام صحابہ و تابعین اور صلحائے امت رضی اللہ عنہم نے ایک خلیفہ کی اطاعت پر اتفاق کیا اس سال کو "عام الجماعۃ" سے تعبیر کیا گیا۔ کہ اس سال پوری امت متحد و متفق ہو کر ایک خلیفہ کی اطاعت پر جمع ہو گئی اور امت حق پر جمع ہوتی ہے گمراہی پر نہیں۔ دانائے غیوب جناب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَۃِ"۔ (مشکوٰۃ ترمذی)

ترجمہ: میری امت ہرگز گمراہی پر جمع نہیں ہو گی۔

یعنی امت جب بھی جمع ہو گی حق پر ہو گی اور یہاں امت خلافتِ امیر معاویہ ﷺ پر جمع ہو گئی لہٰذا آپ کی خلافت کے حق ہونے کی توثیق بھی ہو گئی۔ اختلاف بالکل ختم ہو گیا اور سیدنا امیر معاویہ ﷺ متفقہ طور پر پوری امت کے خلیفہ مقرر ہو گئے۔ اب

---

[1] دیکھئے بخاری باب علامات نبوت' مناقب الحسن والحسین رضی اللہ عنہما' کتاب الفتن' کتاب الصلح حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سیّدنا امام حسن ﷺ کو جبکہ وہ ابھی چھوٹے بچے تھے گود میں لے کر بر سر منبر فرمایا (ترجمہ) "میرا یہ بیٹا سردار ہے اور شاید اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی دو جماعتوں میں صلح کرا دے گا"

marfat.com

تمام صحابہ وتابعین اور صلحائے امت رضی اللہ عنہم انہیں امیر المؤمنین کے لقب سے یاد کرنے لگے۔ ایک کمان کے نیچے جہاد کا رکا ہوا سلسلہ دوبارہ جاری ہوا اور اسلام کی نشر واشاعت پھر سے شروع ہوگئی۔

دیگر مودودی صاحب کا یہ کہنا کہ انہوں نے لڑ کر خلافت حاصل کی' بھی غلط ثابت ہوا۔ اس میں شک نہیں کہ انہوں نے خلیفۂ برحق سیدنا علی المرتضیٰ ﷛ سے لڑائی کی۔ لیکن یہ لڑائی خلافت کیلئے نہ کی اور نہ ہی وہ اس لڑائی میں مدعی خلافت تھے۔ ہاں ان سے اجتہادی خطا ہوئی اور لڑائی کی نوبت آگئی۔ اور اختلاف صرف قتل عثمان کے قصاص پر تھا۔ آیئے ہم آپ کے سامنے سیدنا علی المرتضیٰ ﷛ کا وہ حکم نامہ جو آپ نے جنگِ صفین کے بعد اپنے عمّال کے نام بطور وضاحت روانہ فرمایا' پیش کرتے ہیں۔ اسے ہم "دونوں کا دعویٰ ایک اور اختلاف قصاص عثمان ﷛ پر تھا" کے عنوان کے تحت سے بھی نقل کر چکے ہیں' یہاں صرف ترجمہ پیش کیا جاتا ہے۔ فرمایا:

"ظاہر میں ہم سب کا پروردگار ایک تھا۔ ہمارا نبی ایک تھا۔ ہماری دعوت اسلام ایک تھی۔ نہ ہم ان سے ایمان باللہ اور تصدیق بالرسول میں کسی اضافے کا مطالبہ کرتے تھے نہ وہ ہم سے کرتے تھے (اس معاملہ میں) ہم سب ایک تھے۔ اختلاف تھا تو صرف عثمان ﷛ کے خون میں اختلاف تھا۔ حالانکہ اس خون سے ہم بالکل بری الذمہ تھے"۔

(نہج البلاغہ مع ترجمہ وتشریح حصہ دوم ص ۱۲۲ نمبر ۵۸)

لہٰذا مودودی صاحب کا یہ کہنا کہ وہ بہر حال خلیفہ ہونا چاہتے تھے اور پھر اسے ان کے مدعی خلافت ہونے پر منتج کرنا صحیح نہیں۔ ہاں اس قدر صحیح ہے کہ وہ اس کے خواہش مند رہے۔ اور یہ غلط بھی نہیں تھا بلکہ انہیں اس خلافت کا خواہش مند رہنا چاہیے تھا۔ اس لئے کہ انہیں جناب رسول اللہ ﷺ نے اس کی بشارت دی تھی۔ محدث جلیل حضرت علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

marfat.com

''ابو بکر بن ابی شیبہ نے اپنی سند سے حضرت معاویہ سے روایت نقل کی ہے کہ وہ کہتے تھے مجھے اس وقت سے برابر خلافت ملنے کی امید رہی جب سے رسول خدا ﷺ نے مجھے فرمایا کہ: ''اے معاویہ اجب تم بادشاہ ہونا تو نیکی کرنا'' اور ابو یعلی نے اپنی سند سے جس میں سوید ہیں اور ان کے متعلق کچھ جرح بھی ہے مگر وہ جرح مضر نہیں ہے۔ حضرت معاویہ سے روایت کی ہے کہ وہ کہتے تھے رسول خدا ﷺ نے (ایک مرتبہ) میری طرف دیکھا اور فرمایا کہ ''اے معاویہ! اگر تم کو حکومت ملے تو اللہ سے ڈرنا اور انصاف کرنا''۔ حضرت معاویہ کہتے ہیں اس وقت سے مجھے یہ امید رہی کہ مجھے کہیں کی حکومت ملنے والی ہے یہاں تک کہ حضرت عمر کی طرف سے مجھے شام کی حکومت ملی۔ پھر حضرت امام حسن کے خلافت ترک کردینے کے بعد خلافت حاصل ہوگئی۔ اس حدیث کو امام احمد نے ایک مرسل سند سے روایت کیا ہے مگر ابو یعلی نے اس کو سند صحیح سے موصول کیا ہے اس کے الفاظ حضرت معاویہ سے مروی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ ''وضو کرو'' پس جب وہ وضو کر چکے تو آنحضرت ﷺ نے میری طرف دیکھا اور فرمایا کہ ''اے معاویہ! اگر تم کو کہیں کی حکومت ملے تو اللہ سے ڈرنا اور انصاف کرنا'' اور طبرانی نے ''اوسط'' میں اس قدر مضمون زائد روایت کیا ہے کہ ''نیکو کاروں کی نیکی قبول کرنا اور بدکاروں سے درگزر کرنا'' اور امام احمد نے ایک دوسری سند حسن سے روایت کیا ہے کہ جب حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے تو بجائے ان کے حضرت معاویہ نے پانی کا برتن اٹھالیا اور رسول خدا ﷺ کو وضو کرانے لگے۔ حضرت ﷺ نے وضو کرنے میں ایک مرتبہ یا دو مرتبہ سر اٹھایا اور فرمایا کہ ''اے معاویہ! اگر تم کو کہیں کی

marfat.com

حکومت ملے تو اللہ سے ڈرنا اور انصاف کرنا"۔ حضرت معاویہ ؓ کہتے ہیں اس وقت سے مجھے برابر یہ خیال رہا کہ مجھے عنقریب خلافت ملنے والی ہے یہاں تک کہ مل گئی"۔

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۴-۳۵)

یہی حضرت علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اسی بشارت کی شرح میں فرماتے ہیں:

"آنحضرت ﷺ نے حضرت معاویہ ؓ کو بتایا تھا کہ وہ بادشاہ بنے گا اور آپ نے اسے حسن سلوک کا حکم دیا تھا۔ حدیث میں آپ ان کی خلافت کے درست ہونے کے متعلق اشارہ پائیں گے۔ اور حضرت حسن ؓ کی دستبرداری کے بعد وہ اس کے حقدار تھے۔ کیونکہ آپ ﷺ کا انہیں احسان کا حکم دینا، بادشاہ ہونے پر مترتب ہوتا ہے۔ جس سے ان کی خلافت کے درست ہونے کی وجہ سے نہ کہ غالب آجانے کی وجہ سے ان کی حکومت و خلافت کی حقیت، صحت تصرف اور نفوذ افعال پر دلالت ہوتی ہے۔ کیونکہ خود بخود غلبہ حاصل کرنے والا فاسق اور عذاب پانے والا ہوتا ہے وہ خوشخبری کا استحقاق نہیں رکھتا۔ اور نہ ہی ان سے حسن سلوک کا حکم دیا جاسکتا ہے جن پر وہ غلبہ حاصل کرتا ہے۔ بلکہ وہ تو اپنے قبیح افعال اور برے احوال کی وجہ سے زجر و توبیخ اور انتباہ کا مستحق ہوتا ہے۔ اگر حضرت معاویہ ؓ متغلب ہوتے تو حضور علیہ السلام ضرور اس طرف اشارہ کرتے یا انہیں صراحت سے بتاتے۔ جب آپ ﷺ نے صراحت کی بجائے اس طرف اشارہ تک بھی نہیں کیا تو یہ بات آپ ؓ کی حقیت پر دلالت کرتی ہے جس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ آپ حضرت حسن ؓ کی دستبرداری کے بعد سچے امام اور برحق خلیفہ تھے"۔

(الصواعق المحرقہ اردو ص ۷۲۲)

marfat.com

اعتراض ۹ (طعنِ مودودی)

مودودی صاحب کا ایک اور طعن ملاحظہ ہو کہتے ہیں:

''اس دور کے تغیرات میں سے ایک اور اہم تغیر یہ تھا کہ مسلمانوں سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی آزادی سلب کر لی گئی۔ حالانکہ اسلام نے اسے مسلمانوں کا صرف حق ہی نہیں بلکہ فرض قرار دیا تھا اور اسلامی معاشرہ وریاست کا صحیح راستے پر چلنا اس پر منحصر تھا کہ قوم کا ضمیر زندہ اور اس کے افراد کی زبانیں آزاد ہوں۔ ہر غلط کام پر وہ بڑے سے بڑے آدی کو ٹوک سکیں اور حق بات برملا کہہ سکیں۔ خلافت راشدہ میں لوگوں کی یہ آزادی پوری طرح محفوظ تھی۔ خلفائے راشدین اس کی نہ صرف اجازت دیتے تھے بلکہ اس پر لوگوں کی ہمت افزائی کرتے تھے۔ ان کے زمانہ میں حق بات کہنے والے ڈانٹ اور دھمکی سے نہیں، تعریف وتحسین سے نوازے جاتے تھے اور تنقید کرنے والوں کو دبایا نہیں جاتا تھا بلکہ ان کو معقول جواب دے کر مطمئن کرنے کی کوشش کی جاتی تھی۔ لیکن دور ملوکیت میں ضمیروں پر قفل چڑھا دیئے گئے اور زبانیں بند کر دی گئیں۔ اب قاعدہ یہ ہو گیا کہ منہ کھولو تو تعریف کیلئے کھولو، ورنہ چپ رہو اور اگر تمہارا ضمیر ایسا ہی زوردار ہے کہ تم حق گوئی سے باز نہیں رہ سکتے تو قید اور قتل اور کوڑوں کی مار کیلئے تیار ہو جاؤ۔ چنانچہ جو لوگ بھی اس دور میں حق بولنے اور غلط کاریوں پر ٹوکنے سے باز نہ آئے ان کو بدترین سزائیں دی گئیں تا کہ پوری قوم دہشت زدہ ہو جائے۔

اس نئی پالیسی کی ابتدا حضرت معاویہ ؓ کے زمانہ میں حضرت حُجر بن عدی کے قتل ۵۱ھ سے ہوئی''۔ (خلافت وملوکیت ص ۱۶۳-۱۶۴)

marfat.com

آپ اس کا کیا جواب دیں گے؟

جواب

مولانا مودودی حضرت امیر معاویہ ﷛ جو جلیل القدر صحابی ہیں اور جن کی خلافت پر تمام صحابہ و تابعین اور علمائے امت رضی اللہ عنہم نے اتفاق کیا اور انہیں امیر المؤمنین تسلیم کیا' حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے جن کیلئے عالم قرآن اور ہادی و مہدی ہونے کی دعائیں کیں' صحابہ کرام، محدثین عظام اور علمائے امت جن کو فقیہ کہہ رہے ہیں' اہلسنت آج بھی انہیں فقیہ و مجتہد تسلیم کر رہے ہیں' پر تہمتیں لگا کر اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر پر پابندی لگانے کا الزام دے کر معلوم نہیں اپنے کون سے دلی بغض وعناد کا اظہار کر رہے ہیں اور اپنے کون سے مذہب کا پرچار کر رہے ہیں؟ آیئے دیکھتے ہیں کہ حقائق کیا ہیں اور علمائے اسلام اس بارے میں کیا کہتے ہیں۔ امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں کہ:

''حضرت معاویہ ﷛ کے فضائل میں بسند صحیح مروی ہے کہ جمعہ کے دن انہوں نے ایک مرتبہ خطبہ پڑھا اور فرمایا: ''مال سب ہمارا ہے اور غنیمت سب ہماری ہے ہم جس کو نہ چاہیں نہ دیں'' کسی نے ان کو اس کا جواب نہ دیا۔ پھر دوسرے جمعہ میں انہوں نے ایسا ہی کہا۔ پھر بھی کسی نے ان کو اس کا جواب نہ دیا پھر تیسرے جمعہ میں انہوں نے ایسا ہی کہا تو ایک شخص کھڑا ہو گیا اور اس نے کہا: ''ہرگز نہیں مال سب ہمارا ہے اور غنیمت سب ہماری ہے پس جو شخص ہمارے اور اس کے درمیان حائل ہو گا ہم خدا کے سامنے اپنی تلوار سے اس کا فیصلہ کریں گے'' یہ سن کر انہوں نے اپنا خطبہ ختم کر دیا۔ پھر جب اپنے مکان میں پہنچے تو اس شخص کو بلوایا۔ لوگوں نے کہا اب یہ شخص مارا گیا۔ پس لوگ گئے تو دیکھا کہ حضرت

marfat.com

معاویہ ﷺ تخت پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ حضرت معاویہ ﷺ نے ان لوگوں سے کہا اس شخص نے مجھے زندہ کر دیا۔ اللہ اس کو زندہ رکھے، میں نے رسول خدا ﷺ سے سنا ہے۔ آپ فرماتے تھے کہ "عنقریب میرے بعد چند امراء ہوں گے۔ جب وہ کوئی بات کہیں گے تو کوئی اس کو رد نہ کر سکے گا وہ دوزخ میں اس طرح گریں گے جس طرح کلیاں گرتی ہیں"۔ میں نے جب پہلے جمعہ میں یہ بات کہی اور کسی نے جواب نہ دیا تو مجھے خوف ہوا کہ کہیں میں بھی ان میں سے نہ ہوں پھر دوسرے جمعہ میں بھی میں نے کہا اور کسی نے رد نہ کیا تو مجھے یقین ہو گیا کہ میں انہیں میں سے ہوں پھر تیسرے جمعہ میں بھی میں نے کہا تو یہ شخص کھڑا ہو گیا اور اس نے میری بات کا رد کیا پس اس نے مجھے زندہ کیا اللہ اس کو زندہ رکھے۔

پس اس منقبت جلیلہ پر غور کرو جو خصوصیت کے ساتھ حضرت معاویہ ﷺ کی ذات میں موجود تھی کسی دوسرے سے ایسی بات منقول نہیں ہے۔ تم جب اس بات پر غور کرو گے اور توفیق تمہاری مساعدت کرے گی تو تم کو خواہ مخواہ اعتقاد رکھنا پڑے گا کہ حضرت معاویہ جامع کمالات تھے اور تم ان سے خوش ہو جاؤ گے اور سمجھ لو گے کہ انہوں نے جو کچھ رسول خدا ﷺ سے سنا تھا اس پر عمل کرنے کیلئے بڑے حریص تھے۔ جہاں تک ان کے امکان میں تھا اور وہ اس بات سے بہت ڈرتے تھے کہ ان سے کوئی خطا صادر ہو۔ پس اللہ نے انہیں بچایا اور امن دیا اللہ ان سے راضی رہے"۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۶۲ ـ ۶۳)

اب آزادیٔ رائے کی اس سے عمدہ مثال کیا ہوگی' کیا یہ خلفائے راشدین کی اتباع میں آزادیٔ رائے پر لوگوں کی ہمت افزائی نہیں کی گئی؟ لیکن مولانا مودودی جو خوف خدا و آخرت سے بالکل محروم اور تہمت لگانے میں بڑے جری ہیں' کہتے ہیں:

marfat.com

''ضمیروں پر قفل چڑھا دیئے گئے اور زبانیں بند کر دی گئیں۔
اب قاعدہ یہ ہو گیا کہ منہ کھولو تو تعریف کیلئے کھولو ورنہ چپ رہو اور اگر تمہارا ضمیر ایسا ہی زوردار ہے کہ تم حق گوئی سے باز نہیں رہ سکتے تو قید اور قتل اور کوڑوں کی مار کیلئے تیار ہو جاؤ۔ چنانچہ جو لوگ بھی اس دور میں حق بولنے اور غلط کاریوں پر ٹوکنے سے باز نہ آئے ان کو بدترین سزائیں دی گئیں تا کہ پوری قوم دہشت زدہ ہو جائے''۔

(خلافت وملوکیت ص ۱۶۳۔۱۶۴)

یہ کہہ کر مودودی صاحب نے نہ صرف حقیقت کو چھپایا بلکہ حضرت امیر معاویہ ؓ کو گویا حق گوئی کا مخالف اور سفاک بنا کر پیش کیا جبکہ حدیث پاک میں انہیں بہت زیادہ حلیم فرمایا گیا۔ حضرت علامہ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں:

''آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ابوبکر ؓ میری امت میں سب سے زیادہ رحم دل اور رقیق القلب ہیں بعد اس کے آپ نے بقیہ خلفائے اربعہ کے مناقب بیان کئے اور ان میں حضرت معاویہ ؓ کا بھی ذکر کیا' فرمایا کہ: ''معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہما میری امت میں سب سے زیادہ حلیم اور سخی ہیں''۔

ان دونوں عظیم الشان وصفوں کو جو آنحضرت ﷺ نے ان کی ذات میں بیان کئے ہیں غور سے دیکھو تو تم کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ ان دونوں وصفوں کے ذریعہ سے کمال کے مرتبہ اعلیٰ تک پہنچ گئے تھے جو کسی دوسرے کو نصیب نہیں ہوا کیونکہ ''حلم اور جود'' یہ دو صفتیں ایسی ہیں کہ تمام حظوظ وشہوات نفس کو مٹا دیتی ہیں اس لئے کہ تکلیف اور شدت غضب کے وقت وہی شخص حلم کر سکتا ہے جس کے دل میں ذرہ برابر غرور اور حظ نفس باقی نہ ہو۔ اسی وجہ سے ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ

marfat.com

مجھے کچھ وصیت فرمائیے۔ حضرت ﷺ نے فرمایا کبھی غصہ نہ کرنا، وہ شخص بار بار آپ سے کہتا رہا کہ مجھے کچھ وصیت فرمائیے اور آپ ﷺ ہر بار یہی فرماتے رہے کہ کبھی غصہ نہ کرنا۔ معلوم ہوا کہ جب کوئی شخص غصہ کے شر سے بچ جائے گا تو وہ نفس کی دوسری خباثتوں سے بھی بچ جائے گا اور جو شخص نفس کی خباثتوں سے بچ جائے اس میں تمام نیکیاں جمع ہوں گی۔

اسی طرح سخاوت کا حال ہے۔ تمام گناہوں کا سرچشمہ محبت دنیا ہے جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے پس جس شخص کو اللہ تعالیٰ محبت دنیا سے بچائے اور سخاوت کی صفت اس کو عطا کرے تو سمجھ لینا چاہیے کہ اس کے دل میں ذرہ برابر حسد نہیں ہے۔ نہ وہ کسی فانی چیز کی طرف ملتفت ہو کر دنیا و آخرت کی نیکیوں کو برباد کر سکتا ہے اور جب کسی کا قلب ان دونوں آفتوں سے پاک ہو یعنی غضب اور بخل سے جو سرچشمہ تمام نقائص اور خباثتوں کے ہیں تو وہ شخص تمام کمالات اور نیکیوں کے ساتھ آراستہ اور تمام برائیوں سے پاک ہوگا۔ پس آنحضرت ﷺ کے اس فرمانے سے کہ معاویہ ؓ حلیم اور سخی ہیں وہ تمام فضائل جو میں نے بیان کئے حضرت معاویہ ؓ کی ذات میں ثابت ہو گئے۔ اب وہ باتیں جو اہل بدعت و جہالت بیان کرتے ہیں کسی طرح قابل قبول نہیں ہو سکتیں۔

اگر کہا جائے کہ یہ حدیث جو مذکور ہوئی اس کی سند ضعیف ہے پھر اس سے استدلال کیونکر صحیح ہو سکتا ہے تو جواب یہ ہے کہ ہمارے تمام ائمہ فقہا اور اصولیین اور محدثین اس بات پر متفق ہیں کہ حدیث ضعیف مناقب کے متعلق حجت ہوتی ہے، جیسا کہ فضائل اعمال کے متعلق بالاجماع حجت مانی گئی ہے اور جب اس کا حجت ہونا ثابت ہو گیا تو کسی معاند کا کوئی شبہ یا کسی حاسد کا کوئی طعن باقی نہ رہا بلکہ تمام ان لوگوں پر

marfat.com

جن میں کچھ اہلیت ہو واجب ہو گیا کہ اس حق کو اپنے دل میں جگہ دیں اور بہکانے والوں کے فریب میں نہ آئیں"۔

(سیدنا امیر معاویہ ﷺ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۳۰۹ تا ۳۱۰)

دیگر ہم سابقہ صفحات میں حضور نبی کریم ﷺ کی حضرت امیر معاویہ ﷺ کے حق میں یہ دعا کہ: "اے اللہ! اسے ہادی اور مہدی بنا"۔ (**اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هَادِيًا مَهْدِيًّا وَّاهْدِ بِهٖ** ترمذی ابواب المناقب) نقل کر چکے ہیں تو فرمائیے کیا "**امر بالمعروف ونھی عن المنکر**" سے روکنے والا ہادی ومہدی ہوتا ہے یا اس کا نفاذ کرنے والا اور اسے روبہ عمل لانے والا۔ جبکہ ہادی کا مطلب ہے ہدایت دینے والا اور مہدی کا مطلب ہے ہدایت یافتہ۔ اور یہ اللہ کے رسول ﷺ کی دعا ہے جو یقینی طور پر بارگاہ خداوندی میں مقبول ہے۔ اور جب حضرت امیر معاویہ ﷺ ہادی ومہدی ہیں تو یقیناً "**امر بالمعروف ونھی عن المنکر**" کو نافذ کرنے والے ہیں نہ کہ روکنے والے۔ مولانا مودودی صاحب نے یا تو حقائق سے ناواقفیت اور احادیث سے جہالت کا ثبوت دیا ہے یا پھر احادیث اور دعائے رسول ﷺ کی اجابت وقبولیت پر ان کا ایمان نہیں یا پھر بغض وتعصب کا شکار ہو گئے ہیں ورنہ سیدنا امیر معاویہ ﷺ پر تہمت لگا کر اپنا نامۂ اعمال سیاہ نہ کرتے۔

امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کو نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"حضرت معاویہ ﷺ کے فضائل میں ایک بڑی روشن حدیث وہ ہے کہ جس کو "ترمذی" نے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث "حسن" ہے کہ رسول خدا ﷺ نے حضرت معاویہ ﷺ کیلئے دعا مانگی کہ "یا اللہ! ان کو ہدایت کرنے والا اور ہدیت یافتہ بنا دے"۔ پس صادق و مصدوق کی اس دعا پر غور کرو، اور اس بات کو بھی سمجھو کہ آنحضرت ﷺ کی وہ دعائیں جو آپ نے اپنی امت خصوصاً اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم کیلئے

marfat.com

مانگی ہیں، مقبول ہیں، تو تم کو یقین ہو جائے گا کہ یہ دعا جو آپ نے حضرت معاویہ ﷛ کیلئے مانگی مقبول ہوئی اور اللہ نے ان کو ہدایت کرنے والا اور ہدایت یافتہ بنادیا اور جو شخص ان دونوں صفتوں کا جامع ہو اس کی نسبت کیونکر وہ باتیں خیال کی جا سکتی ہیں، جو باطل پرست معاند بکتے ہیں۔ رسول خدا ﷺ ایسی جامع دعا جو تمام مراتب دنیا و آخرت کو شامل ہو اور تمام نقائص سے پاک کرنے والی ہو ایسے ہی شخص کیلئے کریں گے جس کو آپ نے سمجھ لیا ہو گا کہ وہ اس کا اہل اور مستحق ہے۔

اگر تم کہو کہ یہ دونوں الفاظ یعنی ہدایت کرنے والا اور ہدایت یافتہ مترادف یا متلازم ہیں پس نبی ﷺ نے یہ الفاظ کیوں کہے، تو میں جواب دوں گا کہ ان دونوں لفظوں میں نہ ترادف ہے نہ تلازم کیونکہ انسان کبھی خود ہدایت یافتہ ہوتا ہے مگر دوسروں کو اس سے ہدایت نہیں ملتی۔ یہ حال ان عارفین کا ہے جنہوں نے سیاحت یا گوشہ نشینی اختیار کر لی ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ دوسرے تو اس سے ہدایت پاتے ہیں مگر خود ہدایت یافتہ نہیں ہوتا۔ یہ حال اکثر واعظین کا ہے کہ جنہوں نے بندوں کے معاملات کو درست رکھا ہے اور خدا کے معاملات کو درست نہیں کیا۔ میں نے بہت سے واعظ ایسے دیکھے ہیں۔ خدا کو کچھ پروا نہیں، یہ لوگ چاہے جس جنگل میں ہلاک ہو جائیں۔ آنحضرت ﷺ نے بھی فرمایا ہے کہ اللہ کبھی اس دین کی مدد بدکار آدمی سے بھی کرا دیتا ہے۔ اس لئے رسول خدا ﷺ نے حضرت معاویہ ﷛ کیلئے ان دونوں عظیم الشان مرتبوں کے حصول کی دعا مانگی تا کہ وہ خود بھی ہدایت یافتہ ہو جائیں اور دوسروں کو بھی ہدایت کریں''۔ (اور اس کیلئے ضروری ہے کہ'' امر بالمعروف و نھی عن المنکر '' کو نافذ کریں نہ کہ اسے روک دیں۔ جیسا کہ

marfat.com

مودودی صاحب نے بہتان لگایا ہے۔ مؤلف)

(سیدنا امیر معاویہ ؓ کا ردو تر جمہ تطہیر الجنان ص ۲۷۔ ۲۸)

اعتراض ۱۰ (طعن مودودی)

مولانا مودودی کا ایک اور طعن ملاحظہ ہو کہتے ہیں:

''مال غنیمت کی تقسیم کے معاملہ میں بھی حضرت معاویہ ؓ نے کتاب اللہ وسنت رسول اللہ ﷺ کے صریح احکام کی خلاف ورزی کی۔ کتاب وسنت کی رو سے پورے مال غنیمت کا پانچواں حصہ بیت المال میں داخل ہونا چاہیے اور باقی چار حصے اس فوج میں تقسیم کئے جانے چاہئیں جولڑائی میں شریک ہوئی ہو۔ لیکن حضرت معاویہ ؓ نے حکم دیا کہ مال غنیمت میں سے چاندی سونا ان کیلئے الگ نکال لیا جائے۔ پھر باقی مال شرعی قاعدے کے مطابق تقسیم کیا جائے''۔ (خلافت وملوکیت ص ۱۷۴)

مولانا مودودی نے حضرت امیر معاویہ ؓ پر یہ جو شدید اعتراض اور طعن کیا ہے آپ اس کا کیا جواب دیں گے؟

جواب

حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''ہم صحابہ کرام کا جب بھی ذکر کریں خیر ہی کے ساتھ ہونا چاہیے وہ سب ہمارے دینی پیشوا اور مقتدا ہیں۔ ان میں سے کسی کے ساتھ بدعقیدگی رکھنا اور ان کی کسی بات پر طعن کرنا یا انہیں برا بھلا کہنا سب حرام ہے۔ ہم پر واجب ہے کہ ہم ان کی تعظیم وتکریم بجا لاتے رہیں''۔ (العقیدۃ الحسنہ)

بلکہ تمام اکابر امت یہی فرماتے ہیں۔ ملاحظہ ہو باب ۳ ''معتقدات اہلسنت

marfat.com

اور نظریات 'اکابر'' اور حضرت امیر معاویہ ﷺ حضور نبی کریم ﷺ کے جلیل القدر صحابی ہیں۔ گویا نہایت ہی تعظیم و تکریم کے مستحق ہیں اور ان سے بدعقیدگی رکھنا یا ان پر کوئی طعن کرنا حرام ہے۔ اور کمال کی بات تو یہ ہے کہ خود اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں سب صحابہ کرام کو کفر وفسق اور نافرمانی سے متنفر اور متقی وعادل فرمارہا ہے۔ آیاتِ مقدسہ کی تفصیل کیلئے اعتراض نمبر ۲ کا جواب ملاحظہ کریں۔ ہم کہتے ہیں' معتقدات اہلسنّت کا احترام تو مودودی صاحب جب کریں جب عقائد اہلسنّت اختیار کرنے کا اعلان کریں لیکن قرآن کریم کو تو مانتے ہوں گے آخر انہوں نے تفہیم القرآن کے نام سے اس کی تفسیر لکھی ہے۔ لیکن افسوس صد افسوس! انہیں کچھ پروا نہیں۔ ارے جب قرآن کریم صحابہ کرام کی یہ صفات بیان کرتا ہے کہ وہ کفر وفسق اور نافرمانی سے متنفر اور متقی وعادل ہیں تو پھر ان پر خیانت کا الزام کیوں؟ کیا واقعی مودودی صاحب قرآن کریم پر ایمان نہیں رکھتے یا پھر اس کی تفہیم سے عاری ہیں؟ آخر قرآن کریم کی بیان کردہ صفات صحابہ پر انہوں نے کیوں نہیں یقین کیا اور انہوں نے قرآن کریم کو چھوڑ کر تاریخی روایات کو اپنے نظریات کی بنیاد کیوں بنایا ہے؟ براہِ کرم ہمارا پیش کردہ ابتدائی عنوان ''فیصلہ قرآن وحدیث سے کیوں تاریخ سے کیوں نہیں؟'' پھر ملاحظہ فرمائیں آپ پر مودودی صاحب کے اعتراضات اور نظریات کا بطلان خوب واضح ہو جائے گا۔

یہاں ہم اتنی گزارش کریں گے کہ قرآن سچے اللہ کا کلام ہے' اللہ کا سچا رسول ﷺ لایا ہے اور یہ خود بھی سچا ہے فرمایا ''لَا رَیْبَ فِیْهِ'' (البقرہ) اس میں کوئی شک کی جگہ نہیں' اور انسانی کوشش و کاوش کا نتیجہ تاریخی واقعات جن کا شکوک وشبہات سے خالی ہونا ضروری نہیں' مورخین کی بشری کمزوریوں سے محفوظ نہیں' اور موقع بر موقع موجود نہ ہونے کی صورت میں غیر مصدقہ معلومات اور متعصب راویوں کے ذاتی جذبات اور حقائق کے منافی خیالات سے ممزا ہونا ضروری نہیں۔ پھر جب قرآن کریم ہمارے ایمان کی بنیاد ہے تو اس کے مقابلے میں تاریخ کی کیا حیثیت ہے؟ کوئی حیثیت نہیں۔

marfat.com

پس ایسے تاریخی واقعات جو قرآن کریم کی تصریحات اور محکم آیات کے خلاف ہوں۔ انہیں رد کرنا ہوگا۔ مودودی صاحب تو اگلے جہان تشریف لے جا چکے ہیں۔ قرآن کریم کی مخالفت کا خمیازہ بھگت رہے ہوں گے۔ آپ ضرور نوٹ فرمالیں کہ:

۱) جو تاریخی روایت قرآن کے خلاف ہو وہ مردود ہوتی ہے۔ اور مردود بات بطور سند اور دلیل نہیں پیش کی جا سکتی۔ لہٰذا قرآن کریم کو چھوڑ کر مودودی صاحب کا تاریخ پر اعتماد کرنا اور قرآن کریم کے خلاف کسی صحابی خصوصاً حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر خیانت اور فسق کی تہمت لگانا قطعاً لغو اور باطل ہے۔ اگر مودودی صاحب کے طعن کو باطل اور مردود نہ مانا جائے اور اس کے ٹھیک ہونے پر اصرار کیا جائے تو اس سے قرآن کریم کی تکذیب اور انکار لازم آتا ہے اور ایمان برباد ہو جاتا ہے۔

۲) ایسی روایت جس سے بظاہر کسی صحابی پر کوئی حرف آتا ہو اگرچہ وہ صحیح ہو، کی تاویل کی جائے گی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دامن اقدس پر کوئی دھبہ قبول نہیں کیا جائے گا۔ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ نقل فرماتے ہیں، ایک بار پھر ملاحظہ ہو:

"علماء کہتے ہیں کہ جن احادیث میں بظاہر کسی صحابی پر حرف آتا ہو اس کی تاویل واجب ہے اور علماء کہتے ہیں کہ صحیح روایات میں کوئی ایسی بات نہیں جس کی تاویل نہ ہو سکے"۔

(نووی شرح مسلم کتاب الفضائل فضائل علی رضی اللہ عنہ ج ۲ ص ۲۷۸)

۳) مودودی صاحب کے اس اعتراض میں کئی عیب موجود ہیں۔ دیکھئے وہ لکھتے ہیں:

"حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کتاب اللہ اور سنت رسول کے صریح احکام کی خلاف ورزی کی ...... اور حکم دیا کہ مال غنیمت میں سے چاندی سونا ان کیلئے الگ نکال لیا جائے پھر باقی مال شرعی قاعدے کے مطابق تقسیم کیا جائے"۔

marfat.com

مودودی صاحب نے اس طعن کی سند میں مورخ ابن کثیر کی البدایہ والنہایہ اور دیگر چار کتابوں کے حوالے دیئے ہیں۔ ان پانچوں کتابوں میں مذکورہ مقامات کے علاوہ کہیں اور بھی حضرت امیر معاویہ ﷛ کا کوئی ایسا حکم صراحت سے ثابت نہیں اور کہیں بھی گورنر زیاد کے نام ایسا کوئی حکم نامہ مرقوم نہیں۔ جس سے یہ معلوم ہو کہ کل مال شرعی طور پر تقسیم کرنا ضروری نہیں' سونا چاندی میرے لئے نکال کر باقی مال شرعی قاعدے کے مطابق تقسیم کیا جائے۔ ہم مودودی صاحب کے دیئے ہوئے حوالہ میں مذکور ''البدایہ والنہایہ'' کی عبارت نیچے پیش کر رہے ہیں اس میں یہ بات کہیں مذکور نہیں کہ میرا حصہ نکال کر باقی مال شرعی قاعدے سے تقسیم کر لیا جائے۔

پھر مودودی صاحب نے محض مطلب براری کیلئے حوالہ میں مذکور کتابوں کے اصل اقتباسات پیش نہیں کئے۔ تاریخ ہیں سے اخذ کردہ وہ واقعہ جسے بنیاد بنا کر مودودی صاحب حضرت امیر معاویہ ﷛ کی ذات اقدس پر طعن کر رہے ہیں کچھ یوں ہے کہ زیاد حضرت امیر معاویہ ﷛ کی طرف سے بصرہ (عراق) کے گورنر تھے اور حکم بن عمرو زیاد کے ماتحت خراسان کے حاکم تھے۔ حکم بن عمرو نے کفار سے جہاد کیا اور فتح ہوئی تو انہیں بہت سا مال غنیمت حاصل ہوا۔ حکم بن عمرو نے گورنر زیاد کو اس کی اطلاع دی اور زیاد نے انہیں مال غنیمت کی تقسیم کے بارے میں امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷛ کے حوالہ سے لکھا:

ان امیر المؤمنین قد جاء کتابه ان یّصطفٰی له کل صفرا و بیضاء یعنی الذهب والفضة بجمع کله من هذہِ الغنیمة لبیت المال۔

(البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۲۹)

ترجمہ: امیر المؤمنین کا خط آیا ہے کہ ان کیلئے اس غنیمت سے سارا سونا چاندی اکٹھا کر کے بیت المال کیلئے جمع کر دیا جائے۔

marfat.com

(تاریخ ابن اثیر اردو ج ہشتم ص ۷۹)

ہم کہتے ہیں اتنی بات تو تاریخ میں مندرج ہے کہ زیاد گورنر عراق نے اس حکم کو حضرت امیر معاویہ ﷺ کی طرف منسوب کیا ہے۔ لیکن اس بات کا مودودی صاحب کی بطور حوالہ پیش کردہ پانچوں کتابوں میں بھی کوئی ثبوت نہیں کہ امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷺ نے واقعی ایسا حکم نامہ جاری کیا تھا کہ سونا چاندی ان کیلئے الگ کرلیا جائے۔ پھر یہ روایت منقطع بھی ہے۔ اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ گورنر زیاد نے یہ حکم امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷺ سے منسوب کر کے خود ہی دیا ہے۔ اگر اس کو حضرت امیر معاویہ ﷺ کا مستقل حکم مان لیا جائے جیسا کہ مولانا مودودی صاحب نے ظاہر کرنا چاہا ہے اور کہا ہے کہ اس سے کتاب وسنت کے صریح احکام کی خلاف ورزی کی گئی تو پھر ضروری تھا کہ یہ حکم دیگر سب گورنروں کے نام بھی جاری کیا جاتا اور ان تمام سپہ سالاروں کو بھی جنہیں حضرت امیر معاویہ ﷺ خود جہاد کیلئے روانہ فرماتے۔ جب کہ ایسا کچھ بھی ثابت نہیں۔

اور اس پر بھی سخت حیرت ہے کہ مودودی صاحب نے اپنے نقل کئے گئے حوالہ میں سے ''بیت المال'' کے الفاظ ہڑپ کر لئے اور اپنے الزام کی تائید میں ''باقی مال شرعی قاعدے کے مطابق تقسیم کیا جائے'' کے الفاظ اپنے پاس سے زائد بڑھا دیے۔ تف ہے مودودی صاحب کی ایسی بددیانتی پر کہ اس کا بھی جواب مانگا جا رہا ہے۔

پھر دلچسپ بات یہ ہے کہ حکم بن عمرو جن کو گورنر زیاد امیر المؤمنین کی طرف سے یہ حکم سنا رہے ہیں کہ سونا چاندی ان کیلئے الگ کرلیا جائے، نے اس پر عمل ہی نہیں کیا بلکہ انہوں نے گورنر زیاد کے حکم کی مخالفت کی۔ مودودی صاحب کے نقل کردہ اسی حوالہ کے مطابق کل مال غنیمت کا پانچواں حصہ بیت المال کیلئے الگ کیا اور بقیہ جہاد میں شریک تمام فوجیوں میں تقسیم کردیا۔ مودودی صاحب کی پیش کردہ البدایہ والنہایہ ہی میں مرقوم ہے کہ:

marfat.com

وخالف زیاد فیما کتب الیه عن معاویہ۔(البدایہ والنہایہ ج۸ ص۲۹)

ترجمہ: اور جو کچھ زیاد نے اسے حضرت معاویہ کے حوالے سے لکھا تھا اس کی مخالفت کی۔(تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۷۹)

اور عجیب بات یہ ہے کہ باوجود مخالفت کے "گورنر عراق" زیاد نے حکم بن عمرو کی کوئی باز پرس نہیں کی اور ان کے خلاف کوئی تادیبی کاروائی نہیں کی۔ معلوم ہوتا ہے کہ اصل حکم امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ؓ کی طرف سے نہیں تھا ورنہ پہلے تو گورنر زیاد حکم بن عمرو کو کوئی تنبیہہ کرتے اور پھر سیدنا امیر معاویہ ؓ گورنر عراق زیاد کی بھی خبر لیتے اور حاکم خراسان جناب حکم بن عمرو کی بھی باز پرس کرتے۔ اور ہماری بات کی تصدیق و تائید اس امر سے بھی ہوتی ہے کہ ابن کثیر نے "خالف معاویہ" کے الفاظ نہیں لکھے بلکہ "خالف زیاد" کے الفاظ لکھے ہیں۔ مطلب یہ کہ حکم بن عمرو نے زیاد کی مخالفت کی امیر معاویہ ؓ کے کسی حکم کی مخالفت نہیں کی۔

اب ایک اور زاویہ سے دیکھئے کہ جو حکم بیان کیا گیا ہے اس میں تو یہ لکھا ہے کہ مال غنیمت میں سے سونا چاندی بیت المال میں جمع کیا جائے گا۔ (یجمع کلہ من ھذہ الغنیمة لبیت المال) جب کہ مودودی صاحب الزام یہ لگا رہے ہیں کہ حضرت معاویہ ؓ نے یہ حکم دیا تھا کہ چاندی سونا ان کیلئے الگ نکال لیا جائے۔ یہ مودودی صاحب کی کس قدر بڑی غلط بیانی ہے۔ حقیقت کو چھپانا مودودی صاحب پر بس ہے۔ جب ان کا بیان اُنہی کے پیش کردہ حوالہ سے مطابقت نہیں رکھتا تو خود ہی مردود ہو گیا۔ ہمیں کچھ کہنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟

ایک اور خاص بات جو ہم اوپر بھی نقل کر چکے ہیں یہ ہے کہ جب حضرت امیر معاویہ ؓ سے منسوب حکم کہ "سونا چاندی ان کیلئے الگ کر لیا جائے"۔ پر عمل ہی نہیں ہوا تو مودودی صاحب کا یہ کہنا کہ انہوں نے گویا یہ قانون بنا رکھا تھا اور کتاب و سنت کے احکام کی صریح خلاف ورزی کر رہے تھے کیا انصاف کا خون کرنے کے مترادف

marfat.com

نہیں اور کیا ان پر بہتان نہیں؟

مودودی صاحب نے ایک منقطع اور غیر معتبر تاریخی روایت اور اس میں وارد ایک ضعیف احتمال کو بنیاد بنا کر اپنے بغض وحسد سے معمور دل کی بھڑاس نکالی اور امیر المومنین حضرت معاویہ ﷛ پر کتاب وسنت کے احکام کی صریح خلاف ورزی کا گھناؤنا الزام لگایا اور حیرت کی بات یہ بھی ہے کہ جو اعتراض اب مودودی صاحب کو سوجھا ہے کسی صحابی یا تابعی بزرگ کو اپنے امیر المومنین میں نظر نہیں آیا اور نہ ہی انہوں نے کوئی تنبیہ کی اور نہ ہی حضرت امیر معاویہ ﷛ کو فاسق قرار دے کر عدم اعتماد کا اظہار کیا۔ اس سے بھی معلوم ہوا مودودی صاحب کا اعتراض اور طعن قطعاً بے بنیاد اور ناروا ہے۔ اللہ تعالیٰ سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اعتراض ۱۱ (طعنِ مودودی)

مودودی صاحب کا ایک اور طعن ملاحظہ ہو، کہتے ہیں:

''سب سے بڑی مصیبت جو ملوکیت کے دور میں مسلمانوں پر آئی وہ یہ تھی کہ اس دور میں قانون کی بالاتری کا اصول توڑ دیا گیا' حالانکہ وہ اسلامی ریاست کے اہم ترین بنیادی اصولوں میں سے تھا۔

خلافت راشدہ اپنے پورے دور میں اس قاعدے کی سختی کے ساتھ پابند رہی' حتیٰ کہ حضرت عثمان ﷛ اور حضرت علی ﷛ نے انتہائی نازک اور سخت اشتعال انگیز حالات میں بھی حدود شرع سے قدم باہر نہ رکھا۔ ان راست رو خلفاء کی حکومت کا امتیازی وصف یہ تھا کہ وہ ایک حدود آشنا حکومت تھی نہ کہ مطلق العنان حکومت۔

جب ملوکیت کا دور آیا تو بادشاہوں نے اپنے مفاد، اپنی سیاسی اغراض، اور خصوصاً اپنی حکومت کے قیام وبقاء کے معاملہ میں شریعت کی

marfat.com

عائد کی ہوئی کسی پابندی کو توڑ ڈالنے اور اس کی باندھی ہوئی کسی حد کو پھاند جانے میں تامل نہ کیا...... اِن بادشاہوں کی سیاست دین کی تابع نہ تھی۔
اس کے تقاضے وہ ہر جائز و ناجائز طریقے سے پورے کرتے تھے اور اس معاملہ میں حلال و حرام کی تمیز روا نہ رکھتے تھے......
یہ پالیسی حضرت معاویہ ﷺ کے عہد ہی سے شروع ہو گئی تھی"۔

(خلافت وملوکیت ص ۱۷۱-۱۷۳)

جواب

آپ ملاحظہ کرچکے ہیں کہ حدیث پاک سیدنا امیر معاویہ ﷺ کو رسول اللہ ﷺ کا صحابی کہتی ہے۔ (بخاری کتاب المناقب ج اص ۵۳۱) اور قرآن کریم ہر صحابی کو کفر و فسق اور نافرمانی سے متنفر و محفوظ اور راست رو کہتا ہے۔ ترجمہ مولانا مودودی کی "تفہیم القرآن" سے پیش کیا جاتا ہے تاکہ سند رہے اور مودودی صاحب کی جہالت و شقاوت بھی ظاہر ہو جائے۔ تو ملاحظہ کیجئے ارشادِ باری تعالیٰ، صحابہ کرام سے خطاب ہو رہا ہے۔

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ۚ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ۔ (الحجرات۔ ۷،۸)

ترجمہ: مگر اللہ نے تم کو ایمان کی محبت دی اور اس کو تمہارے لئے دل پسند بنا دیا اور کفر و فسق اور نافرمانی سے تم کو متنفر کر دیا۔ ایسے ہی لوگ اللہ کے فضل و احسان سے راست رو ہیں اور اللہ علیم و حکیم ہے۔

(تفہیم القرآن از مولانا مودودی)

اب قرآن کریم آپ کے سامنے ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو کفر و فسق اور نافرمانی سے متنفر و محفوظ اور راست رو کہتا ہے اور حدیث پاک سیدنا امیر معاویہ ﷺ کو صحابی قرار دیتی ہے۔ تو گویا قرآن و حدیث کے مطابق سیدنا امیر معاویہ

marfat.com

ﷺ کفر وفسق اور نافرمانی سے متنفر ومحفوظ اور راست رو ہیں۔

لیکن مولانا مودودی حضرت امیر معاویہ ؓ کو فسق و نافرمانی سے ملوث قرار دیتے ہیں وہ کہتے ہیں:

''جب ملوکیت کا دور آیا تو بادشاہوں نے اپنے مفادہ اپنی سیاسی اغراض اور خصوصاً اپنی حکومت کے قیام و بقاء کے معاملہ میں شریعت کی عائد کی ہوئی کسی پابندی کو توڑنے اور اس کی باندھی ہوئی کسی حد کو پھاندنے میں تامل نہ کیا۔ان بادشاہوں کی سیاست دین کے تابع نہ تھی۔اس کے تقاضے وہ ہر جائز و ناجائز طریقے سے پورے کرتے تھے اور اس معاملہ میں حلال و حرام کی تمیز روا نہ رکھتے تھے...... یہ پالیسی حضرت معاویہ ؓ کے عہد میں شروع ہوگئی تھی''۔(خلافت و ملوکیت ص ۱۷۳)

یعنی مودودی صاحب کہہ رہے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ کے عہد میں یہ ساری برائیاں شروع کردی گئیں تھی اور وہ ذاتی اور سیاسی طور پر مفاد پرست، اپنی سیاسی اغراض کیلئے شریعت کی پابندیوں کو توڑنے والے، شریعت کی حدود کو پھاندنے والے اپنی سیاست کیلئے ہر جائز و ناجائز طریقہ اختیار کرنے والے اور اس میں حلال و حرام کی تمیز نہ کرنے والے اور ان ساری برائیوں کی ابتدا کرنے والے ہیں۔(معاذ اللہ)

اب کہیے رب تعالی کا قرآن سچا ہے یا مولانا مودودی کا فرمان؟ اللہ کا قرآن یقیناً سچا ہے جو سیدنا امیر معاویہ ؓ کو ہر فسق و نافرمانی سے متنفر اور محفوظ فرمارہا ہے اور مودودی صاحب جھوٹے اور مفتری ہیں جو حضرت امیر معاویہ ؓ پر عیب تھوپ رہے ہیں اور قرآن کریم کی تکذیب کر کے اپنے نامۂ اعمال کو مزید سیاہ کررہے ہیں۔

دیگر مودودی صاحب نے یہ بھی لکھا ہے:

''حضرت عثمان ؓ اور حضرت علی ؓ نے انتہائی نازک اور سخت اشتعال انگیز حالات میں بھی حدود شرع سے قدم باہر نہ رکھا۔ان

marfat.com

راست رو خلفاء کی حکومت کا امتیازی وصف یہ تھا کہ وہ ایک حدود آشنا حکومت تھی نہ کہ مطلق العنان حکومت۔

یہاں عجیب بات یہ دیکھنے میں آئی ہے کہ جب خلفائے راشدین کو انہوں نے حدود شرع کا پابند قرار دیا اور انہیں راست رو کہا تو ان کی حکومت کو حدود آشنا بھی فرمایا۔ لیکن جب قرآن کریم نے تمام صحابہ کو جن میں حضرت امیر معاویہ ؓ بھی شامل ہیں، کو حدود شرع کا پابند قرار دیا اور انہیں ایمان سے محبت کرنے والا اور کفر وفسق اور نافرمانی سے متنفر ومحفوظ اور راست رو کہا تو قرآن کریم کی پروا کئے بغیر حضرت امیر معاویہ ؓ کی حکمرانی پر سخت گھناؤنے الزامات لگا دیئے۔ ان کی حکومت کو حدود آشنا تسلیم نہ کیا آخر کیوں؟ حیرت ہے جن کو مودودی صاحب راست رو لکھ دیں اُن کو تو یقینی طور پر حدود شرع کے پابند اور ان کی حکومت کو حدود آشنا مان لیں اور یہ حقیقت کے مطابق بھی ہے۔ لیکن جب صحابہ کو اللہ تعالیٰ اپنے قرآن میں راست رو کہے نہ تو ان کو حدود شرع کا پابند مانیں اور نہ ہی ان کی حکومت کو درست جانیں۔ (استغفر اللہ)

گیا (معاذ اللہ) اللہ تعالیٰ کے قرآن سے ان کے ارشاد کی حیثیت زیادہ ہے اور قرآن سے کیا ان کی رسوائے زمانہ کتاب ''خلافت وملوکیت'' کا درجہ زیادہ ہے۔ کوئی ہے جو بتا سکے کہ انہوں نے ایسی جسارت کیوں کی اور وہ کس اجر کے مستحق ہیں؟ انہوں نے حضرت امیر معاویہ ؓ پر ایسے الزامات لگا کر آخر کونسی نیکی کمائی ہے؟

معلوم نہیں مودودی صاحب کو قرآن وحدیث سے بیر ہے یا حضرت امیر معاویہ ؓ سے۔ قرآن وحدیث کی بھی ڈٹ کر مخالفت کرتے ہیں اور حضرت امیر معاویہ ؓ کے شرف صحابیت اور دامن اقدس کو عیب لگانے سے بھی نہیں چوکتے۔ اور خدا کی قدرت دیکھئے بغیر توبہ کی توفیق ملے اہل اسلام سے الگ نظریات لے کر آخرت کو سدھار گئے ہیں۔ یقیناً بغض وحسد کا خمیازہ بھگت رہے ہوں گے۔

اگر کوئی یہ کہے کہ کیا امیر معاویہ ؓ معصوم تھے؟ ہم کہتے ہیں معصوم نہیں تھے

marfat.com

لیکن گناہوں سے متنفر و محفوظ ضرور تھے۔ اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو گناہوں سے متنفر یعنی محفوظ فرمایا ہے۔ اور اگر کوئی یہ کہے کہ کیا وہ بشری کمزوریوں سے پاک تھے؟ اس کا بھی جواب ہو چکا کہ بہر حال محفوظ ضرور تھے۔ لیکن پھر بھی مودودی صاحب کی حمایت اور وکالت کرنے والا کوئی شخص مطمئن نہ ہو اور ان کے اعتراضات کو دہرائے تو ہم کہیں گے قرآن کریم کی مذکورہ بالا آیت کی تم ہی تشریح کرو اور پھر اپنی منطق کا جواب پیش کرو اور قرآن کی صداقت ثابت کرو؟ قرآن کریم نے تو ان کے مجموعی کردار کو صاف و شفاف دیکھتے ہوئے انہیں راست رو فرمادیا ہے۔ پس مان لیجئے کہ مولانا مودودی کا طعن درست نہیں۔

اعتراض ۱۲ (طعنِ مودودی)

مودودی صاحب کافر اور مسلمان کی وراثت کی بنیاد پر طعن کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ''امام زُہری کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور چاروں خلفائے راشدین کے عہد میں سنت یہ تھی کہ نہ کافر مسلمان کا وارث ہوسکتا ہے، نہ مسلمان کافر کا۔ حضرت معاویہ ؓ نے اپنے زمانہ حکومت میں مسلمان کو کافر کا وارث قرار دیا اور کافر کو مسلمان کا وارث قرار نہ دیا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز ؒ نے آکر اس بدعت کو موقوف کیا۔ مگر ہشام بن عبدالملک نے اپنے خاندان کی روایت کو پھر بحال کر دیا''۔
>
> (خلافت و ملوکیت ص ۱۷۳)

جواب

مولانا مودودی نے حسبِ معمول امیر معاویہ ؓ پر مسئلہ وراثت میں سنت کو تبدیل کرنے اور بدعت کو رائج کرنے کا الزام لگایا ہے کہ پہلے سنت یہ تھی کہ نہ کافر

marfat.com

مسلمان کا وارث ہوسکتا ہے نہ مسلمان کافر کا اور حضرت امیر معاویہ ﷺ نے اپنے زمانہ حکومت میں مسلمان کو کافر کا وارث قرار دیا اور کافر کو مسلمان کا وارث قرار نہ دیا۔ حالانکہ کافر اور مسلمان کی وراثت کا مسئلہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں مختلف فیہ رہا ہے اور حضرت امیر معاویہ ﷺ کی طرح کئی اور صحابہ بھی اس بات کے قائل ہیں کہ مسلمان کافر کا وارث ہوسکتا ہے۔ اسی لئے اس وقت صحابہ کرام وتابعین عظام رضی اللہ عنہم نے اسے قبول بھی کرلیا۔ جمہور کے مذہب کے خلاف ہونے کی بنا پر مرجوح ضرور ہے اور راجح (ترجیح دیا گیا) وہی جمہور کا مذہب ہے کہ نہ کافر مسلمان کا وارث ہوسکتا ہے اور نہ مسلمان کافر کا۔ لیکن مختلف فیہ اور اجتہادی ہونے کے باعث مجتہد کا اختیار کیا ہوا مرجوح امر بھی مقبول ہی ہوتا ہے مردود ہرگز نہیں ہوتا۔ مزید گزارشات سے پہلے ہم اس کے مختلف فیہ ہونے پر دلائل پیش کرتے ہیں۔ مثلاً احکام القرآن سے منقول ہے: (ترجمہ)

"میراث کی بعض صورتیں ایسی ہیں جن پر تمام کا اتفاق ہے اور کچھ دوسری مختلف فیہ ہیں۔ متفقہ صورتوں میں سے ایک یہ ہے کہ اگر کوئی مسلمان فوت ہوجائے تو کافر اس کا وارث نہیں ہوگا۔ دوسری صورت یہ ہے کہ غلام وارث نہیں ہوتا اور تیسری یہ کہ غلام کا قاتل وارث نہیں ہوتا۔ ہم نے ان لوگوں کی میراث کا ذکر سورہ بقرہ (کے بیان) میں کردیا ہے اور وہاں اجماعی اور اختلافی باتیں بھی ذکر کردی ہیں۔ ان صورتوں میں سے کہ جن میں اختلاف ہے۔ ایک یہ ہے کہ کافر مرگیا تو اس کی وراثت مسلمان کو ملے گی؟ اور مرتد کی میراث ہوگی؟ بہر حال کافر کی میراث مسلمان کیلئے تو اس صورت پر اکثر ائمہ صحابہ کرام کا اتفاق ہے کہ دونوں طرف سے وراثت نہیں ہوگی اور یہی عام تابعین اور ہر دور کے فقہا کا قول ہے۔

شعبہ نے عمرو بن ابی الحکیم انہوں نے ابی بابا ہ انہوں نے یحیٰ

marfat.com

ابن یعمر انہوں نے اسود دؤلی سے روایت کی ہے کہ معاذ ابن جبل ﷛ جب یمن کے قاضی (گورنر) تھے تو ان کے پاس ایک فیصلہ طلب مسئلہ لایا گیا۔ وہ یہ کہ ایک یہودی مر گیا ہے اور اس کا صرف ایک بھائی باقی ہے اور وہ مسلمان ہے تو کیا اس یہودی کی میراث اس بھائی کو ملے گی؟ حضرت معاذ نے فرمایا کہ میں نے رسول ﷺ سے سنا ہے کہ "اسلام زیادہ دیتا ہے اور کم نہیں کرتا" (یعنی اسلام کی وجہ سے اس کے بھائی کو وراثت ملے گی)

(دشمنان امیر معاو ﷛ کا علمی محاسبہ ج ا ص ۲۹۹، ۳۰۹ بحوالہ احکام القرآن ج ۲ ص ۱۰ باب من تحرم المیراث مع وجود النسب)

"تفسیر مظہری سے نقل کیا گیا ہے کہ حضرت معا بن جبل، سعید بن المسیب اور امام نخعی سے منقول ہے کہ مسلمان کافر کا وارث ہوگا لیکن کافر مسلمان کا وارث نہیں ہوگا۔ جیسا کہ ایک مسلمان ایک کتابی عورت سے تو شادی کر سکتا ہے لیکن کتابی مرد مسلمان عورت سے نکاح نہیں کر سکتا"۔

(دشمنان میر معاویہ ﷛ کا علمی محاسبہ ج ا ص ۳۰۱ بحوالہ تفسیر مظہری سورۂ نساء آیت ۱۲)

اسی طرح تفسیر کبیر سے منقول ہے: (ترجمہ)

"وہ حضرات جو مسئلہ میراث میں یہ کہتے ہیں کہ مسلمان کسی کافر کا وارث نہیں ہو سکتا ان کی دلیل یہ (حدیث) ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: "دو ملتوں والے ایک دوسرے کے وارث نہیں ہو سکتے" اور اس کے خلاف کہنے والوں (یعنی یہ کہ مسلمان کافر کا وارث ہو سکتا ہے) کی دلیل یہ (روایت) ہے کہ حضرت معاذ ﷛ جب یمن میں گورنر تھے تو ان کے سامنے ایک یہودی کے مرنے اور اپنے پیچھے ایک مسلمان بھائی چھوڑنے کا ذکر ہوا (اور پوچھا گیا کہ کیا مسلمان بھائی اس کا وارث

marfat.com

ہوگا؟) آپ نے فرمایا: کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے ''اسلام بڑھاتا ہے کم نہیں کرتا'' پھر اس کی تاکید کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد یُوْصِیْکُمُ اللّٰہُ فِیْٓ اَوْلَادِکُمْ الخ۔ بظاہر یہ تقاضا کرتا ہے کہ مسلمان اور کافر باہم وارث ہوں۔ مگر ہم نے اس عموم کی تخصیص حضور ﷺ کے اس قول (حدیث) سے کی ہے کہ: ''دو ملتوں والے ایک دوسرے کے وارث نہیں ہو سکتے'' کیونکہ آپ کی یہ حدیث اس آیت سے خاص ہے لہٰذا اس کی تقدیم ضروری ہے۔ اسی طرح یہاں حضور ﷺ کا یہ قول کہ ''اسلام بڑھاتا ہے کم نہیں کرتا''۔ آپ کے سابقہ قول کہ ''دو ملتوں والے باہم وارث نہیں ہوتے''۔ سے خاص ہے لہٰذا اس کی تقدیم ضروری ہے۔ بلکہ یہ دوسری تخصیص پہلی کی نسبت اولیٰ ہے کیونکہ اس حدیث کا ظاہر، مذکورہ آیت کے عموم سے تاکید پاتا ہے اور پہلی حدیث ایسی نہیں ہے۔

اور حضور ﷺ کے قول ''اسلام بڑھاتا ہے کم نہیں کرتا'' کے متعلق جو جواب میں کہا گیا ہے وہ بالآخر یہ ہے کہ آپ کا ارشاد گرامی ''اسلام بڑھاتا ہے کم نہیں کرتا'' کوئی میراث کے معاملہ میں بطور نص وارد نہیں ہوا لہٰذا اس کا تمام احوال پر محمول کرنا ضروری ہوگا''۔

(دشمنان امیر معاویہ ؓ کا علمی محاسبہ ج ۱ ص ۳۰۳، ۳۰۴ بحوالہ تفسیر بیر ج ۹ ص ۳۰۹۔ زیر آیت یوصیکم اللہ)

امید ہے کہ آپ کو مذکورہ تصریحات سے اطمینان ہو چکا ہوگا کہ حضرت امیر معاویہ اس میں منفرد نہیں کئی دیگر صحابہ کا بھی یہی مذہب ہے۔ لہٰذا یہ مسئلہ وراثت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں مختلف فیہ رہا اور دونوں طرف قوی دلائل بھی موجود ہیں۔ اور یہ بات تو اہل علم پر پوشیدہ نہیں کہ اجتہادی مسائل میں مجتہد پر اجتہاد کرنا اور اپنے اجتہاد پر

marfat.com

عمل کرنا لازم ہوتا ہے اور غیر مجتہد پر مجتہد کے اجتہاد میں اس کی تقلید لازم ہوتی ہے جیسا کہ اہلسنت کے چاروں ائمہ مجتہدین حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، حضرت امام شافعی، حضرت امام مالک اور حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم نے ایسے مسائل میں اجتہاد فرمایا جوان کے الگ الگ مذہب کے طور پر معروف ہوا ہر ایک اسلام کی مراد ٹھہرا اور قانون اسلام کے دائرہ سے کوئی بھی باہر نہ ہوا اور ان مذاہب اربعہ کے مقلدین حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی وغیرہ ناموں سے پہچانے جاتے ہیں۔ سب ہی دائرہ اسلام کے اندر اور سب ہی اہلسنت ہیں کوئی بھی قانون اسلام کو چھوڑنے یا توڑنے والا نہیں۔ اسی طرح حضرت امیر معاویہ ﷺ بھی اپنے اجتہاد کے باعث جمہور مجتہدین صحابہ سے الگ رائے رکھنے کے باوجود قانون اسلام ہی کے پیرو رہے۔ اور یہ بات ہر وہ شخص جس میں کچھ بھی ذہنی صلاحیت موجود ہے سمجھ سکتا ہے اور ضدی سے ہمیں کیا واسطہ۔

اور یہ بات بھی اہل فہم حضرات پر پوشیدہ نہیں ہے کہ ائمہ مجتہدین میں اختلاف بھی واقع ہوا جبھی تو الگ الگ مذاہب قرار پائے۔ لیکن اختلاف کی ایسی صورتوں کے باوجود کسی مجتہد کے اجتہاد اور موقف کو خلاف سنت یا بدعت نہیں کہا گیا۔ اور چاروں مجتہدین کے مذاہب کو نہ صرف بطور حق قبول کیا گیا بلکہ امت نے انہیں اپنا امام بھی تسلیم کیا اور آج ساری اہلسنت انہیں کی متبع ہے اور حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی حضرات اپنے اپنے اماموں کے ایک دوسرے سے مختلف اجتہاد کی تقلید کے باوجود سنی ہی ہیں۔ یعنی اختلافی اجتہادی مسائل میں مجتہدین کا اجتہاد مختلف ہونے سے سنت نہیں بدلتی اور نہ ہی اسے بدعت کہا جا سکتا ہے ہاں کسی خاص امر میں ایک کو دوسرے پر ترجیح حاصل ہو جانا الگ بات ہے۔ گویا حضرت امیر معاویہ ﷺ کے اس عمل سے نہ تو سنت تبدیل ہوئی اور نہ ہی اسے بدعت کہا جا سکتا ہے۔

اور یہ جو مولانا مودودی نے "البدایہ والنہایہ ج ۹ ص ۲۳۲" کے حوالے سے لکھا ہے کہ:

"امام زہری کی روایت ہے کہ ... حضرت عمر بن عبدالعزیز نے

marfat.com

آکر اس بدعت کوموقوف کیا'' ۔تو یہ''البدایہ والنہایہ'' کی عبارت میں''بدعت کوموقوف کیا'' کا جملہ نہیں ہے۔ملاحظہ ہواس کی اصل عبارت اس میں لکھا ہے:

فلما قام عمر بن عبدالعزیز راجع السنة الاولی۔

ترجمہ: پھر جب عمر بن عبدالعزیز خلیفہ ہوگئے تو انہوں نے پہلی سنت کولوٹا دیا۔

آپ نے دیکھا کہ اصل عبارت میں بدعت موقوف کرنے کے نہیں بلکہ پہلی سنت لوٹانے کے الفاظ ہیں۔ بدعت موقوف کرنے سے مراد ہے کہ امام زہری نے حضرت امیر معاویہ ﷺ کے جاری کئے ہوئے فعل کو بدعت قرار دیا۔اور اصل عبارت سے معلوم ہوا کہ مودودی صاحب نے حضرت امیر معاویہ ﷺ پر بہتان باندھنے کے ساتھ ساتھ امام زہری کے سر بھی الزام ہی تھوپا ہے ورنہ انہوں نے ایسا نہیں کہا۔ بلکہ یہ کہا کہ عمر بن عبدالعزیز جب خلیفہ بنے تو انہوں نے راجع السنة الاولیٰ یعنی پہلی سنت کولوٹا دیا۔ جو اس بات کی دلیل ہے کہ جوسنت امیر معاویہ ﷺ نے جاری کی تھی وہ بھی درحقیقت سنت ہی تھی بدعت ہرگز نہ تھی۔ اب مولانا مودودی صاحب کی اس شعبدہ بازی اور عبارت کے مفہوم میں تحریف کو دیانت کا نام دیا جائے یا بددیانتی کا یہ فیصلہ قارئین کرام پر رہا۔

پھر امام زہری نے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے شرف صحابیت اور شان اجتہاد کو ملحوظ رکھا اور ان کے طرز عمل کو بدعت سے تعبیر نہیں کیا بلکہ اسے ان کی اجتہادی اہلیت اور فقہی بصیرت کے طور پر پیش کیا ہے۔اب ان کے ایسے اجتہادی طرز عمل کو قانون کی بالاتری کے خلاف کہنا اور اسے بدعت قرار دینا گویا مودودی صاحب کے اپنے بغض وحسد کا کمال ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ مجتہد وفقیہہ تھے۔ (بخاری ج ص ۵۳۱)

marfat.com

اور مجتہد اگر اجتہاد میں خطا بھی کر جائے تو ثواب ہی کا مستحق ہوتا ہے۔ لہٰذا حضرت امیر معاویہ ؓ بہر صورت ثواب ہی کے مستحق ہیں۔ الحمدللہ مودودی صاحب کا یہ طعن بھی باطل ثابت ہو گیا۔

اعتراض ۱۳ (طعنِ مودودی)

مولانا مودودی نے حضرت امیر معاویہ ؓ پر ایک طعن کو یوں مدلل کیا ہے:

"حافظ ابن کثیر کہتے ہیں کہ دیت کے معاملہ میں بھی حضرت معاویہ ؓ نے سنت کو بدل دیا۔ سنت یہ تھی کہ معاہد کی دیت مسلمان کے برابر ہوگی۔ مگر حضرت معاویہ ؓ نے اس کو نصف کر دیا اور باقی نصف خود لینی شروع کر دی"۔ البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۱۳۹

(خلافت و ملوکیت ص ۱۷۳، ۱۷۴)

فرمائیے آپ کے پاس اس کا کیا جواب ہے؟

جواب

اس عبارت سے یہ غلط تاثر دیا گیا ہے کہ حافظ ابن کثیر نے حضرت امیر معاویہ ؓ پر سنت بدلنے کا الزام عائد کیا ہے کہ پہلے سنت یہ تھی کہ معاہد کی دیت مسلمان کے برابر ہوگی مگر حضرت معاویہ ؓ نے اس کو نصف کر دیا اور باقی نصف خود لینی شروع کر دی۔ حالانکہ ابن کثیر نے نہ تو سنت بدلنے کا الزام لگایا اور نہ ہی ان کا دیت کو نصف کرنا بطور طعن نقل کیا بلکہ ان کی اجتہادی اہلیت کو ظاہر کیا ہے لہٰذا مودودی صاحب نے جو تاثر دیا صحیح نہیں بلکہ محض ایک مغالطہ ہے۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ "البدایہ والنہایہ" کی جس عبارت کا مودودی صاحب نے حوالہ دیا ہے وہ یہ ہے:

قال الزهری ومضت السنة ان دية المعاهد كدية المسلم وكان معاوية اول من قصرها الى النصف واخذ النصف لنفسه

marfat.com

(البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۱۳۹)

ترجمہ: زہری نے بیان کیا اور وہ سنت بھی چلی گئی کہ معاہد کی دیت مسلمان کی دیت کی طرح ہوگی اور حضرت معاویہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اسے نصف تک کم کیا اور نصف خود لے لی۔

(تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۹۹۰)

اور خط کشیدہ الفاظ کو مودودی صاحب نے ''خلافت و ملوکیت ص ۱۷۴'' کے حاشیہ میں نقل بھی کیا ہے۔ دیکھ لیجئے روایت میں یہ تو کہا گیا ہے کہ حضرت امیر معاویہ ؓ نے دیت کو نصف کر دیا لیکن یہ نہیں کہا گیا کہ سنت کو بدل دیا اور بُرا کیا۔ لہٰذا مودودی صاحب نے خود ہی ڈنڈی ماری ہے اور بغض و تعصب کے آئینہ دار اپنے قول کو ابن کثیر کے سر تھوپ دیا ہے۔ جس کی مذمت واضح ہے البتہ بطور طعن نقل کی گئی اس روایت میں دو باتیں خاص طور پر جائزہ لینے والی ہیں۔

۱) حضرت امیر معاویہ ؓ سے پہلے سنت یہ تھی کہ معاہد کی دیت مسلمان کے برابر ہوگی۔

۲) حضرت امیر معاویہ ؓ نے اس کو نصف کر دیا اور باقی نصف خود لینی شروع کر دی اور اس کیلئے ''وَاَخَذَ لِنَفْسِہٖ'' کے الفاظ لائے گئے۔

اب پہلی بات یعنی ''سنت یہ تھی کہ معاہد کی دیت مسلمان کے برابر ہوگی'' تو یہ زہری نے درست نہیں کہا بلکہ خلاف حقیقت بات کہہ دی اور دلچسپ امر یہ ہے کہ اپنے اس قول کی تائید میں اس نے کوئی نص بھی پیش نہیں کی۔ بلکہ اس سے بھی دلچسپ بات یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ ؓ کے عہد خلافت سے پہلے دیت کے معاملہ میں کوئی متعین سنت ہی نہ تھی۔ اور یہ بات تو حدیث کے کسی طالب علم پر مخفی نہیں کہ دیت کے بارہ میں مختلف احادیث وارد ہوئی ہیں ہم ان میں سے چند ایک پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا

marfat.com

۱)دِيَةُ ذِمِّيٍّ دِيَةُ مُسْلِمٍ۔(بیہقی۔السنن الکبری ج ۸ ص ۱۰۲)

ترجمہ: ذمی کی دیت مسلمان کی دیت کے برابر ہے۔

۲)دِيَةُ الْمُعَاهِدِ نِصْفُ دِيَةِ الْحُرِّ۔

(ابوداؤد ج ۲ ص ۲۸۲ باب فی دیۃ الذمی مشکوۃ باب الدیات)

ترجمہ: معاہد کی دیت آزاد کی دیت سے نصف ہے۔

۳)عَقْلُ اَهْلِ الذِّمَّةِ نِصْفُ عَقْلِ الْمُسْلِمِيْنَ وَهُمُ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى۔ (سنن نسائی ج ۲ ص ۲۴۷ عقل المرأۃ' ابن ماجہ باب دیۃ الکافر)

ترجمہ: کافر ذمی (یہودی یا عیسائی) کی دیت مسلمان کی دیت کے نصف کے برابر ہے۔

اور امام شافعیؒ نے نقل کیا ہے۔

۴)قضیٰ عمر بن الخطاب و عثمان بن عفان رضی الله عنهما فی دیة الیهودی و النصرانی بثلث دیة المسلم

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب اور حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہما نے یہودی اور نصرانی کی دیت کے بارے میں مسلمان کی دیت سے تہائی کا فیصلہ کیا۔ (کتاب الام ج ۶ ص ۱۰۵)

معلوم ہوا حضور سرور عالم نبی اکرم ﷺ اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہما سے مختلف روایتیں مذکور ہیں۔ اور ان میں دیت کی کوئی مقدار معین نہیں بلکہ مختلف ہی ہے۔ کہیں برابر ہے تو کہیں نصف اور کہیں تہائی۔ تو فرمائیے جب رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کے طرز عمل سے دیت کی کوئی خاص مقدار متعین نہیں ہوتی تو پھر تو اس کی مقدار کا تعین خالص علمی اور اجتہادی مسئلہ ہوا۔ حتیٰ کہ ائمہ اربعہ (حضرت امام اعظم ابوحنیفہ، حضرت امام مالک، حضرت امام شافعی اور حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم) اور اکثر دیگر مجتہدین کا دیت کے بارے میں اجتہاد اور مذہب

marfat.com

ایک نہیں۔احکام القرآن سے منقول ہے۔(ترجمہ)

امام ابوحنیفہ، ابو یوسف، محمد، زفر، عثمان، سفیان ثوری اور حسن بن صالح نے کافر کی دیت کو مسلمان کی دیت کے برابر قرار دیا اور امام مالک بن انس نے اہل کتاب کی دیت کو مسلمان کی دیت کا نصف قرار دیا اور مجوسی کی دیت آٹھ سو درہم کہی اور ان کی عورتوں کی دیت اس کے نصف کے برابر قرار دی اور امام شافعی نے کہا کہ یہودی اور نصرانی کی دیت ایک تہائی ہے......سعید بن المسیّب سے مروی ہے کہ حضرت عمر بن الخطاب ﷺ نے فرمایا: یہودی اور نصرانی کی دیت چار ہزار درہم ہے اور مجوسی کی دیت آٹھ سو درہم ہے۔سعید بن مسیّب نے یہ بھی کہا کہ حضرت عثمان نے ذمی کی دیت چار ہزار درہم مقرر کی۔ابوبکر کہتے ہیں حضرت عمر اور عثمان رضی اللہ عنہما دونوں سے اس کے خلاف بھی مروی ہے۔ہم اسے ذکر کر چکے ہیں۔اور مخالف نے اپنی دلیل میں وہ روایت پیش کی جو عمرو بن شعیب نے اپنے باپ دادا سے روایت کی ہے کہ جب سرورِ کائنات ﷺ مکہ معظمہ میں داخل ہوئے آپ نے فتح مکہ کے سال مکہ معظمہ میں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا تھا ''کافر کی دیت مسلمان کی دیت کے نصف کے برابر ہے''۔اس کے علاوہ ان کی دلیل عبداللہ بن صالح کی روایت بھی ہے وہ کہتے ہیں کہ ہمیں یزید بن حبیب نے ابوالخیر اور انہوں نے عقبہ بن عامر سے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجوسی کی دیت آٹھ سو درہم ہے''۔

(دشمنان امیر معاویہ ﷺ کا علمی محاسبہ ج ۱ ص ۳۰۸، ۳۰۹ بحوالہ احکام القرآن باب دیاۃ اھل الکفر ج ۲ ص ۲۲۷، ۲۲۰)

احادیثِ مبارکہ کے اختلاف پر امام ترمذی نے جو تبصرہ فرمایا پیش خدمت ہے

marfat.com

(ترجمہ)

''اس باب میں حضرت عبداللہ بن عمر ﷺ کی روایت ''حسن'' ہے یہودی اور نصرانی کی دیت میں علما کا اختلاف ہے۔ بعض اہل علم اس طرف گئے ہیں جو رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز ﷺ[1] فرماتے ہیں یہودی اور نصرانی کی دیت مسلمان کی دیت کا نصف ہے امام احمد بن حنبل بھی یہی فرماتے ہیں۔ حضرت عمر بن خطاب ﷺ سے مروی ہے کہ یہودی اور نصرانی کی دیت چار ہزار درہم اور مجوسی کی دیت آٹھ سو درہم ہے۔ امام مالک، شافعی اور اسحاق رحمہم اللہ کا بھی یہی قول ہے۔ بعض اہل علم فرماتے ہیں یہودی اور عیسائی کی دیت مسلمان کی دیت کے برابر ہے۔ سفیان ثوری اور اہل کوفہ رحمہم اللہ اسی کے قائل ہیں''۔

(جامع ترمذی مترجم اول ص ۷۰۶۔۷۰۷)

اب اس بات میں تو شک نہ رہا کہ یہ مسئلہ مختلف فیہ اور اجتہادی ہے اور ایسے مسائل میں مجتہدین اجتہاد فرماتے ہیں اور اس میں اجتہاد فرمایا گیا جو مندرجہ بالا سطور میں نمایاں بھی ہو رہا ہے۔ اب اجتہادی مسئلہ میں مجتہدین کے اجتہاد میں سے کسی کو راجح اور کسی کو مرجوح تو کہا جا سکتا ہے خلاف سنت تو کسی کو نہیں کہا جا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ آج تک معاہد کی نصف دیت یا تہائی دیت کے فیصلے کے باوجود حضرت امیر معاویہ حضرت عمر بن عبدالعزیز، حضرت امام مالک اور حضرت امام شافعی رضی اللہ عنہم

---

[1] حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے یہ فیصلہ فرمایا کہ دِيَةُ الْيَهُوْدِيِّ أَوِ النَّصْرَانِيِّ إِذَا قُتِلَ أَحَدُهُمَا مِثْلُ نِصْفِ دِيَةِ الْمُسْلِمِ (موطا امام مالک کتاب المعقول)

ترجمہ جب یہودی یا نصرانی کو قتل کر دیا جائے تو ان کی دیت آزاد مسلمان کی دیت سے نصف ہوگی۔

marfat.com

میں سے کسی کو بھی کسی محدث یا کسی مورخ نے سنت کو بدلنے والا نہیں کہا۔ پس مسئلہ دیت جو متفق علیہ نہیں بلکہ مختلف فیہ ہے، میں اگر کوئی شخص صرف حضرت امیر معاویہ ﷺ پر اعتراض کرے اور صرف انہیں کو سنت کا بدلنے والا کہے تو ہم کہیں گے کہ اس نے محض بغض وعناد کی وجہ سے ایسا کہا ہے کیونکہ اس کے پاس ایسا کہنے کی کوئی دلیل نہیں۔ اور اگر اسے حضرت امیر معاویہ ﷺ سے کوئی بغض وعناد نہیں تو پھر بتایا جائے کہ ایسے ہی نصف دیت کے فیصلہ کے باوجود حضرت عمر بن عبدالعزیز اور حضرت امام مالک، حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم کو سنت بدلنے کا الزام کیوں نہیں دیتا یا حضرت امام شافعی ﷺ کو سنت بدلنے والا کیوں نہیں کہتا جن کا مذہب تہائی دیت ہے؟

ارے جناب حضرت امیر معاویہ ﷺ معاہد کی دیت نصف ہونے کے فیصلے میں اکیلے تو نہیں ہیں کئی صحابہ وتابعین ﷺ بھی وہی مؤقف رکھتے ہیں بلکہ ایسا ایک قول حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما سے بھی روایت کیا گیا ہے۔

البتہ ہمارے مذکورہ بیان سے یہ بات آفتاب نیمروز سے بھی زیادہ روشن ہوگئی کہ مسئلہ دیت ایک مختلف فیہ مسئلہ ہے لہٰذا معاہد کی دیت کی غیر معین مقدار کو متعین کر کے مکمل کہنا یا دیت کے مکمل ہونے کو حضور نبی اکرم ﷺ اور خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم کا طرزِ عمل قرار دے کر ان کی مستقل سنت قرار دینا درست نہیں کیونکہ اس میں مختلف روایتیں وارد ہوئی ہیں۔ حضرت علامہ قاضی ثناء اللہ مظہری رحمۃ اللہ علیہ آیت وَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ (النسآء) کے تحت فرماتے ہیں:

''آیت میں کوئی ایسی دلیل نہیں کہ ذمی کی دیت مسلمان کی دیت کی طرح ہے۔ دیت تو (قرآن میں) مجمل ہے اس کی توضیح احادیث میں مختلف طور پر منقول ہے۔ مرد وعورت اور آزاد وغلام کی دیت میں اختلاف ہے پس ہوسکتا ہے کہ مسلم اور کافر کی دیت میں بھی اختلاف ہو''۔ (تفسیر مظہری اردو ج سوم ص ۲۱۲)

marfat.com

دیگر روایات میں دیت کی مقدار کے مختلف ہونے کے باعث مسئلہ خالص علمی اور اجتہادی ہے اور اجتہادی مسائل میں ایک مجتہد کو کسی دوسرے مجتہد کے اجتہاد کی پیروی جائز نہیں ہوتی[1] بلکہ اس پر خود اجتہاد کرنا ضروری ہوتا ہے اور جب وہ اجتہاد کرتا ہے تو اپنے علم و فہم اور قیاس کے مطابق قابل ترجیح پہلو کو اختیار کرتا ہے۔ جیسا کہ مجتہدین ائمہ اربعہ ائمہ اہلسنت نے اجتہاد فرمایا۔ حتیٰ کہ حضرت امام اعظم ابوحنیفہ نے معاہد کی دیت کو مسلمانوں کی دیت کے برابر قرار دیا۔ حضرت امام مالک اور حضرت امام احمد بن حنبل نے نصف کہا اور امام شافعی کے مذہب کے مطابق یہ صرف تہائی ہے۔ (رضی اللہ عنہم)

تو حضرت امیر معاویہ ﷺ صرف جلیل القدر صحابی ہی نہیں فقیہہ و مجتہد بھی ہیں بلکہ امیر المؤمنین اور خلیفۃ المسلمین یعنی حاکم وقت بھی ہیں۔ جن کے سامنے ایک طرف مقتول کے ورثا ہیں جنہیں یقیناً اس کے قتل سے نقصان ہوا تو دوسری طرف سرکاری خزانہ یعنی بیت المال بھی ہے جس کو جزیہ بند ہو جانے سے نقصان ہوا۔ اب انہیں فیصلہ کرنا تھا۔ جبکہ حدیث پاک میں حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

اِذَا حَکَمَ الْحَاکِمُ فَاجْتَھَدَ۔

(بخاری کتاب الاعتصام۔ مشکوٰۃ کتاب الامارت)

ترجمہ: جب حاکم فیصلہ کرے تو اجتہاد کرے۔

لہٰذا انہوں نے بحیثیت فقیہہ و مجتہد بھی اور حدیث پاک کے حکم کے مطابق بطور حاکم وقت بھی اس مسئلہ میں اجتہاد فرمایا اور پوری اور نصف دیت والی مختلف روایات میں تطبیق دینے کو قابل ترجیح سمجھا اور بفضلہ تعالیٰ اس میں شاندار تطبیق دی آپ دیت وصول تو پوری فرماتے لیکن اس میں سے نصف وارثوں کو ادا کر دیتے اور باقی نصف اپنے ہاں بیت المال میں جمع کرتے۔ اس لئے جس شخص کے نزدیک دیگر

---

[1] مفتی احمد یار خان نعیمی فرماتے ہیں: ''مجتہد کو تقلید کرنا حرام ہے''۔ (جاء الحق اول ص ۲۰)

maktabah.org

مجتہدین کا اجتہاد جائز ہے اس کو حضرت امیر معاویہ ؓ کے اجتہاد پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیے اور جب دوسرے مجتہدین کے اجتہاد نے سنت کو نہیں بدلا تو حضرت امیر معاویہ ؓ کو سنت بدل دینے کا الزام دینا بھی دینیات سے نابلد اور جاہل ہونے کی دلیل ہے۔

اور مولانا مودودی صاحب کا یہ الزام بھی صحیح نہیں کہ حضرت امیر معاویہ ؓ نے معاہد کی دیت سے نصف خود لینی شروع کر دی۔ بلکہ جیسا کہ ابھی ہم نے نقل کیا ہے۔ صحیح یہ ہے کہ حضرت امیر معاویہ ؓ پوری دیت وصول کر کے نصف دیت وارثوں کو ادا کرتے اور باقی نصف بیت المال میں جمع کرتے۔ کیونکہ مودودی صاحب نے حافظ ابن کثیر کی کتاب ''البدایہ والنہایہ'' میں سے امام زہری کی جو روایت نقل کی ہے وہ مجمل اور مبہم ہے۔ واضح اور مفصل نہیں ہے کہ نصف دیت جو اپنے پاس رکھتے اس کو استعمال میں کیسے لاتے اور کہاں خرچ کرتے۔ اس بارے میں امام زہری ہی کی ایک روایت امام بیہقی سے بیان کی گئی ہے جو پہلی مجمل روایت کی تفصیل کرتی ہے۔ آیئے وہ دیکھتے ہیں۔ ملاحظہ ہو۔

عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ كَانَتْ دِيَةُ الْيَهُوْدِيِّ وَالنَّصْرَانِيِّ فِيْ زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ دِيَةِ الْمُسْلِمِ وَاَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَلَمَّا كَانَ مُعَاوِيَةُ اَعْطٰى اَهْلَ الْمَقْتُوْلِ النِّصْفَ وَاَلْقَى النِّصْفَ فِيْ بَيْتِ الْمَالِ۔

ترجمہ: زہری سے روایت ہے کہ یہودی اور نصرانی کی دیت حضور ﷺ کے دور میں مسلمان کی دیت کے برابر تھی[1]۔ یہی طریقہ ابوبکر، عمر اور عثمان رضی اللہ عنہم کے دور میں رائج رہا پھر جب امیر معاویہ خلیفہ بنے تو آپ نے اس پوری دیت کا نصف تو مقتول کے وارثوں کو دیا اور بقیہ نصف

---

[1] زہری کی اس خطا پر ہم پہلے ہی روشنی ڈال چکے ہیں۔

marfat.com

بیت المال میں رکھا۔

(دشمنانِ امیر معاویہ ﷛ کا علمی محاسبہ ج ا ص ۲۰۵۔۲۰۶ بحوالہ بیہقی ''السنن الکبریٰ'' ج ۸ ص ۱۰۲ باب دیۃ اہل الذمہ)

دیکھ لیجئے یہ امام زہری ہی کی روایت ہے جو گویا پہلی مجمل روایت کی تفصیل کر رہی ہے۔ یعنی حضرت امیر معاویہ ﷛ دیت وصول تو پوری فرماتے لیکن اس میں سے نصف وارثوں کو دیتے اور بقیہ نصف بیت المال میں رکھتے۔ نہ معلوم مودودی صاحب امام بیہقی کی نقل کردہ اس روایت سے ناواقف ہوں اور انہوں نے ''السنن کبریٰ'' نہ دیکھی ہو یا حافظہ کمزور ہو اور یاد نہ رہی ہو۔ بہر حال ہم نے پیش کر دی ہے دیکھیے اور اطمینان حاصل کیجئے اور اگر انہوں نے بیہقی شریف کا مطالعہ کیا ہے اور جان بوجھ کر اسے چھپایا ہے تا کہ ان کا طعن مضبوط ہو تو کتمان حق اور بہتان باندھنے کا گناہ انہی کے سر ہے۔

اور زہری کی عبارت ''اخذ النصف لنفسہ'' جس کے زور پر مودودی صاحب نے امیر معاویہ ﷛ پر نصف دیت اپنے پاس رکھنے کا الزام لگایا' کا تجزیہ مولانا محمد علی صاحب جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور سے سنیئے، وہ کہتے ہیں:

''اس الزام کا آخری حصہ کہ امیر معاویہ نے باقی نصف اپنے لئے رکھ لی تھی تو اس مفہوم و مراد کیلئے عربی لفظ ''لنفسہ'' مذکور ہے۔ یہ لفظ اپنے مفہوم کے لحاظ سے یہ احتمال بھی رکھتا ہے کہ اس سے مراد 'اپنی ذات کیلئے' ہو۔ یعنی اپنے مصرف میں لایا جائے کسی دوسرے کا اس میں تصرف و حق نہ ہے۔ اور دوسرا معنی یہ ہے کہ کسی شخص نے اسے اپنے پاس رکھا ہو لیکن اس کو خرچ دوسروں پر کیا جائے اور آپ اس کی نگرانی کرے۔ جس طرح بیت المال کی نگرانی اور حفاظت خلیفہ وقت کی (ذمہ داری) ہوتی ہے۔ تو اس طرح معنی یہ ہوا کہ حضرت امیر معاویہ نصف دیت بیت المال میں اپنی

marfat.com

نگرانی میں جمع کرادیا کرتے تھے اور پھر اسے اپنی صوابدید کے مطابق خرچ کیا کرتے تھے۔ ان دونوں معانی میں سے دوسرا معنی یہاں مراد ہے"۔

(دشمنانِ امیر معاویہ ﷛ کا علمی محاسبہ ج ا ص ۳۰۵)

گویا مودودی صاحب کے دامن میں سوائے بغض وعناد کے اور کچھ بھی نہیں۔

اعتراض ۱۴ (طعن مودودی)

مودودی صاحب کا ایک اور طعن اور مکروہ اندازِ طعن ملاحظہ کیجئے، کہتے ہیں:

"ایک اور نہایت مکروہ بدعت حضرت معاویہ ﷛ کے عہد میں یہ شروع ہوئی کہ وہ خود، اور ان کے حکم سے ان کے تمام گورنر، خطبوں میں برسرِ منبر حضرت علی ﷛ پر سب وشتم کی بوچھاڑ کرتے تھے۔ حتیٰ کہ مسجد نبوی میں منبر رسول ﷺ پر عین روضۂ نبوی کے سامنے حضور ﷺ کے محبوب ترین عزیز کو گالیاں دی جاتی تھیں اور حضرت علی ﷛ کی اولاد اور ان کے قریب ترین رشتہ دار اپنے کانوں سے یہ گالیاں سنتے تھے۔ کسی کے مرنے کے بعد اس کو گالیاں دینا، شریعت تو درکنار، انسانی اخلاق کے بھی خلاف تھا اور خاص طور پر جمعہ کے خطبے کو اس گندگی سے آلودہ کرنا تو دین واخلاق کے لحاظ سے سخت گھناؤنا فعل تھا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے آکر اپنے خاندان کی دوسری غلط روایات کی طرح اس روایت کو بھی بدلا اور خطبۂ جمعہ میں سبِ علی کی جگہ یہ آیت پڑھنی شروع کردی۔ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ (النحل۔۹۰)"

(خلافت وملوکیت ص ۱۷۴)

اس طعن کا جواب دیجئے۔

marfat.com

جواب

مولانا مودودی کا حضرت امیر معاویہ ﷺ پر یہ طعن کہ وہ خود اور ان کے حکم سے ان کے تمام گورنر برسر منبر اپنے خطبوں میں سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ پر علانیہ سب وشتم کرتے۔ یہاں تک کہ مسجد نبوی میں عین روضہ پاک کے سامنے بھی آپ پر سب و شتم کی بوچھاڑ ہوتی تو یہ مودودی صاحب کا الزام ہے۔ آیئے دیکھتے ہیں قرآن و حدیث ان کے بارے میں کیا فرماتے ہیں اور حقیقت کیا ہے؟

حضور نبی اکرم ﷺ کے تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عدول اور متقی ہیں اور حضرت امیر معاویہ ﷺ بھی انہیں میں سے ایک عظیم المرتبت صحابی ہیں بلکہ امت میں حلیم ترین بھی ہیں دیکھیے قرآن کریم صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اوصاف بیان کرتے ہوئے انہیں کفر وفسق اور نافرمانی سے متنفر ومحفوظ اور راست رو یعنی سیدھی راہ چلنے والا فرمارہا ہے اور حضرت امیر معاویہ ﷺ کو صحابی ہونے کے ناتے گویا ان تمام صفات سے متصف قرار دے رہا ہے۔ اس بارے میں ارشاد باری تعالیٰ پہلے ہی کئی مرتبہ نقل کیا جاچکا ہے۔ ایک مرتبہ پھر دہرایا جاتا ہے۔ فرمایا:

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَالْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۙ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ (الحجرات۔ ۷۔۸)

ترجمہ مودودی صاحب: اللہ نے تم کو ایمان کی محبت دی اور اس کو تمہارے لئے دل پسند بنا دیا اور کفر وفسق اور نافرمانی سے تم کو متنفر کردیا۔ ایسے ہی لوگ اللہ کے فضل واحسان سے راست رو ہیں اور اللہ علیم وحکیم ہے۔

(تفہیم القرآن از مولانا مودودی)

اور حدیث پاک میں حضرت امیر معاویہ ﷺ کو امت میں سب سے زیادہ حلیم

marfat.com

فرمایا گیا، دیکھئے:

"حرث بن اسامہ نے روایت کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ابوبکر ؓ میری امت میں سب سے زیادہ رحم دل اور رقیق القلب ہیں اس کے بعد آپ نے بقیہ خلفائے اربعہ کے مناقب بیان کئے اور ان میں حضرت معاویہ ؓ کا بھی ذکر کیا اور فرمایا کہ معاویہ بن ابی سفیان میری امت میں سب سے زیادہ حلیم اور سخی ہیں۔ وَمُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ اَحْلَمُ اُمَّتِيْ وَاَجْوَدُهَا۔ (تطہیر الجنان ص ۱۲)

(سیدنا امیر معاویہ ؓ اردو ترجمہ تطہیر الجنان ص ۲۹)

آپ نے دیکھا کہ حدیث پاک میں حضرت امیر معاویہ ؓ کو امت میں سب سے زیادہ حلیم فرمایا گیا ہے جبکہ سب و شتم غصہ اور غضب کو ظاہر کرتا ہے حلم اور بردباری کو نہیں یعنی سب و شتم کرنے والے کو حلیم نہیں کہا جا سکتا۔ حلیم، بردبار اور متحمل مزاج کو کہتے ہیں جو غصہ کو برداشت کرتا ہے۔ اسے حلیم نہیں کہتے جو خواہ مخواہ کسی پر غصہ ہوتا رہے اور حسد کی آگ میں جل کر سب و شتم کرتا پھرے۔ اور جب حضرت امیر معاویہ ؓ حدیث پاک کے مطابق سب سے زیادہ حلیم ہیں تو پھر سب سے زیادہ بردبار، سب سے زیادہ متحمل مزاج اور سب سے زیادہ برداشت والے ہوئے' لہٰذا سب و شتم کے الزام سے قطعاً بری ہوئے۔

دوسرے مقام پر حدیث پاک آپ کو عالم قرآن قرار دیتی ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ ان کیلئے خصوصی طور پر دعا فرماتے ہیں۔ ملاحظہ ہو:

اَللّٰهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتٰبَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ۔

(مسند احمد ج ۴ ص ۱۲۷)

ترجمہ: اے اللہ! معاویہ کو کتاب و حساب کا علم عطا فرما اور اسے عذاب سے بچا۔

marfat.com

اور حضور سرورِ انبیاء حبیبِ خدا ﷺ کی ہر دعا مستجاب اور مقبول ہوتی ہے جب اشارۂ ابرو پر قبلہ تبدیل فرمایا جاتا ہے تو دعا کیوں نہ مقبول ہوگی۔ ارے حضور ﷺ کی دعا کی تو وہ شان ہے کہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے، کہ اے محبوب اپنے غلاموں کے حق میں دعا فرمایئے کیونکہ تمہاری دعا ان کے سکون اور چین کا باعث ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے ملاحظہ ہو:

وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ (التوبہ۔۱۰۳)

ترجمہ: اور ان کے حق میں دعائے خیر کرو بے شک تمہاری دعا ان کے دلوں کا چین ہے۔ (کنز الایمان)

اللہ تعالیٰ کا حضور اقدس ﷺ کو دعا کرنے کا حکم دینا اسے باعث سکون فرمانا اور صحابہ کرام کو اس سے سکون حاصل ہو جانا' اس کے مقبول و مستجاب ہونے کی دلیل ہے۔ تو ظاہر ہوا کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ کے حق میں بھی آپ کی دعائیں مقبول ہوئیں۔ لہٰذا حضرت امیر معاویہ ﷺ عالم کتاب و حساب ہوئے اور عالم وہ ہوتا ہے جو اپنے علم پر عمل بھی کرتا ہے۔ حدیث پاک ملاحظہ ہو:

اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لِكَعْبٍ مَنْ اَرْبَابُ الْعِلْمِ قَالَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ بِمَا يَعْلَمُوْنَ۔ (مشکوٰۃ کتاب العلم)

ترجمہ: حضرت عمر ابن خطاب ﷺ نے حضرت کعب سے فرمایا کہ اہل علم کون لوگ ہیں انہوں نے فرمایا جو اپنے علم پر عمل کرتے ہیں۔

پس جب حضرت امیر معاویہ ﷺ عالم قرآن ہوئے تو آپ قرآن اور تعلیمات قرآن پر عمل کرنے والے ہوئے۔ جبکہ قرآن کریم اچھی گفتگو کا حکم دیتا ہے فرمایا: قُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا (القرآن) اور برے القاب دینے' برے نام رکھنے اور سب و شتم کرنے سے روکتا ہے۔ فرمایا: وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ۔ (القرآن) یعنی ایک دوسرے کے برے نام نہ رکھو اور حدیث پاک قرآن کریم کی تفصیل و تشریح کرتی

marfat.com

ہے۔حدیث پاک میں فرمایا:
سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ۔

(بخاری کتاب الادب، جامع ترمذی باب ماجاء فی الشتم، ریاض الصالحین باب تحریم سب المسلم)

ترجمہ: مسلمان کو گالی دینا فسق ہے۔

پس بحیثیت عالم قرآن حضرت امیر معاویہ ؓ اچھی گفتگو کرنے والے اور سب وشتم سے پرہیز کرنے والے ہوئے۔ اب فرمایئے جو عادل ومتقی صحابی ہو، قرآن کریم اسے کفر وفسق سے متنفر ومحفوظ اور راست رو (هُمُ الرَّاشِدُوْنَ) فرمائے۔ حدیث پاک اس کو عالم قرآن اور تعلیمات قرآن پر عمل کرنے والا فرمائے۔ حتیٰ کہ حدیث پاک اسے ساری امت سے بڑھ کر حلیم، بردبار، متحمل مزاج اور غصہ کو برداشت کرنے والا فرمائے، کیا وہ سب وشتم ایسے فسق اور گناہ میں ملوث قرار دیا جاسکتا ہے؟ جب حضرت امیر معاویہ ؓ ان سب صفات مبارکہ سے متصف ہیں تو پھر ان پر سب وشتم کرنے کا الزام لگانا کیا کسی دیندار آدمی کا کام ہے؟ مودودی صاحب نے جن تاریخی روایات پر اعتماد کر کے قرآن وحدیث کو ٹھکرایا ہے۔ ان کی قرآن وحدیث کے سامنے کیا حیثیت ہے؟ اگر کسی کا ایمان سلامت ہے تو وہ یقیناً قرآن وحدیث ہی کو ترجیح دے گا۔ اور قرآن کریم کے مطابق تو حضرت امیر معاویہ ؓ فسق ونافرمانی سے محفوظ اور راست رو یعنی نیک راستے پر چلنے والے اور نیکی اختیار کرنے والے ہیں۔ لہٰذا جو بھی حدیث یا روایت حضرت امیر معاویہ ؓ یا کسی اور صحابی کا فسق اور گناہ میں ملوث ہونا بیان کرے وہ جھوٹی اور مردود ہوگی۔ وہ قبول نہیں کی جائے گی۔ جیسا کہ صحیح مسلم کی ایک حدیث میں بیان ہوا کہ حضرت عباس ؓ نے حضرت عمر فاروق ؓ سے حضرت علی ؓ کے متعلق کہا:

"اِقْضِ بَيْنِيْ وَبَيْنَ هٰذَا الْكَاذِبِ الْاٰثِمِ الْغَادِرِ الْخَائِنِ"

(صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر باب حکم الفئی)

marfat.com

ترجمہ: میرے اور اس جھوٹے مجرم دھوکے باز اور خائن کے درمیان فیصلہ کر دیجیے۔

اس میں راوی نے حضرت عباس سے منسوب کر کے حضرت علی المرتضیٰ ﷺ کے متعلق نہایت نازیبا باتیں کہی ہیں' حالانکہ دونوں ہستیاں ایسی باتوں سے پاک اور بلند و بالا ہیں۔ اسی لئے اس کی شرح میں حضرت امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ (ترجمہ)

> '' قاضی عیاض نے کہا کہ مازری کا قول ہے کہ حدیث کے یہ الفاظ کہنے ظاہری طور پر حضرت عباس ﷺ کے شایان شان نہیں اور حضرت علی ﷺ اس سے بہت بلند مرتبہ ہیں کہ ان میں ان اوصاف میں سے بعض ہوں چہ جائیکہ یہ سب ہوں اگر چہ ہم صرف نبی اکرم ﷺ وغیرھم انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی عصمت کے قائل ہیں۔ لیکن حضرات صحابہ ﷺ کے ساتھ حسن ظن رکھنے اور ان سے تمام اوصاف رذیلہ کی نفی کرنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے۔ اور جب اس حدیث کی تاویل کے سارے راستے بند ہو جائیں تو ہم اس کے راویوں کو جھوٹا قرار دے دیں گے۔ نیز فرمایا کہ اسی سبب سے بعض محدثین نے اپنے نسخہ سے یہ الفاظ نکال بھی دیئے''۔ (صحیح مسلم مع شرح امام نووی ج ۲ ص ۹۰ کتاب الجہاد والسیر باب حکم الفئی)

لہٰذا ایسی روایت جو کسی صحابی کا فسق و گناہ میں ملوث ہونا اور راست رو ہونے کی بجائے بے راہرو ہونا بیان کرے اس کے راویوں کو جھٹلا کر اسے جھوٹی اور مردود قرار دیا جائے گا۔

اور مودودی صاحب کے الزام میں عجیب بات یہ ہے کہ انہوں نے جن کتابوں کے حوالے دیئے ہیں ان میں ادنیٰ اشارہ تک نہیں ملتا کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ خود بھی حضرت علی المرتضیٰ ﷺ پر سب و شتم کی بوچھاڑ کرتے تھے اور اپنے گورنروں کو بھی

marfat.com

انہوں نے یہی حکم دے رکھا تھا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ مودودی صاحب کی اس خود ساختہ عبارت کی حیثیت ایک جھوٹے الزام اور افترا سے زیادہ کچھ نہیں۔

اور اگر سبّ سے مراد وہ سبّ ہے جو صحیح بخاری کی درج ذیل حدیث میں وارد ہوا ہے تو وہ حسنِ بیان تو ضرور ہے لیکن برائی ہرگز نہیں ہے۔ ملاحظہ ہو۔ (ترجمہ)

"ابو حازم ؓ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت سہل بن سعد کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ امیر مدینہ منبر پر بیٹھ کر حضرت علی ؓ کو برا بھلا کہتا ہے۔ انہوں نے پوچھا آخر وہ کہتا کیا ہے؟ جواب دیا۔ وہ ان کو "ابوتراب" کہتا ہے۔ یہ سن کر ہنس پڑے اور فرمایا خدا کی قسم! ان کا یہ نام تو نبی کریم ﷺ نے پکارا ہے اور خود حضرت علی ؓ کو یہ نام اپنے اصلی نام سے بھی زیادہ پیارا ہے"۔ (صحیح بخاری باب مناقب علی ابن ابی طالب ؓ)

اور حضرت امیر معاویہ ؓ کے اخلاق اور رویہ کے متعلق ایک نہایت دلچسپ واقعہ پیش کیا جاتا ہے جو نہ صرف قرآن کریم کے ارشاد رُحَمَآءُ بَیْنَھُمْ کا آئینہ دار ہے بلکہ مودودی طعن کا قلع وقمع کرنے کیلئے بھی کافی ہے۔ ملاحظہ ہو۔

"امیر معاویہ ؓ نے ایک بار ضرار ابن حمزہ سے کہا مجھے علی ابن ابی طالب کے اوصاف سناؤ۔ انہوں نے عرض کیا مجھے اس سے معاف رکھو۔ امیر معاویہ ؓ نے کہا تمہیں خدا کی قسم ضرور سناؤ۔ ضرار ابن حمزہ نے نہایت فصیح و بلیغ طور پر حضرت علی ؓ کی منقبت سنائی جس کا خلاصہ حسب ذیل ہے۔

حضرت علی ؓ بڑی سخاوت والے، سخت قوت والے، فیصلہ کن بات کہتے تھے۔ عدل کا فیصلہ کرتے تھے۔ ان کی جوانب سے علم کی نہریں بہتی تھیں۔ ان کی زبان پر علم بولتا تھا۔ اور دنیا کی ٹیپ ٹاپ سے متنفر تھے۔ رات کی تنہائی اور وحشت پر مائل (مانوس) تھے۔ راتوں کو

marfat.com

روتے تھے۔ اکثر آخرت کی فکر میں رہتے تھے۔ موٹا لباس معمولی کھانا پسند کرتے تھے۔ لوگوں میں عام شخص کی طرح رہتے تھے۔ جب ان سے کچھ پوچھتے تو فوراً جواب دیتے۔ جب ہم انہیں بلاتے تو فوراً آجاتے۔ اس بے تکلفی کے باوجود ان کی خداداد ہیبت کا یہ حال تھا کہ ہم ان سے گفتگو نہ کر سکتے تھے۔ دینداروں کی تعظیم فرماتے۔ مسکینوں کو اپنے قریب رکھتے تھے۔ علی ﷛ کے دربار شریف میں کمزور مایوس نہ تھا قوی دلیر نہ تھا۔ قسم خدا کی میں نے علی کو بہت دفعہ ایسا دیکھا کہ رات کے تارے غائب ہو جاتے تھے۔ اس حال میں کہ آپ ایسا روتے تھے جیسے کسی کو بچھو کاٹ لے اور رو رو کر فرماتے تھے افسوس! افسوس! عمر تھوڑی ہے سفر لمبا ہے۔ سامان تھوڑا ہے راستہ خطرناک اور آپ کی داڑھی سے آنسوؤں کے قطرے ٹپکتے تھے اور فرماتے تھے۔ افسوس! افسوس!

امیر معاویہ ﷛ یہ سن کر زار زار رونے لگے اور فرماتے تھے کہ قسم خدا کی ابوالحسن (علی ﷛) ایسے ہی تھے۔ ایسے ہی تھے۔ ایسے ہی تھے"۔

(امیر معاویہ ﷛ پر ایک نظر ص ۵۷۔ ۵۸، الصواعق المحرقہ اردو ص ۴۳۶۔ ۴۴۷، ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۵۱۹۔ ۵۱۸ معترضین اور حضرت امیر معاویہ اردو ترجمہ الناھیہ عن طعن امیر معاویہ ص ۵۴)

لہٰذا قرآن و حدیث اور مذکورہ واقعہ کی روشنی میں مودودی صاحب کے اس جھوٹے اور لغو اعتراض کی تردید میں ہم مزید کچھ کہنے کی ضرورت نہیں محسوس کرتے۔

اعتراض ۱۵ (طعن مودودی)

مودودی صاحب کا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک اور طعن ملاحظہ ہو کہتے ہیں:

marfat.com

''زیاد بن سُمَیّہ کا استلحاق بھی حضرت معاویہ ؓ کے ان افعال میں سے ہے جن میں انہوں نے سیاسی اغراض کیلئے شریعت کے ایک مسلّم قاعدے کی خلاف ورزی کی تھی۔ زیاد طائف کی ایک لونڈی سمیہ نامی کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔ لوگوں کا بیان یہ تھا کہ زمانہ جاہلیت میں حضرت معاویہ ؓ کے والد جناب ابوسفیان ؓ نے اس لونڈی سے زنا کا ارتکاب کیا تھا اور اسی سے وہ حاملہ ہوئی۔ حضرت ابوسفیان ؓ نے خود بھی ایک مرتبہ اس بات کی طرف اشارہ کیا تھا کہ زیاد انہی کے نطفہ سے ہے۔ جوان ہو کر یہ شخص اعلیٰ درجے کا مدبر، منتظم، فوجی لیڈر اور غیر معمولی قابلیتوں کا مالک ثابت ہوا۔ حضرت علی ؓ کے زمانہ خلافت میں وہ آپ کا زبردست حامی تھا اور اس نے بڑی اہم خدمات انجام دی تھیں۔ ان کے بعد حضرت معاویہ ؓ نے اس کو اپنا حامی و مددگار بنانے کیلئے اپنے والد ماجد کی زنا کاری پر شہادتیں لیں اور اس کا ثبوت بہم پہنچایا کہ زیاد انہی کا ولد الحرام ہے۔ پھر اسی بنیاد پر اسے اپنا بھائی اور اپنے خاندان کا فرد قرار دے دیا۔ یہ فعل اخلاقی حیثیت سے جیسا کچھ مکروہ ہے وہ تو ظاہر ہی ہے۔ مگر قانونی حیثیت سے بھی یہ ایک صریح ناجائز فعل تھا۔ کیونکہ شریعت میں کوئی نسب زنا سے ثابت نہیں ہوتا۔ نبی ﷺ کا صاف حکم موجود ہے کہ ''بچہ اس کا ہے جس کے بستر پر وہ پیدا ہو اور زانی کیلئے کنکر پتھر ہیں'' ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ (رضی اللہ عنہا) نے اسی وجہ سے اس کو اپنا بھائی تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور اس سے پردہ فرمایا''۔

(خلافت و ملوکیت ص ۱۷۵)

اس کا بھی جواب دیجیے۔

marfat.com

جواب

مولانا مودودی صاحب نے اس طعن میں استلحاق زیاد کا معاملہ الجھا کر حضرت معاویہ ؓ پر اپنی سیاسی اغراض پوری کرنے کیلئے شریعت کی خلاف ورزی کا الزام لگایا ہے۔ اور ان کے شرف صحابیت، ان کے تقویٰ وعدالت اور قدر ومنزلت کو مجروح کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ یہی نہیں بلکہ ان گواہوں جن میں عادل وثقہ صحابی بھی شامل تھے کی گواہیوں اور شہادتوں کو بھی رد کر دیا ہے۔ البتہ اپنے اس طعن کو تقویت دینے کیلئے تاریخ کے بعض حوالے، جیسے کیسے بھی میسر آئے بنا سنوار کر ان کے نام ضرور لکھ دیئے۔

اس سے پہلے کہ ہم اس طعن کا تجزیہ کریں حسب دستور سابق درج ذیل امور کی جانب توجہ دلانا ضروری سمجھتے ہیں۔

۱) قرآن وحدیث نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو متقی فرمایا اور ان کے شرف صحابیت کا احترام کرنے کی ہدایت کی ہے۔ لہٰذا صحابہ کرام کے مقام ومرتبہ کو مجروح کرنے والی یا ان پر حرف زنی کر کے ان کے دامن اقدس کو داغدار کرنے والی کوئی بھی روایت ہو اگرچہ اس کی سند صحیح ہی کیوں نہ ہو رد کر دی جائے گی۔

۲) زیاد بن سمیہ کو مودودی صاحب ولد الحرام ہونے کا الزام دیتے ہیں' جبکہ زنا کی تہمت کے ثبوت کیلئے چار عادل اور چشم دید گواہ ہونا ضروری ہیں۔ اور اگر تہمت لگانے والا ایسے گواہ پیش نہ کر سکے تو اس پر حد قذف لگتی ہے اور حیرت کی بات یہ ہے کہ مودودی صاحب کے پاس ایسے چار گواہ نہیں ہیں۔ اور صحیح یہ ہے کہ جناب ابو سفیان نے دور جاہلیت میں مروّج طریقہ کے مطابق سمیہ سے نکاح کیا اور زیاد اسی نکاح کی اولاد تھے' اگرچہ زمانہ جاہلیت کا وہ طریقہ نکاح اسلام نے منسوخ کر دیا' لیکن اس سے نسب صحیح اور ثابت ہی رہا۔ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

marfat.com

فرماتی ہیں کہ زمانہ جاہلیت میں نکاح کے چار طریقے تھے۔

۱) ایک نکاح تو اسی طرح کا تھا کہ جیسے لوگ آج بھی نکاح کرتے ہیں کہ ایک آدمی دوسرے کے پاس اس کی ولیہ یا بیٹی کیلئے پیغام بھیجتا پھر مہر ادا کرتا اور اس کے ساتھ نکاح کر لیتا۔

۲) دوسرا طریقہ نکاح یہ تھا کہ جب کوئی عورت ایام سے پاک ہوتی تو خاوند اس سے کہتا کہ تم فلاں کے پاس چلی جاؤ اور اس سے فائدہ حاصل کرو۔ چنانچہ خاوند اپنی بیوی سے کنارہ کش ہو جاتا اور پھر اسے کبھی ہاتھ نہ لگاتا' یہاں تک کہ جس آدمی سے فائدہ اٹھایا جاتا اس کا حمل ظاہر ہو جاتا۔ جب اس کا حمل ظاہر ہو جاتا تو خاوند اپنی بیوی کے پاس آجاتا جب وہ چاہتا۔ اور ایسا اچھا بچہ حاصل کرنے کی آرزو میں کیا جاتا۔ اس کو وہ لوگ ''نکاح استبضاع'' کہتے تھے۔

۳) نکاح کی تیسری قسم یہ تھی کہ دس سے کم افراد اکٹھے ہو کر کسی عورت کے پاس جاتے اور سارے اس کے ساتھ صحبت کرتے۔ جب وہ حاملہ ہو کر بچہ جنتی اور بچے کو پیدا ہوئے چند روز گزر جاتے تو وہ ان سب کو پیغام بھیجتی۔ پس ان میں سے کوئی شخص آنے سے انکار نہیں کر سکتا تھا۔ یہاں تک کہ وہ اس کے پاس جمع ہو جاتے' تو وہ ان سے کہتی آپ اپنے معاملات جانتے ہیں اور میرے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے۔ پس اے فلاں! یہ آپ کا بیٹا ہے پس جو آپ کو پسند ہے اس کا نام رکھ لیجئے۔ پس وہ بچہ اس کا شمار ہوتا اور وہ آدمی اس بات سے انکار نہیں کر سکتا تھا۔

۴) نکاح کی چوتھی قسم یہ تھی کہ بہت سے آدمی ایک عورت کے پاس جاتے رہتے اور وہ کسی کو اپنے پاس آنے سے منع نہیں کرتی تھی۔ دراصل ایسی عورتیں طوائف ہوتی تھیں' اور نشانی کیلئے اپنے دروازوں پر جھنڈا نصب

marfat.com

کر دیا کرتی تھیں۔ پس جو چاہتا وہ ان کے پاس جاتا پس جب ان میں سے کسی کا حمل ٹھہر جاتا' اور وہ اس بچے کو جن لیتی تو وہ سارے اس کے پاس جمع ہو کر قیافہ شناس کو بلاتے۔ وہ بچے کو جس سے مشابہ دیکھتا اس سے کہہ دیا جاتا کہ یہ آپ کا بیٹا ہے۔ چنانچہ وہ اسی کا بیٹا کہہ کر پکارا جاتا اور وہ اس سے انکار نہیں کر سکتا تھا۔

لیکن جب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ حق کے ساتھ مبعوث ہو گئے تو زمانہ جاہلیت کے سارے نکاح ختم ہو گئے اور وہی ایک طریقہ نکاح رہ گیا جو آج موجود ہے''۔

(بخاری ج ۲ ص ۷۶۹ کتاب النکاح)

اس حدیث پاک سے معلوم ہوا کہ زمانہ جاہلیت میں نکاح کے چار طریقے رائج تھے۔ اسلام نے زمانہ جاہلیت کے نکاحوں کو تو منسوخ کر دیا لیکن ان نکاحوں کی اولاد کو صحیح النسب تسلیم کیا ہے۔

اور زیاد کی پیدائش کا واقعہ تاریخ نے اس طرح بیان کیا ہے کہ:

''ایک مرتبہ ابوسفیان اپنے کسی کام کی غرض سے طائف گئے ہوئے تھے۔ وہاں انہوں نے جاہلیت کے مروجہ نکاح کی طرح سُمَیَّہ سے نکاح کیا اور اس سے مباشرت کی اور اسی سے سُمَیَّہ کے یہاں زیاد پیدا ہوئے اور اس نے زیاد کو ابوسفیان سے منسوب کیا۔ ابوسفیان نے بھی اس نسب کا اقرار کیا لیکن خفیہ طور پر''۔

(تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۴)

معلوم ہوا زیاد نکاح کی اولاد تھے اگرچہ وہ نکاح جاہلی طریقے کا تھا لیکن جاہلی طریقوں کے نکاح کی اولاد کو بھی صحیح النسب قرار دیا گیا اور جب جاہلیت کے نکاح کی اولاد صحیح اور حلالی ہے تو زیاد بھی ابوسفیان کی صحیح اور حلالی اولاد ہی تھے۔ ہم انشاء اللہ

marfat.com

اسے تاریخی شہادتوں سے بھی بیان کریں گے۔

لیکن حیرت اس بات پر ہے کہ مودودی صاحب کو یہ علم بھی نہیں کہ حلالی کو حرامی کہنا' ناحق تہمت لگانا ہے' اور اس کے عدم ثبوت پر حد قذف لگتی ہے۔ ملاحظہ ہو امام مدینہ حضرت امام مالک ﷫ فرماتے ہیں:

"اَلْاَمْرُ عِنْدَنَا اَنَّهٗ اِذَا نَفٰی رَجُلٌ رَجُلًا مِنْ اَبِیْهِ فَاِنَّ عَلَیْهِ الْحَدَّ وَاِنْ کَانَتْ اُمُّ الَّذِیْ نُفِیَ مَمْلُوْکَةً فَاِنَّ عَلَیْهِ الْحَدَّ۔

ترجمہ: جب کوئی شخص کسی کی اس کے باپ سے نفی کرے تو اس پر حد جاری ہوگی اگر چہ اس کی والدہ لونڈی ہو تب بھی حد جاری ہوگی"۔

(موطا امام مالک مترجم ص ۶۳۲ کتاب الحدود)

اب آیئے مودودی صاحب کے طعن کی طرف، کہتے ہیں:

"زیاد بن سُمَیّہ کا استلحاق بھی حضرت معاویہ ﷛ کے ان افعال میں سے ہے جن میں انہوں نے سیاسی اغراض کیلئے شریعت کے ایک مسلم قاعدے کی خلاف ورزی کی تھی۔ زیاد طائف کی ایک لونڈی سُمَیّہ کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا۔ لوگوں کا بیان یہ تھا کہ زمانہ جاہلیت میں حضرت معاویہ ﷛ کے والد جناب ابو سفیان ﷛ نے اس لونڈی سے زنا کا ارتکاب کیا تھا اور وہ اسی سے حاملہ ہوئی"۔

تو اس بارے میں ہماری عرض یہ ہے کہ جب معاذ اللہ لوگوں کے بیان کے مطابق (اگر چہ لوگوں کا لفظ یہاں مجمل ومبہم ہے اور ایسے مجمل اور مبہم قول سے زنا ثابت نہیں ہوتا) زیاد ولد الحرام تھا اور مولانا مودودی کے نزدیک' حضرت امیر معاویہ ﷛ کا یہ فعل ہی صحیح نہیں تھا تو پھر یہ بتایا جائے کہ اس سے حضرت امیر معاویہ ﷛ کی کون سی عزت بڑھ گئی' وہ خاص وعام (لوگوں) میں معزز تر کیونکر ہو گئے اور انہیں کونسا سیاسی فائدہ ہوا۔ جب بقول مودودی صاحب لوگ زیاد کو زنا کی اولاد سمجھتے تھے تو پھر تو

marfat.com

ایسے فعل شنیع سے (معاذ اللہ) ان کو صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم بلکہ جملہ مسلمانوں کی نظروں میں گر جانا چاہیے تھا اور ان کی سیاسی ساکھ تباہ ہو جانا چاہیے تھی۔ نہ یہ کہ اس سے ان کا سیاسی قد کاٹھ اور بڑھ جاتا۔ گویا مودودی صاحب کا یہ الزام عقلی طور پر بھی نہایت گھٹیا اور لغو ہے۔

یہی نہیں 'امیر المومنین' خلیفۃ المسلمین' کاتب و راز دارِ نبوت اور عظیم صحابیٔ رسول جناب حضرت امیر معاویہ ﷺ خود فرماتے ہیں کہ میں نے زیاد کو ملا کر قلت کو کثرت نہیں بخشی اور نہ ذلت کو عزت دی' بلکہ جب میں نے یہ جان لیا کہ یہ اللہ کا حق ہے تو میں نے اسے اپنے مقام پر رکھنے کا حکم دیا۔ لیکن مودودی صاحب تو عام لوگوں پر اعتماد کئے بیٹھے ہیں اور ایک مجمل و مبہم قول کی بنیاد پر اپنے اعتراض کی عمارت استوار کر رہے ہیں۔ انہیں اس بات کی کیا پروا ہے کہ امیر المومنین اور عظیم صحابی رسول (ﷺ) کیا کہہ رہے ہیں۔

آگے دیکھئے مودودی صاحب کی معتمد تاریخ ابن خلدون میں لکھا ہے:

''اہل تشیع کی اکثریت اس بات کا رد کرتی ہے اور امیر معاویہ پر اس سے اعتراض پیدا کرتی ہے یہاں تک کہ امیر (زیاد) کا بھائی ابوبکرہ بھی۔ ایک مرتبہ اسی زیاد نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس نام سے رقعہ لکھا۔ ''زیاد بن ابی سفیان'' گویا وہ یہ الفاظ لکھ کر ان سے اپنے اس نسب کی صداقت چاہتا تھا تا کہ بوقت ضرورت یہ حجت ہو سکے۔ اس کے جواب میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے یوں لکھا: ''عائشہ ام المومنین اپنے بیٹے زیاد کو خط لکھ رہی ہے (یعنی اس کے مطلوبہ نسب کی تصدیق نہ کی)۔ عبداللہ بن عامر کو زیاد سے بغض تھا۔ ایک دن اس نے اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو کہا کون ہے عبدالقیس ابن سمیہ جو میرے کاموں میں کیڑے نکالتا ہے اور میرے کارندوں کے آڑے آتا ہے۔ میں نے قریش سے

marfat.com

اس بات پر قسمیں لینے کی ٹھانی ہے کہ ابوسفیان نے سمیہ نامی لونڈی کو دیکھا تک نہیں۔ جب زیاد کو اس کی خبر ملی تو اس نے معاویہ ؓ کو یہ بتایا۔ اس پر معاویہ ؓ نے حکم دیا کہ آخری دور کے دروازے سے اسے واپس کر دو۔ اس نے یزید کے ہاں اس کی شکایت کر دی۔ یزید اس کو لے کر گھوڑے پر سوار ہو کر حضرت معاویہ ؓ کے پاس آیا۔ جب امیر معاویہ ؓ نے اسے دیکھا تو اٹھ کر گھر تشریف لے گئے۔ یزید کہنے لگا ہم آپ کے باہر تشریف لانے تک انتظار کرتے ہیں۔ پھر کچھ دیر بعد امیر باہر تشریف لائے اور ابن عامر نے اپنی وہی باتیں کہنا شروع کر دیں جو پہلے کہی تھیں۔ امیر نے اس پر فرمایا میں نے زیاد کو اپنے ساتھ ملا کر قلت کو کثرت نہیں بخشی اور نہ ہی ذلت کو عزت دی ہے۔ لیکن جب میں نے اللہ کا حق جان لیا تو اسے اپنے مقام پر رکھنے کا حکم دے دیا"۔

(تاریخ ابن خلدون ج ۳ ص ۱۰، بحوالہ دشمنان امیر معاویہ ؓ کا علمی محاسبہ ج ۱ ص ۲۸۸ ـ ۲۸۹)

اور کامل ابن اثیر سے منقول ہے:

''حضرت امیر معاویہ ؓ نے فرمایا: اے ابن عامر تو نے زیاد کے بارے میں جو کچھ کہا وہ ہم نے سن لیا ہے۔ خدا کی قسم! تمام عرب اس بات کو جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے جاہلیت میں عزت عطا فرمائی تھی اور اسلام کے بعد میری عزت میں اضافہ ہی ہوا ہے۔ میں نے زیاد کو اپنے ساتھ ملا کر قلت کو کثرت نہیں بخشی اور نہ ہی ذلت کو عزت بنایا۔ لیکن میں نے اس کا حق جانتے ہوئے اسے اس کی جگہ پر مقرر کیا۔ یہ سن کر ابن عامر نے کہا: اے امیر المومنین ہم اس بات کی طرف لوٹتے ہیں اور قبول کرتے ہیں جو زیادہ کو پسند ہے۔ امیر معاویہ ؓ نے فرمایا اگر ایسا ہے تو پھر ہم تمہاری پسند کی طرف رجوع کرتے ہیں یہ کہہ کر عبداللہ بن عامر

marfat.com

وہاں سے نکلا اور زیاد کے پاس آ کر اسے راضی کر لیا"۔

(دشمنانِ امیر معاویہ ؓ کا علمی محاسبہ ج اص ۲۹۰۔ بحوالہ کامل ابن اثیر ج ۳ ص ۲۳۲)

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ حضرت امیر معاویہ ؓ خود فرما رہے ہیں کہ میں نے کثرت وعزت یا کسی اور غرض کیلئے ایسا نہیں کیا بلکہ اللہ تعالیٰ کا حق سمجھ کر قبول کیا ہے اور اسے اپنا مقام دیا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے حق کو صحیح مقام دینا تو شریعت کی پاسداری کی اعلیٰ مثال ہے۔ لیکن بُرا ہو تعصب کا کہ مودودی صاحب ان پر سیاسی غرض کیلئے شریعت کی خلاف ورزی کا الزام لگا رہے ہیں۔ تعصب بندے کو واقعی اندھا کر دیتا ہے۔

اور "لوگوں" کے مبہم لفظ کے حوالے سے یہ کہنا کہ حضرت ابوسفیان نے سمیہ سے زنا کیا۔ جس سے زیاد پیدا ہوا' تو ایسے زنا کا الزام لگانا درست نہیں اور اس کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں۔ اب مودودی صاحب کی معتمد تاریخ ابن خلدون سے قدرے تفصیل سے بیان کرتے ہیں۔ (ترجمہ)

"سمیہ مادرِ زیاد حرث بن کندہ طبیب کی لونڈی تھی۔ جس زمانہ میں سمیہ حرث کے پاس تھی' انہیں دنوں اس کے بطن سے ابوبکرہ پیدا ہوئے تھے۔ اس کے بعد حرث نے سمیہ کا عقد اپنے ایک غلام سے کر دیا۔ جس کے گھر میں زیاد پیدا ہوا۔ ابوسفیان زمانہ جاہلیت میں طائف گئے ہوئے تھے۔ واپسی کے وقت حسب (نکاح) رسمِ جاہلیت سمیہ سے ہم بستر ہوئے۔ حمل رہ گیا اور اس سے یہ زیاد وجود میں آیا۔ اس وجہ سے نسباً یہ ابوسفیان کی طرف منسوب کیا گیا چنانچہ ابوسفیان نے ایک موقع پر چھپے الفاظ میں اس کا اقرار کیا تھا"۔

(تاریخ ابن خلدون اردو حصہ دوم ص ۳۲)

"امیر المومنین حضرت علی ابن ابی طالب ؓ کے شہید ہونے کے بعد زیاد نے امیر معاویہ ؓ سے مصالحت کر لی۔ مصقلہ ابن ہبیرہ

marfat.com

شیبانی نے امیر معاویہ ﷺ سے سفارش کی کہ زیاد کو نسباً ابوسفیان کی طرف منسوب کرلو ۔ چنانچہ امیر معاویہ ﷺ تالیف قلوب کے خیال سے زیاد کو ابوسفیان کا بیٹا لکھنے لگے اور اس امر کے ثبوت کی غرض سے جو لوگ ابوسفیان اور سمیہ کے تعلقات اور زیاد کی پیدائش سے واقف تھے۔ بلائے گئے اور ان سے شہادت لی گئی۔لیکن شیعان علی بن ابی طالب ﷺ اس نسب سے انکار کرتے رہے حتیٰ کہ اس کے بھائی ابوبکرہ بھی''۔

(تاریخ ابن خلدون اردو حصہ دوم ص ۳۳)

خط کشیدہ الفاظ سے یہ بات خوب ظاہر ہو جاتی ہے کہ استلحاق زیاد کی تحریک بھی دراصل زیاد اور اس کے لوگوں نے خود ہی شروع کی تھی۔حضرت امیر معاویہ ﷺ نے شروع نہیں کی کہ اسے ان کی سیاسی غرض قرار دیا جائے ہاں البتہ اسے پایہ تکمیل تک سیدنا امیر معاویہ ﷺ ہی نے پہنچایا اور شرعی تقاضے کے تحت گواہیاں ملنے کے بعد اس کا اعلان فرمایا۔ یہاں سے ایک بات تو یہ معلوم ہوئی کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ پر سیاسی غرض کا الزام مودودی صاحب کی زیادتی ہے اور دوسرے یہ بھی زیادتی ہے کہ مجمع عام میں گواہوں کا اہتمام کر کے شرعی تقاضے پورے کرنے والے پر ہی شریعت کی خلاف ورزی کا الزام لگا دیا جائے۔(استغفر اللہ)

حضرت علامہ محمد علی صاحب (جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور) نے الاصابہ فی تمیز الصحابہ ج ا ص ۵۸۰ سے نقل کیا کہ:

''استلحاق کا واقعہ ۴۴ ھ میں ہوا۔اس کی گواہی دینے والے یہ لوگ ہیں۔زیاد بن اسماء الحرمازی، مالک بن ربیعہ السلولی، المنذر ابن زبیر۔ان کا نام مدائنی نے اپنی سندوں کے ساتھ ذکر کیا۔گواہوں میں ان لوگوں کا بھی ذکر کیا' جویریہ بنت ابی سفیان، مسور بن ابی قدامہ الباھلی، ابن ابی النصر الثقفی' زید بن نفیل ازدی، شعبہ بن علقم مازنی، بنی عمرو بن

marfat.com

شیبان اور بنی مصطلق کا ایک ایک آدمی۔ان تمام نے ابوسفیان کے متعلق گواہی دی کہ زیاد اس کا بیٹا ہے۔صرف منذر نے یہ گواہی دی کہ انہوں نے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ سے سنا ہے۔وہ کہتے کہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ زیاد کو ابوسفیان نے اپنا بیٹا کہا ہے۔ان گواہوں کے بعد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا اور زیاد کو اپنے نسب میں ملالیا (یعنی زیاد کا استلحاق کرلیا) پھر زیاد نے کچھ گفتگو کی اور کہا اگر ان گواہوں کی گواہی حق ہے تو اللہ کا شکر ہے اور اگر باطل ہے تو میں نے اپنے اور ان کے درمیان اللہ تعالیٰ کو رکھا (یعنی اپنے اور اللہ کے درمیان ان لوگوں کو ذمہ دار بنالیا ہے)۔

(دشمنانِ امیر معاویہ کا علمی محاسبہ ج اول ص ۲۹۳ بحوالہ الاصابہ فی تمیز الصحابہ ج اول ص ۵۸۰ حرف الزاء القسم الثالث)

گویا استلحاق زیاد کا اعلان مجمع عام میں ہوا۔گواہوں نے زیاد کو حضرت ابو سفیان رضی اللہ عنہ کا بیٹا کہا۔جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوسفیان نے زمانہ جاہلیت میں سمیہ سے زنا نہیں کیا تھا۔ بلکہ نکاح کیا تھا۔جبھی تو عادل اور ثقہ گواہوں نے بھی زیاد کے اولادِ ابوسفیان ہونے کی گواہی دی' البتہ یہ زمانہ جاہلیت میں نکاح کے طریقوں میں سے ایک خاص طریقہ پر نکاح ہوا اور یہ جاہلیت میں جائز سمجھا جاتا تھا۔اور اگر خدا نخواستہ یہ زنا ہوتا تو حضرت مالک بن ربیعہ سلولی اور حضرت جویریہ جنہیں شرف صحابیت بھی حاصل ہے' ایسی گواہی نہ دیتے کیونکہ وہ مودودی صاحب کی پیش کی جانے والی حدیث پاک مودودی صاحب سے بہتر جانتے ہوں گے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''بچہ اس کا ہے جس کے بستر پر وہ پیدا ہوا اور زانی کیلئے کنکر پتھر ہیں'' پس جب یہ عادل وثقہ صحابہ بھی گواہی دے رہے ہیں کہ زیاد حضرت ابوسفیان کا بیٹا ہے' تو گویا وہ یہ بھی کہہ رہے ہیں کہ زیاد نکاح سے پیدا ہوا ہے۔پس مودودی صاحب کو

marfat.com

سوائے شرمندگی اور تہمت لگانے کی سزا کے کچھ بھی ہاتھ نہ آیا۔

اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بہت سارے گواہوں کی مجمع عام میں گواہی پر استلحاق زیاد ہوا۔ اور ان گواہوں میں جیسا کہ پہلے عرض کیا' حضور نبی اکرم ﷺ کے صحابی بھی ہیں' اور وہ عدول اور ثقہ، کفر وفسق اور نافرمانی سے متنفر و محفوظ ہونے کی بنا پر غلط گواہی نہیں دے سکتے' بلکہ ان گواہوں میں سے جناب منذر نے تو حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی گواہی بھی پیش کی۔ ان حالات میں حضرت امیر معاویہ ﷺ کا زیاد کو اپنا بھائی مان لینا خلاف شریعت نہیں بلکہ حق شریعت کو پہچاننا اور پھر اس کے مطابق زیاد کو اس کا حق دینا ہے۔

پھر جب انہی روایتوں میں یہ بھی ثابت ہے کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ نے نسب صحیح ثابت ہونے کی گواہوں کی بنا پر زیاد کو اپنا بھائی قرار دیا تو پھر اعتراض کیوں؟ کیا حضرت امیر معاویہ ﷺ جو خود بھی صحابی اور عادل ہیں اور گواہوں میں بھی بعض صحابی اور عادل ہیں مجمع عام میں قصوروار ہو کر شرمندگی اٹھانے کا خوف نہیں رکھتے تھے یا کسی اور نے ان کو یہاں قصوروار ٹھہرایا ہے جو آپ ان کی گواہیاں تسلیم نہیں کر رہے اور کیا مجمع عام میں ایسے ثقہ لوگوں کی گواہی کو علانیہ رد کرنا جائز اور آسان ہے۔ جج اور حاکم کو تو عادل لوگوں کی گواہیوں کے مطابق فیصلہ کرنا لازمی ہو جاتا ہے تو پھر حضرت امیر معاویہ ﷺ استلحاق زیاد کا یہ فیصلہ کیوں نہ کرتے؟

دیگر اعتراض اور طعن کی اپنی حالت دیکھئے' مودودی صاحب کہتے ہیں کہ لوگوں کا بیان یہ تھا کہ زمانہ جاہلیت میں حضرت معاویہ ﷺ کے والد جناب ابوسفیان نے اس لونڈی سے زنا کا ارتکاب کیا تھا۔ پہلے تو مودودی صاحب کا یہ اعتراض یوں ہی باطل ہو جاتا ہے کہ مجمع عام میں ایسا کوئی شخص نہیں ملا جس نے ایسا کہا ہو۔ مودودی صاحب نے معلوم نہیں کیسے یہ جان لیا۔ دوسرے یہ اعتراض یوں بھی باطل ہو جاتا ہے کہ یہاں ''لوگوں کا بیان'' میں جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے لوگوں کا لفظ مجمل اور

marfat.com

مبہم ہے کہ وہ کون لوگ ہیں اور انہوں نے کب ایسا کہا ہے اور ان سے کس نے سنا ہے کیا ان میں سے کوئی ثقہ اور عادل صحابی بھی ہے محض "لوگوں" ایسے مبہم لفظ سے تو زنا کا ثبوت نہیں ہو جاتا اور نہ ہی لوگوں کی سنی سنائی باتوں سے زنا کا الزام ثابت ہوتا ہے۔ عجیب بات ہے سنی سنائی باتوں پر یقین کر کے شریعت کی خلاف ورزی کا الزام لگایا جا رہا ہے اور عادل وثقہ لوگوں کی علانیہ گواہی کو قبول نہیں کیا جارہا۔ کہیں یہ بغض معاویہ ہی کی کارستانی تو نہیں ہے؟

اور یہ کہنا کہ حضرت ام المومنین سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے زیاد سے پردہ کیا یعنی انہوں نے زیاد کو اپنا بھائی تسلیم نہ کیا۔ تو اس طرز عمل کی وجہ یہ ہے کہ جب تک انہیں ثبوت یقینی نہ ہوا۔ انہوں نے پردہ فرمایا۔ جبکہ حضرت امیر معاویہ ﷛ کو مجمع عام میں صحیح گواہیاں مل گئیں تو انہیں یقین ہو گیا کہ نسب صحیح ہے لہٰذا انہوں نے تسلیم کر لیا ورنہ ان یقینی گواہیوں سے پہلے حضرت امیر معاویہ ﷛ نے بھی اس پر یقین نہ کیا اور نہ ہی استلحاق زیاد کیا۔ بہر حال مودودی صاحب کا یہ طعن بھی باطل ثابت ہو گیا۔

اعتراض ۱۶ (طعنِ مودودی)

مودودی صاحب کہتے ہیں۔

"دور ملوکیت میں ضمیروں پر قفل چڑھا دیے گئے اور زبانیں بند کر دی گئیں۔ اب قاعدہ یہ ہو گیا کہ منہ کھولو تو تعریف کیلئے کھولو ورنہ چپ رہو اور اگر تمہارا ضمیر ایسا ہی زوردار ہے کہ تم حق گوئی سے باز نہیں رہ سکتے تو قید اور قتل اور کوڑوں کی مار کیلئے تیار ہو جاؤ۔ چنانچہ جو لوگ بھی اس دور میں حق بولنے اور غلط کاریوں پر ٹوکنے سے باز نہ آئے ان کو بدترین سزائیں دی گئیں تاکہ پوری قوم دہشت زدہ ہو جائے۔

اس نئی پالیسی کی ابتدا حضرت معاویہ ﷛ کے زمانہ میں حضرت

marfat.com

حُجر بن عدی کے قتل ۵۱ھ سے ہوئی جو ایک زاہد و عابد صحابی اور صلحائے امت میں ایک اونچے مرتبے کے شخص تھے۔ حضرت معاویہ ؓ کے زمانہ میں جب منبروں پر خطبوں میں علانیہ حضرت علی ؓ پر لعنت اور سب وشتم کا سلسلہ شروع ہوا تو عام مسلمانوں کے دل ہر جگہ ہی اس سے زخمی ہو رہے تھے مگر لوگ خون کا گھونٹ پی کر خاموش ہو جاتے تھے۔ کوفہ میں حُجر بن عدی سے صبر نہ ہو سکا اور انہوں نے جواب میں حضرت علی ؓ کی تعریف اور حضرت معاویہ ؓ کی مذمت شروع کر دی۔ حضرت مغیرہ جب تک کوفہ کے گورنر رہے وہ ان کے ساتھ رعایت برتتے رہے۔ ان کے بعد جب زیاد کی گورنری میں بصرہ کے ساتھ کوفہ بھی شامل ہو گیا تو اس کے اور ان کے درمیان کشمکش برپا ہو گئی۔ وہ خطبے میں حضرت علی ؓ کو گالیاں دیتا تھا اور یہ اٹھ کر اس کا جواب دینے لگتے تھے۔ اس دوران میں ایک مرتبہ انہوں نے نماز جمعہ میں تاخیر پر بھی اس کو ٹوکا۔ آخر کار اس نے انہیں اور ان کے بارہ ساتھیوں کو گرفتار کر لیا اور ان کے خلاف بہت سے لوگوں کی شہادتیں اس فرد جرم پر لیں کہ "انہوں نے ایک جتھا بنا لیا ہے۔ خلیفہ کو علانیہ گالیاں دیتے ہیں۔ امیر المومنین کے خلاف لڑنے کی دعوت دیتے ہیں' ان کا دعویٰ یہ ہے کہ خلافت آل ابی طالب کے سوا کسی کیلئے درست نہیں ہے۔ انہوں نے شہر میں فساد برپا کیا اور امیر المومنین کے عامل کو نکال باہر کیا۔ یہ ابوتراب (حضرت علی ؓ) کی حمایت کرتے ہیں۔ ان پر رحمت بھیجتے ہیں اور ان کے مخالفین سے اظہار براءت کرتے ہیں" ان گواہیوں میں سے ایک گواہی قاضی شریح کی بھی ثبت کی گئی' مگر انہوں نے ایک الگ خط میں حضرت معاویہ ؓ کو لکھ بھیجا کہ "میں نے سنا ہے آپ کے پاس حجر بن عدی کے خلاف جو شہادتیں بھیجی گئی ہیں ان میں

marfat.com

ایک میری شہادت بھی ہے۔ میری اصل شہادت حجر کے متعلق یہ ہے کہ وہ ان لوگوں میں سے ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں، زکوٰۃ دیتے ہیں، دائماً حج وعمرہ کرتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے اور بدی سے روکتے ہیں۔ ان کا خون اور مال حرام ہے۔ آپ چاہیں تو انہیں قتل کریں ورنہ معاف کر دیں"۔

اس طرح یہ ملزم حضرت معاویہ ؓ کے پاس بھیجے گئے اور انہوں نے ان کے قتل کا حکم دے دیا۔ قتل سے پہلے جلادوں نے ان کے سامنے جو بات پیش کی وہ یہ تھی کہ "ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ اگر تم علی ؓ سے برأت کا اظہار کرو اور ان پر لعنت بھیجو تو تمہیں چھوڑ دیا جائے ورنہ قتل کر دیا جائے"۔ ان لوگوں نے یہ بات ماننے سے انکار کر دیا اور حجر نے کہا: "میں زبان سے وہ بات نہیں نکال سکتا جو رب کو ناراض کرے"۔ آخر کار وہ اور ان کے سات ساتھی قتل کر دیئے گئے۔ ان میں سے ایک صاحب عبدالرحمٰن بن حسّان کو حضرت معاویہ ؓ نے زیاد کے پاس واپس بھیج دیا اور اس کو لکھا کہ انہیں بدترین طریقہ سے قتل کرو۔ چنانچہ اس نے انہیں زندہ دفن کرا دیا۔

اس واقعہ نے امت کے تمام صلحا کا دل ہلا دیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو یہ خبر سن کر سخت رنج ہوا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضرت معاویہ ؓ کو اس فعل سے باز رکھنے کے لیے پہلے ہی خط لکھا تھا۔ بعد میں جب ایک مرتبہ حضرت معاویہ ؓ ان سے ملنے آئے تو انہوں نے فرمایا: "اے معاویہ! تمہیں حجر کو قتل کرتے ہوئے خدا کا ذرا خوف نہ ہوا"۔ حضرت معاویہ ؓ کے گورنر خراسان ربیع بن زیاد الحارثی نے جب یہ خبر سنی تو پکار اٹھے کہ "خدایا اگر تیرے علم میں میرے اندر کچھ خیر باقی ہے تو مجھے دنیا سے اٹھا لے"۔

martat.com

(خلافت وملوکیت ص ۱۶۴ تا ۱۶۵)

مودودی صاحب کے اس طعن کا آپ کیا جواب دیں گے؟

جواب

یہاں مودودی صاحب نے امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷺ پر یہ طعن کیا ہے کہ ان کے حکم سے ایک زاہد و عابد صحابی حضرت حُجر بن عدی کو قتل کیا گیا' حالانکہ وہ صلحائے امت میں اونچے مرتبے کے شخص تھے اور حسب منشاء خلاف واقعہ تاثر قائم کرنے کیلئے انہوں نے اپنے حوالوں کے متن ومفہوم میں حذف و اضافہ کرنے سے بھی گریز نہیں کیا۔ مثلاً دیکھیے:

مودودی صاحب نے اپنے علم اور ضرورت کے مطابق یہ تو لکھ دیا کہ حجر بن عدی ایک زاہد و عابد صحابی اور صلحائے امت میں اونچے مرتبے کے شخص تھے لیکن انہیں یہ معلوم نہ ہوسکا کہ حضرت امیر معاویہ ﷺ ان سے زیادہ جلیل القدر صحابی بلکہ کاتب وحی الٰہی، راز دار نبوت، عالم قرآن، فقیہہ ومجتہد اور ہادی ومہدی تھے اور انہیں شاید اس بات کا بھی شعور حاصل نہ ہوسکا کہ'' آسمان کا تھوکا منہ پر ہی آتا ہے''۔ لہٰذا مذکورہ بالا اوصاف و کمالات کے حامل حضرت امیر معاویہ ﷺ ایسی رفیع المنزلت ہستی پر جو نابکار بھی خاک اڑانے کی کوشش کرے گا اس کا اپنا چہرہ ہی خاک آلود ہوگا' ان کا کچھ نہیں بگڑے گا۔

اب اس سے پہلے کہ اس سانحہ قتل کے اسباب وعوامل پر کچھ گفتگو کی جائے چند گزارشات ملاحظہ فرمایئے۔

۱) مودودی صاحب نے حضرت حجر بن عدی کو علی الاطلاق صحابی اور صلحائے امت میں اونچے مرتبے کا شخص کہا ہے حالانکہ ان کی صحابیت مختلف فیہ ہے۔ حافظ ابن کثیر آپ کی صحابیت کا تذکرہ کرتے ہوئے ابو احمد عسکری کا قول نقل فرماتے ہیں کہ:

marfat.com

اکثر المحدثین لا یصححون له صحبۃ۔(البدایہ والنہایہ ج۸ص۵۰)
ترجمہ: اکثر محدثین آپ کی صحبت (صحابی ہونا) صحیح قرار نہیں دیتے۔
(تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۸۱)

گویا مودودی صاحب کا حجر بن عدی کو علی الاطلاق اور بلا قید و شرط صحابی قرار دینا درست نہیں اور انہوں نے حسب منشاء تاثر قائم کرنے کیلئے ڈنڈی ماری ہے۔ پھر انہوں نے کہا کہ وہ صلحائے امت میں اونچے مرتبے کے شخص تھے' حالانکہ انہی کی معتمد تواریخ کے مطابق جناب حجر بن عدی کی بغاوت بھی ثابت ہے اور اس وقت کے جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور فقہا و محدثین نے ان کے خلاف بغاوت کی گواہی دی ہے۔ لہٰذا مودودی صاحب کا حُجر بن عدی کو صلحائے امت میں اونچے مرتبے کا شخص قرار دینا بھی شاید سو فیصد درست نہیں۔ اگر انہوں نے ان تاریخی شواہد کا علم ہونے کے باوجود ایسا کہا ہے تو بھی فریب دیا ہے اور اگر ان تاریخی شواہد سے جہالت کی بنا پر کہا ہے تو پھر بھی حقیقت کے خلاف ہی کہا ہے' گویا: ع

جہالت ہی نے رکھا ہے صداقت کے خلاف ان کو

البتہ یہ صحیح ہے کہ وہ بڑے زاہد و عابد تھے اور ان کے اس وصف و کمال کی دور دور تک شہرت بھی تھی۔ لیکن محض ان کے زاہد و عابد ہونے سے ان کے جُرم بغاوت کی تلافی نہیں ہو سکتی تھی اور بغاوت کی سزا اپنی جگہ پر رہے گی۔ جیسے کہ کوئی صالح اور نمازی آدمی معاذ اللہ زنا ایسی بے حیائی اور برائی کا مرتکب ہو جائے اور اس پر شرعی شہادتیں قائم ہو جائیں تو اسے ''حد'' لگائی جائے گی۔ کہ اسی ''حد'' سے وہ خود اس گناہ سے پاک ہو گا اور اسی حد سے معاشرہ کو محفوظ کیا جائے گا۔

۲) اگر بقول مولانا مودودی' حجر بن عدی' ''صحابی'' ہونے کی حیثیت سے جن کا صحابی ہونا متفق علیہ اور یقینی بھی نہیں' شرف صحابیت کے احترام میں قابلِ گرفت نہیں تو سیدنا امیر معاویہ ﷺ جن کی صحابیت متفق علیہ اور یقینی بھی ہے یہاں تک کہ انہیں امیر

marfat.com

المومنین اور خلیفۃ المسلمین ہونے کا بھی اعزاز حاصل ہے، وہ اپنے شرف صحابیت کی وجہ سے کیوں قابل احترام نہیں۔ ان پر اعتراض اور تنقید کیوں اور ان پر مطاعن کی بوچھاڑ اور بھرمار کیوں؟

۳) مودودی صاحب کا حُجر بن عدی کو زاہد و عابد لکھنا بجا لیکن دریافت طلب امر یہ ہے کہ اگر انہیں محض زہد و عبادت کی وجہ سے صلحائے امت میں اونچے مرتبے کا حامل قرار دیا گیا ہے تو حضرت امیر معاویہ ﷺ کو جو زاہد و عابد ہی کیا، کاتب وحی الہٰی، عالم قرآن، فقیہہ و مجتہد اور ہادی و مہدی بھی تھے، صلحائے امت میں اونچے درجے کا حامل کیوں نہیں مانا جاتا؟ حالانکہ علم و فقہ کو زہد و عبادت پر جو درجوں فضیلت، فوقیت اور برتری حاصل ہے وہ اہل علم سے پوشیدہ نہیں۔ مودودی صاحب نے حضرت امیر معاویہ ﷺ کی اس قدر زیادہ فضیلتوں سے آخر کیوں آنکھیں موند لی ہیں اور ان کو صاحب مرتبہ تسلیم کرنے کے بجائے ان پر طعن کیوں کرتے ہیں؟

۴) جناب حُجر بن عدی کو بھی دیگر افراد ملت اور صلحائے امت کی طرح اظہار رائے کی مکمل آزادی حاصل تھی لیکن مودودی صاحب کے نزدیک، اظہار رائے کی آزادی سے مراد، کیا مسلمانوں کے جذبات سے کھیلنے اور فتنہ و فساد کی آگ بھڑکانے کیلئے امیر المومنین پر برسرِ عام سب و شتم کرنے کی آزادی ہے؟ اس وقت کے صلحائے امت میں سے کسی نے بھی تو اس اظہار رائے کی آزادی کو حجر بن عدی کی طرح استعمال نہیں کیا آخر کیوں؟ کیا معاذ اللہ اس وقت تمام صلحائے امت میں کوئی ایک بھی ایسا نہ تھا کہ اس میں حق گوئی کا جذبہ ہوتا؟ ان صلحائے امت کے اس روشن روشن کردار سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ حُجر بن عدی کی خود ساختہ آزادی کی روش کو نہ تو وہ بزرگ اپنا حق سمجھتے تھے اور نہ ہی ایسا کرنا جائز جانتے تھے۔ بلکہ یوں کہنا زیادہ مناسب ہے کہ تمام صلحائے امت حضرت امیر معاویہ ﷺ کو راست باز سمجھ کر ان کے مددگار بنے ہوئے تھے۔ اب پوری امت اور تمام صلحائے امت اس سلسلے میں ایک طرف اور حُجر بن عدی دوسری

marfat.com

طرف تھے تو جناب حجر کے امت سے الگ تھلگ اس موقف کو کوئی عقل کا اندھا ہی حق گوئی سے تعبیر کرسکتا ہے کیونکہ اس طرح ساری امت کا موقف باطل اور گمراہی قرار پاتا ہے جبکہ حدیث پاک کی رو سے امت گمراہی پر جمع نہیں ہو سکتی۔ فرمایا:

لَا تَجْتَمِعُ اُمَّتِیْ عَلَی الضَّلَالَةِ۔ (مشکوٰۃ۔ترمذی)

ترجمہ: میری امت گمراہی پر جمع نہیں ہوگی۔

لہٰذا جناب حجر بن عدی کا موقف صحیح نہ تھا، جو فتنہ و فساد کا موجب بھی بن رہا تھا۔

۶) ایک ہوتی ہے "اظہارِ رائے کی آزادی" اور ایک ہوتی ہے "حکومت وقت کے خلاف شورش و بغاوت" اظہارِ رائے کی آزادی میں اصلاح احوال اور مصلحت امت پیش نظر ہوتی ہے، جبکہ شورش یا بغاوت میں صرف زوال حکومت مدِ نظر ہوتا ہے۔ اس سے امت میں انتشار و افتراق پھیلتا ہے۔ فتنہ و فساد برپا ہوتا ہے اور نوبت خانہ جنگی تک جا پہنچتی ہے۔

اظہار رائے کی آزادی تو یقیناً ہر شہری اور ہر فرد ملت کا حق ہے۔ لیکن شورش اور بغاوت برپا کرنا نہ تو کسی کا حق ہے اور نہ ہی اس کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ کیونکہ اسلام امن کا داعی ہے اور اتحاد امت چاہتا ہے، فساد امت نہیں۔ اس لئے ایسی شورش اور بغاوت جس سے امت میں فتنہ و فساد برپا ہونے کا اندیشہ ہو، کو کچلنا اور امت کو اس کے شر سے بچانا سربراہ ریاست اور حکومت وقت کی اولین ذمہ داری ہوتی ہے۔

ادھر تاریخی حوالوں کو دیکھا جائے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جناب حُجر بن عدی زاہد و عابد ہونے کے باوجود سبائی فتنہ پردازوں کے ساتھی بنے ہوئے تھے۔ جو ان کی بزرگی، سادگی اور جذباتی پن سے فائدہ اٹھا کر انہیں امت میں انتشار و افتراق برپا کرنے کیلئے استعمال کر رہے تھے۔ سچ فرمایا حضور مخبر صادق نبی اکرم ﷺ نے کہ:

اَلْمَرْءُ عَلٰی دِیْنِ خَلِیْلِهٖ فَلْیَنْظُرْ اَحَدُکُمْ مَنْ یُّخَالِلُهٗ۔ (مشکوٰۃ)

ترجمہ: آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے پس ہر ایک کو دیکھنا چاہیے

marfat.com

کہ اس کا دوست کون ہے؟

جناب حُجر بن عدی اپنے سبائی ساتھیوں کے اکسانے اور اشتعال دلانے پر اُنہیں کے ساتھ مل کر امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷜ کی حکومت' جو اس وقت واحد اور مضبوط اسلامی حکومت تھی، کے خلاف شورش برپا کر رہے تھے حتیٰ کہ ان پر لعن طعن کرتے رہتے تھے۔ ایسے طرزِ عمل کو حق گوئی نہیں بلکہ بغاوت اور فساد ہی قرار دیا جائے گا۔

پھر جناب حجر بن عدی اور ان کے ساتھیوں کے ساتھ صرف یہ نہیں ہوا کہ انہیں پکڑ کر موت کے گھاٹ اتار دیا گیا ہو بلکہ انہیں تنبیہ کیلئے طلب کیا گیا تو انہوں نے ملنے سے انکار کر دیا' حتیٰ کہ لڑائی بھی کی یعنی کھلم کھلا بغاوت کا ثبوت دیا۔ اور ان کی اس بغاوت پر شُرفائے کوفہ جن میں کئی بلند مرتبہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور فقہا و محدثین بھی شامل تھے، نے ان کے خلاف گواہی دی۔ اور انہیں گواہیوں کی بنیاد پر امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷜ کو حُجر بن عدی اور ان کے شرپسند ساتھیوں کے قتل کا فیصلہ کرنا پڑا اور باغی کی سزا موت ہی ہے اور حاکم کیلئے باغی کو موت کی سزا دینا جائز بھی ہے۔

سنئے فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

''جو شخص باغیوں میں سے اسیر (گرفتار) ہوگیا تو امام المسلمین کو یہ روا نہیں کہ اس کو قتل کر دے بشرطیکہ یہ معلوم ہو کہ اگر قتل نہ کیا جائے گا تو ایسے گروہ سے نہیں مل جائے گا جن کو قوت منعت حاصل ہے اور اگر یہ معلوم ہو کہ اگر قتل نہ کیا گیا تو ایسے باغیوں کے گروہ سے مل جائے گا جن کو قوت منعت حاصل ہے تو امام اس کو قتل کر سکتا ہے۔ ''کذا فی المحیط''۔ (فتاویٰ عالمگیری اردو ج سوم ص ۲۸۲ کتاب السیر)

اب آیئے اس سانحہ قتل کی ضروری تفصیلات ملاحظہ کرتے ہیں:

جناب حجر بن عدی جیسا کہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں' حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ

marfat.com

وجہ کے شیعوں میں شامل تھے اور سبائی شر پسندوں کی کئی جماعتیں انہیں گھیرے ہوئے تھیں۔ یہ لوگ امیر المؤمنین سیدنا امیر معاویہ ﷺ کو سب وشتم کرتے اور ان کی حکومت سے بیزاری کا اظہار کرتے تھے حافظ ابن کثیر لکھتے ہیں:

"وقد التفت على حجر جماعات من شيعة على يتولون امره ويشدون على يده ويسبّون معاوية ويتبرؤن منه"۔

(البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۵۰)

ترجمہ: اور حضرت علی ﷺ کے پیروکاروں میں سے کئی جماعتیں حجر پر جمع ہوگئیں جوان کی امارت کی بات کرتیں اور ان کے ہاتھ مضبوط کرتیں اور حضرت معاویہ کو گالیاں دیتیں اور آپ سے بیزاری کا اظہار کرتیں"۔

(تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۸۱۳)

بہر حال کوفہ میں ۴۱ھ میں حضرت مغیرہ بن شعبہ امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷺ کی طرف سے گورنر مقرر ہوئے۔ وہ اپنے خطبہ میں حضرت عثمان ذوالنورین ﷺ جونہایت مظلومی کی حالت میں شہید کئے گئے تھے کیلئے رحمت ومغفرت کی دعا کرتے اور قاتلین عثمان پر لعنت بھیجتے۔تو حجر بن عدی جواب میں مغیرہ بن شعبہ ہی کی نہیں بلکہ حضرت عثمان غنی ﷺ کی بھی مذمت کرتے اور یہ گویا ان کا اور ان کے سبائی ساتھیوں کا ایک طرح کا معمول بن چکا تھا۔ حافظ ابن کثیر لکھتے ہیں:

"انهم كانوا ينالون من عثمان ويطلقون فيه مقالة الجور وينتقدون على الامراء يسارعون فى الانكار عليهم ويبالغون فى ذالك ويتولون شيعة على ويتشدّدون فى الدين۔

(البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۵۲)

ترجمہ: وہ لوگ حضرت عثمان ﷺ کو گالیاں دیتے تھے اور آپ کے بارے میں ظالمانہ باتیں کرتے تھے اور امرأ (حکام) پر تنقید کرتے تھے اور ان پر

marfat.com

عیب لگانے میں جلدی کرتے تھے اور اس بارے میں بہت مبالغہ کرتے تھے اور حضرت علیؑ کے پیروکاروں (شیعان علی سے) دوستی کرتے تھے اور دین میں تشدد کرتے تھے"۔

(تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۸۱۹)

اور تاریخ طبری کے مطابق حجر بن عدی جناب مغیرہ بن شعبہ کا جب وہ قاتلین عثمان پر لعنت بھیجتے، یوں جواب دیتے کہ:

"بلکہ تم لوگوں کا خدا برا کرے اور لعنت کرے ..... لیکن مغیرہ درگزر اور چشم پوشی کرتے"۔ (تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۹۵)

جناب مغیرہ بن شعبہ کے اس رویہ کو اظہار رائے کی آزادی قرار دیا جانا چاہیے۔ پھر دیکھئے ۵۱ھ میں جناب مغیرہ بن شعبہ کا انتقال ہو گیا اور ان کے بعد زیاد کوفہ کا بھی گورنر ہو گیا تو زیاد نے جب حضرت عثمان ذوالنورینؓ کی تعریف کی اور ان کے قاتلوں پر لعنت بھیجی تو حجر بن عدی ان کی تردید کیلئے بھی کھڑے ہو گئے۔ علامہ طبری کہتے ہیں:

"زیاد نے عثمانؓ اور ان کے اصحاب کی ستائش اور ان کے قاتلوں پر نفرین کی تو حجر یہ سن کر اٹھ کھڑے ہو گئے"۔

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۹۶)

اور حافظ ابن کثیر لکھتے ہیں:

"وذکر فی اخرها فضل عثمان وذم قتله او اعان علی قتله فقام حجر۔ (البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۵۰)

ترجمہ: اور (خطبے کے) آخر میں اس نے حضرت عثمان کے فضائل بیان کئے اور انہیں قتل کرنے والوں اور قتل میں اعانت کرنے والوں کی مذمت کی تو حجر کھڑے ہو گئے"۔

marfat.com

اور حجر بن عدی نے کھڑے ہو کر وہی باتیں جو حضرت مغیرہ سے کرتے تھے حضرت زیاد سے بھی کہہ دیں۔ اب زیاد نے انہیں علیحدگی میں بلا کر یوں سمجھایا۔
علامہ ابن کثیر طبقات ابن سعد کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں:

''اپنی زبان پر کنٹرول کر' تیرا گھر تیرے لئے کافی ہے اور یہ میرا تخت ہے جو تیری نشست گاہ ہے تیری ضروریات میرے نزدیک پوری ہو چکی ہیں۔ اپنے نفس کے بارے میں مجھے بے نیاز (مطمئن) کر دے۔ میں تیری عجلت کو جانتا ہوں اور میں تجھے تیرے نفس کے بارے میں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں۔ ان کمینوں اور احمقوں سے اجتناب کر کہ یہ تجھے تیری رائے چھوڑنے کو کہیں گے۔ حجر نے کہا میں سمجھ چکا ہوں''۔

(تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۸۱۷)

بعد ازاں جب زیاد عمرو بن حریث کو کوفہ میں اپنا خلیفہ بنا کر بصرہ واپس گیا تو اس دوران حجر بن عدی جب بھی مسجد میں جاتے تو ان کے یہ شیعہ ساتھی بھی ان کے ہمراہ ہوتے۔ عمرو بن حریث جو ایک جلیل القدر صحابی اور قائم مقام گورنر تھے نے ان سے پوچھا کہ (سبائی شیعوں کی) یہ جماعت آپ کے ساتھ کیوں لگی ہوئی ہے۔ تو وہ کوئی اطمینان بخش جواب نہ دے سکے اور ان کا رویہ دن بدن بگڑتا رہا۔ حتیٰ کہ ایک مرتبہ جب زیاد کے جانشین عمرو بن حریث نے جمعہ کا خطبہ دیا تو حجر بن عدی نے اپنے ساتھیوں کی شہ پر دوران خطبہ ہی ان پر کنکر پھینک کران کی توہین و تضحیک کر ڈالی۔ عمرو بن حریث نے اس صورت حال سے زیاد کو مطلع کر دیا اور کہا:

علامہ ابن خلدون لکھتے ہیں:

''زیاد گورنر کوفہ ایک مرتبہ اپنے بجائے عمرو بن حریث کو مقرر کر کے بصرہ آیا تو کچھ عرصہ بعد اسے یہ خبر پہنچی کہ'' حجر کے پاس شیعان علی کا مجمع ہوتا ہے' اور وہ علانیہ امیر معاویہ ﷺ پر لعن طعن کرتے ہیں نیز

marfat.com

ان لوگوں نے عمرو بن حریث کو کنکریاں ماری ہیں۔ زیاد یہ سنتے ہی کوفہ کو روانہ ہو گیا''۔ (تاریخ ابن خلدون اردو حصہ دوم ص ۳۹)

حضرت علامہ طبری کہتے ہیں:

''وہاں جا کر اس (زیاد) نے یہ خبر سنی کہ حجر کے پاس شیعان علی کا مجمع رہتا ہے یہ لوگ علانیہ معاویہ ﷺ پر لعن اور بیزاری کا اظہار کرتے ہیں اور ان لوگوں نے عمرو بن حریث کو سنگریزے بھی مارے ہیں''۔

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۹۶)

یہی علامہ ابن جریر طبری مزید لکھتے ہیں کہ زیاد جب واپس آ کر جمعہ کے روز منبر پر آیا۔ اس وقت حجر بن عدی اپنے شیعہ ساتھیوں کے ہمراہ ایک حلقہ میں بیٹھے تھے تو:

''زیاد نے حمد و صلوٰۃ کے بعد کہا تعدی و گمراہی کا انجام بُرا ہے۔ ان لوگوں کی حمایت کی گئی تو اترا گئے اور میری طرف سے مطمئن جو ہوئے تو گستاخ ہو گئے۔ قسم خدا کی اگر تم لوگ سیدھے نہ ہوئے تو جو تمہاری دوا ہے اسی سے تمہارا علاج کروں گا۔ اگر حجر کو سرزمین کوفہ سے ناپید نہ کر دوں اور اسے میں دوسروں کیلئے عبرت (کا نشان) نہ بنا دوں تو مجھے ہیچ سمجھنا''۔ (تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۹۶۔۹۷)

اور علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں:

''زیاد نے خطبہ دیا اور حمد و صلوٰۃ کے بعد کہا: بلاشبہ بغاوت کا انجام ناخوشگوار ہوتا ہے۔ ان لوگوں نے مجھے امین بنایا ہے اور پھر مجھ پر جرأت کی ہے۔ قسم بخدا اگر تم سیدھے نہ ہوئے تو میں تمہارا علاج کروں گا۔ پھر کہا اگر میں کوفہ کے چوک کو حجر اور اس کے اصحاب سے محفوظ نہ کر دوں تو میں کچھ چیز نہیں اور میں اسے اس کے بعد آنے والوں کیلئے عبرت بنا دوں گا''۔ (تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۸۱۲)

marfat.com

بس یہ خطاب سننا تھا کہ حجر بن عدی سخت غصے میں آ گئے سنگریزوں کی مٹھی لے کر زیاد کو بھی دے ماری اور کہا:

كذبت عليك لعنة الله۔ (البدایہ والنہایہ ج ۸ ص ۵۱)

ترجمہ: تو نے جھوٹ بولا ہے تجھ پر اللہ کی لعنت ہو۔

(تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۸۱۳)

اس واقعہ کے بعد گورنر کوفہ زیاد نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو حجر بن عدی کے تمام حالات تفصیل کے ساتھ لکھ کر بھیج دیئے۔ جب امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو حالات سے آگاہی ہوئی تو انہوں نے حکم دیا کہ: ''اسے بیڑیوں میں جکڑ کر میرے پاس لے آؤ''۔ (تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۸۱۳) گورنر کوفہ زیاد نے اپنے امیر شرطہ (پولیس سپرنٹنڈنٹ) شداد ابن الہیثم کو مامور کیا کہ حجر کو بلا لاؤ۔ علامہ طبری کہتے ہیں:

''غرض صاحب شرطہ حجر کے پاس آیا اور کہا امیر کے پاس چلو تو ان کے اصحاب نے کہا ایسا نہ ہوگا۔ ہم اس کا لحاظ نہیں کرتے ہم اس کے پاس نہیں آتے''۔

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۹۸ تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۸۱۳)

پھر سرکاری اہلکاروں اور حجر کے ساتھیوں میں لڑائی بھی ہوئی حتیٰ کہ حجر بن عدی فرار ہو کر قبیلہ نخع میں روپوش ہو گئے اور اہل شرطہ ان پر قابو پانے سے عاجز آ گئے اگرچہ تلاش کی کوششیں جاری رہیں۔ آخر کار حجر خود ہی مشروط طور پر زیاد کے سامنے پیش ہو گئے اور اس قدر امان کے طالب ہوئے کہ انہیں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دیا جائے جیسی ان کی رائے ہو اسی طرح وہ مجھ سے پیش آئیں اور زیاد نے یہ منظور کر لیا اور انہیں قید کر دیا جہاں وہ دس روز تک رہے''۔ مختصراً

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۰۰ تا ۱۰۲ تاریخ ابن کثیر اردو جلد ہشتم ص ۸۱۳)

marfat.com

''علاوہ ازیں زیاد نے بارہ آدمی اصحاب حجر میں سے (اور بھی) زندان میں جمع کر دیئے''۔ (تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۰۷)

اب گورنر کوفہ زیاد نے حجر بن عدی پر فردِ جرم خود ہی عائد نہیں کی بلکہ ان کے کردار پر عدول صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور معتمد فقہا و محدثین کی گواہیاں جمع کرنے کا اہتمام کیا' علامہ ابن جریر طبری لکھتے ہیں:

''زیاد نے رؤسائے ارباع کو بلایا۔ ان سے کہا کہ حجر کے جو افعال تم نے دیکھے ہیں اس کے گواہ ہو جاؤ (یعنی اس کی گواہی دو) اس زمانہ میں یہ لوگ رؤسائے ارباع (امیرانِ محلّہ) تھے۔ عمرو بن حُریث ربع اہل مدینہ پر' خالد بن عرفطہ ربع تمیم و ہمدان پر' قیس بن ولید ربیعہ و کندہ پر اور ابو بردہ ابن موسیٰ قبیلہ مذحج و اسد پر مقرر تھے۔ ان چاروں رئیسوں نے اس امر کی گواہی دی کہ:

''حجر نے اپنے پاس لوگوں کو جمع کیا۔ خلیفہ کو علانیہ برا کہا۔ امیر المؤمنین سے جنگ کرنے پر لوگوں کو آمادہ کیا اور ان کا یہ عقیدہ ہے کہ آلِ ابی طالب کے سوا امرِ خلافت کسی کے شایاں نہیں ہے اور انہوں نے شہر میں خروج کر کے امیر المؤمنین کے عامل کو نکال دیا۔ اور ابو تراب کی طرف سے عذر اور ان پر ترحم کیا۔ ان کے دشمن اور اہلِ حرب سے برأت کی اور یہ لوگ جو ان کے ساتھ ہیں ان کے اصحاب کے سرگروہ ہیں۔ انہیں کا سا عقیدہ انہیں کی سی حالت ان کی بھی ہے''۔[1]

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۰۷)

دوسری روایات میں شہادت (گواہی) کا حال اس طرح لکھا ہے:

''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ابو بردہ بن ابو موسیٰ رضائے الٰہی کیلئے

[1] علامہ ابن خلدون نے بھی ایسا ہی مضمون نقل کیا ہے' دیکھئے تاریخ ابن خلدون اُردو حصہ دوم ص ۴۱

marfat.com

شہادت دیتا ہے کہ حجر بن عدی نے طاقت و جماعت کو ترک کیا اور خلیفہ پر لعن کی اور جنگ و فتنہ پر لوگوں کو آمادہ کیا اور اپنے پاس لوگوں کو جمع کیا کہ وہ بیعت کو توڑیں اور امیر المؤمنین معاویہ ﷺ کو خلافت سے معزول کریں...... باقی رؤسائے ارباع نے بھی ابو بردہ کی شہادت کی مثل گواہی دی"۔ (تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۰۸)

اس کے بعد زیاد نے گواہیوں کو مزید پختہ اور مقبول عام بنانے کیلئے دوسرے لوگوں کو بھی گواہی میں شامل کرنا چاہا۔ علامہ طبری کہتے ہیں:

"زیاد نے سب لوگوں کو بلایا اور ان سے کہا کہ رؤسائے ارباع کے مثل تم بھی شہادت دو اور ساری تحریر ان کو پڑھ کر سنا دی۔ (اور لوگوں نے باری باری گواہی دی) ....اس طرح ستر گواہ سب تھے۔ اس پر زیاد نے کہا کہ ان لوگوں کے سوا جو صاحب حسب و دیندار ہیں اور سب کے نام نکال ڈالو اور ایسا ہی ہوا"۔

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۰۸-۱۰۹)

حضرت وائل بن حجر، کثیر بن شہاب، عامر بن مسعود، محرز بن حارثہ اور عبیداللہ بن مسلم الحضرمی وغیرہ عدول صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے علاوہ جلیل القدر تابعین بھی گواہوں میں شامل تھے۔

غرض بتقاضائے شریعت، نجابت و شرافت کے لحاظ سے معروف اور بزرگ ہستیوں کی گواہیوں کو قلمبند کیا گیا اور پھر گواہیوں پر مشتمل صحیفہ شرعی اصول کے مطابق وائل بن حجر اور کثیر بن شہاب رضی اللہ عنہما کے سپرد کیا گیا تاکہ وہ بنفس نفیس جا کر امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷺ کو پہنچا دیں اور حجر بن عدی اور ان کے بارہ ساتھی بھی ان کی تحویل میں دے کر ساتھ بھیج دیئے گئے۔ علاوہ ازیں گورنر کوفہ جناب زیاد نے امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷺ کے نام ایک خط بھی لکھا جس کا مضمون یہ تھا (ترجمہ)

marfat.com

''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ بندۂ خدا امیر المؤمنین معاویہ کو زیاد بن ابوسفیان کی طرف سے۔ خدا نے اس بلا کو امیر المؤمنین سے خوبی کے ساتھ دفع کر دیا ہے اور باغیوں کے دفع کرنے کی زحمت سے انہیں بچالیا ہے۔ اس فرقہ ترابیہ سبابیہ کے شیاطین نے جن کا سرگردہ حجر بن عدی ہے۔ امیر المؤمنین سے مخالفت (بغاوت) اور جماعت مسلمین سے مفارقت کی اور ہم لوگوں سے جنگ کی۔ خدا نے ہمیں ان پر غلبہ دیا اور ہم نے انہیں گرفتار کر لیا۔ شہر کے اشراف واخیار ومعمر و دیندار لوگوں کو میں نے بلایا۔ انہوں نے جو کچھ دیکھا تھا اس کی گواہی انہوں نے دی میں نے ان کو امیر المؤمنین کے پاس بھیج دیا ہے اور میرے اسی خط کے تحت میں صلحاو اخیار شہر کی گواہیاں مندرج ہیں''۔

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۱۰۔۱۱۱)

اس طرح حضرت وائل بن حجر اور حضرت کثیر بن شہاب رضی اللہ عنہما نے حُجر بن عدی اور ان کے ساتھیوں کا یہ مقدمہ امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷛ کی خدمت میں پیش کر دیا اور یہ دونوں صحابی بھی گویا بذات خود بطور گواہ پیش ہو گئے۔ حضرت امیر معاویہ ﷛ کو حجر بن عدی اور ان کے ساتھیوں کی شورش اور بغاوت کی اطلاعات تو پہلے ہی پہنچ چکی تھیں۔ اب ان کے پاس چوالیس قابل اعتماد گواہیاں ان کی باغیانہ سرگرمیوں کے ثبوت کے طور پر پہنچ گئیں۔ گواہوں میں جیسا کہ پہلے نقل کیا جاچکا ہے متعدد جلیل القدر صحابہ کرام اور متعدد فقہا و محدثین ایسے صلحائے امت کے نام حُجر بن عدی اور ان کے ساتھیوں کے جرم بغاوت کو ثابت کرنے کیلئے کافی تھے۔ ہر کسی کی گواہی سند کا درجہ رکھتی تھی۔ لہٰذا ان کا جرم بغاوت ثابت ہو گیا۔

لیکن حضرت امیر معاویہ ﷛ جو طبعی طور پر بڑے حلیم اور بردبار واقع ہوئے ہیں اور جنہیں اللہ کے پیارے رسول ﷺ نے اَحْلَمُ اُمَّتِیْ یعنی امت میں سب سے زیادہ

marfat.com

حلیم (تطہیر الجنان ص ۱۲)'' فرمایا ہے اور جو بہت بڑے فقیہہ اور مجتہد بھی تھے نے اپنے طبعی حلم اور شان فقاہت واجتہاد کی بنا پرقتل کے فیصلے میں چنداں جلدی نہیں کی بلکہ خوب غور وخوض کیا حتیٰ کہ اپنے گورنر زیاد کے نام اپنے خط میں لکھا۔ (ترجمہ)

''حجر بن عدی اور ان کے اصحاب اور ان کیخلاف جو شہادت تمہاری جانب سے موصول ہوئی ہے۔ اس باب میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے میں نے غور کیا تو کبھی یہ رائے ہوئی کہ ان کو چھوڑ دینے سے قتل کرنا افضل ہے اور کبھی یہ رائے ہوئی کہ ان کے قتل کرنے سے معاف کردینا افضل ہے''۔ (تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۱۱)

زیاد نے حضرت امیر معاویہ ﷜ کا خط دیکھا تو ان کے حلیمانہ جواب پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دوبارہ خط لکھا کہ:

''میں نے آپ کے خط کو پڑھا اور آپ کی رائے کو سمجھا۔ مجھے تعجب ہوتا ہے کہ حجر اور اس کے اصحاب کے بارہ میں آپ کو کیسا اشتباہ ہوا جو لوگ ان کے احوال سے زیادہ تر واقف ہیں انہوں نے تو ان کے خلاف میں گواہیاں دیں اور آپ سن چکے۔ اب اگر آپ اس شہر پر قبضہ رکھنا چاہتے ہیں تو حجر اور اس کے اصحاب کو ہرگز میرے پاس واپس نہ کیجئے گا''۔ (تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۱۱)

''اس کے باوجود امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷜ نے بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے مشورہ پر چھ افراد کو چھوڑ دیا اور باقی افراد کو قتل کرنے کا حکم دیا۔ حُجر بن عدی کے بارے میں ایک صاحب نے سفارش کی تو ''امیر معاویہ ﷜ نے کہا یہ تو رئیس قوم ہے اگر اسے چھوڑ دوں تو مجھے ڈر ہے کہ سارے شہر کو مجھ سے بدعقیدہ کردے گا اور کل کو مجبور ہو کر مجھے اس کے مقابلے کیلئے پھر تجھی کو تمام اصحاب سمیت عراق میں

marfat.com

بھیجنا پڑے گا"۔ (تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۱۳)

ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو معلوم ہوا کہ حضرت معاویہ ؓ نے حجر بن عدی جن کے زہد و عبادت کی بڑی شہرت تھی، کو قتل کرنے کا حکم دیا ہے تو انہوں نے ان کو پیغام بھیجا کہ حجر بن عدی کو رہا کر دیں۔ لیکن یہ پیغام حضرت امیر معاویہ ؓ کو اس وقت ملا جب وہ قتل کا حکم دے چکے تھے اور علامہ جریر طبری کہتے ہیں:

حضرت عائشہ ؓ کے قاصد عبدالرحمٰن بن حارث جب معاویہ ؓ کے پاس پہنچے تو وہ لوگ قتل ہو چکے تھے"۔

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۱۷)

یہ ہے حُجر بن عدی کے قتل کا واقعہ اور جب اسے بے لاگ نظروں سے دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ مولانا مودودی کا یہ کہنا کہ حجر بن عدی کو حضرت معاویہ ؓ نے بے گناہ اور بغیر سوچے سمجھے غصہ میں قتل کیا تو یہ حضرت امیر معاویہ پر بے جا الزام کے ساتھ ساتھ عادل و ثقہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی گواہی کو رد کرنے اور حقائق کو جھٹلانے کے مترادف ہے۔ جبکہ حجر بن عدی اور ان کے ساتھیوں نے علانیہ طور پر حضرت امیر معاویہ ؓ کی اسلامی حکومت کے خلاف بغاوت کی تھی اور حضرت امیر معاویہ ؓ حقائق و واقعات اور گواہیوں کی روشنی میں یہ سمجھتے تھے کہ اگر اس وقت ان کو قتل نہ کیا گیا تو نہ جانے یہ کتنا فتنہ و فساد برپا کر دیں اور نہ جانے کتنے لوگوں کا خون بہہ جائے۔ جیسا کہ ابھی ہم تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۱۳ کے حوالہ سے روشنی ڈال چکے ہیں۔

رہی بات گورنر خراسان ربیع بن زیاد حارثی کی تو جب انہیں حجر بن عدی کے قتل کی اطلاع ملی تو وہ اس وقت خراسان میں تھے۔ انہوں نے اطلاع ملنے پر کہا کہ "خدایا! اگر تیرے علم میں میرے اندر کوئی خیر باقی ہے تو مجھے دنیا سے اٹھا لے"۔ اور ایسا شاید انہوں نے حجر بن عدی کی زہد و عبادت کی شہرت کی بنا پر کہا تھا اور شاید اس

marfat.com

لئے بھی کہا ہو کہ انہیں ''حجر'' کے مذکورہ کردار اور اس پر لوگوں کی گواہیوں کے بارے اس وقت تک صحیح علم نہ ہوا ہو۔

دیگر جب حج کے موقع پر ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے امیر معاویہ ﷛کی ملاقات ہوئی تو ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے انہیں فرمایا: معاویہ!

''حجر واصحاب حجر کے قتل کرنے میں خوف خدا تم کو نہ آیا''۔

حضرتِ امیر معاویہ ﷛نے جواب میں عرض کیا:

''میں نے انہیں قتل نہیں کیا جنھوں نے ان کے خلاف گواہیاں دیں۔ انہیں نے ان کو قتل بھی کیا''۔

(تاریخ طبری اردو حصہ چہارم ص ۱۷ انہج البلاغہ مع ترجمہ وتشریح حصہ اول ص ۲۵۲)

حضرت ام المؤمنین رضی اللہ عنہا نے حضرت امیر معاویہ سے یہ بھی فرمایا:

''جب تو نے حجر کو قتل کیا تو تیرا حلم کہاں غائب ہو گیا تھا آپ نے کہا: جب میری قوم میں سے آپ جیسی ہستی مجھ سے غائب ہو گئی تو اس وقت میرا حلم بھی غائب ہو گیا''۔ (تاریخ ابن کثیر اردو جلد ہشتم ص ۸۱۸)

یہاں حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے اس استفسار سے کہ تمہارا حلم کہاں چلا گیا تھا' معلوم ہوتا ہے کہ ام المؤمنین کے نزدیک حجر بن عدی کا قتل شرعی تقاضوں کے خلاف نہیں تھا بلکہ صرف حلم کے تقاضوں کے خلاف تھا۔ سبحان اللہ۔

حافظ ابن کثیر مزید نقل کرتے ہیں:

''عبدالرحمٰن بن حارث نے حضرت معاویہ سے کہا کیا آپ نے حجر (ایسے شخص) کو قتل کر دیا ہے؟

حضرت معاویہ ﷛نے کہا اس کا قتل مجھے ایک لاکھ آدمی کے قتل کرنے سے زیادہ محبوب ہے''۔ (یعنی اگر فتنہ پھیل جاتا اور لڑائی ہو جاتی تو بہت جانیں تلف ہو جاتیں)۔ (تاریخ ابن کثیر اردو ج ہشتم ص ۸۱۸۔۸۱۹)

marfat.com

اور ایک روایت کے مطابق حضرت ام المؤمنین نے حضرت معاویہ ؓ سے یہ بھی فرمایا:

''اے معاویہ! تجھے حجر اور ان کے اصحاب کے قتل پر کس بات نے آمادہ کیا؟

حضرت معاویہ نے کہا: یا ام المؤمنین! میں نے ان کے قتل میں امت کی بہتری اور ان کے ٹھہراؤ میں امت کا فساد دیکھا ہے''۔

(تاریخ ابن کثیر ج ہشتم ص ۸۲۰)

لہٰذا اگر حُجر بن عدی کے قتل کا کوئی الزام آتا بھی ہو تو گورنر کوفہ زیاد اور ان صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم پر آئے گا جنھیں حجر بن عدی سے معاملہ پیش آیا اور جنھوں نے گواہی دی کہ حجر اور اس کے ساتھی باغی ہو گئے ہیں۔ کیونکہ کسی مقدمہ میں غلط گواہیوں کا بار گناہ گواہوں پر ہوتا ہے۔ ان کے مطابق فیصلہ کرنے والے قاضی یا حاکم پر نہیں۔ پس یہاں بھی حضرت امیر معاویہ ؓ پر کوئی گناہ لازم نہیں آئے گا۔

اور یہ جو مودودی صاحب نے قاضی شریح کا گواہی واپس لینے والا شوشہ چھوڑا ہے تو اس میں کوئی حقیقت نہیں اور کتب تواریخ کے مطابق ان کا نام گواہوں میں شامل ہی نہیں اس صورت میں تو الزام خود بخود باطل ہو جاتا ہے۔ ہمیں تردید کی ضرورت ہی نہیں اور اگر بفرض محال انہوں نے گواہی واپس لے ہی لی تو کیا دیگر جلیل القدر صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کی گواہیاں کافی نہیں؟ دیگر حضرات نے تو اپنی گواہیوں کو برقرار رکھا صرف ایک گواہی کم ہونے سے باقی گواہیوں اور فیصلہ پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔

جناب حجر بن عدی کی سرگرمیاں دیگر صلحائے امت کی طرح حضرت امیر معاویہ ؓ کے نزدیک بھی بغاوت کے زمرے میں آتی تھیں جیسا کہ انہوں نے فرمایا:

''اے ام المؤمنین! میں نے ان کے قتل میں امت کی بہتری اور ان کے چھوڑنے میں امت کی خرابی دیکھی''۔

marfat.com

اس سے بھی اور زیادہ کو اپنی طرف سے خط لکھنے اور اس میں اپنی سوچ بچار کا ذکر کرنے سے بھی یہ معلوم ہوتا ہے کہ قتل کا حکم دینے سے پہلے حضرت امیر معاویہ ﷺ نے مقدمے کے مختلف پہلوؤں پر خوب غور و خوض کیا۔ اور حدیث پاک میں حاکم کو ایسا ہی کرنے کا حکم موجود ہے۔ فرمایا:

"اِذَا حَكَمَ الْحَاكِمُ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَصَابَ فَلَهٗ اَجْرَانِ وَاِذَا حَكَمَ فَاجْتَهَدَ ثُمَّ اَخْطَاءَ فَلَهٗ اَجْرٌ"

(بخاری ج ۲ص ۱۰۹۲ کتاب الاعتصام باب اجر الحاکم، مسلم ج ۲ص ۷۶ باب بیان اجر الحاکم)

ترجمہ: جب حاکم فیصلہ کرے تو اجتہاد کرے پھر صحیح کرے تو اس کو دو ثواب ہیں اور جب فیصلہ کرے تو اجتہاد کرے اور خطا کرے تو اس کیلئے ایک ثواب ہے"۔

حکیم الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"خلیفہ کو چاہیے کہ مسلمانوں کی اصلاح اور اسلام کی نصرت کی فکر کرے اور اس غور و خوض سے جو رائے پیدا ہو اس پر عمل کرے اگر اس کی رائے درست ہوئی تو اس کو دوگنا ثواب ہوگا اور اگر اس کی رائے نے خطا کی تو اس کو ایک ثواب ہوگا"۔ (ازالۃ الخفاء اردو دوم ص ۴۷۹)

لہٰذا حضرت امیر معاویہ ﷺ جو حاکم وقت بھی تھے اور مجتہد وفقیہہ بھی اُن پر مقدمے کی نوعیت اور گواہیوں کی حیثیت پر غور ضروری تھا۔ اور درست فیصلہ تک پہنچنے کیلئے اجتہاد لازم تھا اور وہ وہی بروئے کار لائے اور جس بات میں بہتری دیکھی اسی کے مطابق فیصلہ دے دیا۔ چونکہ انہوں نے حجر بن عدی کو باغی یقین کرلیا اور ان کے چھوڑنے میں فساد امت کا خوف محسوس کیا' لہٰذا قتل کا حکم دے دیا۔ اور جب حُجر بن عدی باغی ثابت ہو گئے تو وہ قانونِ شریعت کے مطابق ان کے قتل کا فیصلہ کرنے میں معذور تھے۔ اور حدیثِ پاک کے مطابق اس میں کسی خطا کی صورت میں بھی ان پر

marfat.com

کوئی مواخذہ اور کوئی گناہ نہیں جیسا کہ ابھی آپ نے ملاحظہ فرمایا۔

اور ہو سکتا ہے کہ جناب حجر بن عدی نے بھی نیک نیتی کا دامن نہ چھوڑا ہو لیکن وہ اصلاح احوال کیلئے مقبول عام اور مناسب طریقہ اختیار کرنے سے چوک گئے ہوں اور انہوں نے جو کچھ کیا' کسی نہ کسی تاویل کی بنا پر کیا ہو۔ لہٰذا انہیں بھی معذور سمجھ کر ان کا بھی احترام کیا جائے گا۔ اور ان کی مختلف فیہ صحابیت کا بھی احترام کیا جائے گا۔

بہر حال یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہو چکی ہے کہ مودودی صاحب نے تاریخی حقائق کو اپنے الفاظ کے قالب میں ڈھال کر امیر المؤمنین حضرت امیر معاویہ ﷜ پر جو طعن کیا اور جو الزام لگایا' وہ ان کے قابل اعتماد ذرائع یعنی مذکورہ کتب تواریخ سے ہرگز ثابت نہیں ہے۔ لہٰذا ان کا بلا ثبوت طعن دیکھ کر ہمیں ان کے اس دعویٰ پر حیرت ہوتی ہے جو انہوں نے اپنی مطاعن بھری رسوائے زمانہ کتاب ''خلافت وملوکیت'' میں کیا ہے۔ ان کا دعویٰ ہے کہ:

''میں کسی بزرگ کے کسی کام کو غلط صرف اسی وقت کہتا ہوں جب وہ قابل اعتماد ذرائع سے ثابت ہو اور کسی معقول دلیل سے اس کی تاویل نہ کی جا سکتی ہو''۔ (خلافت وملوکیت ص ۳۰۷)

اب ان کا طرز عمل دیکھئے اور پھر ان کا دعویٰ۔ کیا ان کا دعویٰ ان کے طرز عمل کے بالکل خلاف نہیں؟ اور جب ان کا دعویٰ ان کے طرز عمل کے خلاف ہے تو کیا یہ جھوٹ اور فریب نہیں؟

اور جب ان کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ کسی بزرگ کے کسی کام کو بغیر ثبوت کے غلط نہیں کہتے تو پھر ان کو اپنے اس طعن کے ثبوت کے طور پر اصل واقعات وحالات کو من وعن نقل کرنا چاہیے تھا۔ بغیر ثبوت کے نقل کر کے گویا انہوں نے اپنے دعویٰ کی خود ہی تکذیب وتردید کر دی اور یہ جو آنکھوں میں دھول جھونکنے کیلئے انہوں نے تاویل کئے جانے کا عندیہ دیا ہے۔ تو ہم نے ایسی کوئی تاویل نہیں دیکھی جو انہوں نے کی ہو یا

marfat.com

تاویل کی کوشش بھی کی ہو۔ انہیں تو ہر مقام پر صرف الزام دینے کی جلدی تھی لہٰذا انہوں نے الزام دے دیا۔ یہ نہ دیکھا کہ اس سے ان کا اپنا منہ ہی کالا ہوگا کہ "آسمان کا تھوکا منہ پر ہی آتا ہے"۔ اور یہی کچھ ان کے ساتھ ہوا۔ (استغفر اللہ)

marfat.com

کتابیات

marfat.com

کتابیات

(۶۰ سے زائد آیات قرآنیہ اور ۱۲۰ سے زائد احادیث مقدسہ)

قرآن کریم	اللہ تعالیٰ کی آخری مقدس کتاب	
کنزالایمان	ترجمہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں	پیر بھائی کمپنی لاہور
نورالعرفان	حاشیہ مفتی احمد یار خان نعیمی	پیر بھائی کمپنی لاہور
ضیاء القرآن	ترجمہ و تفسیر پیر محمد کرم شاہ الازہری	ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور
تفسیر نعیمی	مفتی احمد یار خان نعیمی	مکتبہ اسلامیہ گجرات / اُردو بازار لاہور
تفسیر مظہری	علامہ قاضی ثناء اللہ مظہری مجددی ترجمہ عبدالدائم جلالی	ایچ ایم سعید کمپنی ادب منزل پاکستان چوک کراچی
تفسیر عثمانی	شبیر احمد عثمانی	دارالتصنیف لمٹیڈ شاہراہ لیاقت صدر کراچی
تفسیر مودودی (تفہیم القرآن)	مولانا ابوالاعلیٰ مودودی	فیروز سنز لمیٹڈ لاہور
صحیح بخاری	امیر المؤمنین فی الحدیث امام محمد بن اسماعیل بخاری	قدیمی کتب خانہ مقابل آرام باغ کراچی
صحیح مسلم	امام مسلم بن حجاج قشیری	مکتبہ دارالفرقان والحدیث ملتان
سنن ابوداؤد	امام ابوداؤد	مکتبہ حقانیہ ملتان
جامع ترمذی	امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی ترجمہ محمد صدیق ہزاروی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
ابن ماجہ	امام ابوعبداللہ محمد یزید ابن ماجہ	مکتبہ دارالفرقان والحدیث ملتان
مؤطا امام مالک	امام مالک بن انس ترجمہ عبدالحکیم اختر شاہجہانپوری	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
مسند احمد	امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہ	ادارہ احیاء السنۃ گرجاکھ گوجرانوالہ
کنزالعمال	علامہ علی المتقی بن حسام الدین ہندی	بیروت لبنان
مشکوٰۃ المصابیح	الشیخ ولی الدین محمد بن عبداللہ	المصباح اُردو بازار لاہور/ کالج روڈ راولپنڈی
ریاض الصالحین	شیخ الاسلام امام یحییٰ بن شرف نووی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور

marfat.com

فیوض الباری	علامہ سید محمود احمد رضوی	مکتبہ رضوان گنج بخش روڈ لاہور
نزہۃ القاری	مفتی شریف الحق امجدی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
تفہیم البخاری	علامہ غلام رسول رضوی	تفہیم البخاری پبلی کیشنز فیصل آباد
شرح مسلم نووی	شیخ الاسلام امام یحییٰ بن شرف نووی	مکتبہ دار الفرقان والحدیث ملتان
شرح مسلم سعیدی	علامہ غلام رسول سعیدی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ	شیخ عبدالحق محدث دہلوی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
	ترجمہ مولانا محمد سعید احمد نقشبندی	
مراۃ شرح مشکوٰۃ	مفتی احمد یار خان نعیمی	نعیمی کتب خانہ گجرات
شرح نخبۃ الفکر	حافظ الحدیث ابن حجر عسقلانی	شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور، حیدرآباد، کراچی
	ترجمہ محمد منظور الوجیدی	
کتاب الشفاء	قاضی عیاض اندلسی ترجمہ محمد اطہر نعیمی	مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور
مدارج النبوت	شیخ عبدالحق محدث دہلوی	مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی
	ترجمہ غلام معین الدین نعیمی	
ازالۃ الخفاء	حجۃ الاسلام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	محمد سعید اینڈ سنز قرآن محل کراچی
	ترجمہ مولانا عبدالشکور انشاء اللہ	
کشف المحجوب	داتا گنج بخش سیّد علی ہجویری	ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور
	ترجمہ ابو الحسنات سید محمد احمد قادری	
غنیۃ الطالبین	سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
	ترجمہ مولانا محمد صدیق ہزاروی	
مکاشفۃ القلوب	حجۃ الاسلام امام غزالی	مکتبہ اسلامیات اندرون دہلی دروازہ لاہور
	ترجمہ قاری محمد عطاء اللہ	
مکتوبات امام ربانی	حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی	مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی
	ترجمہ مولانا محمد سعید احمد نقشبندی	
شواہد الحق	امام یوسف بن اسماعیل نبہانی	حامد اینڈ کمپنی اُردو بازار لاہور
	ترجمہ علامہ محمد اشرف سیالوی	
برکات آلِ رسول ﷺ	امام یوسف بن اسمٰعیل نبہانی	مکتبہ قادریہ لاہور
	ترجمہ علامہ عبدالحکیم شرف قادری	

marfat.com

کمالاتِ اصحابِ رسول ﷺ	امام یوسف بن اسماعیل نبھانی	نوریہ رضویہ پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور
	ترجمہ: پروفیسر محمد اعجاز جنجوعہ	
تاریخ طبری	علامہ محمد جریر طبری	نفیس اکیڈمی اُردو بازار کراچی
	ترجمہ سید حیدر علی طباطبائی	
تاریخ الخلفاء	امام جلال الدین سیوطی	نفیس اکیڈمی اُردو بازار کراچی
	ترجمہ اقبال الدین احمد	
تاریخ ابن خلدون	علامہ ابن خلدون	نفیس اکیڈمی اُردو بازار کراچی
	ترجمہ حکیم احمد حسین الہ آبادی	
السنن الکبریٰ	امام ابوبکر احمد بن حسین بیہقی	نشر السنۃ بیرون بوہڑ گیٹ ملتان
ابن عساکر (تہذیب تاریخ دمشق طبیر)	ابوالقاسم علی بن حسن شافعی	بیروت لبنان
البدایہ والنہایہ	عماد الدین ابن کثیر دمشقی	بیروت
تاریخ ابن کثیر (البدایہ والنہایہ اُردو)	عماد الدین ابن کثیر دمشقی	نفیس اکیڈمی اُردو بازار کراچی
	ترجمہ مولانا اختر فتح پوری	
أسد الغابہ	امام ابوالحسن علی الجزری ابن اثیر	مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور
	ترجمہ محمد عبدالشکور فاروقی	
نہج البلاغہ (اشاعت ہشتم)	سید شریف الدین	شیخ غلام علی اینڈ سنز لاہور حیدر آباد کراچی
الصواعق المحرقہ	علامہ ابن حجر مکی ہیتمی	شبیر برادرز اُردو بازار لاہور
	ترجمہ اختر فتح پوری	
تطہیر الجنان (سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ)	علامہ ابن حجر مکی ترجمہ عبدالشکور لکھنوی	مکہ کتاب گھر اُردو بازار لاہور
تکمیل الایمان	شیخ عبدالحق محدث دہلوی	مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور
	ترجمہ پیرزادہ اقبال احمد فاروقی	
تحفہ اثنا عشریہ	شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی	دارالاشاعت اُردو بازار کراچی
	ترجمہ مولانا خلیل الرحمٰن نعمانی	
العقیدہ الحسنہ	حکیم الاسلام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
اوراقِ غم	ابوالحسنات سید محمد احمد قادری	ضیاء القرآن پبلی کیشنز گنج بخش روڈ لاہور
شانِ صحابہ	علامہ سید محمود احمد رضوی	مکتبہ رضوان دربار روڈ لاہور

marfat.com

القول الجلی	مولانا محمد عاشق چھلتی	مسلم کتابوی لاہور
سیرت شاہ ولی اللہ	ترجمہ محمد تقی انور علوی	
تہذیب العقائد اُردو ترجمہ شرح عقائد نسفی	مولانا محمد نجم الغنی خان	قدیمی کتب خانہ آرام باغ کراچی
فتاویٰ عالمگیری اُردو	ترجمہ مولانا سید امیر علی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
بہار شریعت	مولانا امجد علی قادری	مکتبہ اسلامیہ اُردو بازار لاہور
احکام شریعت	اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان	مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی
شفاء العلیل ترجمہ القول الجمیل	حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ترجمہ خرم علی	سعید ایچ ایم کمپنی پاکستان چوک کراچی
امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر ایک نظر	مفتی احمد یار خان نعیمی بدایونی	نعیمی کتب خانہ گجرات
سیدنا امیر معاویہ اہل حق کی نظر میں	علامہ سید محمد عرفان مشہدی	سنی جمعیت عوام برطانیہ/پاکستان
معرحسین اور حضرت امیر معاویہ	شیخ عبدالعزیز پرہاروی	مدرسہ دعوۃ القرآن حشمت منزل موسیٰ لین کراچی
ترجمہ الناہیہ عن طعن امیر معاویہ	ترجمہ علامہ محمد اعظم سعیدی	
النار الحامیہ لمن ذم المعاویہ	مفسر قرآن مولانا محمد نبی بخش حلوائی	مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور
دشمنان امیر معاویہ کا علمی محاسبہ	مولانا محمد علی	مکتبہ نوریہ حسینیہ بلال گنج لاہور
توحید اور محبوبان خدا کے کمالات	پروفیسر محمد حسین آسی	لاثانی بک سنٹر ریلوے روڈ شکر گڑھ نارووال
مقالات سعیدی	علامہ غلام رسول سعیدی	فرید بک سٹال اُردو بازار لاہور
خلافت و ملوکیت	مولانا ابوالاعلیٰ مودودی	ادارہ ترجمان القرآن اُردو بازار لاہور
رسائل و مسائل	مولانا ابوالاعلیٰ مودودی	اسلامک پبلی کیشنز لمیٹڈ لاہور
مفاسد گناہ (مواعظ اشرفیہ)	ترتیب عبدالرحمٰن خان	ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان
سوانح کربلا	صدر الافاضل مولانا محمد نعیم الدین مراد آبادی	مدینہ پبلشنگ کمپنی مشہور محل میکلوڈ روڈ کراچی
عین الہدایہ (اُردو)	سید امیر علی	قانونی کتب خانہ کچہری روڈ لاہور
مناقب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ	علامہ حافظ شفقات احمد نقشبندی	دار التبلیغ حضرت کیلیانوالہ شریف گوجرانوالہ
البنیان المشید ترجمہ البرہان المؤید	شیخ احمد کبیر رفاعی ترجمہ ظفر احمد عثمانی	مکتبہ تھانوی بندر روڈ کراچی

marfat.com

تحفۃ القادریہ
صدیق اکبر
خزینہ نعت
جہانِ اولیاء
سر الاسرار
کشف المحجوب
شاہان گوجر
حدائق بخشش
مجددین اسلام
معجزات رسول کریم
نماز کے احکام
فیوضِ غوث یزدانی
تذکار میلاد
حیات برزخی کا اثبات
سیرت مصطفیٰ
خطبات غوث اعظم
شان حبیب المنعم
روایات المسلم
مولانا نورانی کی بارہ تقریریں
مولانا اسمٰعیل اور تقویت الایمان
بزرگ
فتوح الغیب
قادری رضوی کتب خانہ
گنج بخش روڈ لاہور 042-7213575